۲ 60657

# تیر بہدف اور لاثانی مجربات کا بے نظیر مجموعہ

## رفیق معالج

المعروف

# عظیم فارماکوپیا (جلد دوم)

مرتبہ

حکیم ڈاکٹر قاضی محمد عظیم اللہ صاحب کامل طب، جراحت، پروفیسر تشخیص و عملی معالجات طبیہ کالج لاہور

اس میں جسم انسانی میں پیدا ہونے والے ہر ایک مرض اور مرضی علامات (جسمانی شکایات) کی ضروری تعریف و ماہیت۔ خاص تشخیصی نکات و رموز اور طبیب النساء اور عظیم فارماکوپیا کی مقبول عام اور ہر دلعزیز ترتیب کے مطابق سر سے لے کر پیر تک تمام امراض کے لئے ہزارہا مجرب المجرب۔ تیر بہدف سہل الحصول عام معمول اور بہترین ویدک۔ یونانی یونانی اور ڈاکٹری مرکب اور خالص ڈاکٹری نسخہ جات۔ ہومیوپیتھک ادویہ اور مشہور معروف مخصوص (پیٹنٹ) مرکبات کا وہ لاثانی انتخاب درج ہے۔ جو صاحب مؤلف نے سالہا سال کی طویل جدوجہد غیر معمولی کاوش اور صرف کثیر سے جمع کئے تھے۔ بلا خوف تردید کہا جا سکتا ہے۔ کہ اس طرح کا مجموعہ آج تک نہ صرف اردو بلکہ دنیا کی کسی دوسری زبان میں بھی ہرگز مرتب نہیں ہوا۔ قیمت مجلد سنہری صرف پانچ روپے

پتہ۔ ہائیجیا ہیلتھ ہوم فلیمنگ روڈ نزد میوہ منڈی لاہور

Marfat.com

۷۸۶

# دیباچہ

جیسا کہ پیام شفا حصہ دوم، جلد اوّل صفحہ ۱۳۱ پر بیان کیا گیا ہے اس کتاب کو طبیب اور غیر طبیب ہر ایک کے لئے یکساں طور پر نفع بخش اور مفید سے مفید تر بنانے کے لئے اس حصے میں بہ ترتیب حروف تہجی ان تمام مفرد و مخصوص ادویہ کا ضروری بیان مع افعال و خواص اور مرکب دواؤں کے مکمل نسخے مع مفصل ترکیب تیاری۔ مقدار خوراک۔ ترکیب استعمال تفصیلی منافع اور مکمل افعال و خواص وغیرہ کے درج کر دیئے ہیں جن کا پیام شفا حصہ دوم میں تذکرہ آیا ہے۔ اور جو مختلف امراض کے لئے نہ صرف مفید و موثر ہی ظاہر کی گئی ہیں بلکہ اپنے ذاتی معمولات بتائی گئی ہیں۔ آخر میں سہولت علاج کے لئے ضمیمہ علاج الامراض کے نام سے بدن کے تمام امراض کو بہ ترتیب حروف تہجی درج کر کے ہر ایک کے لئے جو جو دوا یا نسخہ مفید ہے اس کا نام اور صفحہ لکھ دیا گیا ہے۔

مزید سہولت اور استفادہ تام کے لئے سب سے آخر میں ادویہ مرکبہ کی فہرست مع ان کی قیمتوں کے درج کر دی گئی ہے۔

جب یہ مجموعہ زیر کتابت و طباعت تھا۔ بعض احباب نے نہ صرف شدہ بہت حد تک اصرار کیا۔ کہ میں طبیب النساء اور بال فارماکوپیا کی معمول عام اور ہر دلعزیز ترتیب کے مطابق سر سے لے کر پیر تک تمام جسمانی امراض کے لئے مجرب المجرب۔ تیر بہدف۔ سہل الحصول۔ عام معمول اور بہترین

Marfat.com

ویدک یونانی یونانی اور ڈاکٹری مرکب اور خالص ڈاکٹری نسخہ جات۔ ہومیوپیتھک ادویہ اور مشہور و معروف مخصوص (پیٹنٹ) مرکبات کا وہ انتخاب بھی جو میں سالہا سال کی طویل جدوجہد ہر قسم کے ذاتی تاثرات اور احباب کرام کے غیر معمولی ایثار و گرانمایہ نوازشات کے ذریعے یکجا کیا۔ اور کر رہا ہوں۔ اس میں شامل کر دوں۔ اور میں بھی نفس امارہ کی شدید تر مخالفت کے باوجود رفاہِ عام اور

رباعی

غرض نقش ایست کز ما یاد ماند — کہ ہستی را نمے بینم بقائے
مگر صاحب دلے روزے برحمت — کند در عفوِ ایں عاصی دعائے

کے خیال سے اس کے لیئے پوری طرح آمادہ بھی ہو گیا تھا لیکن قلتِ وقت اور عدم گنجائش اس نیک مشورے اور مستحسن ارادے کے سدِّ راہ ہو رہے ہیں۔ بہرحال اب یہ خیال پیدا ہو چکا ہے۔ انشاء اللہ العزیز اگر موت نے فرصت بخشی اور حالات نے مساعدت کی۔ تو مذکورہ انتخاب معہ ہر ایک مرض کی ضروری تعریف، ماہیت اور خاص تشخیصی نکات و علامات کے عظیم فارماکوپیا جلد دوم کے نام سے جس قدر جلد ممکن ہوا شائع کر دیا جائے گا۔ وما توفیقی الا باللہ العظیم

بہی خواہِ نوع
عظیم عفی اللہ عنہ

Marfat.com

# آبِ ترپھلہ

ترپھلہ ایک ہندی اصطلاح ہے۔ جس سے مراد ہے تین پھلیعنی وہ مرکب جس میں تین پھل (ہڑ، بہیڑہ، آملہ) شامل ہوتے ہیں۔ طب یونانی کا مشہور مرکب اطریفل بھی اسی لفظ کا معرب ہے اور چونکہ تمام اطریفلات میں بھی مذکورہ تینوں پھل (ہڑ، بہیڑہ آملہ) جزو اعظم ہوتے ہیں۔ اس لئے ان کو اطریفل کے نام سے نامزد کیا جاتا ہے۔

پس آب ترپھلہ سے مراد ہے۔ ان تینوں پھلوں یعنی ہڑ، بہیڑہ، آملہ ہموزن کا پانی اگر تازہ پھل دستیاب ہو سکیں۔ اور ان کا پانی کوٹ کر اور نچوڑ کر حاصل کیا جا سکے۔ تو وہ بہت ہی بہتر ہوتا لیکن جب تازہ پھل نہ مل سکیں۔ تو آب ترپھلہ اس طرح بنایا جاتا ہے۔ کہ ہڑ، بہیڑہ، آملہ خشک ہموزن لے کر ان کو نیمکوب کرکے رات کے وقت چوگنے پانی میں بھگو دیں۔ صبح مل چھان کر نچوڑ لیں۔ خارجی استعمال بالخصوص آنکھوں کو دھونے کے لئے تیار کرنا ہو۔ تو مذکورہ ہر سہ ادویہ کو گرم ابلتے ہوئے پانی میں بھگونا چاہیئے۔

**منافع۔** یہ پانی قابض مقوی مسکن دافع قبض اور ورم ہے۔ رفع قبض کے لئے اسے نسبتاً زیادہ مقدار میں استعمال کرنا پڑتا ہے۔

Marfat.com

# آب مکو و کاسنی مروق

آب مروق سے مراد ہے۔ پھاڑا ہوا پانی بس آب مکو و کاسنی مروق سے مراد ہے۔ کاسنی اور مکو سبز کے پتوں کا پھاڑا ہوا پانی

**ترکیب۔** اس کے تیار کرنے کی ترکیب یہ ہے۔ کہ مکو اور کاسنی کے سبز پتے بقدر ضرورت لے کر ہاون دستہ میں کوٹیں اور ان کا پانی نچوڑ لیں۔ بعدہ ایک قلعی دار دیگچی میں ڈال کر اس قدر پکائیں کہ سبزی پھٹ کر علیحدہ اور سرخی مائل مٹیالا سا پانی علیحدہ ہو جائے۔ اب اس کو اتار کر سرد ہونے پر چھان لیں۔ اور شربت بزوری وغیرہ اس میں حل کر کے کام میں لائیں۔ ہر قسم کے سبز پتوں کا آب مروق اسی طرح تیار کیا جاتا ہے۔ آب مکو مروق اور آب کاسنی مروق ہر دو کو بعض اوقات آب مروقین بھی کہا جاتا ہے۔


**منافع** آب مکو و کاسنی مروق تمام احشاء صدر و بطن یعنی سینے اور پیٹ کے اندر کے اعضاء (دل۔ پھیپھڑے۔ معدہ۔ آنتیں جگر۔ تلی۔ لبلبہ۔ گردے۔ مثانہ۔ رحم وغیرہ) کے ورموں میں لاثانی دوا ہے۔ جگر۔ تلی اور رحم کے امراض اور اورام میں خصوصیت کے ساتھ مفید و مستعمل ہے۔ بقدر ۵ سے ۱۰ تولہ تک مناسب شربت یا جوشاندہ میں ملا کر استعمال کیا جاتا ہے

Marfat.com

# آکھ کی جڑ

آکھ ایک مشہور خودرو جنگلی پودا ہے جس کے پھل پھول پتوں اور جڑ کی تصویر ذیل میں دی گئی ہے۔

یہ ہندوستان کے اکثر حصوں میں بکثرت پایا جاتا ہے۔



اور اس کے تمام اجزاء مذکورہ کارآمد ہیں حتیٰ کہ اس کا دودھ بھی جو اس کے پتوں اور شاخوں سے برآمد ہوتا ہے۔ بہت سے سخت امراض میں نافع ہے۔ اس میں بیسیوں کشتے کئے جاتے ہیں۔ اور کیمیاوی صنعتی اعمال میں بھی اس سے کام لیا جاتا ہے۔ غرضیکہ یہ پودا طبی نکتۂ نظر سے نہایت مفید اور نفع بخش پودا ہے۔ آکھ کی جڑ علاوہ دیگر بہت سے دوائی فوائد کے بعض لوگ داتن (مسواک) کے طور پر بھی استعمال کرتے ہیں۔ اس کی مسواک گو تلخ بہت ہوتی ہے لیکن قوی دافع تعفن ہونے کی وجہ سے دانتوں کے کیڑے گوشت خورہ (پائی اوریا) بخر الفم (منہ سے بدبو آنے) وغیرہ میں نہایت مفید ہے۔ عادتاً اس کا استعمال نہ صرف دانتوں

Marfat.com

اور منہ کے جلد امراض سے محفوظ رکھتا ہے۔ بلکہ بعض موجود امراض کو رفع بھی کرتا ہے۔ [1]

# آئی سیلما کریم

مشہور ولایتی دوا ہے۔ جو قریباً تمام انگریزی دوا فروشوں اور اکثر بساطی فروشوں کے ہاں ۱۲-۱۴ ارنی شیشی کے حساب سے فروخت ہوتی ہے یہ بالخصوص موسم سرما میں چہرے کی جلد کو نرم اور ملائم رکھتی ہے۔ کیلوں۔ مہاسوں اور چھائیوں کو دور کرتی اور رنگ کو نکھارتی ہے۔ صبح شام اور رات کو سوتے وقت منہ دھو کر اور گرد و غبار سے بخوبی صاف کر کے ذرا سی کریم لے کر چہرے کی جلد پر لگائیں۔ اور انگلیوں سے مل کر بخوبی جذب کر دیں۔ تفصیلی ترکیب استعمال ہر ایک شیشی میں بند ہوتی ہے۔ روغن بادام شیریں سفید ویزلین سفید موم اور بعض خوشبودار عرقیات وغیرہ اس کی ترکیب میں شامل ہیں۔

# ابرک

سفید شفاف چمکدار شیشے کی مانند تہ بر تہ پرتوں کی شکل کی

---

[1] تفصیل کے لئے رسالہ مدار ملاحظہ کریں۔

Marfat.com

ایک مشہور معدنی چیز ہے۔ جو بقول حکمائے قدیم پارے۔ ذرا سی گندھک اور بعض دیگر اجزاء ارضی کی طبعی آمیزش سے تیار ہوتی ہے۔ اس کی کیفیت سرد خشک ہے۔ اس کے ٹکڑوں کو چھوٹا چھوٹا کرکے کو ڈیلو یا دھان یا کھجور کی گٹھلیوں کے ساتھ کسی مضبوط کپڑے کی تھیلی میں بند کرکے پانی میں دونوں ہاتھوں سے اچھی طرح ملتے یا رگڑتے ہیں جس سے ابرک ریزہ ریزہ ہوکر اور کپڑے سے چھن کر پانی میں چلا آتا ہے۔ اب پانی کو محفوظ رکھ دیا جاتا ہے۔ جب ابرک تہ نشین ہوجاتا ہے۔ تو پانی نتھار کر ابرک کو کام میں لاتے ہیں۔ یہ ابرک محلوب یا ابرک دھناب کہلاتا ہے۔ گاہی مولی میں بھر کر اور گھوڑی کی لید میں دبا کر حل کرلینے کے بعد بھی کام میں لاتے ہیں۔

ابرک تمام اعضاء کے جریان خون کو بند کرتا ہے۔ گرم بخاروں۔ سنگ گردہ اور مثانہ کی گرانی میں دیگر مناسب دواؤں کے ہمراہ نہایت مفید ہے۔ شہد کے ساتھ گرم کھانسی میں نافع ہے۔ اس کے مختلف طریق پر کئے ہوئے کشتے ہر قسم کی یعنی بیماریوں مختلف قسم کے بخاروں۔ کھانسی۔ دمہ۔ جریان۔ سرعت انزال۔ بھوک کی کمی۔ باہ کی کمزوری وغیرہ بیسیوں۔ امراض میں نافع ہیں کھانسی اور بخار کے لئے خاص چیز ہے پسینہ لاکر اکثر بخاروں کو اتار دیتا ہے۔

Marfat.com

# اپیکاک (عرق الذہب)

نہایت مشہور اور بکثرت مستعمل انگریزی دوا ہے۔ جو درحقیقت ایک درخت دسالی کوٹریا اپی کے کوانا) کی خشک کی ہوئی جڑ ہے زیادہ تر جنوبی امریکہ کے ملک برازیل سے آتی ہے۔ پوری مقدار میں یہ مقی دقے آور) اور خفیف مقدار میں مقوی معدہ مخرج صفرا منفث بلغم اور خفیف معرق ہے۔ اس کا سفوف خصوصاً جبکہ اس سے مقی جوہر (ایمے ٹین) علیحدہ کر لیا گیا ہو تو پیچش میں نہایت مفید دوا ہے۔ اس کو مختلف مرکبات کی شکل میں استعمال کیا جاتا ہے جن میں سے مشہور مرکبات مندرجہ ذیل ہیں۔

(۱) پلو اپیکاک (۲) ایسی ٹم اپیکاک (۳) ایکسٹریکٹ اپیکاک لکوئیڈ (۴) وائنم اپیکاک (۵) پلو اپیکاک کو ذڈورس پاؤڈر) (۶) پل اپیکاک کم سلا۔ (۷) اپیکاک لازنجز (۸) اپیکاک سیرپ (۹) اپیکاک الکسرز۔ (۱۰) ایمے ٹین وغیرہ۔ ع۳، ع۵، ع۶۔ اور ع۱ سب سے زیادہ استعمال ہوتے ہیں۔ اور زیادہ تر پیچش۔ کھانسی اور قے وغیرہ کو روکنے میں دیئے جاتے ہیں۔

# اسپرین

سفید چمکدار رنگ کے قلمی سفوف کی مانند ایک مشہور ولایتی

Marfat.com

دوا ہے۔ جو تمام انگریزی دوا خانوں میں فروخت ہوتی ہے۔
اس کا کیمیاوی نام ایسی ٹیلو سلسلک ایسڈ ہے۔

**منافع:** مسکن الم اور معرق ہے۔ بالعموم شدید درد مزمن اوجاع مفاصل۔ نقرس۔ ہر قسم کے دوسرے عصبی دردوں بالخصوص عصبی درد سر شقیقہ اور دانت وغیرہ کے درد میں نافع ہے۔ بکثرت پسینہ لا کر بخاروں کو بھی اتار دیتی یا کم کر دیتی ہے لیکن مضعف قلب اور معدہ ہے۔ اس کا ہمیشہ اور کثیر استعمال بالآخر مضر ثابت ہوتا ہے۔ ۵ سے ۱۰ گرین یعنی دو تین رتی سے ایک ماشہ تک سفوف کی شکل میں کیپسٹ (چاولوں کے آٹے کا غلاف دوائی) میں بند کر کے گرم دودھ۔ چائے قہوہ وغیرہ مرکب اشیاء یا سادہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔ یہ دوا پانی میں بہت کم یا بالکل ہی حل نہیں ہوتی۔

# اسپغول

نیموں کی طرح کی مشہور دیسی مفرد دوا ہے۔ جو ہر ایک عطار یا پنساری سے مل سکتی ہیں۔ اسپغول دراصل فارسی لفظ ہے جو اسپ (گھوڑا) اور غول (گوش۔ کان) سے مرکب ہے چونکہ ہر ایک تخم کی شکل گھوڑے کے کان سے مشابہ ہوتی ہیں۔ اس لئے اس کو اس نام سے موسوم کیا جاتا

Marfat.com

ہے۔ یہ فی الحقیقت ایک درخت کے خشک بیج ہیں۔

**منافع**۔ ملطف لین۔ مسکن حرارت۔ مدر بول اور خفیف قابض ہے اپنی لعابی کیفیت کی وجہ سے سینے۔ حلق۔ زبان۔ ہوائی نالیوں۔ مجاری غذا۔ (مری۔ معدہ۔ و امعاء) مجاری بول (گردہ۔ مثانہ۔ مجری بول وغیرہ) کی خراش اور سوزش میں نافع ہے۔ آنتوں کے زخموں خشکی اور پیچش کے لئے خصوصیت کے ساتھ مفید اور مستعمل ہے نیم برشت پرانی پیچش اور اسہال میں نافع ہے۔ ۷ ماشہ سے ۲ ½ تولہ تک لعاب نکال کر دیا جاتا ہے۔ یا یونہی صاف کر کے شربت وغیرہ کے ساتھ پھانک لیا جاتا ہے۔ گاہے روغن گل میں بھون کر استعمال کیا جاتا ہے۔

**اسپغول بریان**۔ اسپغول کو بریان کرنے کی ترکیب یہ ہے۔ کہ بقدر ضرورت اسپغول لے کر اس کو روغن گل میں چرب کر کے توے پر ڈال دیں۔ نیچے آگ جلائیں۔ اور تھوڑی تھوڑی دیر بعد کسی چمچے وغیرہ سے ہلاتے اور اُلٹتے پلٹتے رہیں۔ جب بھن کر سرخ ہو جائے نیچے اتار لیں۔ احتیاط رکھیں کہ جلے نہیں۔ اس طرح بھونا ہوا۔ پیچش اور اسہال میں خصوصیت کے ساتھ مفید ہے

## اسود

استاذیم مسیح الملک حکیم اجمل خانصاحب مرحوم دہلوی کا

Marfat.com

خاص خاندانی نسخہ ہے۔ جو آپ نے ہندوستانی دواخانہ دہلی کو عطا کر دیا ہوا ہے۔ بڑی دقتوں کے بعد معلوم ہوا تھا۔

اجزاء۔ سیسہ بقدر ضرورت۔ شکر بقدر ضرورت۔ چوب سہا بخنہ

ترکیب۔ سیسے کو لوہے کی کڑاہی میں پگھلائیں۔ اور سہا بخنے کی لکڑی کے ساتھ مسلسل ہلاتے رہیں۔ اس دوران میں تھوڑی تھوڑی کچی شکر اس میں چھڑکتے رہیں جب سیسہ تمام جل کر خاک ہو جائے تو نکال کر محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ بقدر دو رتی اس میں سے لے کر روزانہ صبح کو ایک نوڑ مکھن یا بالائی میں ملا کر کھالیا کریں۔

منافع۔ مادہ منویہ کی رقت یعنی پتلے پن کو دور کرتی اور مرض جریان واحتلام کے لئے خاص طور پر مفید ہے۔ ذکاوت حس میں کمل نفع بخشتی ہے۔ عورتوں کے مرض سیلان الرحم واندام نہانی سے سفید رطوبت گرنا، میں بھی سود مند ثابت ہوئی ہے۔ نہایت مجرب المجرب اور نیر بہدف چیز ہے۔ امراض مذکورہ کے لئے اکثر اطباء اور ید وید کا معمول ہے۔

## اطریفل اسطوخودوس

مشہور قرابادینی نسخہ ہے۔ جو تمام بڑے بڑے دیسی دواخانوں سے تیار مل سکتا ہے۔

Marfat.com

اجزاء: پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ سیاہ۔ پوست بلیلہ آملہ مقشر۔ برگ سنا مکی۔ تربد سفید موصوف۔ بسفائج فستقی اسطوخودوس۔ مصطگی رومی۔ افتیمون ولایتی۔ کشمش۔ مویز منقی ہر ایک دو تولہ۔ روغن بادام شیریں ۱۰ تولہ شہد خالص تمام دواؤں کے وزن سے تین گنا (تین پاؤ تین چھٹانک)

ترکیب۔ سب دواؤں کو علیٰحدہ علیٰحدہ کوٹ چھان کر بادام روغن سے بخوبی چرب کریں۔ اور شہد کا قوام تیار کر کے تمام دواؤں کا مذکورہ چرب کیا ہوا سفوف اس میں بخوبی ملا کر معجون کی مانند بنا لیں۔ شیشے یا چینی کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ بوقت ضرورت، ماشہ سے ایک تولہ یہ اطریفل عرق گاؤزبان یا عرق بادیان یا سادہ پانی بقدر ۱۲ تولہ کے ہمراہ روزانہ صبح نہار منہ اور رات کو سوتے وقت کھا لیا کریں۔

منافع: تنقیۂ دماغ کے لئے خاص چیز ہے۔ دماغ اور معدے کو فضلات سے پاک وصاف کرتا ہے۔ بلغمی اور سوداوی امراض دماغی مثلاً درد شقیقہ (آدھے سر کا درد) صرع (مرگی)، اور دائمی نزلہ وغیرہ میں خصوصیت کے ساتھ نفع بخش ہے۔ بالوں کی سیاہی کو بھی قائم رکھتا ہے۔ اطباء قدیم کا دماغی امراض کے لئے بکثرت معمول ہے۔ چنانچہ بعض نے اس کو جاروب دماغ یعنی دماغ کے جھاڑو کے نام سے نامزد کیا ہے۔ اور بیان

Marfat.com

کیا ہے۔ کہ یہ دماغ کو ہر قسم کے فاسد مادوں سے پاک و صاف کر دیتا ہے۔

# اطریفل دیدان

مشہور قرابادینی نسخہ ہے۔ جو تمام بڑے بڑے دیسی دوا خانوں سے تیار مل سکتا ہے۔

اجزاء۔ باؤبڑنگ ۲ تولہ ۱۱ ماشہ۔ تربد سفید مجوف۔ حب النیل (کالا دانہ) قسط تلخ ہر ایک ایک تولہ ½ ۵ ماشہ۔ ترمس۔ افسنتین۔ درمنہ ترکی کمیلہ۔ افتیمون ولایتی۔ نمک سانبھر (بعض نسخوں میں اس کی بجائے نمک سیاہ درج ہے) تخم حنظل۔ سعد کوفی (بعض نسخوں میں اس کی بجائے رائی اور ناگرموتھا درج ہے)، تخم رالس دیا سوٹھ ہر ایک ۱۰ ماشہ شہد تمام دواؤں کے وزن سے تین گنا۔

ترکیب۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر شہد کا قوام بنا کر بطریق معروف اطریفل تیار کریں۔

استعمال۔ روزانہ صبح یا شام کے وقت حسب مزاج و قوت مریض ۶ ماشہ سے لے کر ڈیڑھ تولہ تک یہ دوا عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ کے ہمراہ کھلا دیا کریں۔ تین روز تک مسلسل کھلانے کے بعد کوئی ہلکا سا جلاب دے دیں۔

منافع۔ معدے کو بلغمی رطوبتوں سے پاک کرتا ہے۔ اور پیٹ کے

Marfat.com

ہر قسم کے کیڑوں (چنوں۔ کیچوؤں اور کدو دانوں وغیرہ) کو ہلاک کرکے خارج کرنے کے لئے خاص چیز ہے۔ اس غرض کے لئے دیسی اطبا ز قدیم دحال کا بکثرت معمول ہے۔

# اطریفل زمانی

نہایت مشہور قرابادینی دوا ہے۔ جو قریب قریب ہر چھوٹے بڑے دیسی دواخانے حتیٰ کہ دیہاتوں کے اکثر پنساریوں تک کی دوکانوں سے دستیاب ہو جاتی ہے۔ گو آخرالذکر خصوصیت کے ساتھ نہ صرف ناقابل اعتماد ہوتی ہے بلکہ اکثر حالات میں ناقابل استعمال ہوتی ہے بلاشبہ یہ دوا طب یونانی کی نہایت کثیرالاستعمال دواؤں میں سے ہے۔

اجزاء:۔ زبد سفید مجوف۔ کشنیز خشک ہر ایک ۷ تولہ پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ سیاہ۔ سقمونیائے مشوی۔ گل بنفشہ ہر ایک پونے چار تولہ۔ پوست ہلیلہ۔ آملہ مقشر۔ طباشیر۔ گل سرخ گل نیلوفر۔ ہر ایک ۴۲ ماشہ۔ صندل سفید۔ کتیرا ہر ایک ۱۲ ماشہ روغن بادام شیریں ۱۱ تولہ۔ عناب۔ سپستان ہر ایک ۱۰۰ عدد بارش یا نلکے کا صاف پانی ڈیڑھ سیر۔ شہد خالص کف گرفتہ ہموزن خشک ادویہ۔ شیرہ مربہ ہلیلہ۔ تمام خشک دواؤں کے وزن سے نصف گنا۔

Marfat.com

ترکیب۔ تربد سے لے کر کتیرے تک کی تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر روغن بادام میں چرب کر کے رکھ لیں۔ پھر عناب سپستان اور گل بنفشہ کو پانی میں جوش دیں۔ جب تقریباً نصف رہ جائے تو اتار کر جوشاندے کو چھان کر اس میں شہد اور شیرہ مربہ ہلیلہ ملا کر قوام کریں۔ اور مذکورہ بالا چرب کیا ہوا دویہ کا سفوف اس میں ڈال کر اطریفل تیار کریں۔ قوام کی تیاری میں اس بات کا خصوصیت کے ساتھ خیال رکھیں۔ کہ قوام کچا نہ رہے کیونکہ بعض اوقات ناواقف دواساز کتیرے کی وجہ سے غلیظ شدہ قوام کو پختہ سمجھ لیتے ہیں۔

استعمال۔ عام پر استعمال کرنے کے لئے رات کو سوتے وقت ساڑھے چار سے نو ماشہ تک عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ یا پاؤ سیر گرم شدہ دودھ کے ہمراہ کھایا کریں۔ قبض کشائی کے لئے ڈیڑھ تولہ سے سوا دو تولہ تک استعمال کرنا چاہیئے۔

منافع۔ قبض کھولتا۔ دماغ اور معدے کو ہر قسم کے فاسد مادوں سے پاک وصاف کرتا۔ مالیخولیا کی تمام قسموں خصوصاً مالیخولیا مراقی کے لئے مفید ہے۔ تبخیر معدی کو روکتا اور اکثر قسم کے درد سر کو بالخصوص جو درد سر قبض کی وجہ سے ہو اس کے دفعیہ کے لئے خاص چیز ہے۔ بینائی کو بھی صاف کرتا ہے۔ پیٹ درد بعد ازی تو لنج کو بھی دور کرتا ہے۔ اس کا طویل استعمال دائمی نزلہ کو دور کرتا۔ اور بالوں کو قبل از وقت سفید ہونے سے

Marfat.com

بچاتا ہے۔ تمام مزاجوں کے موافق ہے۔ اس کی قوت اکثر دو سال تک رہتی ہے۔

# اطریفل مقوی دماغ

عظیم دواخانہ متعلقہ ہائیجیا سیلتھ ہوم کا خاص درایہ تار نسخہ ہے

اجزاء۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ۔ پوست آملہ گٹھلی نکالا ہر ایک ۳ ماشہ۔ اسطوخودوس ایک تولہ۔ کشنیز خشک مقشر۔ ہلیلہ سیاہ ہر ایک ۲ تولہ۔ مغز بادام شیریں مقشر۔ مغز تخم کدو۔ مغز تخم تربوز۔ مغز تخم خرپزہ۔ مغز تخم خیارین۔ مغز نارجیل۔ تخم خشخاش سفید ہر ایک ۲ تولہ۔ ورق نقرہ ۲۰۰ عدد۔ شہد خالص کف گرفتہ یا نبات دیسی ایک سیر۔ روغن بادام شیریں بقدر حاجت۔

ترکیب۔ پہلی تینوں ادویہ (ترپھلہ) کو کوٹ چھان کر روغن بادام سے چرب کریں۔ اور دوسری دواؤں کو کوٹ چھان کر علیحدہ رکھیں۔ اور شہد یا نبات کا قوام کر کے ورق نقرہ۔ ایک ایک کر کے اس میں بخوبی حل کر دیں۔ بعدہٗ باقی تمام دوائیں ملا کر اچھی طرح مخلوط کر کے شیشے یا چینی کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ بقدر ایک ایک تولہ۔ صبح نہار منہ اور رات کو سوتے وقت

Marfat.com

عرق گاؤزبان۔ عرق بادیان (سونف) یا شیر گاؤ (گائے کا دودھ) دس بارہ تولہ کے ہمراہ کھالیا کریں۔ بہتر یہ ہے۔ کہ صبح کو دودھ اور رات کو عرق کے ہمراہ کھائیں۔

منافع۔ تقویت دماغ و اعصاب کے لئے خاص چیز ہے۔ اس سے قبض بھی نہیں ہونے پاتا۔ درد سر مزمن کو بھی دور کر دیتا ہیں دن کا اکثر حصہ بیٹھے رہنے اور دماغی کام کرنے والوں کے لئے نہایت عمدہ چیز ہے۔

# اطریفل ملین

مشہور ترا بادینی نسخہ ہے۔ اور اکثر بڑے بڑے دیسی دواخانوں سے تیار ہوتا ہے۔

اجزاء۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست بلیلہ۔ املہ سیاہ۔ آملہ مقشر۔ ترید سفید مجوف ہر ایک ۱۔ تولہ۔ ریوند چینی۔ بادیان۔ مصطگی رومی اسطوخودوس ہر ایک پونے چار تولے۔ سقمونیائے مشوی، تولہ۔ روغن بادام شیریں بقدر ضرورت شہد تمام دواؤں کے وزن سے تین گنا۔

ترکیب۔ سب دواؤں کو کوٹ چھان کر روغن بادام میں چرب کر کے رکھ لیں۔ پھر شہد کا قوام کر کے اس میں شامل کر دیں اور بطریق معروف اطریفل تیار کر کے شیشے یا چینی کے مرتبان

Marfat.com

میں محفوظ رکھیں۔
استعمال۔ ۹ ماشہ سے ایک تولہ تک رات کو سوتے وقت عرق بادیان یعنی سونف یا سادہ پانی کے ہمراہ کھا لیا کریں۔
منافع۔ بآسانی قبض کھولتا۔ معدے اور آنتوں کے درد کو دور کرتا اور دردِ سر وغیرہ دماغی عوارضات کے لئے جو قبض کی وجہ سے پیدا ہوئے ہوں۔ نہایت نافع ہے۔ رفعِ قبض کے لئے بہت عمدہ اور بے ضرر دوا ہے۔ اطریفل زمانی سے قوی العمل ہے

# افیون

مومیائی کی مانند سیاہی مائل رنگت کی نہایت مشہور دوا ہے جو مخصوص لائسنس وار ٹھیکہ داروں سے ہر جگہ دستیاب ہو سکتی ہے یہ فی الحقیقت کچے کوکنار پوست کے ڈوڈے کا رس ہوتا ہے۔
منافع۔ مسکن درد۔ منوم۔ مخدر۔ قابض۔ حابس۔ محرک عروق دراعصاب اور شدید معرق ہے۔ ہر قسم کے دردوں کی تسکین کے لئے اور جنون۔ ہذیان کھانسی۔ نزلہ پیچش۔ سرعت انزال۔ ذیابیطس وغیرہ بیسیوں قسم کے امراض میں مستعمل ہے۔
استعمال ½ سے ایک رتی تک داخلی طور پر اور دو تین رتی خارجی طور پر۔ اس کے سینکڑوں مرکبات طب جدید و قدیم میں

Marfat.com

مستعمل ہیں چونکہ یہ شدید سمی دوا ہے۔ اس لئے اس کا استعمال نہایت احتیاط کے ساتھ حسب ہدایت طبیب یا ڈاکٹر کرنا چاہیے اس کے علاوہ یہ نشہ لانے والی چیز ہے۔ اس کا چند روزہ مسلسل استعمال سے اس کی عادت ہو جاتی ہے۔ چنانچہ بعض لوگ بالخصوص چینی اس کے بکثرت عادی پائے جاتے ہیں۔ جن میں سے بعض کئی کئی تولے تک روزانہ کھا جاتے ہیں۔ ایسے عادی اشخاص پر مذکورہ طبی مقدار خوراک کچھ اثر نہیں کرتی۔

## اکسیر اطفال

عظیم دواخانہ متعلقہ ہانجیا ہیلتھ ہوم کی مخصوص اور مایہ ناز دوا ہے جو مسلسل تجربات پر بلا شبہ نہایت کامیاب و دلپذیر ثابت ہونے کی وجہ سے قبول عام کے سعز خلعت سے مفتخر ہو چکی ہے۔

اجزاء: فلفل گرد، شنگرف مدبر بشیر زن ہر ایک ۳ ماشہ۔ استخوان سلحفات سوختہ۔ ذرح نری سوختہ۔ بچھناک مدبر بشیر گاؤ کاؤ دہن، ہڑتال ورقی۔ مشک خالص۔ زعفران خالص ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ آب ادرک۔ آب برگ تلسی آب برگ گل آکھ سفید گل ہر ایک حسب ضرورت۔ ورق طلا بقدر ضرورت۔

Marfat.com

ترکیب۔ تمام دواؤں کو نہایت باریک پیس کر آب ہائے مذکور میں بالترتیب پکے بعد دیگرے دو دو تین تین گھنٹے مسلسل کھرل کر کے دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنا کر ورقوں میں لپیٹ کر رکھ لیں۔

استعمال۔ نصف سے ایک گولی تک ماں کے دودھ یا پانی میں حل کر کے بچے کو کھلا دیا کریں۔ دن میں دو تین مرتبہ حسب عمر و مزاج مریض موسم کے مطابق استعمال کریں۔

منافع۔ بچوں کے تمام سرد اور بلغمی امراض مثلاً سردی کے بخار۔ کھانسی۔ ڈبہ (پسلی چلنا۔ ذات الریہ و ذات الجنب اطفال۔ بچوں کا نمونیا) زام الصبیان (بچوں کی مرگی) اور تشنج وغیرہ میں اکسیر صفت ہے۔ بال فار ماکوپیا کے حصہ خاص میں ہائیجیا ہیلتھ ہوم کی جو مخصوص دوا اس نام سے درج ہے۔ اس کا نمبرا یہی ہے۔

# اکسیر اطفال ۲

عظیم دوا خانہ متعلقہ ہائیجیا ہیلتھ ہوم کی مخصوص اور بایۂ ناز دوا ہے۔ جو مسلسل تجربات پر نہایت مفید اور زیر ہدف ثابت ہونے کی وجہ سے قبول عام کا فخر حاصل کر چکی ہیں۔ اسکی بہت سی تصدیقیں ہو چکی ہیں۔

اجزاء۔ کشتہ عقیق گلابی۔ کشتہ یشب گلابی ہر ایک ایک ماشہ۔ کشتہ

606 S 7

Marfat.com

بسد احمر، زہر مہرہ خطائی اصلی قسم اعلیٰ، کشتہ حجر الیہود، پوست ہلیلہ زرد، دانہ الائچی خورد، زرد رد، مغز کنول گٹہ ہر ایک ۶ ماشہ، مروارید ناسفتہ ۲ رتی، ورق نقرہ بقدر ضرورت۔

ترکیب۔ مروارید کو روح کیوڑہ میں ایک دو دن کھرل کرکے باقی دوائیں باریک پیس کر ملائیں۔ اور ایک دو دن مزید کھرل کرکے دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنالیں۔ اور بعدہٗ ان گولیوں کو ورقوں میں لپیٹ کر محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ نصف سے ایک گولی تک ماں کے دودھ یا پانی وغیرہ میں حل کرکے بچے کو کھلا دیا کریں۔ حسب ضرورت دن میں دو تین مرتبہ مریض کی عمر، مزاج اور موسم کے مطابق استعمال کریں۔

منافع۔ بچوں کے تمام گرم امراض مثلاً گرمی کے ہرے پیلے دستو شدت پیاس، قے، چیچک، خسرہ وغیرہ میں تیر بہدف ہے۔ سوکھا، مسان اور علتِ عطاش کے لئے خاص اور لاثانی دوا ہے۔

بال فارماکوپیا کے حصہ خاص میں ہائیجیا سیلتھ ہوم کی مخصوص دوا اس نام سے درج ہیں۔ اس کا نمبر یہی ہے

## اکسیر اولاد نرینہ

عظیم دواخانہ متعلقہ ہائیجیا سیلتھ ہوم کی خاص اور مایہ ناز

Marfat.com

دوا ہے۔ جو مسلسل تجربات پر واقعی مفید اور کارآمد ثابت ہونے کی وجہ سے قبولِ عام کے خلعتِ فاخرہ سے سرفراز ہو چکی ہے۔ خود ہمارے تجربے پر بھی بیسیوں گودیاں اس کے باقاعدہ استعمال سے اولادِ نرینہ کی خداداد دولت سے مالا مال ہو چکی ہیں۔ اور سینکڑوں تاریک گھر فرزند ارجمند کے چراغ سے روشن و منور ہو چکے ہیں۔

اجزاء۔ پنفرکا جیو۔ طباشیر کبود۔ کشنیز خشک۔ صندل سفید۔ دانہ الائچی خورد۔ کہربا۔ زہر مہرہ خطائی اصلی۔ عود صلیب ہر ایک ایک تولہ نارجیل دریائی ۹ ماشہ۔ کشتہ عقیق گلابی ۵ ماشہ۔ کشتہ مرجان یاقوت احمر مغسول ہر ایک ۳ ماشہ۔ ورق نقرہ ۱۰ ماشہ۔ ورق طلا مرواریدِ ناسفتہ محلول۔ عنبر اشہب ہر ایک ایک ماشہ۔ روح کیوڑہ بقدر حاجت۔

ترکیب۔ تمام دواؤں کو نہایت باریک پیس کر روح کیوڑہ میں یہاں تک کھرل کریں کہ غبار یا سرمہ کی مانند ہو جائیں۔ بعدہٗ خشک کر کے شیشے کی ڈھکنے والی شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ نصف سے ایک ماشہ تک مربہ سیب ۱ تولہ میں ملا کر یا شربت سیب یا انار کے ہمراہ دن میں ایک یا دو مرتبہ صبح شام کھلا دیا کریں۔ حمل کے پہلے یا دوسرے مہینے سے اس کا استعمال شروع کر کے ساتویں مہینے کے آخر تک باقاعدہ جاری رکھیں

Marfat.com

اس کے بعد اگر چاہیں تو ترک کر دیں۔ نانویں مہینے اس کا استعمال بالکل نہ کریں۔

**منافع**۔ یہ دوا ایسی عورتوں کے لئے لاثانی چیز ہے جن کے بچے کچے گر جایا کرتے ہیں۔ یا جن کو ایام حمل میں بے حد بےچینی۔ متلی۔ ضعف قلب اور دوران سر وغیرہ کی شکایات رہتی ہیں۔ یا جن کی طبیعت گرمی سے نڈھال رہتی ہے۔ اس کے باقاعدہ استعمال سے بچہ نہ صرف تندرست و توانا۔ خوبصورت اور گورا چٹا ہی پیدا ہوتا ہے۔ بلکہ بالعموم لڑکا ہی پیدا ہوتا ہے۔ چنانچہ جن عورتوں کے ہاں ہمیشہ لڑکیاں ہی لڑکیاں پیدا ہوا کرتی تھیں۔ ان کے ہاں بھی اس کے باقاعدہ اور مسلسل استعمال سے بفضل خدا لڑکے پیدا ہو چکے ہیں

**یادداشت**۔ اس دوا کے دوران استعمال میں ہر قسم کی دیر ہضم بادی اور نفاخ چیزوں سے حاملہ عورت کو پرہیز کرائیں۔ زیادہ ترش اشیاء بھی نہ دیں گھی کا بہت کم لیکن حتی الامکان دودھ کا زیادہ استعمال کرائیں۔

فیض فارماکوپیا المعروف طبیب النساء کے حصّہ خاص میں ماتیجیا سیلینہ بوم کی جو مخصوص دوا اس نام سے درج ہے۔ اس کا صحیح اور مکمل نسخہ یہی ہے۔

Marfat.com

# اکسیر النساء

عظیم دواخانہ متعلقہ فارماکوپیا میلنہ ہوم کی مخصوص دریایۂ ناز دوا ہے جو اس قسم کی تمام دواؤں سے زیادہ مفید اور موثر ہونے کی وجہ سے روز بروز بیش از پیش مقبول ہو رہی ہے۔

اجزاء۔ پوست درخت آشوک ۵ سیر گل دہاوا ایک سیر زیرہ سیاہ وسفید۔ ناگرموتھا۔ اسگند ناگوری۔ سونٹھ۔ دارہلد۔ اجمود۔ چرائتہ۔ عشبہ۔ بسفائج۔ ترپھلہ (ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ) الائچی خورد۔ صندل سرخ وسفید۔ مویز منقی۔ بادیان۔ سنبل الطیب۔ حب قرطم۔ گاؤزبان۔ برگ بانسہ ہر ایک ۴ تولہ۔ زعفران خالص ایک تولہ خبدبید ستر۔ مشک خالص ایک ایک ماشہ۔ قند سیاہ ۵ سیر پانی ڈیڑھ من۔

ترکیب۔ پوست درخت آشوک کو پانی میں یہاں تک جوش دیں۔ کہ چوتھا حصہ رہ جائے۔ بعدہ مل چھان کر زعفران۔ خبدبید ستر اور مشک کے علاوہ۔ قند سیاہ۔ گل دہاوا۔ مویز منقی کو ویسے ہی اور باقی تمام دواؤں کو کوٹ کر اس جوشاندہ میں ملا دیں۔ اور مٹی کے کسی کورے روغنی برتن میں بھر کر اس کے منہ کو مٹی یا آٹے کے ساتھ اچھی طرح بند کر کے سردیوں میں پورے چالیس روز تک اور گرمیوں میں پندرہ بیس روز تک کسی محفوظ مقام

Marfat.com

پر رکھ دیں۔ روزانہ برتن مذکور کے ساتھ کان لگا کر سنتے رہیں
جب تک برتن سے سنسناہٹ کی آواز آتی رہے۔ رکھا
رہنے دیں۔ جب آواز آنی بند ہو جائے۔ برتن کو باحتیاط کھول
کر اور دوا کو چھان کر اس میں زعفران جندبیدستر اور مشک
خالص کو حل کر کے شیشیوں میں بھر لیں۔

استعمال۔ ایک ایک تولہ صبح شام قدرے تازہ پانی میں ملا کر پلا دیا
کریں۔ عسر و احتباس الطمث میں گرم پانی یا چائے میں ملا کر دن
میں تین چار مرتبہ پلائیں۔ درد ہو تو مقامی طور پر گل ٹیسو کے
جوشاندے کو پیڑو پر دھاریں۔ اور زہار میں نصف تولیہ بھگو
کر اور نچوڑ کر اس کی گرم گرم ٹکور کرا دیا کریں۔

منافع۔ عورتوں کے تمام امراض رحم بالخصوص۔ حیض کی کمی بیشی
دقت۔ دشواری اور درد وغیرہ ہر قسم کی خرابیوں
دعسر و احتباس الطمث۔ قلت و کثرت الطمث اور استحاضہ
وغیرہ۔ ورم رحم رخیۃ الرحم حتیٰ کہ بانجھ پن تک میں نافع ہے
نیمیل فارماکوپیا المعروف طبیب النساء کے حصہ خاص میں
ہائیجیا ہیلتھ ہوم کی جو مخصوص دوا اس نام سے درج ہے وہ
یہی ہے۔

## اکسیر جریان و احتلام

عظیم دواخانہ متعلقہ ہائیجیا ہیلتھ ہوم کی مخصوص ادویہ

Marfat.com

نازدواہے۔ "یہ صبغ تالمکھانہ مرکب" کے نام سے بھی موسوم ہے۔

**اجزاء:** تالمکھانہ۔ ستاور۔ موصلی ہر ایک مع بیخ اور برگ دبار ایک ایک چھٹانک۔ دارچینی کوفتہ ایک تولہ۔ دانہ الائچی خورد کوفتہ ا تولہ روح الخمر ایک بوتل۔

**ترکیب:** سب دواؤں کو ایسے شیشے کے مرتبان یا بڑی بوتل میں ڈالیں۔ جس پر شیشے کا مضبوط کارک ہو۔ اب اس میں روح الخمر ڈال کر ایک صاف لکڑی یا شیشے کی سلاخ کے ساتھ بخوبی ہلا کر منہ بند کر کے رکھ دیں۔ روزانہ دن میں ایک یا دو مرتبہ بخوبی ہلا دیا کریں۔ بیس پچیس یا چالیس دن تک پڑا رہنے دیں۔ بعدہ چھان کر اور پھر ٹھہرا کر نتھار لیں۔

**استعمال:** دس سے بیس قطرے تک نصف چھٹانک سادہ پانی یا عرق سونف میں ملا کر دن میں تین مرتبہ صبح دوپہر اور رات کو سوتے وقت استعمال کریں۔

**منافع:** جریان احتلام اور ضعف باہ کے لئے (بالخصوص جو جلق وغیرہ کی وجہ سے پیدا ہوں) خاص چیز ہے۔

## اکسیر جگر فولادی

عظیم دواخانہ متعلقہ ہا ئیجیا ہیلتھ ہوم کی مخصوص دوا ہے۔ جو جگر اور معدے وغیرہ کی اصلاح کے لئے واقعی نہایت مفید ثابت

Marfat.com

ہوئی ہے۔

اجزاء۔ ریوند خطائی۔ نوشادر دیسی ہر ایک ایک تولہ قلمی شورہ ۲ تولہ کشتہ فولاد دعرق برگ بھنگرہ۔ عرق برگ گکرونده۔ عرق برگ ترب عرق ہاتھی سونڈی۔ آب ترپھلہ عرق جامن اور دہی کے پانی میں کیا ہوا، ۶ ماشہ

ترکیب۔ سب کو باریک پیس کر یکجان کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ بوقت ضرورت اس میں سے بقدر ایک ایک رتی کے لے کر صبح شام جوارش جالینوس ۶ ماشہ میں ملا کر عرق بادیان یا پانی وغیرہ یا کسی دوسرے مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کریں

منافع۔ جگر اور معدے کی اصلاح کرتا اور ان کے اکثر امراض مثلاً کمی خون۔ سوء القنیہ ضعف جگر۔ جگر کا بڑھ جانا۔ یرقان وغیرہ اور جگر کی خرابی سے پیدا ہونے والے پرانے بخاروں اور اور سوء ہضم وغیرہ میں نہایت نفع بخش اور مفید و مجرب ہے

## اکسیر خاص

عظیم دواخانہ متعلقہ ہاتھیا ہیلتھ ہوم کی ایک مخصوص در ایہ نادر دوا ہے۔ اپنے غیر معمولی فوائد کی وجہ سے نہایت مقبول ہوئی ہے صحیفہ شباب میں جس کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ وہ یہی ہے۔ اس کی تصدیقیں بھی ہو چکی ہیں۔

Marfat.com

اجزاء۔ سفوف کچلہ مدبر۔ فولاد اصلی تیلنی مکھی کا خشک سفوف ہر ایک ۱ تولہ۔ آب انگور آب سیب ہر ایک ایک سیر شراب برانڈی ایک بوتل۔ تیزاب نمک ۲۰ تولہ۔ تیزاب شورہ ۱ تولہ۔ ورق طلا ایک ماشہ۔

ترکیب۔ فولاد اور ورق طلاء کو تیزاب نمک میں تھوڑے سے پانی کے ساتھ ملا کر رکھ لیں۔ آب انگور اور آب سیب میں شراب ملا کر رکھ لیں۔ جب انگور وغیرہ کے مرکب میں تخمیر پیدا ہو جائے تو اس کو عرق کے طور پر کشید کر لیں۔ اور جب فولاد اور ورق طلا تیزاب میں حل ہو جائیں۔ تو ان میں تیزاب شورہ ملا دیں۔ پھر اس کو اور کچلہ و تیلنی مکھی کے سفوفوں کو آب انگور وغیرہ کے کشید کیے ہوئے عرق میں ملا کر چالیس روز تک زمین یا غلہ وغیرہ میں دفن کریں۔ بعدہٗ نکال کر بذریعہ تقطیر عرق ٹپکالیں اور شیشیوں میں بھر کر محفوظ رکھیں۔

استعمال جسب برداشت پانچ سے بیس قطرے دودھ یا بالائی میں ملا کر صبح کو استعمال کریں۔ تیل ترشی سے پرہیز کریں۔ اور گھی دودھ۔ مکھن وغیرہ مرغن چیزوں کا زیادہ استعمال کریں۔ ہفتے عشرے کے استعمال کے بعد دو تین یوم کا ناغہ کر دیا کریں۔

منافع۔ اعلیٰ درجہ کا مقوی بدن مقوی باہ ذہتوی اعصاب بعضہ خاص میں

تحریک پیدا کر کے اس میں خون کی آمد زیادہ کر دیتی ہے۔ جس سے اس کی قوت انتشار بڑھ جاتی ہے۔ اور اس میں غذا کافی مقدار میں پہنچنے کی وجہ سے فربہی اور مضبوطی آ جاتی ہے۔ بڑھاپے۔ کثرت جماع۔ جلق اور اغلام وغیرہ غلط کاریوں سے پیدا ہونے والی سستی کے مریض جو ڈھیلے انتشار کی وجہ سے وظیفہ زوجیت کو خاطر خواہ طریق پر بجا لانے سے معذور ہوتے ہیں۔ اس پر اچھی طرح قادر ہو جاتے ہیں۔ اس کے ساتھ داخلی طور پر جب حبداءعنبری کا اور خارجی طور پر طلائے فاسفورس وغیرہ کا استعمال اکثر سونے پر سہاگے کا کام دیتا ہے۔

# اکسیر درد گردہ

عظیم دوا خانہ متعلقہ انجمن حمایت اسلام کی مخصوص دوائیاں دوا ہیں

اجزاء نمک چیال کبوتر۔ نمک ترب۔ نمک خار خسک۔ جو اکھار ولائتی ہر ایک ۳ ماشہ۔ شورہ قلمی ۱ تولہ۔ میگنیشیا سلفاس ۳ تولہ۔ پوٹاسیم بروما ئیڈ ۱۰ رتی۔ ٹنکچر ہائیوسائمس دو درم (۷ ماشہ) عرق کاسنی یا دُسیر (۲۰ تولہ)

ترکیب۔ تمام دواؤں کو عرق میں بخوبی حل کر کے رکھ لیں۔

استعمال۔ بقدر دو تین تولہ دوا ہر تین تین گھنٹے کے بعد استعمال کریں حتیٰ کہ درد گردہ دور ہو جائے۔

Marfat.com

منافع۔ درد گردہ میں بالخصوص جو پتھری یا ریگ ذغیرہ کی وجہ سے ہوتا ہے۔ نہایت نافع ہے۔

# اکسیر سُرخ

عظیم دوا خانہ متعلقہ فارمیکوپیا جلد سوم کی خاص دوا ہے۔

اجزا۔ ڈلی شنگرف قسم اوّل۔ بیش سفید۔ دچھناک ہیں کر باریک کیا ہوا۔ ہر ایک دو تولہ۔ زمین قند۔ بقدر حاجت۔ روغن تخم معصفر در روغن کڑیا قرطم) تین سیر۔

ترکیب۔ زمین قند کو کوٹ کر اس کا عرق نچوڑ لیں۔ اس عرق میں بیش کے سفوف کو ملا کر گوندھیں اور اس کے درمیان شنگرف کی ڈلی رکھ کر غلولہ بنالیں۔ اس غلولہ پر موٹا سا کپڑا لپیٹ کر سی دیں۔ اب روغن کو تانبے کے قلعی دار دیگچے میں ڈال کر اس میں یہ غلولہ ڈال دیں۔ اور دیگچے کا منہ آٹے وغیرہ سے خوب اچھی طرح بند کر دیں۔ تاکہ بھاپ وغیرہ نہ نکل سکے۔ بعدہٗ دیگچے کو آگ پر رکھ کر اوپر سے ایک وزنی پتھر یا سرپوش وغیرہ سے دبا دیں۔ اب اُسکے نیچے پہلے ایک پہر تک نرم آگ دیں۔ اور بعدہٗ تین پہر تک خوب تیز آگ جلائیں۔ اس عرصہ میں دیگچے کے اندر شورِ عظیم برپا ہوگا۔ اس وقت سرپوش کا خیال رکھیں۔ کہ کھلنے نہ پائے۔ جب چار پہر کامل آگ دی جا چکے۔ آگ پر سے اتار کر سرد کریں۔ اور

Marfat.com

شنگرف کی ڈلی نکال کر نہایت باریک پیس کر رکھ لیں۔ اور اس میں ہموزن سٹرکینا ہائیڈرو کلوراس اور کشتہ طلاء خاص ملا کر مزید کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ بقدر ایک چاول لے کر مکھن۔ بالائی یا لبوب کبیر وغیرہ میں رکھ کر صبح شام یا صرف ایک وقت کھائیں۔ اور اوپر سے دودھ پی لیں اس کے ساتھ گھی دودھ بکثرت استعمال کریں۔

منافع۔ ضعف باہ کو دور کرنے اور حرارت غریزی کو ابھارنے کے لئے بے نظیر چیز ہے۔ پٹھوں کو قوت دیتی اور دورانِ خون کو تیز کرتی ہے جسم میں طاقت و توانائی اور زندگی کی نئی روح بھر دیتی ہیں۔ یہ دراصل اعصاب کے ذریعے قوت باہ کے مراکز پر محرک اثر کرکے قوت باہ کو زیادہ کرتی ہے۔ کثرت جماع اور بڑھاپے سے پیدا شدہ ضعف باہ میں یہ خصوصیت کے ساتھ مفید ہے۔

## اکسیر مفید

عظیم دواخانہ متعلقہ ہانچیا سلیتہ ہمدم کا خاص مرکب ہے۔

اجزاء۔ ہرتال ورقی سم الفار سفید ہر ایک تولہ۔ شراب برانڈی ۶ تولہ۔

ترکیب۔ ادویہ کو شراب میں خوب کھرل کریں۔ اور ایک پیالے میں ڈال کر اوپر سے دوسرا پیالہ ڈھانکتے دونوں کے کنارے آٹے سے خوب بند کرکے نرم آنچ پر جوہر اڑائیں۔ جو طرف انے

Marfat.com

کے دوران میں کپڑا تر کر کے اوپر کے پیالے پر رکھتے رہیں۔ تاکہ جوہر اوپر کے پیالے میں منجمد ہوتا رہے۔ جب جوہر نکل آئے تب پیالوں کو آگ پر سے اتار لیں۔ اور خوب سرد ہونے کے بعد کھولیں آنکھوں کو دوا کے بخارات سے بچائیں۔

استعمال۔ بقدر ۲ چاول مکھن۔ بالائی۔ لعوب کبیر یا معجون آرد خرما میں۔ لپیٹ کر صبح کو کھائیں۔ اوپر سے دودھ بقدر حاجت پی لیں۔ اس کے ساتھ بھی گھی دودھ کا بکثرت استعمال کریں۔ گرم موسم گرم مزاج اور لاغر اشخاص میں طبیب کی رائے کے بغیر اس کا استعمال نہ کریں۔

منافع۔ قوت باہ کو بڑھاتی اور پٹھوں کو طاقت بخشتی ہے۔ بلغمی مزاجوں اور بوڑھوں میں خصوصیت کیساتھ مفید ہے۔ مقوی باہ ہونے کے علاوہ بلغمی امراض (مثلاً جوڑوں کے درد بلغمی بخار استسقاء اور ضعف معدہ جو رطوبت اور بلغم کے غلبہ سے ہو) میں بھی مفید ہے۔ حرارت غریزی کو ابھارتی ہے۔

# اکسیر سم الفار خاص

ہومیوپیتھی کے اصول پر تیار کی ہوئی۔ عظیم دواخانہ متعلقہ پا پھیا ہیلینہ ہوم کی خاص اکسیر ہے۔

اجزاء۔ سم الفار ایک ماشہ۔ قند شیر دشو گراف ملک) ۲ تولہ۔

Marfat.com

ترکیب۔ سم الفار کو پہلے چار ماشہ قند میں دو گھنٹے تک مسلسل کھرل کر کے یکجان کر لیں۔ اب ۲۰ ماشہ قند اور اضافہ کر کے دو تین گھنٹے اور بخوبی کھرل کریں۔ اب اس مرکب کو ایک شیشی میں محفوظ رکھیں۔ اور اس میں سے ایک ماشہ لے کر اس میں ۵ ماشہ قند اور ملا کر دو تین گھنٹے پھر اچھی طرح کھرل کریں اور اس کو دوسری شیشی میں محفوظ رکھیں۔ اب اس دوسری شیشی کے مرکب میں سے ایک ماشہ لے کر باقی ماندہ قند شیر ملا کر دو تین گھنٹے متواتر اچھی طرح کھرل کر کے تیسری شیشی میں محفوظ رکھ لیں۔

استعمال۔ تیسری شیشی کے مرکب کو بقدر ایک ایک رتی صبح شام یا حسب ضرورت دن میں تین چار مرتبہ اور دوسری شیشی کے مرکب کو اسی مقدار میں دونوں وقت غذا کے بعد یونہی منہ میں ڈال کر کھا لیا کریں۔ پہلی شیشی کا مرکب شاذ و نادر ہی استعمال کیا جاتا ہے۔

منافع۔ اکثر قسم کے امراض جلد اور فساد خون میں مفید ہے۔ آتشک حمیات کہنہ خنازیر اور دوسرے غدی اورام ضعف باہ اور ضعف اعضائے رئیسہ میں بھی نفع بخش ہے۔ تیسرے نمبر کا مرکب۔ قے۔ اسہال۔ درد شکم ضعف قلب اور ضعف اعصاب ذعیرہ میں بھی نافع ہے۔ غرضیکہ ان تمام عوارضات میں مفید و مستعمل ہے۔ جن میں ہومیوپیتھی کی مخصوص دوا۔ ارسینکیم البم مفید ہے۔

Marfat.com

# اکسیر سیاہ

عظیم دواخانہ متعلقہ ہائیجیا ہیلتھ ہوم کی خاص اکسیر ہے۔

اجزاء۔ شدھ سلاجیت ۲ تولہ۔ اسود (جس کا نسخہ پہلے درج ہو چکا ہے) ۱ تولہ مکردھوج (مشہور ویدک مرکب ہے) عصارہ برگ بھنگ خشک شدہ (اس کی بجائے ولایتی ایکسٹریکٹ کینبیس انڈیکا بھی شامل کر سکتے ہیں۔) ہر ایک ۲ ماشہ

ترکیب۔ سب کو کھرل میں باریک پیس کر اچھی طرح یکجان کرلیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ بوقتِ ضرورت ایک ایک رتی مکھن یا بالائی میں ملا کر کھالیا کریں۔ غذا میں دودھ کا زیادہ استعمال کریں۔

منافع۔ سرعت۔ جریان اور کثرتِ احتلام کے لیئے خاص چیز ہے۔ مادہ تولیہ کو گاڑھا کرتی اور قوتِ امساک کو بڑھاتی ہے۔ عورتوں کے مرض سیلانِ رحم (اندامِ نہانی سے سفید رطوبت کے بہتے رہنے) میں بھی نفع بخش ہے۔ اس کے علاوہ پیشاب کے بعض امراض اور عام جسمانی کمزوری میں بھی مفید ہے۔ دورانِ خون کو درست کرتی ہے۔

Marfat.com

# اکسیر شافی[1]

امرت دھارا اور آبحیات وغیرہ کی مانند عظیم دوا خانہ متعلقہ فارماکوپیا ہیلتھ ہوم کی خاص دوا ہے۔ جو اُن سے نسبتاً زیادہ مفید ہے۔

**اجزاء**۔ ست پودینہ۔ ست اجوائن۔ نوشادر محلول۔ کافور ہر ایک ایک تولہ روغن نخل مدار۔ روغن ابہل۔ ایسڈ کاربالک ہر ایک نصف تولہ۔

**ترکیب**۔ تمام دواؤں کو ایک شیشی میں ڈال کر تھوڑی دیر دھوپ میں رکھیں حل ہو جائیں گی۔ اب فی تولہ دو قطرے رنگ دینے والی مخصوص دوا ملا دیں۔

**استعمال**۔ خارجی طور پر تین چار قطرے مقام ماؤف پر مل دیں۔ داخلی طور پر تین چار قطرے مصری یا بتاشہ پر ڈال کر کھلائیں۔ یا کسی دوسرے مناسب بدرقہ عرق یا سادہ پانی وغیرہ میں ملا کر پلا دیا کریں۔ حسب ضرورت دن میں دو تین یا چار پانچ مرتبہ استعمال کریں۔

**منافع**۔ ہاضم۔ مخدر۔ دافع سمیت اور عفونت ہے۔ جسم کے اکثر داخلی اور خارجی امراض میں نافع ہے۔ ہر قسم کے درد۔ طاعون۔ ہیضہ۔ درد شکم۔ اور زہریلے جانوروں کے کاٹنے کے لئے مخصوصیت کے ساتھ مفید و مستعمل ہے۔

---

[1] مکمل تفصیل کے لئے دیکھو رسالہ اکسیر شافی جو مینیجر صاحب عظیم دوا خانہ متعلقہ فارماکوپیا ہیلتھ ہوم سے مفت حاصل کیا جا سکتا ہے۔

Marfat.com

# اکسیر شافی کا طلاءجلوینی

اجزاء: اکسیر شافی ایک حصہ گلیسرین۔ دجلوین تین حصہ۔
ترکیب۔ دونوں کو بخوبی حل کر کے رکھ لیں۔
استعمال۔ پھریری کے ساتھ گلے اور زخموں پر لگائیں۔
منافع۔ منہ آنے۔ گلے پڑنے (درم لوزتین) اور ہر قسم کے زخموں کے لئے مفید ہے۔ ناک اور کان کے اندر کی پھنسیوں میں بھی فائدہ بخشتا ہے۔

# اکسیر قلب

مشہور و معروف نسخہ ہے۔ جو قریب قریب نسخوں کی تمام مروجہ کتابوں میں مختلف ناموں سے درج ہے۔ یہ بلاشبہ اپنے مشہور فوائد میں نہایت مفید اور سریع الاثر ہے۔ اور نہ صرف میرا بلکہ ہندوستان کے سینکڑوں طبیبوں کا مجرب المجرب ہے۔ بعض رسائل اور کتب میں اس کی بیسیوں تصدیقیں بھی چھپ چکی ہیں۔
اجزاء۔ طباشیر کبود۔ کشنیز خشک۔ صندل سفید۔ الائچی سفید۔ کہربا شمعی۔ زہر مہرہ خطائی قسم اعلیٰ ہر ایک ۵ تولہ۔ نارجیل دریائی ۳ تولہ۔ کشتہ عقیق گلابی ۲ تولہ۔ کشتہ مرجان (کنول گٹے والا) ورق نقرہ ۳ ماشہ۔ عرق گلاب بیدمشک دکیوڑہ ہموزن

Marfat.com

بقدر ضرورت۔

ترکیب۔ سب دواؤں کو کوٹ چھان کر یکجان کر کے عرقیات میں یہاں تک کھرل کریں۔ کہ سرمے یا غبار کی مانند ہو جائے۔

استعمال۔ بوقتِ ضرورت تقویتِ قلب وغیرہ کے لئے حسب حاجت دو سے تین ماشہ تک دوگنا آب انار یا آب بہی شیریں یا مربہ سیب یا گلقند وغیرہ میں بخوبی ملا کر تھوڑا تھوڑا چٹائیں۔ تقویتِ دماغ کے لئے تخم خشخاش اور مغز بادام کے ہمراہ تقویت جگر کے لئے آب زرشک یا تمر ہندی وغیرہ کے ہمراہ اور ارواح و قوٰی کی عام تقویت کے لئے ہموزن مکھن اور مصری میں کر بطور ناشتہ استعمال کرائیں۔

منافع۔ مفرح۔ مقوی قلب اور مسکن حرارت ہے۔ ہر قسم کے جریان خون کو خواہ وہ اندرونی ہو یا بیرونی روکتی ہے۔ قے۔ متلی۔ گھبراہٹ۔ شدتِ پیاس۔ خفقان۔ اسہال اور تپش وغیرہ میں بھی نافع ہے جگر۔ معدہ اور امعا کو طاقت دیتی ہے۔ ارواح اور حرارت غریزی کے غیر معمولی اشتعال کو روکتی ہے۔ تقویت قلب کے لئے خاص چیز ہے۔ ابتدائے سل و دق میں بھی نہایت نافع ہے۔ حاملہ عورتوں کی قے۔ متلی اور گھبراہٹ کو دور کرتی اور حمل کے اسقاط اندر کو روکتی ہیں۔ سیلان الرحم اور استحاضہ میں بھی مفید ہے۔ غرضیکہ جسم کے بیشتر عوارض کے لئے

Marfat.com

جو حدت کی زیادتی سے ہوتے ہیں۔ مناسب پرہیزات کے ساتھ نفع بخش ہے۔ نہ صرف ہر معالج کے مطب اور دواخانے بلکہ ہر گھر میں اس دوا کا ہر وقت تیار رہنا اکثر سودمند ثابت ہے۔

# اکسیر ہاضم لونگ مدار والی

عظیم دواخانہ متعلقہ ہانجیا ہیلیتہ ہوم کی مخصوص درمایہ ناز دوا ہے جو ہر قسم کے شکایات ہاضم (نمک جالینوس اور نمک سلیمانی وغیرہ) معدے کی اصلاح کے لئے مخصوص چوائوں اور بیٹوں ہاضمے کی پھکیوں اور گولیوں۔ معدنی پانیوں (سوڈا واٹر وغیرہ) وغیرہ کی بہ نسبت زیادہ مفید تیر بہدف۔ زود اثر اور ارزاں ہے اکسیر قلب کی طرح اس کا بھی ہر مطب اور ہر گھر میں ہر وقت تیار موجود رہنا نہایت سودمند ہو سکتا ہے۔

**اجزاء۔** لونگ گل مدار خشک ۲ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ اجوائن دیسی چاروں نمک۔ نوشادر فلفل سیاہ۔ انار دانہ۔ زنجبیل۔ دستو اسونٹھ) ہر ایک ۵ تولہ ست لیموں ۲ تولہ گودا گھیکوار۔ ۱۰ تولہ۔ سرکہ ۱۵ تولہ۔

**ترکیب۔** سب دواؤں کو باریک پیس کر گودا گھیکوار میں دونوں ہاتھوں سے بخوبی رگڑ کر ملا دیں۔ بعدہٗ سرکہ میں تر کر کے سایہ میں محفوظ رکھ دیں۔ خشک ہونے پر شیشے یا چینی کے مرتبان وغیرہ

Marfat.com


میں محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ ایک ایک چٹکی بقدر دو یا تین رتی غذا کے بعد یا بوقت ضرورت یونہی منہ میں رکھ کر کھالیا کریں۔ یا عرق اجوائن۔ عرق پودینہ۔ عرق بادیان یا سادہ پانی کے ہمراہ کھائیں۔

منافع۔ بھوک کی کمی۔ نفخ شکم۔ بدہضمی۔ درد شکم۔ قولنج قبض پیچش وغیرہ غرضیکہ معدے اور آنتوں کی تمام تکالیف نیز کھانسی اور دمہ وغیرہ امراض میں نافع ہے۔ بدہضمی۔ درد شکم اور قولنج کے لئے خاص چیز ہے۔ منٹوں میں درد کو دور کر دیتی ہے۔ درد قولنج ریحی سے تڑپتا ہوا مریض چند منٹوں میں تندرست ہو جاتا ہے سینکڑوں مرتبہ کی تجربہ ہے۔

## اکلیل الملک

اکلیل الملک ایک عربی لفظ ہے۔ جو اکلیل بمعنی تاج اور ملک بمعنی فرشتے سے مرکب ہے۔ پس اس کے لغوی معنی ہیں فرشتوں کا تاج چونکہ اس دوا کی شکل مندرجہ ذیل تصویر کے مطابق ہلالی ہوتی ہے اسلئے اسکو اس نام سے نامزد کر دیا گیا ہے عام طور پر اس کو ناخن پری اور ناخنہ فارسی میں گیاہ قیصر اور ہندی میں پرنگ



کہتے ہیں۔ یہ ایک پودے کا پھل ہے۔ جو کئی قسم کا ہوتا ہے۔ بقول اطبائے قدیم اس کی تاثیر گرم خشک اور بعض کے نزدیک مرکب القوٰی ہے۔

منافع۔ منضج و محلل اورام یعنی ورموں کو پکانے اور تحلیل کرنے والا ہے دردِ سر، سدر، دوار، رعونت۔ بلادت سکتہ۔ مالیخولیا لنسیان لقوہ فالج اور استرخائے بلغمی وغیرہ دماغی امراض میں مفید ہے۔ تشنج۔ امتلائی اور نزلے کو بھی نفع بخشتا ہے۔ جگر طحال اور معدے کے درد اور ورم کو دور کرتا ہے۔ دودھ اور منی کو زیادہ کرتا۔ مدر بول اور حیض ہے پیاس کو تسکین دیتا ہے رحم مقعد اور خصیوں کے ورم کو بھی تحلیل کر دیتا ہے۔ ۳ سے ۵ ماشہ تک حسب ضرورت استعمال کیا جاتا ہے۔ عموماً اس کا جوشاندہ تحلیل اورام کے لئے خارجی طور پر نطول بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ اور محلل اورام ضمادات وغیرہ میں بھی اس کو شامل کیا جاتا ہے۔ داخلی طور پر اس کا جوشاندہ دیگر مناسب دواؤں کے ہمراہ یا اس کا سفوف شہد میں ملا کر استعمال کیا جاتا ہے۔

## الکوحل

ایک اڑ جانے والا سیال اور شراب کا اصلی جزو موثر ہے۔ تمام بڑے بڑے لائسنس دار انگریزی دواخانوں سے مل جاتی ہے۔

Marfat.com

اجزاء کھانڈ کا شیرہ۔شراب۔یا ریکٹی فائیڈ سپرٹ۔
ترکیب۔خاص کیمیاوی ترکیب سے کوکر کشید کر کے تیار کی جاتی ہے
استعمال۔اکثر ڈاکٹری اور ہومیوپیتھک دواؤں کی تیاری اور سینکڑوں کیمیاوی اور صنعتی کاموں میں استعمال کی جاتی ہے۔
منافع۔محرک اور دافع عفونت ہے۔اس کے علاوہ خفیف معرق مدربول اور دافع حرارت بھی ہے۔

# امرت دھارا

پنڈت ٹھاکر دت صاحب شرما وید لاہور کی مخصوص و مشہور دوا ہے۔جس سے پنڈت صاحب موصوف لاکھوں روپے کما رہے ہیں۔ذیل کا نسخہ گو یقینی نہیں کہا جا سکتا۔کیونکہ براہ راست پنڈت صاحب یا ان کے کسی معتمد خاص سے حاصل نہیں ہوا تاہم عام قیاس یہی ہے کہ اصل نسخہ یہی یا اس کے قریب قریب ہے۔
اجزاء ست پودینہ۔ست اجوائن۔مشک کافور اور کاربالک ایسڈ تمام ہموزن یا پہلی تین دوائیں ایک ایک تولہ اور کاربالک ایسڈ نصف تولہ۔دبعض کے نزدیک اس میں نوشادر محلول ایک تولہ یا مدار کی جڑ وغیرہ کوئی مرکب بھی شامل ہوتا ہے۔اور بعض کے نزدیک صرف اول الذکر تین دوائیں ہیں۔بلکہ بعض نے تو یہاں تک بیان کیا ہے۔کہ جنگ عظیم کے دوران

Marfat.com

میں جب کہ ولایت سے ست پودینہ اور ست اجوائن آنا بند ہو گیا تھا۔ یا بہت گراں ہو گیا تھا تو صرف مشک کافور اور کاربالک ایسڈ ہی ملا کر امرت دھارا بنا لیا جاتا تھا۔
ترکیب۔ سب دواؤں کو ملا کر دھوپ میں رکھیں تھوڑی دیر میں حل ہو جائینگی
استعمال۔ اکسیر شافی کے مطابق۔
منافع۔ اکسیر شافی کے مطابق۔

## امروسیائے خاص

عظیم دواخانہ متعلقہ طبیہ کالج سوم کی ایک خاص مجرب المجرب دوا ہے۔ جس کا نسخہ حکیم چوہدری محمد امین صاحب قریشی کامل طب وجراحت گلیانہ کی وساطت سے دستیاب ہوا تھا۔ واقعی نہایت مفید اور کارآمد دوا ہے۔
اجزاء۔ شورہ قلمی ۵ تولہ۔ نوشادر۔ سنگ بہود۔ جوکھار۔ سہاگہ ہر ایک ۵ تولہ۔ پھلانواں ۱۰ تولہ۔ پوست ریٹھہ ۲۰ عدد۔
ترکیب۔ شورہ قلمی اور پھلانواں کے سوا باقی تمام دواؤں کو علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر رکھ لیں۔ بعدہٗ لوہے کی کڑاہی چولہے پر چڑھا کر اس کے نیچے تیز آگ جلائیں۔ آگ جتنی تیز ہوگی اتنی ہی دوا اچھی اور عمدہ تیار ہوگی۔ اب پہلے شورہ قلمی کو کڑاہی مذکور میں ڈال دیں۔ جب شورہ آگ کی حرارت کے

Marfat.com

اتر سے پانی کی مانند ہو جائے۔ تو چند عدد بھلانواں اس میں ڈال دیں۔ جب بھلانواں چراغ کی مانند شعلہ دے کر جلنا شروع کر دیں۔ تو اس وقت پہلے نوشادر شامل کر دیں۔ اور آہنی سلاخ کے ساتھ اس کو ہلاتے رہیں۔ اسی طرح بالترتیب باقی تمام باریک کی ہوئی دوائیں اضافہ کرتے جائیں۔ اور ساتھ ہی تھوڑے تھوڑے بھلانواں ڈالتے جائیں۔ جب سب دوائیں ڈال چکیں۔ اور بھلانواں کا تیل علیحدہ نظر آنے لگے۔ تو کڑاہی کو نیچے اتار لیں۔ اور تمام دوا کو لوہے کے ہاون دستہ میں ڈال کر گرم گرم کوٹنا شروع کر دیں۔ اور یہاں تک کوٹیں کہ تمام دوا سفوف کی مانند اور سرد ہو جائے۔ اگر گرم گرم دوا کو نہیں کوٹا جائیگا۔ تو سرد ہونے پر وہ کڑاہی یا ہاون دستہ میں جم جائیگی۔ اور ان سے علیحدہ نہیں ہوگی

یادداشت۔ کڑاہی کے نیچے آگ نہایت تیز ہونی چاہیئے۔ اس کے لئے بہتر یہ ہے۔ کہ باریک باریک خشک لکڑیوں (کنڈے) کی آگ دیں۔ اور آگ کسی علیحدہ اور کھلے میدان میں دینی چاہیئے۔ کمرے کے اندر اور کسی چھت والی جگہ پر یہ دوا ہرگز نہیں بنانی چاہیے نیز اس کے زہریلے دھوئیں سے بھی بچنے کی پوری کوشش کریں۔ کیونکہ پھیپھڑوں یا آنکھوں وغیرہ میں پہنچکر اس کا دھواں مضرت کا باعث ہوسکتا ہے۔

Marfat.com

استعمال۔ نصف سے دو ماشہ تک مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔ چنانچہ زہر خوردہ اشخاص کو دو دو ماشہ شیر گاؤ کے ہمراہ ایک ایک گھنٹے کے بعد دیں۔ حتیٰ کہ مریض ہوش میں آجائے۔ بعدہٗ بتدریج زیادہ وقفہ کے ساتھ دیتے ہیں۔ پر انے درد گردہ میں ناخن پری داکلیل الملک) اور کلتھی ہموزن کا سفوف بنا کر اس میں سے تین ماشہ سفوف لے کر اور اس میں نصف سے ایک ماشہ تک یہ دوا یعنی امروسیائے خاص ملا کر شربت بزوری کے ہمراہ کھلا دیں۔ بخاروں اور موتی جھرہ (تور کی۔ مبار کی) وغیرہ کے دانوں کو اچھی طرح نکالنے کے لئے پانی کے ساتھ دیں ذات الجنب اور ذات الریہ وغیرہ میں شہد میں ملا کر چٹائیں۔

منافع۔ اعلیٰ درجہ کا تریاق ہے جو ہر قسم کے زہروں کی سمیت کے دور کرنے میں بے نظیر ہے۔ خواہ وہ زہر افیون۔ سنکھیا وغیرہ سمی ادویہ وغیرہ کے کھانے سے یا سانپ یا بچھو وغیرہ زہریلے جانوروں کے کاٹنے سے جسم میں داخل ہوئے ہوں۔ ہر قسم کے شدید متعدی بخاروں۔ مثلاً چیچک۔ خسرہ۔ موتی جھرہ۔ (تور کی اور مبار کی) وغیرہ میں نافع ہے ان کی سمیتوں کو پسینے کے ذریعے خارج کرنے میں بے نظیر دوا ہے۔ ذات الجنب۔ ذات الریہ۔ امراض طحال و معدہ۔ درد گردہ اور ریگ گردہ و مثانہ وغیرہ میں بھی نہایت مفید ہے۔ غرضیکہ اپنی تریاقی خصوصیات کی وجہ سے جسم کے

Marfat.com

اکثر سی امراض میں نہایت معجز نما اور محیر العقول اثرات کی حامل ہے۔

## انگوائیٹم کیلیک کم اوپیو

دیکھو مرہم ما زو وافیون مرکب صفحہ ۱۴ ۲ کیونکہ دراصل اسی کو انگریزی میں اس نام سے نامزد کیا جاتا ہے۔ یہ قریب قریب تمام بڑے بڑے انگریزی دوا فروشوں سے تیار مل جاتی ہے۔

## اوڈین کریم

آئی سلما کریم کی مانند مشہور ولایتی دوا ہے جو عام انگریزی دواخانوں اور اکثر بساطی فروشوں سے مل جاتی ہے۔ اس کے اجزاء میں بھی اغلباً روغن بادام سفید ویزلین اور سفید موم وغیرہ اور یہ شامل ہیں یہ بھی چہرے کی جلد کو نرم وملائم کرتی اور کیل مہاسوں اور چھائیوں وغیرہ کو دور کرتی ہے۔ ترکیب استعمال شیشی پر درج ہوتی ہے اور آئی سلما کریم کی طرح ری ہے۔

## ایراڈول

امریکہ کی دنیا بھر میں مشہور دواساز کمپنی پارک ڈیوس اینڈ کو کی

Marfat.com

مخصوص دوا ہے۔ جو بے مزہ روغنی سیال کی شکل میں ہوتی ہے۔
پہلے یہ دوا بکثرت مستعمل تھی لیکن اب نسبتاً اس کا بہت کم استعمال
کیا جاتا ہے۔

اجزاء۔ ارگوسٹرول۔ نباتی روغن۔
ترکیب۔ ارگوسٹرول کو نباتی روغن میں ملاکر اور اس میں ایک معینہ مدت تک
سورج کی شعاعوں کو جذب کرنے سے تیار کی جاتی ہے۔
استعمال۔ دس سے بیس چھوٹے قطرے جو اس کی شیشی کے ساتھ بہم پہنچائے
ہوئے مخصوص آلہ قطوری یا ڈراپر سے حاصل کئے جاتے ہیں (یعنی
۲ سے ۴ بوند دمنم) روزانہ دودھ یا بالائی وغیرہ میں ڈال کر۔
شاذ و نادر ۲۵ سے ۳۰ چھوٹے قطرے بھی استعمال کرائے جا
سکتے ہیں
منافع۔ تشنج و کزاز، سل دق کے ابتدائی درجات۔ رعشہ۔ کساح درکٹس،
بچوں کے سوکھا سان اور تمام ان حالات میں استعمال کی جاتی
ہے۔ جن میں جسمانی ساختوں میں کلسی اجزاء کی کمی ہوتی ہے۔
عورتوں کے لیے زمانہ حمل اور رضاعت میں اس کا باقاعدہ استعمال
نہایت مفید اور نفع بخش ثابت ہوا ہے۔
یادداشت۔ اس میں کاڈ لور آئل (روغن جگر کاڈ ماہی) کی بہ نسبت حیاتین
(ڈ امین ڈی) کی مقدار ۵۰ گنا زیادہ ہوتی ہے۔ یہ حیاتین جسم
کے نشوونما اور تقویت کے لئے خصوصیت کے ساتھ لازمی ہوتی ہے۔

Marfat.com

# ایسٹن سیرپ

ایک مشہور ڈاکٹری مخصوص دوا ہے۔ جو بطور ٹانک دمقوی جسم و اعصاب وغیرہ) بکثرت مستعمل اور قریب قریب ہر ایک انگریزی دواخانہ و دوافروش سے بنی بنائی مل جاتی ہے۔

اجزاء۔ لوہے کا تار ۵، گرین۔ کن سنٹریٹیڈ فاسفورک ایسڈ ۱ فلوئیڈ اونس سٹرکنین ہائیڈروکلورہ ۵ گرین۔ کونین سلفیٹ ۱۳۰ گرین۔ سادہ شربت ۱۰ فلوئیڈ اونس۔

ترکیب۔ ایسڈ میں موزون پانی ملا کر لوہے کا تار اس میں ڈال دیں۔ اور ہلکی آنچ پر رکھیں جب تار حل ہو جائے تو سٹرکنین اور کونین شامل کر کے شربت ملالیں۔ بعدہ اس قدر آب مقطر اور ملالیں۔ کہ کل دوا کا حجم ایک پائنٹ (دس چھٹانک) ہو جائے۔ اب تھوڑی دیر کے بعد اتار کر سرد کر کے شیشیوں میں بھرلیں۔

استعمال۔ بقدر ضعف سے ایک ڈرام و پورے دو سے تین ماشے تک دن میں دو یا تین مرتبہ غذا کے بعد استعمال کریں۔

منافع۔ مقوی بدن اور اعصاب ہے۔ بالعموم ایک مقوی دوا (ٹانک) کے طور پر بکثرت استعمال کی جاتی ہے۔ سرد اور بلغمی مزاج کے اشخاص میں خصوصیت کے ساتھ نافع ہے۔ گرم مزاجوں کو عموماً مضر پڑتی ہے۔

Marfat.com

# ایگارول

سفید رنگ گلیسرین یا تیل کی مانند ایک دوا ہے۔ جو رفع قبض کے لئے نیویارک امریکہ کی ولیم آر وارنر نامی کمپنی بذریعہ اشتہار تمام دنیا میں فروخت کرتی ہے۔ یہ فی الحقیقت معدنی تیل (مٹی کے تیل کا ایک خاص جزو) ایگار ایگار ایملشن اور فینو لفتھلین وغیرہ کا ایک مخصوص مرکب ہے۔ جو عمل انزاق کے ذریعے رفع قبض کرتا ہے۔ اس کا مسلسل استعمال قوت ہضم معدے آنتوں اور بالخصوص جگر کو خراب کر دیتا ہے۔ ترکیب استعمال ہر ایک شیشی کے ساتھ پیکیٹ میں بند ہوتی ہے۔ حسب ضرورت ایک دو یا تین چمچے (بقدر ۴ سے ۸ ماشہ) دن میں دو تین مرتبہ استعمال کی جاتی ہے۔ بڑے بڑے انگریزی دوا فروشوں سے تقریباً ہر جگہ دستیاب ہو سکتی ہے۔

## ایکسٹریکٹ کیسکارا سیگریڈا لیکویڈ رب ترنجبین والا

عظیم دواخانہ متعلقہ الکیمیا سیلتھ ہوم کی مخصوص دوا ہے۔ جو دائمی قبض کے لئے خصوصیت کے ساتھ مفید ہے۔

اجزاء۔ ایکسٹریکٹ کیسکارا سیگریڈا لیکویڈ ۱۰ تولہ

رب ترنجبین خراسانی ۵۰ تولہ

ترکیب۔ دونوں کو بخوبی ملا کر رکھیں۔

Marfat.com

**فائدہ۔** رب ترنجبین خراسانی کو تیار کرنے کی ترکیب یہ ہے۔ کہ حسب ضرورت ترنجبین خراسانی کو صاف پانی میں حل کریں اور چھان کر محلول کو آنچ پر پکا کر رب کا دگاڑھا سا قوام کرلیں۔

**استعمال۔** ایک سے دو تولہ تک صبح۔ نہار منہ۔ اور رات کو سوتے وقت شیر گرم عرق گلاب یا پانی میں گھول کر پی لیا کریں۔ یا نصف نصف تولہ دن میں تین چار مرتبہ اسی طرح استعمال کر لیا کریں۔

**منافع۔** مقوی معدا اور قبض کشا ہے۔ دائمی قبض کے دفعیہ کے لئے بخصوصیت کے ساتھ مفید اور بے ضرر دوا ہے۔ اور اس کو ایک عرصہ طویل تک بغیر کسی قسم کے خطرہ مضرت کے دیا جا سکتا ہے۔

## ایمیٹین

عرق الذہب یعنی اپیکاک کا ولایتی جوہر ہے جس کے زیادہ تر مندرجہ ذیل ڈاکٹری مرکبات دوا مستعمل ہیں۔

(۱) ایمیٹین ہائیڈروبرومائیڈ (۲) ایمیٹین ہائیڈروکلورائیڈ

یہ دونوں مرکبات مثل ریشمی ریشوں کے ہوتے ہیں

**استعمال۔** کھانسی وغیرہ میں بطور منفث بلغم ۱/۴۰ سے ۱/۲۰ گرین تک اور بطور مقئ (دستے آور) اور پیچش شدید کے ۱/۶ سے ۱/۳ گرین تک براہ دہن یا بذریعہ جلدی پچکاری کے استعمال کرتے ہیں۔

**منافع۔** مقئ کھانسی اور دمہ میں بطور منفث بلغم اور شدید پیچش بالخصو

ہوئی ہیچش کے لئے نہایت نافع ہے۔بعض اوقات نہایت خفیف مقدار میں شدید قے کو بھی روکتی ہے۔اور حاملہ کی متلی اور قے کو روکنے کے لئے خاص چیز ہے۔کثیر مقدار میں قے لاتی ہے۔ورم جگر۔جگر اور طحال کے پھوڑے وغیرہ میں بھی نافع ہے۔

جلدی پچکاری کے ذریعے استعمال کرنے کے لئے پارک ڈیوس کمپنی کا تیار کردہ مطہر محلول (ایمٹین ہائیڈروکلورائیڈ سٹرلائیزڈ سلیوشن مطلوبہ طاقت کا) یا ٹکیہ (ایمٹین ہائیڈروکلورائیڈ ہائپوڈرمک ٹیبلیٹس) مطلوبہ طاقت کی آب مقطر میں حل کرکے کام میں لائیں۔داخلی طور پر بذریعہ دہن بھی شدید پیچش کے لئے اگر پارک ڈیوس کی ساختہ ایمٹین بستھ آیوڈائیڈ ٹیبلیٹس استعمال کی جائیں تو زیادہ بہتر ہے۔

# امونیا کارب

سفید رنگ کی مشہور ڈاکٹری مفرد دوا ہے جو ہر انگریزی دواخانے سے مل جاتی ہے۔اس کو شیشے کے ڈھکنے والی شیشی میں رکھنا چاہیئے

اجزاء۔ نوشادر۔ اور کاربونیٹ آف کیلسیم (کھریا مٹی صاف کی ہوئی)

ترکیب۔ دونوں کو ملاکر کیمیاوی طریق پر کرکر جوہر اڑائیں۔یہی جوہر امونیا کارب ہے۔اس میں نہایت تیز نوشادری بو آتی ہے۔

استعمال دوسے دس گرین (ایک سے ۵ رتی) تک پانی وغیرہ میں

Marfat.com

حل کر کے یا دوسری دواؤں کے ساتھ ترکیب دے کر بطور محرک و منفث بلغم قدر ۳ گرین (۱۵ رتی) پانی وغیرہ میں بھی حل کر کے بطور مغثی۔ بیہوشی وغیرہ کے دفعیے کے لئے اس کی شیشی کو مریض کی ناک کے قریب لا کر ڈھکنا کھولیں۔ دو تین مرتبہ ایسا کریں۔

منافع۔ داخلی طور پر محرک۔ مخرج بلغم اور قے آور ہے۔ اور کھانسی و بخاروں وغیرہ میں استعمال کی جاتی ہے خارجی طور پر بطور نخلخہ دافع غشی و بیہوشی ہے۔ یہ دماغ کو تحریک دے کر ہوش میں لے آتی ہے۔

## اینٹی فلوجسٹین

ڈینور کمپنی کی مشہور امریکی دوا ہے۔ جو چھوٹے بڑے مخصوص قسم کے ڈبوں میں بند ہوتی ہے۔ اور اکثر انگریزی دوا فروشوں سے مل سکتی ہیں۔ چھوٹا ٹین تقریباً پونے دو روپے کا آتا ہے۔

اجزاء۔ کے اولین ۲۰ تولہ۔ بورک ایسڈ ۱ تولہ۔ اسپرین ۱ تولہ ست اجوائن ۳ ماشہ۔ ست پودینہ ۳ ماشہ۔ سوڈا سیلی سلاس ایک تولہ۔ یوکلپٹس آئل ایک تولہ۔ کلورل ہائیڈریٹ ۳ ماشہ۔ روغن تارپین ۱ تولہ گلیسرین بقدر ضرورت

ترکیب۔ نمبر چار پانچ۔ سات آٹھ دنو کی دواؤں کو پہلے کھرل میں ڈال کر ملائیں۔ بعدہ نمبر دو تین و چھ کو اس میں بتدریج ڈال کر بخوبی ملائیں۔ پھر نمبر ایک ڈال کر بتدریج گلیسرین ملاتے جائیں۔ اور

Marfat.com

ساتھ ساتھ بخوبی ہلاتے جائیں۔ جب گاڑھا سا پلستر ہو جائے تو۔
ڈبوں میں بند کریں۔

استعمال۔ ڈبے کو گرم پانی میں رکھ کر دوا کو گرم کریں۔ اور کسی کپڑے کے ٹکڑے پر پتلا پتلا پھیلا کر بطور پلٹس کے مقام ماؤف پر باندھ دیں اور اوپر سے گرم ٹکور کریں۔

منافع۔ ذات الجنب۔ ذات الریہ (نیمونیا) وغیرہ غرضیکہ جسم کے ہر قسم کے دردوں وغیرہ کے لئے لاثانی پلٹس ہے۔ درد کو فوراً دور کر دیتا ہے۔

یادداشت۔ اینٹی فلیمین۔ اینٹی نیموجسٹین وغیرہ اسی طرح کی دیسی دوائیں بازار میں مل جاتی ہیں۔

# اینڈوکرائن پراڈکٹس

بے نالی گلٹیوں دکلاہ گردہ۔ غدہ درقیہ۔ غدہ نخامیہ چھینتین وغیرہ سے تیار کئے ہوئے کیمیاوی مرکبات۔ ایڈرنالین پیچوٹرین۔ تھارائیڈین۔ سپرمین۔ گوناڈ کمپونڈز وغیرہ۔ جو آج کل بے نالی گلٹیوں کے امراض اور بعض عام نقائص جسمانی میں روزافزوں بکثرت استعمال کئے جا رہے ہیں۔ یہ بنے بنائے۔ ولایت سے آتے اور اکثر بڑے بڑے انگریزی دوافروشوں سے مل سکتے ہیں۔ ان کو کسی فاضل طبیب یا ڈاکٹر کے مشورے سے استعمال کرنا چاہیئے۔

Marfat.com

# بال اکسیر

گرائپ واٹر اور بال امرت کی مانند عظیم دواخانہ متعلقہ ناٹیجیا ہیلتھ ہوم کی مشہور اور مخصوص مایہ ناز دوا ہے۔ جو اس قسم کی تمام دواؤں سے زیادہ مفید و مؤثر ہونے کی وجہ سے بہت مقبول ہو چکی ہے۔

اجزاء۔ سوڈا بائیکارب پونے چار تولے۔ روغن بادیاں ۱۰ ماشہ۔ شربت نارنج ۲۲ تولہ۔ شربت انیسون ۲۲ تولہ۔ آب معطر ۵۴ چھٹانک۔

ترکیب۔ سب کو بخوبی ملا کر اور یکجان کر کے شیشیوں میں بھر لیں۔

استعمال۔ چھ ماہ تک کے بچے کو دس سے تیس قطرے۔ چھ ماہ سے ایک سال تک تیس سے ساٹھ قطرے یعنی نصف سے ایک چمچہ چائے بھر اور ایک سال سے تین سال تک کے بچے کو ایک ایک چمچہ چائے بھر دایک ایک ڈرام، دن میں تین مرتبہ صبح۔ دوپہر شام پلا دیا کریں۔

منافع۔ بچوں کو تمام امراض سے محفوظ رکھتی ہے۔ ان کے معدے اور ہضم کو طبعی حالت میں رکھتی ہے۔ دانت نکالنے کے زمانے میں جو تکالیف بچوں کو پیدا ہو جاتی ہیں اس کے باقاعدہ استعمال سے بالکل پیدا نہیں ہوتیں۔

Marfat.com

# برانڈی

ہلکے سرخ یا شربتی رنگ کی مشہور انگریزی شراب ہے جس کا ذائقہ خاص قسم کا تیز اور چرپرا ہوتا ہے۔ یہ بنیذ یا خمر کو کشید کرنے سے حاصل کی ہو جاتی ہے اور اکثر لائیسنسدار شراب فروشوں اور انگریزی دوائی فروشوں سے مل جاتی ہے

منافع۔ الکوحل کی طرح محرک دمقوی، معرق، دافع بخار۔ دافع غثیان مبرد۔ کاسر الریاح وغیرہ افعال رکھتی ہے۔ اور بالعموم حرارت غریزی کی تحریک، اور تقویت کے لئے دی جاتی ہے اس کا زیادہ استعمال اکثر اوقات، بجائے فائدے کے مضرت رساں ثابت ہوتا ہے۔ پس اس کو ایک دو ڈرام کی مقدار میں دو تین مرتبہ سے زیادہ استعمال نہیں کرنا چاہیئے۔ اور وہ بھی نہایت شدید ضعف رکولیپس) کی حالت میں پہلے ڈاکٹری میں نیمونیا وغیرہ میں اس کا استعمال کرایا جاتا تھا۔ لیکن اب روز بروز اس کا استعمال متروک ہو رہا ہے۔ یہ بات مسلسل تجربات سے اب پوری طرح پایۂ ثبوت کو پہنچ گئی ہے۔ کہ فوائد کے مقابلے میں اس کے نقصانات بہت زیادہ ہیں۔

Marfat.com

# بزرالبنج

بزرالبنج سے مراد ہے۔ بنج یعنی بنگ کے بیج اس کو عام طور پر اجوائن خراسانی اور انگریزی میں ہین بین سیڈز یا ہایوسائمس بھی کہتے ہیں۔ بنج یا بنگ دھتورے کی مانند ایک پودا ہے جس کے پتے مندرجہ ذیل تصویر کے مطابق بادرنجبویہ کے پتوں کے مشابہ لیکن ان سے کسی قدر چوڑے اور مائل بسیاہی ہوتے ہیں چنانچہ یہ پتے طول میں مختلف دس انچ تک لمبے اور کئی حصوں میں منقسم ہوتے ہیں۔ بعض ڈنٹھل والے ہوتے



ہیں۔ اور بعض بغیر ڈنٹھل کے ہوتے ہیں۔ شکل میں بیضادی یا کسی قدر مثلث یا مستطیل ہوتے ہیں۔ ان کے کنارے بے قاعدہ طور سے دندانہ دار ہوتے ہیں۔ رنگت ہلکی سبز زیریں سطح اور شاخوں پر خاص کر روئیں ہوتے ہیں۔ تازہ پتوں اور شاخوں کی بو تیز اور بری ہوتی ہے۔ ذائقہ تلخ اور قدرے خراش دار۔ بیج اس کے اجوائن کے بیج کی مانند لیکن اس سے بڑے سیاہ سرخ اور سفید تین قسم کے ہوتے ہیں ہر ایک میں پتوں کی مانند تیز بو پائی جاتی ہے۔ اور ذائقہ تند اور تیز مائل بہ تلخی مثل اجوائن دیسی کے ہوتا ہے۔ مسدود وار۔ خناق اور جنون پیدا کرنے

Marfat.com

رہیں۔ شہد اور انیسون ہموزن سے کسی قدر اس کی بھی اصلاح ہو جاتی ہے۔

افعال و منافع۔ اس کے افعال و خواص یبروح (بیلاڈونا) اور مندرجہ دستورے مونی آلم کے مشابہ ہوتے ہیں۔ چنانچہ یہ مسکن و منوم۔ دافع ہذیان و نزلہ۔ مخدر اور مسکن الم۔ حابس الدم۔ دافع پیچش۔ مضعف قلب وغیرہ اثرات رکھتی ہے۔ ہذیان۔ جنون بیخوابی بلغمی کھانسی ضیق النفس قلبی بسہلہ ادویہ کی اصلاح سوزش مثانہ غدہ قدامیہ۔ تشنج مثانہ اور منہ سے خون آنے وغیرہ میں نافع ہے۔ اس کا ضماد جگر کے پرانے درد۔ رحم کے درد اور زخم اور رگ دان کے درد میں نافع ہے۔ اس کے جوشاندے سے کلی کرنا دانتوں کے درد کے لئے بھی مفید ہے۔ پرانے درد سر۔ عرق النسار اور نقرس کے لئے بھی نفع بخش ہے۔

## برشعشا

نہایت مشہور زود اثر آبادی مرکب ہے جو اکثر یونانی دواخانوں سے ہر وقت تیار مل جاتا ہے۔

اجزاء۔ فلفل سیاہ و سفید۔ اجوائن خراسانی ہر ایک ۷ تولہ۔ افیون خالص ۳ تولہ۔ زعفران ایک تولہ ۱۰ ماشہ۔ بالچھڑ۔ عاقرقرحا۔ تخم نیلون ہر ایک ۹ ماشہ۔ شہد تمام دواؤں کے وزن سے تین گنا۔

Marfat.com

ترکیب۔ سب دواؤں کو علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر شہد کے قوام میں ملاکر معجون بنالیں۔ اور تین ماہ تک گندم یا جو کے ذخیرے میں دبائے رکھیں بعدہٗ نکال کر کام میں لائیں۔

استعمال۔ بقدر چھ رتی عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ کے ہمراہ صبح کو کھلائیں سرد۔ غلیظ۔ ترش اور نفاخ اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

منافع۔ اکثر قسم کے عصبی امراض مثلاً نسیان۔ رعشہ۔ فالج استرخار مالیخولیا اور نزلہ۔ زکام۔ کھانسی وغیرہ میں نافع ہے دردوں کو تسکین بخشتی اور استرخار کے لئے خصوصیت کے ساتھ مفید ہے تسکین درد کے لئے مارفیا کے انجکشن کی جگہ پہلے اسی کا استعمال کیا جاتا تھا۔ اور اب بھی اکثر طبیب اسی سے کام لیتے ہیں۔ اور فی الحقیقت اس کا استعمال مارفیا کے انجکشن سے بعض اعتبارات کے لحاظ سے بہتر ہے۔

## برگِ نیم

برگ نیم سے مراد ہے۔ نیم کے پتے۔ نیم ایک مشہور ہندی درخت ہے۔ جس کے پتے مندرجہ ذیل تصویر کے مطابق لمبے اور آری کی شکل کے نوکدار ہوتے ہیں۔ پھول سفید چھوٹے چھوٹے گچھے دار اور پھل مثل کھرنی کے ہوتے ہیں۔ دوائً زیادہ تر پتے یا ان کا اس اور عصارہ مستعمل ہے۔ اس کے پتوں

Marfat.com

کا ذائقہ نہایت تلخ اور بدمزہ ہوتا ہے۔ البتہ پختہ پھل کسی قدر میٹھا ہوتا ہے اس کی تاثیر سرد خشک ہے۔ اور اس لئے خشک مزاجوں کے لئے مضر ہوتی ہے شہد خالص مرچ سیاہ اور روغن زرد وغیرہ سے اس کی کسی قدر اصلاح ہو جاتی ہے۔



افعال و منافع۔ طب یونانی اور ویدک کی یہ بہترین اور لاثانی دافع عفونت (اینٹی سیپٹک) اور مصفیٰ خون دوا ہے۔ خون اور جلد کے قریب قریب تمام امراض میں نفع بخشتی ہے۔ ورموں کو تحلیل کرتی اور پکاتی ہے۔ زخموں کو پیپ وغیرہ فاسد مواد سے پاک وصاف کر کے مندمل کرتی ہے۔ اس کے جوشاندے کا بھپارہ کان کے درد اور جوڑوں کے درد کو مفید ہے۔ اس کے پتوں کا نچوڑا ہوا پانی مصفیٰ خون ہے۔ اور چند قطرے ناک میں ٹپکانا دردِ سر کا مسکن شہد کے ساتھ کان میں ڈالنا کان کے کے زخموں اور پھنسیوں کے لئے نافع۔ اس کے جوشاندے سے کلی کرنا مسوڑھوں کا مسکن۔ اور دانتوں کے کیڑوں کو مارتا ہے۔ تازہ پتوں کا پانی پلانا معدے کی رطوبتوں اور ریاح کا محلل۔ دانتوں کے کیڑوں کا دافع۔ مجاری بول کے زخموں کا مصفیٰ اور مندمل۔ اور بواسیر کو نافع ہے۔

Marfat.com

اس کی چھال کا جو شاندہ مدر حیض ہے۔ اس کا پھل دملوی، حابس اسہال مصفیٰ خون اور جذام کو مفید ہے۔ اس کے پتوں کا بھرتہ زخموں کو صاف کرتا۔ ورموں کو پکاتا۔ اور تحلیل کرتا ہے۔ درد کو تسکین دیتا اور فاسد گوشت کو دور کرتا ہے۔ اس کا فائدہ دار خود اس کے درخت سے نچڑا ہوا رس فالج۔ لقوہ۔ استسقاء درد مفاصل۔ جذام۔ خارش۔ سوزاک اور اکثر امراض فساد خون کے لئے نہایت مفید ہے۔ اس کے پتوں کو جلا کر نمک ملا کر چٹانا بلغمی کھانسی کے لئے مفید ہے۔

## برومائیڈز

برومائیڈز جدید سائنس کے ذریعے دریافت شدہ برومم نامی عنصر کے کیمیاوی نمکیات ہیں۔ جو بعض دوسری دواؤں کی آمیزش سے کیمیاوی طریق پر تیار کئے جاتے ہیں۔ ان میں سے ذیل کے برٹش فارماکوپیا (قرابادین برطانوی) میں شامل اور ڈاکٹری میں بکثرت مستعمل ہیں۔ یہ ہر ایک انگریزی دوا فروش سے مل سکتے ہیں۔

امونیم برومائیڈ۔ یہ برومم اور امونیا (نوشادر) کی آمیزش سے بیرنگ چھوٹی چھوٹی قلموں یا ذرات کی شکل میں تیار ہوتا ہے۔

پوٹاسیم برومائیڈ۔ یہ برومم اور لائیکوار پوٹاس وغیرہ کی آمیزش سے خاص کیمیاوی طریق سے بیرنگ مکعب قلموں کی شکل میں

Marfat.com

تیار ہوتا ہے۔ یہ باقی تمام برومائیڈز کی بہ نسبت زیادہ مستعمل و معمول ہے۔

سوڈیم برومائیڈ۔ یہ برومم اور کاسٹک سوڈا کی آمیزش سے خاص کیمیاوی طریق سے باریک سفید رنگ بلا بو مکعب قلموں کی شکل میں تیار ہوتا ہے۔

استعمال۔ ان سے ہر ایک کی مقدار خوراک ۱۵ سے ۳۰ گرین یعنی دو تین رتی سے دو ماشہ تک ہے۔ اور یہ پانی میں حل کر کے دی جاتی ہیں۔ ان کے علاوہ اور بھی کئی نان آفیشل (جو قرابادین برطانوی میں داخل نہیں ہیں) مرکبات ہیں۔ مثلاً سٹرونیم برومائیڈ وغیرہ لیکن یہی تین سب سے زیادہ معمول و مروج ہیں۔ ان میں سے بھی پوٹاسیم برومائیڈ زیادہ استعمال ہوتی ہے۔

منافع۔ برومائیڈز مسکن اعصاب اور منوم ہوتے ہیں۔ اور اکثر ان تمام عصبی امراض میں جو اعصاب کے مشتعل ہو جانے سے پیدا ہوتی ہیں۔ مثلاً۔ جنون۔ صرع۔ بے خوابی۔ بے چینی۔ ہر قسم کے تشنج۔ ہر قسم کے شدید عصبی درد۔ اختناق الرحم۔ رعشہ کزاز۔ دمہ۔ کالی کھانسی۔ تشنجی کھانسی۔ خناق کاذبہ۔ عصبی قے۔ ذکاوت حس۔ کثرت احتلام۔ جریان اور کثرت شہوت جماع۔ عورتوں میں خصیۃ الرحم کی سوزش و درد

وغیرہ میں مفید و مستعمل ہے۔ لیکن ان کے بے قاعدہ اور کثرت استعمال سے سمی علامتیں پیدا ہو جاتی ہیں۔ اور بجائے فوری فائدے کے دیرپا نقصان پہنچ جاتا ہے۔ مریض میں فتورِ عقل مالیخولیا وغیرہ عصبی عوارضات اور مخصوص قسم کی جلدی تکالیف وغیرہ رونما ہو جاتی ہیں۔

## برہمی بوٹی

ایک مشہور بوٹی ہے۔ جس کے پتے کی تصویر ذیل میں درج ہے۔ یہ ویدک یونانی ڈاکٹری سب طبوں میں مستعمل ہے چنانچہ ویدک میں اس



کو سارسوتی طب میں زرنب اور ڈاکٹری میں ہائیڈرو کوٹائیل کے نام سے نامزد کیا جاتا ہے برہمی بی کو پہاڑی لوگ گھوڑے سمی اور بعض دیہاتی لوگ بھوگنی یا بال بودھی بھی کہتے ہیں۔

آجکل برہمی یا زرنب کے نام سے جو بوٹیاں ایک سے دو روپے سیر تک بازاروں میں عام طور پر ملتی ہیں۔ وہ اصلی برہمی نہیں ہوتی۔ بلکہ اس کی ایک گھٹیا قسم ہے۔ جس کو ویدک میں منڈک پرنی کہتے ہیں۔ لگتا ہے اس کی بجائے دوا فروش جل نیم جڑ دیتے ہیں جس میں برہمی کا کوئی وصف نہیں پایا جاتا

Marfat.com

اس لئے بوقت ضرورت حتی الامکان اصل برہمی کو حاصل کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ جس کے پتے کی تصویر اوپر دی گئی ہے۔

افعال و منافع۔ تقویت دماغ بالخصوص تقویت حافظہ اور دفع نسیان بلغمی کے لئے خاص چیز ہے۔ اس کے علاوہ ملطف۔ منضج۔ مفرح قابض۔ مقوی معدہ جگر اور اعضائے رئیسہ ہے۔ امراض بھاتا کھانسی۔ دمہ۔ ہچکی۔ ضعف ہضم۔ ریاح شکم۔ بھوک کی کمی عسر البول اور مثانے کی بردوت میں بھی نافع ہے۔ نسیان اور دماغی کمزوری کے لئے جتنے ویدک نسخے ہیں۔ ان میں وہ بہتر مانے جاتے ہیں۔ جن میں برہمی بوٹی شامل ہوتی ہے۔ بلکہ ویدک کتب میں تو یہاں تک لکھا ہے۔ کہ اس بوٹی کے حاملہ عورتوں کو کھلانے سے بچہ ذہین اور اعلیٰ دماغ کا پیدا ہوتا ہے۔ اور طلباء کے لئے اس بوٹی کا استعمال نہایت مفید اور مبالغہ آمیز خواص کا مظہر بیان کیا ہے۔ چنانچہ ویدک میں اس کے کئی مشہور مرکبات مثلاً برہمی گھرت برہمی ارشٹ۔ سارسوت چورن یعنی سفوف برہمی وغیرہ مستعمل ہیں۔ اس کو بالعموم منفرداً سفوف کی شکل میں شہد وغیرہ ملا کر یا بعض دوسری مقوی دواؤں کے ساتھ ترکیب دے کر استعمال کیا جاتا ہے۔

Marfat.com

# برہمی گھرت

ویدک کا مشہور مرکب ہے۔ جس کا جزو اعظم برہمی بوٹی یا اس کا تازہ رس ہوتا ہے۔ یہ مختلف نسخوں سے تیار کیا جاتا ہے۔ اور اکثر ویدک دواخانوں سے تیار مل جاتا ہے۔ ذیل میں اس کے دو مشہور نسخے درج ہیں۔

## (۱) چھوٹا برہمی گھرت

**اجزاء۔** برہمی کا رس ۴ سیر۔ گھی گاؤ (روغن زرد) خالص ایک سیر۔ وج ترکی۔ قسط شیریں۔ بوٹی سنکھ پشپی ہر ایک ۸ تولہ پانی تمام دواؤں کے وزن سے آٹھ گنا۔

**ترکیب۔** آخر الذکر تینوں دواؤں کو پانی میں ڈال کر جوش دیں۔ جب ¼ حصہ رہ جائے اتار کر مل چھان لیں۔ اور بعدہٗ اس میں اول الذکر دونوں دواؤں کو شامل کر کے نرم آنچ پر یہاں تک پکائیں کہ صرف گھی باقی رہ جائے۔ بعدہٗ صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

**استعمال۔** ۶ ماشہ سے ۵ تولہ تک کھانڈ وغیرہ میں ملا کر استعمال کریں

**منافع۔** دماغ کو تقویت بخشتا اور حافظہ کو تیز کرتا ہے۔ مرگی میں بھی مفید ہے۔

Marfat.com

# (۲) برہمی گھرت المعروف سارسوت گھرت

**اجزاء۔** برہمی تازہ مع بیخ اور برگ دیار کا رس ۴ سیر۔ روغن زرد خالص ایک سیر ہلدی۔ آملہ۔ قسط شیریں بنسوت (تربد) پوست بلیلہ ہر ایک ۴ تولہ پیپل۔ باوبڑنگ۔ مصری۔ وج ترکی۔ سیندھا نمک ہر ایک ایک تولہ۔

**ترکیب۔** ہلدی کے بعد کی تمام دواؤں کو پانی میں پیس کر نغدہ سا بنا لیں۔ اور اول الذکر ہر دو دواؤں کے ساتھ شامل کر کے آہنی کڑاہی میں ڈال کر نرم آنچ پر پکائیں جب تمام دوائیں جل جائیں اور صرف گھی باقی رہ جائے۔ اتار کر اور چھان کر محفوظ رکھیں۔

**استعمال۔** ۶ ماشہ سے ۲ تولہ تک بقدر برداشت کھانڈ وغیرہ میں ملا کر استعمال کریں۔

**منافع۔** تقویتِ دماغ اور قوتِ حافظہ کو بڑھانے کے لئے خاص چیز ہے۔ جسم کے نکھارنا اور آواز کو صاف کرتا ہے ویدک کتب میں لکھا گیا ہے۔ کہ اس کے باقاعدہ استعمال سے ۱۸ قسم کا جذام۔ ۶ قسم کی بواسیر۔ ۵ قسم کا گولا۔ ۲۰ قسم کا جریان اور پانچ قسم کی کھانسی دور ہو جاتی ہے۔ ہر قسم کے بانجھ پن کو دور کرتا ہے۔ مردوں کی قوت باہ کو بڑھاتا اور منی پیدا کرتا ہے۔ وغیرہ۔

Marfat.com

# بسمتھ

اس کو طب میں مارقشیشا یا فرشیشائے فضی ویدک میں روپے ماک شک اور ہندی میں روپا مکھی کے نام سے نامزد کرتے ہیں۔ یہ ایک سفید قدرے سرخی مائل رنگ کی دھات ہے جو نہایت شدید حرارت (۵۰۷ درجہ ف) پر پگھل جاتی ہے ڈاکٹری میں اس کے بہت سے مرکبات دوا مستعمل ہیں جن میں سے بسمتھ کارب، بسمتھ سب نائٹراس، بسمتھ سب گیلاس اور بسمتھ سیلی سلاس وغیرہ زیادہ مشہور اور بکثرت مروج ہیں۔

**ترکیب:** یہ مرکبات بڑے بڑے ولایتی دواؤں کے کارخانوں میں خاص کیمیاوی تراکیب سے تیار ہوتے ہیں۔ اور قریب قریب تمام انگریزی دوا فروشوں سے مل جاتے ہیں۔

**استعمال:** ان میں سے بسمتھ سب گیلاس کی مقدار خوراک ۴ سے ۸ گرین تک اور تمام باقی مذکورہ بالا مرکبات کی مقدار خوراک ۵ سے ۲۰ گرین تک ہے۔ بالعموم دوسری دواؤں کے ہمراہ یا منفرداً سفوف کی شکل میں دیئے جاتے ہیں۔ کیونکہ یہ پانی میں اکثر حل نہیں ہوتے۔

**منافع:** مقامی مسکن، قابض اور دافع تعفن ہوتے ہیں۔ آنتوں

Marfat.com

اورمعدے کی عفونت کے لئے خصوصیت کے ساتھ مفید ہیں
اور اکثر پیچش و اسہال وغیرہ میں استعمال کئے جاتے ہیں۔ معدے
اور آنتوں کی سوزش کو بھی تسکین دیتے ہیں۔ مجاری غذا کے
تمام خراش دار اور دردناک امراض مثلاً سوزش معدہ و امعاء
اور ان سے پیدا ہونے والی قے متلی۔ سوء ہضم۔ ورم معدہ قروح
معدہ پیچش اور اسہال وغیرہ میں نافع ہیں۔

## بھرتہ گل عباسی

عظیم دواخانہ متعلقہ آیجیا میلیتہ ہوم کا خاص نسخہ ہے۔ جو ہر قسم کے
ورموں اور گلٹیوں وغیرہ کی تحلیل کے لئے لاثانی ثابت ہوا ہے۔

اجزاء۔ برگ گل عباسی سبز۔ برگ کو سبز۔ برگ کاسنی سبز۔ برگ
خطمی سبز۔ برگ سوبیہ سبز۔ برگ کشنیز سبز۔ برگ سنبھالو۔ برگ
نزمہ سبز۔ برگ گل سرخ تازہ ہر ایک ایک تولہ۔ روغن گل
ا تولہ۔

ترکیب۔ سب کو نیمکوب کر کے بھرتہ بنائیں یا بھیگے ہوئے کپڑے
میں لپیٹ کر گرم توے پر رکھیں۔ اور اوپر سے کوئی سرپوش
ڈھک کر توے کے نیچے نرم آگ جلائیں۔ تھوڑی تھوڑی دیر
بعد سرپوش اٹھا کر دوا کو پلٹتے رہیں جب وہ بھرتہ کی طرح
پک کر نرم ہو جائے۔ اس وقت اس میں روغن ملالیں۔

Marfat.com

استعمال۔ نیم گرم رات کو سوتے وقت مقام ماؤف پر باندھ کر اوپر سے روئی بندھوا دیں۔
منافع۔ ہر قسم کے ورم کو تحلیل کرتی ہے۔ ورم رحم کے دفعیہ کے لئے خاص چیز ہے۔

# بھوسی

بھوسی کے اصل معنی تو ہیں غلہ جات وغیرہ کا چھلکا جیسا کہ گیہوں کی بھوسی۔ جو کی بھوسی اسپغول کی بھوسی۔ چنوں کی بھوسی۔ مسور کی بھوسی مونگ یا ماش کی بھوسی۔ چاولوں کی بھوسی وغیرہ لیکن مطلق بھوسی سے عام طور پر گیہوں کی بھوسی مراد لی جاتی ہے۔ جسے پنجابی میں چھان بھی کہتے ہیں۔ یہ تاثیر میں گرم خشک رنگت میں زردی مائل بھوری اور ذائقہ میں پھیکی بے مزہ ہوتی ہے۔
استعمال۔ بقدر ضرورت یا ایک تولہ کی مقدار میں حسب ضرورت جوشاندے یا ضماد وغیرہ کے طور پر استعمال کی جاتی ہے۔ ذیابطیس میں غذا کے طور پر اس کی روٹی، در بالعموم بسکٹ استعمال کرائے جاتے ہیں۔ آجکل ممالک مغربیہ میں اس کا ایک جوہر بھی نکالا گیا ہے جو اس کے حیاتینی مفاد کو حاصل کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

Marfat.com

منافع۔ بقول اطباء قدیم جالی محلل اور منقی ہے۔ اس کا جوشاندہ زکام کے لئے خصوصیت کے ساتھ مفید۔ سینے کا ملین۔ کھانسی کا دافع اور مجفف رطوبات معدہ ہے۔ اس کا ضماد اور ٹکور مسکن درد۔ اور محلل اورام۔ بالخصوص محلل ورم پستان ہے جو کی بھوسی خارش کے لئے بالخصوص مفید ہے۔ مسور کی بھوسی بول آور یعنی مدر ہے۔ چنوں اور مونگ وغیرہ کی بھوسی دودھ اور مکھن کو زیادہ کرتی ہے۔ گائے بھینسوں کے چارے میں اسی لئے زیادہ استعمال کی جاتی ہے۔ اسپغول کی بھوسی گرمی کی جیش اور جریان وغیرہ کے لئے مفید ہے۔ بقول اطبائے جدید گیہوں کی بھوسی دفعیہ قبض کے لئے خاص چیز ہے۔ نیز اس میں گیہوں کے خاص اجزائے حیاتین پائے جاتے ہیں۔ جو نہایت درجہ مقوی معدہ و امعاء۔ مقوی جسم اور مقوی مثانہ و قوت باہ ہوتے ہیں۔ اس لئے مرض ذیابیطس میں اس کے بسکٹوں کو غذاً استعمال کرایا جاتا ہے۔ ملّوں کے آٹے میں چونکہ بھوسی کم ہوتی ہے۔ اور گیہوں کو پیسنے سے پہلے دھونے کی وجہ سے نیز مشینوں کی حرکت و حرارت سے اس کے اجزائے حیاتین ضائع ہو جاتے ہیں۔ اس لئے ملّوں کا آٹا۔ نہ صرف۔ قابض اور دیر ہضم ہوتا ہے۔ بلکہ قوت اور طاقت کے لحاظ سے بھی دستی چکی یا خراس کے آٹے کا مقابلہ نہیں کرسکتا۔

Marfat.com

# بیلاڈونا پلاسٹر

بیلاڈونا (لفاح، بیروج) کا مشہور ڈاکٹری مرکب ہے۔ جو قریب قریب تمام انگریزی دوا فروشوں سے تیار مل جاتا ہے۔ اور قریباً تمام قسم کے دردوں کی تسکین کے لئے معمول و مروج ہے۔

اجزاء۔ لیکوئیڈ ایکسٹریکٹ آف بیلاڈونا (رب لفاح) ۲ فلوئیڈ اونس ریزن پلاسٹر (پلسترزال) ۵ اونس

ترکیب۔ لیکوئیڈ ایکسٹریکٹ آف بیلاڈونا کو بذریعہ واٹر باتھ اس قدر اڑائیں۔ کہ اس کا وزن ایک اونس رہ جائے۔ پھر ریزن پلاسٹر کو پگھلا کر اس میں بہت اچھی طرح مخلوط کر کے رکھ لیں۔

استعمال۔ بوقت ضرورت گرم کر کے اور کھدر یا ولایتی لنٹ کے ٹکڑے پر باریک تہ کے طریق پر پھیلا کر درد کے مقام پر چپکا دیں۔

منافع۔ ہر قسم کے خارجی دردوں کو تسکین بخشنے میں نہایت مفید ہے

فائدہ۔ اس کے جرمنی اور ولایت سے بنے بنائے پلسترز بھی آتے ہیں۔ جو نہایت سہل الحصول۔ سہل الاستعمال اور مفید ہوتے ہیں

# پارہ

پگھلی ہوئی چاندی کی مانند ایک مشہور معدنی چیز ہے۔ جو ابرک

Marfat.com

کی کانوں سے نکلتا اور اغلباً چین وغیرہ سے آتا ہے۔ گرمی کے اثر سے اڑ جاتا ہے۔ اس کو فارسی میں سیماب عربی میں زیبق۔ ہندی میں جیوہ سنسکرت میں تپل۔ رس راج وغیرہ انگریزی میں مرکری۔ کوئک سلور، لاطینی میں ہائیڈرارجیرم کہتے ہیں کیمیاوی اصطلاح میں فرار۔ روح نافذ۔ طیار۔ عین الحیات وغیرہ کئی ناموں سے نامزد کرتے ہیں۔ طب کے علاوہ کیمیا اور صنعت میں بھی یہ بکثرت مستعمل ہے۔ دیسی طبوں (ویدک یونانی وغیرہ) اور ڈاکٹری میں اس کے بیسیوں نہیں بلکہ سینکڑوں ہزاروں مرکبات دوائً مستعمل ہیں۔ کیمیاگروں کے نزدیک اکسیر ہے۔ اور اس سے بآسانی چاندی بنائی جاسکتی ہے

**استعمال**۔ حسب ضرورت مختلف مرکبات کی شکل میں مختلف طریق پر استعمال کیا جاتا ہے۔

**منافع**۔ زخموں کا مجفف۔ دافع تعفن۔ محافظ صحت۔ اور مختلف مرکبات کی شکل میں جسم کے بے شمار امراض میں کارآمد ہے۔ خارش اور آتشک کے لئے خاص چیز ہے تفصیلات کے لئے دیکھو۔ محیط اعظم جز ثانی الادویہ اور میٹریا میڈیکا ڈاکٹری وغیرہ کتب مفردات۔

Marfat.com

# پلوگلیسرہائزر الکمپونڈ

ڈاکٹری کا مشہور اور عام مستعمل سفوف اصل السوس مرکب ہے
جو ہر انگریزی دوا فروش کے ہاں سے تیار مل جاتا ہے۔

**اجزاء۔** سینا دسنا مکی، لیکورس روٹ (اصل السوس ملیٹھی) ہر ایک ۲ اونس، فینیل فروٹ (بادیان خشک)، سبلائمڈ سلفر (گندھک مصعد) ہر ایک ایک اونس، شکر مصفیٰ ۶ اونس۔

**ترکیب۔** سب کو علیحدہ علیحدہ نہایت باریک سفوف کر کے باہم اچھی طرح ملا کر رکھ لیں۔

**استعمال۔** ۶۰ سے ۱۲۰ گرین تک پانی وغیرہ کے ہمراہ استعمال کریں

**منافع۔** نہایت عمدہ قبض کشا ہے۔ ہر قسم کے امراض میں دفعیہ قبض کے لئے دیا جا سکتا ہے۔ بواسیر کی قبض کو رفع کرنے کے لئے خصوصیت کے ساتھ مفید ہے۔ بغیر کسی قسم کی تکلیف کے کھل کر پاخانہ لے آتا ہے۔

# پوٹاسیم آئیوڈائیڈ

پوٹاس اور آئیوڈین کا نہایت مشہور ڈاکٹری مرکب ہے۔ جو بکثرت مستعمل ہے۔ اور ہر انگریزی دوا فروش سے تیار مل جاتا ہے۔ بے رنگ غیر شفاف مکعب قلموں کی شکل میں

Marfat.com

ہوتا ہے۔ جن کی کیفیت اور ذائقہ خفیف کھاری ہوتا ہے۔ ۲حصہ ۳ حصہ پانی ہیں۔ ایک حصہ ۲ حصہ پانی میں اور ۱۲ حصہ گلیسرین میں حل ہو جاتا ہے۔

**اجزاء۔** لائکوار پوٹاس۔ آیوڈین بقدر ضرورت۔

**ترکیب۔** آیوڈین کو لائکوار پوٹاس میں حل کریں۔ پھر اس عرق کو اڑاکر جو کچھ حاصل ہو اس کو کوئلہ کے ہمراہ ملاکر حرارت دیں جب دھواں پوری طرح خارج ہو جائے۔ تو باقیماندہ دوا کو کھولتے ہوئے پانی ہیں حل کرکے چھان لیں۔ اور دھوکر اڑاکر مذکورہ بالا شکل کی قلمیں بنالیں۔

**استعمال۔** ۵ سے ۲۰ گرین تک پانی یا عرق مصفیٰ خون وغیرہ میں حل کرکے استعمال کریں۔

**منافع۔** معدل ومصفیٰ خون۔ محلل اورام۔ منفث بلغم اور مدر بول ہے۔ آتشک بالخصوص اس کے تیسرے درجے میں اور تمام جلدی عوارضات جو آتشکی اور سوداوی مواد کے غلبے سے پیدا ہوتے ہیں۔ ان کے لئے خاص چیز ہے۔ مزمن ورم مفاصل گٹھیادی۔ وجع المفاصل سوزاکی۔ کھانسی۔ دمہ خنازیر اور جلد کے غدوی امراض وغیرہ میں بھی نفع بخشتی ہے۔

**تنبیہہ۔** اس کے مسلسل اور بکثرت استعمال سے رال بہنا۔ ناک بہنے۔ دست لگنے۔ سوزش حنجرہ۔ کھانسی۔ بھوک مرجانا۔

Marfat.com

آنکھوں سے پانی جاری ہو جانا۔ جلد پر سرخ سرخ دھبے یا دودورے نکل آنا وغیرہ سمی علامات پیدا ہو جاتی ہیں۔ ایسی صورت میں دوا کا استعمال فوراً ترک کرا کر سوڈا بائیکارب۔ ٹنکچر بیلاڈونا۔ محرکات اور مقویات وغیرہ کا استعمال کرانا مفید ہوتا ہے۔

# پوٹاسیم پرمینگنیٹ

ڈاکٹری کی مشہور سیاہی مائل ارغوانی یا بینگنی رنگ کی نازک قلمی شکل کی دوا ہے۔ جو ہر ایک انگریزی دوا فروش سے تیار مل جاتی ہے۔ اس کا ذائقہ کسی قدر شیریں اور ترشی مائل ہوتا ہے۔ اور یہ ایک ۱۸ حصہ سرد اور ۳ حصہ گرم کھولتے ہوئے پانی میں حل ہو جاتی ہے۔ چونکہ اس کو ہیضہ کے وبائی ایام میں کنوؤں کے پانی کو جراثیم ہیضہ بدبو اور تعفن وغیرہ سے پاک وصاف کرنے کے لئے اکثر اوقات کنوؤں میں بھی ڈلوایا جاتا ہے جس سے کنوئیں کے پانی کا رنگ عموماً سرخی مائل گلابی ہو جاتا ہے۔ اس لئے عوام اس کو کنوؤں میں ڈالنے والی لال دوا اور بینگی کے نام سے بھی نامزد کرتے ہیں۔

**اجزاء۔** پوٹاسیم کلوریٹ۔ پوٹاسیم ہائیڈرواکسائیڈ اور مینگنیز ڈائی آکسائیڈ بقدر حاجت۔

**ترکیب۔** سب کو باہم ملا کر خاص کیمیاوی طریق پر حرارت دینے

Marfat.com

سے بنائی جاتی ہے۔

**استعمال** مختلف طاقتوں کے محلول کی شکل میں غسول۔ غرغرہ پچکاری وغیرہ کے طریق پر اور داخلی طور پر اسے ۳ گرین تک گولی کی شکل میں استعمال کرائی جاتی ہیں۔ اس کی گولی کے اوبلین اور پیرافین کے ساتھ بنائی جاتی ہے

**منافع** - یہ نہایت اعلیٰ درجے کی دافع تعفن۔ قاتلِ جراثیم۔ دافع بدبو اور مدرحیض دوا ہے۔ خارجی طور پر اس کا نہایت ہلکا محلول (۱/۲ سے اگرین فی اونس) ہر قسم کے گندے زخموں کو دھونے کے لئے مستقل و مفید ہے۔ اس کا ۱/۲ گرین فی اونس آب مقطر میں کا محلول سوزاکی زخموں کے لئے پچکاری کے طور پر اور منہ کے گندے زخموں۔ قلاع دہن۔ اور آکلۃ الفم وغیرہ میں غرغروں کے طور پر نہایت نافع ہے سانپ اور دیوانے کتے کے کاٹے کے مقام پر فوراً اس دوا کو ذرا سے پانی میں حل کر کے اور زور زور کے ساتھ مل کر جذب کر دینا یا مخصوص قسم کے نشتر (سینک یا کٹا لین ہیبٹ مجوزہ سر برنٹن) کے ذریعے ڈنگ کے مقام کو گود گود کر اس دوا کی قلموں کو خوب اچھی طرح رگڑ کر اس میں بھر دینا نہایت مفید علاج ہے۔ اس کے علاوہ یہ دوا افیون اور جوہر افیون (مارفیا) اور فاسفورس کا تریاق یا فاد زہر

Marfat.com

ہے۔ اس کا نہایت ہلکا محلول یا چھوٹی چھوٹی گولیاں بنا کر مرض ہیضہ اور عورتوں کے احتباس الطمث اور عسر الطمث میں داخلی طور پر بھی استعمال کرائی جاتی ہیں۔ نیز اس کا ہلکا محلول بالوں کو بھورا رنگنے کے لئے خضاب کے طور پر بھی کام آتا ہے۔ ڈاکٹر لوگ مخصوص عمل جراحی اور دایہ گری کے لئے اس کے قوی محلول میں ہاتھوں کو مطہر (ڈیسیز انفیکٹ) بھی کرتے ہیں۔

## پھٹکری

اس کو فارسی میں زاک۔ عربی میں شب یمانی اور زاج سنسکرت میں شبھرا اور سفیکا بنگالی میں پھٹکری انگریزی میں ایلم اور لاطینی میں ایلیومن کہتے ہیں۔ یہ ایک نہایت مشہور چیز ہے۔ جو نہ صرف ویدک۔ یونانی اور ڈاکٹری میں دواءً ہی بکثرت مستعمل ہے بلکہ اور بیسیوں صنعتی کاموں میں کام آتی ہے پنجاب میں بالعموم کالا باغ اور کوہاٹ سے مصنوعی طور پر تیار ہو کر آتی اور ہر جگہ کے عطاروں پنساریوں اور دوا فروشوں وغیرہ سے معمولی قیمت پر مل جاتی ہے۔ بعض نے اس کی ۸ بعض نے ۱۰ بعض نے ۱۲ اور بعض نے بہت سی قسمیں بیان کی ہیں۔ سفید نمک لاہوری کی مانند اس کی بے رنگ شفاف ہشت پہل شکل کی بڑی بڑی قلمیں ہوتی ہیں۔ ذائقہ شیریں

Marfat.com

مائل کسیلا ہوتا ہے یہ ایک حصہ۔ ۱حصہ سرد ۲ حصہ کھولتے
ہوئے پانی میں اور ۳ حصے گلیسرین میں حل ہو جاتی ہے۔

**استعمال**۔ خارجی طور پر مختلف قسم کے ۱ سے ۴ رتی فی اونس کے
محلول آبی کی شکل میں اور داخلی طور پر ۳ سے ۵ رتی تک
سفوف کی شکل میں استعمال کی جاتی ہے۔ ڈاکٹری ویدک
اور یونانی طب کے بیسیوں مرکبات کی ترکیب میں بھی داخل
ہے۔


**منافع**۔ قابض۔ حابس الدم اور رقے آور ہے۔ خارجی طور پر سوزاک
سیلان الرحم۔ جزوج مقعد دکانج نکلنے، نکسیر۔ قلاع دہن
استرخاء لہاۃ۔ (گھنڈی پڑنا) ورم لوزتین (گلے پڑنا)۔
مسوڑھوں وغیرہ کے جریان خون۔ آشوب چشم۔ کان بہنے
کثرت لعاب دہن۔ جلدی زخموں سے ہر قسم کے جریان
خون کو بند کرنے کے لئے اور داخلی طور پر داخلی جریان خون
کھانسی۔ کالی کھانسی۔ دمہ۔ اسہال مزمن۔ استحاضہ سیلان
الرحم اور سوزاک مزمن وغیرہ امراض میں مفید ہے

## پھلاہ

کیکر کی طرح کا ایک مشہور کانٹے دار درخت ہے۔ جو
زیادہ تر پنجاب میں پایا جاتا ہے۔ اس کی پتیاں مندرجہ

Marfat.com

ذیل تصویر کی شکل کی ہوتی ہے۔ اس کی تاثیر قابض ہے دوائ
یہ بہت کم استعمال ہوتا ہے شاذ ونادر
بعض دیہاتی طبیب اس کے پتوں اور
پھلوں کو قابض اغراض کے لئے سیلان الرحم
وغیرہ امراض میں استعمال کرتے ہیں



پنجاب میں اس کی پتلی پتلی اور نرم مسواک (داتن) بکثرت مستعمل ہے۔ اس کا باقاعدہ استعمال بلاشبہ دانتوں کو نہایت مضبوط مصفیٰ اور ہر قسم کے امراض سے محفوظ رکھتا ہے۔ ان اغراض کے لئے اس کو عموماً کیکر کی داتن پر ترجیح دی جاتی ہے۔ اس کا ذائقہ مخصوص قسم کا ہوتا ہے

## پوست کیکر

کیکر کے درخت کی چھال کو کہتے ہیں۔ یہ نہایت درجہ قابض ہوتی ہے۔ اس کا نہایت باریک سفوف کر کے یا خوب گاڑھا اور قوی جوشاندہ بنا کر قابض وحابس الدم اغراض کے لئے اکثر استعمال کیا جاتا ہے۔ چنانچہ سیلان الرحم استحاضہ بواسیر دموی کے جریان خون میں اس کے قوی جوشاندے میں کپڑا تر کر کے مقام ماؤف پر رکھوانا یا اس سے آبدست کرانا نافع ہے۔ مسوڑھوں سے خون آنے

Marfat.com

کے لئے اس کے جوشاندے سے غرغرے کرانا مفید ہے۔ اس کے علاوہ سیلان الرحم اور جریان میں اس کا باریک سفوف مصری ہموزن کے ساتھ ملا کر ۳ سے ۶ ماشہ تک کی مقدار میں استعمال کرنا نفع بخشتا ہے۔

**فائدہ۔** یہ صنعتی طور پر چمڑے کی دباغت میں بکثرت کام آتا ہے کیونکہ اس میں ٹینک ایسڈ کثیر مقدار میں ہوتا ہے۔

## پیرافین لیکوئیڈ

یہ ایک بے رنگ بے بو۔ اور بے ذائقہ روغنی سیال ہے۔ جو مٹی کے تیل میں سے زیادہ لطیف اجزاء کو کشید کر کے علیحدہ کرنے کے بعد حاصل کیا جاتا ہے۔ بالفاظ دیگر یہ صاف کیا ہوا مٹی کا تیل ہے۔ جو انگریزی دوا فروشوں کے ہاں سے معمولی قیمت پر مل جاتا ہے۔

**استعمال۔** خارجی طور پر مراہم کی تیاری اور زنار فارسی وغیرہ میں جلد کو چکنا نرم اور محفوظ رکھنے کے لئے اور گاہے مالش کے لئے۔ اور داخلی طور پر دفعیہ قبض سدی اور خشکی وغیرہ کے لئے مفید و مستعمل ہے۔

**فائدہ۔** بازاری خوشبودار رنگین بالوں کو لگانے والے تیل (ہیر آئیل) اکثر اوقات اسی میں خوشبو اور رنگ کی آمیزش

Marfat.com

سے تیار کئے جاتے ہیں۔ اور ہمیشہ جلد یا بدیر مضرت رساں ثابت ہوتے ہیں۔

منافع۔ چمبل، جلد کی خشکی، سرپستان کے پھٹ جانے۔ نار فارسی اور دھوپ سے جل جانے پر طلاء اور پرانے گنٹھیا میں مالش کے طور پر اس کا خارجی استعمال مفید ہے۔ داخلی طور پر حلق اور حنجرے کی سوزش، خشکی اور سدوں سے پیدا ہونے والی قبض اور پیچش میں دی جاتی ہے شاذ و نادر ہائپو فاسفائیٹس کے ہمراہ اس کا شیرہ تیار کر کے سل میں بھی استعمال کیا کرتے ہیں۔

## پیٹرولوگار

یہ بھی ایگاروں کی طرح کی ایک ولایتی مخصوص دوا ہے جو اشتہارات کے ذریعے فروخت کی جاتی ہے۔

اجزاء۔ پیٹرولیم۔ ایگار، ایگار اور فینفتول وغیرہ۔

ترکیب۔ خاص کیمیاوی طریق پر شیرے کی شکل میں تیار کر لی جاتی ہے

استعمال۔ حسب ہدایت دو چار چمچے تک کی مقدار میں لی جاتی ہے۔

منافع۔ قبض، سدی پیچش اور سوءِ ہضم وغیرہ میں مفید ظاہر کی جاتی ہے۔

یہ دوا چھوٹی بڑی دو طرح کی شیشیوں میں بند ہو کر آتی اور بالترتیب پونے دو اور تین روپے فی شیشی کے حساب سے بڑے بڑے انگریزی دوافروشوں کے ہاں سے مل سکتی ہے۔

Marfat.com

# پین بام

پین بام سے مراد مختلف قسم کی مراہم ہیں جو ہر قسم کے دردوں کو دور کرنے اور تسکین دینے کے لئے خارجی طور پر مقام ماؤف کے اوپر مالش کرائی جاتی ہیں۔ مثلاً لیوٹس اوزنٹیل بام، انڈد بام وغیرہ۔

اجزاء۔ ویزلین زرد یا سفید منیتھول۔ تھائیمول۔ کاوزکاربالک ایسڈ وغیرہ۔

ترکیب۔ سب کو باہم بخوبی ملالیا جاتا ہے۔

استعمال۔ بوقت ضرورت تھوڑی سی لے کر مقام ماؤف پر خوبی مالش کرائی جاتی ہیں۔

منافع۔ ہر قسم کے خارجی دردوں کو تسکین دینے اور دور کرنے کے لئے مفید ظاہر کی جاتی ہیں لیکن یہ فی الحقیقت بعض قسم کے عصبی اور گٹھیاوی دردوں کے دفیعے اور تسکین کے لئے بلاشبہ ایک حد تک مفید ثابت ہوتی ہیں۔ شدید قسم کے ورمی دردوں میں ان سے شاذو نادر ہی قابلِ ذکر فائدہ پہنچتا ہے۔

# پین کلر

پین کلر سے مراد ہے۔ درد کو مارنے یا دور کرنے والی

Marfat.com

ہر وہ دوا جو درد کو دبا کر یا دور کر کے اس کے احساس کو زائل کر دے پین کلر کہلا سکتی ہے۔ مثلاً وہ تمام سفوف جن میں اسپرین فیناسیٹین ایکیلجن ذخیرہ مسکن الم ادویہ کی آمیزش ہوتی ہے۔ داخلی اور ہر قسم کے پین بام خارجی پین کلر کہلا سکتے ہیں لیکن ذیل میں ایک مخصوص نسخہ درج ہے جو داخلی خارجی ہر دو طرح کے پین کلر کا کام دیتا ہے۔ اور خصوصیت کے ساتھ پین کلر کے نام سے مشتہر کیا جاتا ہے۔

اجزاء۔ ایکیلجن ۳ ماشہ۔ فینول ۱ ماشہ۔ جوہر نوشادر خودساختہ۔ ست لوبان خودساختہ ہر ایک ایک ماشہ ست اجوائن ولایتی۔ ست پودینہ ولایتی۔ کافور ولایتی ہر ایک ایک تولہ

ترکیب۔ تمام دواؤں کو کوٹ کر کے ایک شیشی میں ڈال کر اور شیشے کے ڈھکنے سے اس کا منہ بند کر کے دھوپ میں رکھ دیں۔ کچھ عرصہ بعد حل ہو کر روغن کی شکل اختیار کر لیگا۔ باحتیاط محفوظ رکھیں۔

جوہر نوشادر اور ست لوبان کے تیار کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ نوشادر یا لوبان کو لے کر کوزہ گلی آب نارسیدہ یعنی مٹی کے نئے کوزہ میں جس کو کہ پانی نہ لگا ہو کوٹ کر کے ڈال دیں۔ اور اسی طرح کا ایک اور کوزہ لے کر پہلے کوزہ کے منہ پر اس کا منہ اچھی طرح جوڑ کر سیل کر دیں

Marfat.com

پھر اس کو چولہے پر رکھ کر اس کے نیچے دھیمی آگ جلائیں اوپر والے کوزے پر کھدر وغیرہ کا موٹا کپڑا یکے بعد دیگرے تر کر کے رکھتے ہیں۔ اس طرح کچھ عرصے میں جوہر اڑ کر اوپر کے کوزے میں جا لگتا ہے۔ سرد ہونے پر کوزوں کو کھول کر جوہر کو کھرچ کر دوا میں شامل کریں۔

استعمال۔ بقدر دو تین قطرے گرم پانی چائے یا کھانڈ وغیرہ میں ڈال کر یا دیگر مناسب بدرقہ کے ہمراہ کھلا دیا کریں۔ اور اسی قدر لے کر مقام ماؤف پر مالش کر دیا کریں۔

منافع۔ ہر قسم کے داخلی اور خارجی درد کو تسکین بخشتی ہے سوء ہضم ہیضہ۔ نفخ شکم۔ اسہال غرضیکہ اکثر امراض آلات ہضم میں بھی نافع ہے۔ سانپ بچھو وغیرہ ہر قسم کے زہریلے حشرات کے کاٹے پر لگانا بھی فائدہ بخشتا ہے۔ غرضیکہ امرت دھارا اور اکسیر شافی کی طرح مفید ہے۔ لیکن دردوں کو تسکین دیتے ہیں اُن سے زیادہ مؤثر ہے۔

# تخم خیارین

خیار طبی عربی زبان کی اصطلاح میں کھیرے کو کہتے ہیں۔ اور خیارین سے مراد ہے۔ ککڑی اور کھیرہ ہر دو تخم خیارین ککڑی اور کھیرے ہر دو کے بیجوں کو کہتے ہیں۔ اور یہ بالعموم دونوں ایک

Marfat.com

ساتھ نسخوں میں لکھے اور استعمال کئے جاتے ہیں۔ کیونکہ دونوں
کی تاثیر سرد تر ہے۔ اور قریب قریب ایک ہی طرح کے فوائد
رکھتے ہیں۔ بڑے بڑے کھیروں اور ککڑیوں کے اندر سے بیج
نکال کر اور دھو کر خشک کر لئے جاتے ہیں۔

**استعمال۔** انکو جوشاندہ میں نیم کوفتہ کر کے استعمال کیا جاتا ہے
لیکن شیروں یا سوائیوں وتبریدوں میں ان کے بیجوں
سے مغز دگریاں نکال کر اور ان کو پانی وغیرہ میں پیس
کر کام میں لایا جاتا ہے۔ تین چار ماشہ سے لے کر چھ سے
نو ماشہ تک کی مقدار میں استعمال کیے جاتے ہیں۔

**منافع۔** دافع حرارت اور مدر بول ہیں رگوں کے سددں کو
کھولتے ہیں۔ حرارت وحدت خون اور پیاس کو تسکین دیتے
ہیں۔ گرم مزاجوں کے لئے مفرح ہیں رگوں کو غلیظ مواد
سے پاک کرتے ہیں جلد کے رنگ کو نکھارتے اور صاف
کرتے ہیں۔ اس لئے اکثر اوقات قیس کر بیوں (تدہینیات
رنج) کی ترکیب میں بھی استعمال کئے جاتے ہیں۔ جگر کے
گرم ورم اور ورم طحال میں بھی نافع ہیں۔ سوزش بول کو رفع کرتے
ہیں۔ اور گرم مزاجوں کے اکثر امراض میں نفع بخش ہیں

## تدہین مشکی عنبری

عظیم دواخانہ متعلقہ ہائیجیا ہیلتھ ہوم کی خاص اور مایۂ ناز

Marfat.com

دوا ہے۔ یہ ہر قسم کی حیوانی چربیوں کی آمیزش سے بالکل پاک ہونے کی وجہ سے تمام بازاری ولایتی فیس کریموں سے بڑھ کر بہتر اور اعلےٰ درجے کی چیز ہے۔

**اجزاء۔** عرق گلاب درجہ خاص ۱۰ تولہ۔ روغن بادام شیریں ۱۰ تولہ مچھلی کے سر کا تیل ولایتی ۳۰ تولہ۔ موم سفید ۳۰ تولہ۔ لوبان اصلی مشک خالص۔ عنبر اشہب ہر ایک ایک ماشہ۔

**ترکیب۔** لوبان مشک اور موم کو روغنوں میں مخصوص طریق پر پگھلا کر بعدہٗ نیچے اتاریں اور عرق گلاب ایک ایک قطرہ اضافہ کر کے نہایت زور سے چلیئے اور ملاتے جائیں۔ حتیٰ کہ وہ تدہین (کریم) کی مانند ہو جائے۔

**استعمال۔** عام فیس کریموں کی طرح دن میں دو تین مرتبہ منہ اور چہرے کو دھو کر اور گرد و غبار سے پاک صاف کر کے اس میں سے بقدر حاجت کریم لے کر لگائیں۔ اور انگلیوں کے ساتھ چند منٹ تک مالش کر کے جلد میں جذب کر دیا کریں

**منافع۔** چہرے کی جلد کو نرم۔ ملائم چمکدار اور خوشبودار بنا کر حسن کو دوبالا کرتی ہے۔ کیل مہاسوں اور چھائیوں کو دور کرتی ہے۔ اور نئی نہیں پیدا ہونے دیتی۔ نہایت عمدہ چیز ہے۔

## تریاقِ سودا

استاذیم قبلہ حکیم فرید احمد صاحب عباسی کا خاص نسخہ ہے۔

Marfat.com

جو طبیہ کالج دہلی کے شفا خانہ میں بکثرت برتا جاتا ہے۔

اجزاء۔ گندھک آملہ سار مصفیٰ۔ دانہ الائچی خورد ہموزن۔

ترکیب۔ دونوں کو باریک پیس کر اور بخوبی ملا کر رکھ لیں۔

(یادداشت) گندھک آملہ سار کو صاف کرنے کی ترکیب یہ ہے۔ کہ اس کو نیم کوب کر کے ایک ایسی کوری ہنڈیا پر ململ کا کپڑا باندھ کر اس کے اوپر پھیلا دیں جس کے اندر کہ نصف تک گائے کا خالص تازہ دودھ بھرا ہوا ہو۔ اب اس کے اوپر توا اوندھا کر کے رکھ دیں۔ اور اس توے کے اوپر کوئلوں کے انگارے رکھ دیں۔ کچھ عرصہ کے بعد توے کو اٹھا کر دیکھیں۔ اگر گندھک پگھل کر تمام دودھ کے اندر گر چکی ہو تو بہتر ورنہ اسی طرح رکھ کر اوپر اور انگارے رکھ دیں حتیٰ کہ ان کی حرارت سے تمام گندھک پگھل کر دودھ میں گر پڑے اسی طرح دو تین مرتبہ عمل کریں۔ گندھک صاف ہو جائیگی۔

استعمال۔ حسب ضرورت نصف رتی سے شروع کر کے بتدریج بڑھاتے ہوئے۔ نصف یا ایک ماشہ تک گائے کے دودھ پانی یا عرق مرکب مصفیٰ خون ساتھ استعمال کر سکتے ہیں خارش لیس کا استعمال اس وقت تک جاری رکھنا چاہیے جب تک کہ پسینے سے گندھک کی بو آنے لگے۔

منافع۔ مصفیٰ خون ہے۔ خارش اور دیگر ہر قسم کے سوداوی

Marfat.com

امراض میں نافع ہے۔ قبض کو بھی رفع کرتا ہے۔ بالخصوص بواسیر کی قبض کو۔

# تریاق عقر

حکیم مخدوم اعظم صاحب کا مجرب نسخہ ہے۔ جس کی کچھ عرصہ تک دہلی وغیرہ میں خوب شہرت رہی۔ نسخہ فی الواقع نہایت عمدہ ہے۔ اور اگر اسباب مرض کو رفع کرنے کے بعد استعمال کیا جائے۔ تو عموماً کامیابی ہوتی ہے۔

اجزاء۔ اطریلال۔ برادۂ دندان فیل۔ گل عباسی ہر ایک چھ ماشہ
ترکیب۔ سب کو باریک پیس کر بخوبی ملا کر اکیس خوراکیں بنا کر رکھ لیں۔

استعمال۔ اس میں سے ایک خوراک دودھ میں ڈال کر نصف عورت کو ایام کے بعد اور نصف مرد کو تین دن متواتر کھلائیں۔

منافع۔ بانجھ پن کو دور کر کے اولاد پیدا کرنے کی قابلیت بخشتا ہے

# تریاق فاروق

نہایت قدیم اور مشہور نسخہ ہے۔ کہا جاتا ہے۔ کہ اس کو بڑے بڑے قدیم یونانی حکما نے ایک ہزار چار سو انہتر سال کی مدت میں مکمل کیا تھا۔ جن میں سے سب سے پہلا اندروماخس

Marfat.com

اور سب سے آخری حکیم جالینوس تھا۔ شیخ الرئیس بو علی ابن سینا نے اس کا ذکر اپنی مشہور کتاب قانون میں بہ تفصیل کیا ہے اور حکیم سید محمد حسین نے اپنی قابل قدر تصنیف قرابادین کبیر میں تریاق الافاعی کے ماتحت اس مرکب کا کامل بیان بڑی تقطیع کے قریباً بیس صفحات میں نہایت وضاحت کے ساتھ درج کیا ہے۔ قدیم اطباء اس کو تریاق اکبر تریاق کبیر تریاق ہادی۔ غالیس۔ منقذ۔ مخلص اکبر اور تریاق ماغنیس وغیرہ اور بھی کئی ناموں سے نامزد کرتے ہیں۔ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ اگر اس کو تیار کر لیا جائے۔ تو یہ نہ صرف ہر قسم کے سمیات (ملدوغہ و ملسوعہ) میں ہی اکسیر الاثر ہے۔ بلکہ سینکڑوں قسم کے جسمانی امراض میں نفع بخش ہے۔ لیکن اس کے اجزاء اس قدر مشکل سے دستیاب ہونے والے اور ترکیب اس قدر دشوار ہے کہ ہر کس و ناکس کا اسے تیار کر لینا ناممکنات میں سے ہے۔

دنیا کا اس وقت شاید ہی کوئی ایسا دواخانہ ہو جو اسے بہم پہنچا سکتا ہو۔ انہی دقتوں اور دشواریوں کو پیش نظر رکھ کر اور محض تضیع اوقات سمجھ کر اس کا نسخہ اور تفصیلی بیان اس مختصر میں نظر انداز کر دیا گیا ہے۔ جو صاحب چاہیں وہ قانون شیخ الرئیس اور بالخصوص قرابادین کبیر مصنفہ حکیم محمد حسین خاں اور (مطبوعہ منشی نول کشور جلد اول کے صفحہ ۱۸۲ سے

Marfat.com

۲۰۰ تک کا مطالعہ فرمائیں۔

# تریاق نزلہ

مشہور قرابادینی نسخہ ہے۔ ہر بڑے دیسی دواخانے سے مل سکتا ہے۔

اجزاء۔ اسطوخودوس ۱ تولہ ۵ ماشہ۔ گل گاؤزبان۔ تخم مورد۔ کشنیز خشک ہر ایک ۲ تولہ ۱۱ ماشہ۔ تخم کاہو ۵ تولہ ۱۰ ماشہ بزرالبنج کوکنار ہر ایک ۸ تولہ ۹ ماشہ۔ تخم خشخاش سفید ۱۱ تولہ ۸ ماشہ مصری تمام دواؤں کے وزن سے تین گنا۔ گلسرخ کشنیز خشک۔ رب السوس۔ نشاستہ۔ صمغ عربی۔ کتیرا۔ مرکی ہر ایک ایک تولہ ۵ ماشہ۔

ترکیب۔ مصری سے پہلے کی دواؤں کو رات بھر پانی میں بھگو کر صبح جوش دیں۔ پھر مل چھان کر مصری ملا کر قوام کریں۔ اور باقی دوائیں باریک پیس کر ملالیں۔

استعمال۔ بقدر ۹ ماشہ۔ یا ایک ایک تولہ صبح شام دونوں وقت شربت خشخاش ۲ تولہ اور عرق گاؤزبان یا عرق بادیان یا سادہ پانی ۱۲ تولہ کے ہمراہ کھا لیا کریں۔ ترش اور ثقیل غذاؤں سے پرہیز کریں۔

منافع۔ نزلہ کو روکتا۔ اور کھانسی کو فائدہ دیتا ہے۔ کچھ عرصہ تک

Marfat.com

اس کا مسلسل استعمال نزلے کی دائمی شکایت کو بھی دور کر دیتا ہے

# تکمید نوشادر

رئیس الاطبا حکیم محمد حسن صاحب قرشی پرنسپل طبیہ کالج لاہور کا مجرب و معمول نسخہ ہے۔ اور انہی سے حاصل ہوا تھا۔ تجربہ پر واقعی مفید و مؤثر ثابت ہوا ہے۔

اجزاء: نوشادر ۲ تولہ۔ نمک طعام ۲ تولہ۔ گل ٹیسو ۲ تولہ۔ پانی دو سیر (یادداشت) بعض اوقات بالخصوص جبکہ درد زیادہ نہ ہو۔ تو محض نوشادر یا نوشادر اور نمک طعام ہی کافی ہوتے ہیں۔

ترکیب استعمال۔ دواؤں کو پانی میں ڈال کر یہاں تک پکائیں۔ کہ نصف پانی رہ جائے۔ بعدہٗ نیچے اتار کر رکھ لیں۔ اور اس میں صاف اور نئی ململ کے چار تہ کئے ہوئے۔ یا لنٹ دو تہ کے دو ٹکڑے ڈال دیں۔ ان میں سے ایک ٹکڑے کو تھوڑی دیر کے بعد نکال کر کسی صاف تولیئے میں ڈال کر اور تولیئے کو دونوں طرف سے پکڑ کر اور بل دے کر نچوڑ لیں۔ بعدہٗ کھول کر اس کے ساتھ آہستہ آہستہ خصیئے پر ٹکور کریں۔ جب ایک ٹکڑا سرد ہو جائے۔ تو دوسرے ٹکڑے کو لے کر اسی طرح نچوڑ کر خصیئے پر ٹکور کریں اور اس دوران میں پہلے ٹکڑے کو پھر جوشاندہ مذکور میں ڈالے رکھیں۔ اسی طرح یکے بعد دیگرے

Marfat.com

جب تک جوشاندہ نیم گرم رہے ٹکور کرتے رہیں۔
منافع۔ ورم خصیہ میں خواہ وہ فتق سے ہو یا کسی اور وجہ سے نہایت نفع بخشتا ہے۔ ورم کو کم کرتا اور درد کو تسکین دیتا ہے۔

## جوارش جالینوس

مشہور قرابادینی دوا ہے۔ اور اکثر دیسی دواخانوں سے تیار مل جاتی ہے۔ طب یونانی کی واقعی مفید ترین اور نہایت کثیر الاستعمال دواؤں میں سے ہے۔

اجزاء۔ بالچھڑ۔ الائچی خورد۔ تج قلمی۔ دار چینی۔ خولنجان۔ زعفران۔ قرنفل۔ نجیل سعد کوفی۔ فلفل سیاہ۔ فلفل دراز۔ قسط شیریں۔ عود بلسان اسارون۔ زعفران۔ حب آلاس۔ چرائتہ شیریں ہر ایک ۷ ماشہ۔ مصطگی رومی ایک تولہ ۵ ماشہ۔ قند سفید تمام دواؤں کے وزن کے برابر۔ شہد تمام دواؤں سے دوگنا

ترکیب۔ دواؤں کو کوٹ چھان کر رکھ لیں۔ اور قند و شہد کا قوام تیار کر کے اس میں ملا کر معجون کی مانند بنالیں۔

استعمال۔ بقدر ۷ ماشہ عرق بادیان بارہ تولہ کے ہمراہ دونوں وقت غذا کے بعد استعمال کریں۔

منافع۔ معدہ اور آنتوں کو مضبوط کرتی ہے۔ قبض اور ریاح کو دفع کرتی ہے۔ کھانے کو ہضم کرتی ہے۔ بادی بواسیر

Marfat.com

کے لئے بہت فائدہ مند ہے۔ بالوں کی سیاہی کو دیر تک قائم رکھتی ہے۔

# جوارش زرعونی سادہ

مشہور قرابادینی دوا ہے۔ اور اکثر یونانی دواخانوں سے مل جاتی ہے۔

اجزاء۔ تخم گندر۔ تخم کرفس۔ تخم اسپست یا شلجم۔ نانخواہ بادیان خطائی۔ مغز تخم خربزہ۔ مغز تخم خیارین پوست بیخ کرفس ہر ایک ایک تولہ۔ ۱ ماشہ۔ عاقر قرحا۔ تج قلمی۔ زعفران مصطگی رومی۔ عود خام ہر ایک ۷ ماشہ۔ بسباسہ۔ قرنفل۔ کباب چینی۔ فلفل سیاہ ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ قند سفید تمام دواؤں کے وزن کے برابر شہد خالص تمام دواؤں کے وزن سے دوگنا

ترکیب۔ سب کو کوٹ کر چھان لیں اور قند اور شہد کا قوام کرکے اس میں ملا کر حسب معمول جوارش بنا لیں۔

استعمال۔ بقدر ۷ ماشہ عرق بادیان ۱۲ تولہ کے ہمراہ صبح کے وقت کھا لیا کریں۔

منافع۔ جگر گردوں اور کمر کو قوی کرتی ہے۔ قوت باہ کو بڑھاتی اور منی پیدا کرتی ہے پیشاب کی زیادتی کو روکتی ہے۔ گردوں کے اکثر امراض میں معمول ہے

## جوارش زرعونی عنبری

یہ بھی مشہور قرابادینی دوا ہے۔ جو جوارش زرعونی سادہ سے

Marfat.com

بہتر اور قوی الاثر ہے۔ تمام بڑے بڑے دیسی دواخانوں سے مل جاتی ہے۔

اجزاء۔ ثعلب مصری۔ برادہ قضیب زگاؤ۔ مغز سر گنجشک نر دو چڑوں کا مغز، چرائتہ شیریں۔ خار خشک کشن خرما ہر ایک ۹ ماشہ تخم کرفس۔ تخم گذر تخم شلغم۔ تخم شبت۔ تخم خربزہ۔ تخم خیارین۔ حب القلقل حب الزلم۔ نانخواہ۔ بادیان۔ مغز نارجیل۔ مغز چلغوزہ بیخ کرفس ہر ایک ایک تولہ ۱۰ ماشہ عنبر اشہب ۹ ماشہ۔ مشک خالص ۲ ماشہ۔ بسباسہ دجاد تری، قرنفل (لونگ) عقرقرحا، فلفل سوبہ۔ فلفل سیاہ۔ کباب چینی، زنجبیل خولنجاں۔ جوز بوا۔ گلسرخ۔ تج۔ تخم خرفہ۔ دارفلفل تخم اسپست تخم جرجیر۔ تخم پیاز۔ تخم گندنا حب الرشاد تخم انجرو ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ زعفران۔ کندر۔ مصطگی۔ عود ہندی ہر ایک ۱۲ ماشہ تخم بلیون اصلی بہمن سرخ بہمن سفید۔ بوزیدان۔ شقاقل مصری اندر جو شیریں ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ قند سفید ۲۵ تولہ شہد خالص سوا سیر۔

ترکیب۔ مشک عنبر اور زعفران کو عرق کیوڑہ میں حل کر کے اور اور باقی دواؤں کو کوٹ چھان کر رکھ لیں۔ قند اور شہد کا قوام کر کے دواؤں کا سفوف ملا دیں۔ آخر قوام میں مشک عنبر وغیرہ کے محلول کا اضافہ کر کے نیچے اتار لیں

Marfat.com

اور سرد ہونے پر شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ بقدر ۵ ماشہ عرق گاؤ زبان اور بید مشک وغیرہ مناسب بدرقہ کے ہمراہ صبح نہار منہ استعمال کریں۔

منافع۔ دماغ۔ جگر۔ گردہ اور مثانہ کو قوی اور پشت اور کمر کو مضبوط کرتی ہے۔ معدہ کی اصلاح اور ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ بلغمی اور سوداوی امراض مثلاً نقرس۔ دردسر پیشاب کی زیادتی وغیرہ میں نافع ہے۔ مقوی باہ اور مولد منی ہے۔ ذیابیطس میں بھی مفید ہے خصوصاً جبکہ اس کے ساتھ کشتہ زمرد بھی ملا لیا جائے۔ گردوں کے لئے خاص چیز ہے۔

## جوارش قرطم

قرابادینی دوا ہے۔ اور اکثر بڑے بڑے یونانی دواخانوں سے بنی بنائی مل جاتی ہے۔

اجزاء۔ حب قرطم مقشر۔ مغز بادام شیریں ہر ایک دو تولہ انیسوں بسفائج فستقی ہر ایک ایک تولہ۔ مصطگی رومی ۲ تولہ۔ بنات سفید ہموزن ادویہ۔ شہد خالص دو چند وزن ادویہ۔

ترکیب۔ تمام دواؤں کو کوٹ پیس کر بنات اور شہد کے قوام میں ملا کر حسب معمول جوارش بنالیں۔

استعمال۔ بقدر ۷ ماشہ عرق بادیان ۱۲ تولہ کے ہمراہ کھائیں۔

Marfat.com

منافع۔ مدر بول اور حیض ہے۔ مقوی معدہ اور ملین ہے۔ رحم کے امراض میں خصوصیت کے ساتھ مفید و معمول ہے۔

# جوارش کمونی

مشہور قرابادینی دوا ہے۔ جو اکثر دیسی دواخانوں سے بنی بنائی تیار مل جاتی ہے۔ یہ بھی بکثرت مستعمل ہے۔

اجزاء۔ زیرہ سیاہ کرمانی مدبر ۳ تولہ ۷ ماشہ۔ برگ سداب۔ زنجبیل ہر ایک ۵ تولہ ۱۰ ماشہ۔ بورہ ارمنی ایک تولہ ۵ تولہ فلفل سیاہ ۴ تولہ ۴ ماشہ۔ نبات سفید ہموزن ادویہ شہد خالص دو چند وزن ادویہ۔

ترکیب۔ تمام دوائیں کوٹ چھان کر نبات اور شہد کے قوام میں ملالیں۔ ترکیب تدبیر زیرہ۔ زیرہ کرمانی کو اس قدر سرکہ میں تین شبانہ روز تر رکھیں۔ کہ سرکہ زیرہ سے چار انگل اوپر رہے۔ بعدہٗ نکال کر خشک کریں اور توے پر بھون کر کام میں لائیں۔

استعمال۔ ۷ ماشہ سے ایک تولہ تک عرق بادیان بارہ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

منافع۔ بدہضمی۔ نفخ شکم۔ اور تبخیر کو دور کرتی ہے۔ ہچکی آنے اور کھٹی ڈکاروں کو روکتی ہے۔ معدے کی رطوبت کو

Marfat.com

خشک کرتی اور اس سے پیدا ہونے والی بخار کی شکایت کو بھی رفع کرتی ہے۔ سوء ہضم اور نفخ شکم کے لئے خصوصیت کے ساتھ مستعمل ہے۔

# جوارشِ مصطگی بہ نسخہ کلاں

قرآبادینی دوا ہے۔ جو اکثر بڑے بڑے دیسی دوا خانوں سے تیار ملی جاتی ہے۔

اجزاء۔ مصطگی رومی۔ قلفل گرد۔ اجوائن دیسی۔ کبابہ چینی۔ اجمود۔ زیرہ سیاہ مدبر بہ سرکہ۔ زیرہ سفید مدبر۔ گلسرخ۔ پوست ترنج۔ تخم کاسنی۔ بادیان۔ کندر۔ کشنیز خشک۔ بادرنجبویہ۔ گل گاؤزبان۔ زرنباد (کیوڑ کچری)۔ سنبل الطیب (بالچھڑ)، زعفران ہر ایک ۱۲ ماشہ دارچینی۔ زنجبیل۔ الائچی خورد ہر ایک ۹ ماشہ نبات سفید شہد خالص ہر ایک ہموزن ادویہ۔

ترکیب۔ دواؤں کو کوٹ پیس کر نبات اور شہد کے قوام میں ملا کر بطریق معروف جوارش تیار کریں۔

استعمال۔ ۵ ماشہ سے ۹ ماشہ تک عرق بادیان ۱۲ تولہ یا پانی وغیرہ کے ہمراہ صبح کے وقت استعمال کریں۔

منافع: ضعف معدہ و ضعف جگر بلغمی کو دور کرتی ہے۔ کثرت بول اور کثرت لعاب دہن کے لئے نافع ہے۔ اسہال بلغمی اور پیچش میں مفید ہے

Marfat.com

تبخیر کو روکتی ہے۔

# جوارش مفرح

انجمن خادم الحکمت کی طب جدید کے فارما کوپیا کا خاص نسخہ ہے جو مسلسل تجربات پر واقعی مفید و مؤثر ثابت ہوا ہے۔

اجزاء۔ زنجبیل۔ قرنفل ہر ایک ۶ ماشہ۔ ساذج ہندی۔ دارچینی۔ خولنجان سنبل الطیب۔ جوز بوا ہر ایک ۱۲ ماشہ۔ درونج عقربی ۲ تولہ۔ ورق طلاء ۲۰ رتی۔ ورق نقرہ ایک ماشہ۔ مشک خالص ۳ رتی۔ شہد خالص تمام دواؤں کے وزن سے تین گنا۔

ترکیب۔ ورقوں اور مشک کے علاوہ باقی دواؤں کو کوٹ پیس کر شہد کے قوام میں ملا کر معجون بنائیں۔ آخر قوام میں مشک کو عرق کیوڑہ میں حل کر کے شامل کر دیں۔ بعدہٗ اتار کر سرد ہونے پر ورق ایک ایک کر کے ملا دیں۔ اور شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ حسب ضرورت تین سے نو ماشہ تک یونہی یا بید مشک وغیرہ کسی مفرح عرق کے ساتھ استعمال کریں۔ اگر کمزوری کی وجہ سے مریض کھا نہ سکتا ہو۔ تو عرق مذکور یا سادہ پانی میں قہوہ کی طرح پکا کر تھوڑا تھوڑا کر کے پلا دیں۔

منافع۔ مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔ حرارت غریزی کو تحریک دیتی

Marfat.com

اور ضعفِ قلب فالج لقوہ ۔ خدر ۔ جمود ۔ رعشہ ۔ جنون ۔ وحشت وغیرہ میں نافع ہے ۔ قے ۔ ہچکی ۔ متلی ۔ ریاح شکم ۔ ڈکار اور ضعفِ معدہ نزلہ زکام ضیق النفس اور اختناق الرحم وغیرہ بلغمی وسوداوی امراض میں نہایت مفید و مستعمل ہے۔

## جواہر مہرہ

استاذیم مسیح الملک حکیم اجمل خانصاحب مرحوم دہلوی کی خاص الخاص خاندانی دوا ہے۔ مشہور بڑے بڑے ہندوستانی دوا خانوں سے مل جاتی ہے۔ کحل الجواہر وغیرہ کی طرح یہ بھی طب یونانی کی ایک مایۂ ناز اور لاثانی دوا ہے۔

اجزاء ۔ زہر مہرہ خطائی ۱ تولہ ۔ مروارید ناسفتہ ۔ کہربائے شمعی بسد احمر ۔ لاجورد مغسول ۔ یاقوت سرخ ۔ یاقوت کبود ۔ یاقوت اصفر ۔ یشب سبز ۔ زمرد ۔ عقیق سرخ ۔ ورق نقرہ ۔ مصطگی ہر ایک ۶ ماشہ ۔ ورق طلاء جدوار خطائی ۔ نارجیل دریائی عنبر اشہب ۔ مشک اصلی ۔ مومیائی ہر ایک ۳ ماشہ عرق گلاب بقدر ضرورت۔

ترکیب ۔ تمام دواؤں کو عرق میں دو ہفتے تک نہایت احتیاط کے ساتھ مسلسل کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

استعمال ۔ بقدر دو چاول دوا ر لسک معتدل یا لعوب کبیو ماشہ

Marfat.com

یا خمیرہ گاؤزبان سادہ ۱ تولہ یا خمیرہ گاؤزبان عنبری یا خمیرہ مروارید ۵ ماشہ میں ملا کر استعمال کریں۔ بادی اور ترش اشیاء سے پرہیز کریں
منافع: ضعفِ اعضائے رئیسہ کو دور کرتا اور حرارتِ غریزی میں تحریک بخشتا ہے۔ کمزوریٔ قلب، غشی، اختلاج، صرع، اختناق الرحم وغیرہ کے دوروں میں فوری اثر کرتا ہے۔ کمزوری کی حالت میں یہاں تک مفید ہے۔ کہ موت کی کمزوری کے وقت بھی ایک دفعہ تو اثر دکھا دیتا ہے۔

## جوہر زرنب

عظیم دواخانہ متعلقہ بایجاد خانقاہ کا خاص مجرب نسخہ ہے۔ جو ذہن کو صاف کرنا اور قوتِ حافظہ کو بڑھانے کے لئے واقعی ایک لاثانی دوا ہے۔
اجزاء: برگ زرنب سفوف کیا ہوا و تیشیر بیش ایک سیر۔ دانہ ہیل خورد سفوف کیا ہوا ۵ ماشہ طباشیر نقرہ۔ مصطگی رومی ہر ایک ۵ ماشہ کشتہ قلعی ۳ ماشہ۔
ترکیب: برگ زرنب اور دانہ ہیل کو دودھ میں ملا کر رات کو دہی کے ساتھ جامن دے کر حسبِ قاعدہ جما دیں۔ صبح دودھ کو بلوئیں، جب مکھن نکل آئے۔ تو مکھن کو لسی سے صاف کر لیں۔ اور اس میں باقی دوائیں نہایت باریک پیس کر شیشے

Marfat.com

کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ اس میں سے بقدر ۲ تولہ روزانہ علی الصباح بطور ناشتہ کے کھالیا کریں۔ اس میں چاہیں تو حسب ضرورت کھانڈ یا مصری بھی ملا سکتے ہیں۔

منافع۔ اس جوہر کے چالیس یوم تک باقاعدہ استعمال کر لینے سے عقل۔ فکر اور حافظہ خوب بڑھ جاتا ہے۔ دل و دماغ خوب مضبوط ہو جاتے ہیں۔ قوت ہاضمہ بھی بہتر ہو جاتی ہے۔ احتلام اور جریان کی شکایت بھی رفع ہو جاتی ہے۔ قبض نہیں ہونے پاتی۔ جگر کا فعل بھی درست رہتا ہے۔ جسم کا رنگ خوب نکھر جاتا ہے۔ قوتِ تولید بڑھ جاتی ہے۔ وغیرہ غرضیکہ اس دوا کے بے شمار فوائد ہیں۔ جو صرف آزمائش پر ہی معلوم ہو سکتے ہیں

## جوہر سین

استاذیم مسیح الملک مرحوم کے خاندان شریفی کی مشہور دوا ہے۔ جو اکثر بڑے بڑے دیسی دواخانوں سے مل جاتی ہے۔

اجزاء۔ سم الفار یعنی سنکھیا سفید ایک تولہ۔ شراب برانڈی قسم اعلیٰ دربھنگا نمبر ا، ۳ تولہ۔

Marfat.com

ترکیب۔ سم الفار کو شراب میں خوب کھرل کر کے اور ایک پیالہ میں رکھ کر اس کے اوپر دوسرا پیالہ اوندھا کر کے جوڑ کر آٹے وغیرہ کے ساتھ خوب بند کر دیں۔ اور بطریق معروف نرم آنچ پر جوہر اڑائیں۔ لیکن آنکھوں کو اس دوا کے دھوئیں سے محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ ایک چاول یا دو چاول (اگر قوت مردمی کے لئے دیں) تو لبوب کبیر ۲ ماشہ یا معجون جالینوس لولوی ۵ ماشہ یا مکھن یا بالائی وغیرہ میں لپیٹ کر صبح کو کھلائیں۔ اور اوپر سے سیر آدھ سیر دودھ پلا دیں۔ (اگر استسقاء کے لئے دیں) تو معجون دبید الورد ۲ ماشہ میں لپیٹ کر دیں۔ (اگر پرانے بخاروں کے لئے دینا ہو) تو دانہ مویز کا بیج نکال کر (مویز منقیٰ) اور اس میں لپیٹ کر دیں۔ مویز منقیٰ میں دوا کو رکھ کر اور بند کر کے پانی یا کسی عرق کے گھونٹ کے ساتھ بغیر چبائے نگل جائیں۔ استسقاء اور بخار کے لئے ہر موسم میں بلا تکلیف دے سکتے ہیں قوت مردمی کے لئے صرف موسم سرما میں استعمال کریں۔

منافع۔ ہر قسم کے استسقاء کو نافع ہے۔ بلغمی بخاروں کو روکتا بھوک بڑھاتا۔ اور معدے کو قوی کرتا ہے۔ قوت مردمی کے لئے خاص چیز ہے۔

Marfat.com

# جوہر مدرّ سادہ

بانی انجمن خادم الحکمت کا نسخہ ہے۔ جو انجمن مذکور کے مخصوص فارما کوپیا میں داخل ہے۔ اور بلاشبہ نہایت عمدہ مدر بول ہے

اجزاء۔ خاکستر جو۔ خاکستر چوب انگور۔ خاکستر چوب گنجد۔ خاکستر ترب قلمی شورہ۔ نوشادر ہر ایک پاؤ سیر۔ پانی ان تمام دواؤں کے وزن سے پچیس گنا (تقریباً ایک من)، مغز کدو۔ مغز خیارین۔ تخم خیارین۔ تخم خرفہ۔ تخم کاہو ہر ایک آدھ پاؤ۔

ترکیب۔ پانی سے پہلی دواؤں کو پانی میں گھول کر رکھ دیں۔ دن میں دو تین مرتبہ بخوبی گھوٹ چھان کر اور مٹی کے کسی کورے برتن میں ڈال کر کسی درخت یا ہوادار چھت یا برآمدے میں لٹکا دیں۔ چند یوم میں اس برتن کے باہر سفید سفید جوہر نکلنا شروع ہو جائے گا۔ اس جوہر کو روزانہ چھری وغیرہ کے ذریعے کھرچ کر علیحدہ کرتے جائیں۔ اور کسی شیشے کے ڈھکنے والی بوتل میں نمی سے بچا کر یعنی خشک جگہ میں محفوظ رکھتے جائیں۔ حتیٰ کہ جوہر نکلنا بند ہو جائے

استعمال۔ چار رتی سے آٹھ رتی تک مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

منافع۔ اعلیٰ درجے کی مدر دوا ہے۔ مجاری بول کے اکثر امراض

Marfat.com

مثلاً احتباس بول. سلسل البول. تقطیر البول. سوزش بول اور پتھری وغیرہ میں نہایت مفید ہے۔ بخاروں میں بھی نفع بخشتی ہے۔ عورتوں میں حیض کو بھی جاری کرتی ہے۔ عظم طحال اور جگر میں بھی نافع ہے۔ بطور سرمہ آنکھوں میں لگانا۔ دھند. جالا پھولا۔ اور ضعف بصر میں مفید ہے۔

## جوہر بدر کشتہ حجر الیہود والہ

اجزاء۔ جوہر بدر. کشتہ حجر الیہود خاص. ہر دو ہموزن۔

ترکیب۔ دونوں کو بخوبی ملا کر رکھ لیں۔

استعمال۔ بقدر ۴ سے ۸ رتی شربت بزوری جوشاندہ خار خسک اور عرق انناس وغیرہ یا سادہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں

منافع۔ گردے اور مثانے کی پتھری کیلئے خاص الخاص چیز ہے۔

## جوہر منقیٰ

دلی کے مطب کی مشہور دوا ہے۔ جو ہر کسی بڑے دیسی دواخانے سے مل سکتی ہے۔

اجزاء۔ سم الفار۔ رسکپور۔ دارچکنا ہر ایک ایک تولہ۔ شراب برانڈی قسم اول پانچ تولہ۔

ترکیب۔ دواؤں کو برانڈی میں چند روز خوب اچھی طرح کھرل کرکے

Marfat.com

بطریق معروف جوہر اڑالیں۔ (جوہر اڑانے کا تفصیلی طریقہ اکسیر سفید میں صفحہ ۳۳ پر درج ہے)

استعمال۔ ایک سے دو چاول تک مویز منقیٰ میں بند کرکے اس طرح نگل لیں کہ دوا دانتوں کو نہ لگنے پائے (کیونکہ دانتوں کو لگنے کی صورت میں بعض اوقات منہ آجاتا ہے۔ مسوڑھے متورم سے اور دانت کمزور ہوجاتے ہیں) ترش اور بادی چیزوں سے پرہیز کریں۔ گھی۔ دودھ مکھن وغیرہ مرغن اشیاء نسبتاً زیادہ لیکن ہضم اور برداشت کے مطابق خوب کھائیں۔

منافع۔ تمام سوداوی امراض بالخصوص آتشک۔ گنٹھیا۔ عرق النساء فالج۔ سوداوی گھبراہٹ اور وحشت اور شدید قسم کے مزمن فساد خون میں نافع ہے۔ آتشک کے دوسرے اور تیسرے درجہ کے لئے خاص چیز ہے۔ ولایتی سالورسان (نیو سالورسان وغیرہ) ادویہ کے ٹیکوں سے بھی زیادہ مفید ثابت ہوا ہے۔

## چلیپہ کاسنی

استاذیم مسیح الملک حکیم اجمل خانصاحب مرحوم دہلوی کے خاندان شریفی کا مشہور معمول مطب نسخہ ہے۔ اور استاذیم محترم رئیس الاطبا حکیم فرید احمد صاحب عباسی ہاؤس فزیشن طبیہ کالج دہلی کا بھی مجرب معمول ہے پرانے بخاروں میں بلاشبہ نہایت

Marfat.com

مفید اور کار آمد نسخہ ہے۔

اجزاء۔ تخم کاسنی ایک تولہ۔ شربت بزوری ۴ تولہ۔ پانی ۱۲ تولہ۔

ترکیب۔ تخم کاسنی کو رات کے وقت گرم پانی میں تر کرکے صبح چار تہ کی صافی میں جس کے چاروں کونوں پر چار لکڑیاں بندھی ہوئی سات مرتبہ زنگریزوں کی رینی کی مانند ٹپکا کر اس میں شربت حل کریں۔

استعمال۔ روزانہ صبح کو ایک ہی مرتبہ مریض کو پلا دیا کریں۔

منافع۔ تنقیہ مادہ کے بعد جگر کے سوء مزاج حار کو دور کرتا ہے۔ جگر کے سدے کھولتا ہے۔ یرقان اصفر اور بعض قسم کے جوڑوں کے درد میں مفید ہے۔ بلغمی بخاروں کے لئے بعد تنقیہ نہایت نفع بخش ہے۔ پرانے بخاروں کے دفیعے کے لئے تو خاص چیز ہے۔

# چورن

چورن یا چورنم فی الحقیقت ایک ہندی لفظ ہے۔ جس کے لغوی معنی سفوف کے ہیں۔ چنانچہ ویدک کے تمام سفوف خواہ وہ کسی مرض کے لئے مفید اور کار آمد ہوں۔ چورن یا چورنم کے نام سے نامزد کئے جاتے ہیں۔ لیکن عوام میں چورن بالعموم ہر اس سفوف کو کہتے ہیں۔ جو ہضم کی خرابیوں کو دور

Marfat.com

کرتا ہے۔ اور جس میں انار دانہ۔ سونف۔ اجوائن۔ کالی مرچ زیرہ۔ الائچی۔ لونگ۔ نمک سیاہ (کالا لون) نوشادر وغیرہ کی قسم کی ہاضم اور کاسر ریاح دوائیں شامل ہوتی ہیں۔

## حب احمر

استاذیم مسیح الملک حکیم اجمل خانصاحب مرحوم کے خاص مجربات میں سے ہے۔ دہلی کی طرح اکثر بڑے بڑے یونانی دواخانوں سے تیار مل جاتی ہے۔

اجزاء۔ سم الفار۔ ہرتال طبقی۔ شنگرف ہر ایک ایک تولہ۔ آب لیموں کاغذی۔ آب ادرک تازہ ہر ایک ۱۰ تولہ۔

ترکیب۔ ادویہ کو باریک پیس کر آب لیموں و ادرک میں یہاں تک کھرل کریں۔ کہ پانی خشک ہو کر قوام گولیاں بندھنے کے لائق ہو جائے۔ پس دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنالیں

استعمال۔ نصف سے ایک گولی ہمراہ مکھن و شیر گاؤ رات کو سوتے وقت کھالیا کریں۔ بہتر یہ ہے۔ کہ ایک ہفتہ تک نصف گولی کھاتے رہیں۔ اس کے بعد دو تین روز کا وقفہ دے کر ایک ہفتہ تک ایک گولی روزانہ اسی طرح کھالیا کریں۔ ترش اور بادی اشیاء نیز حتی الامکان جماع سے پرہیز کریں۔ اور غذا میں مرغن اشیاء دودھ۔ گھی۔ مکھن کا

Marfat.com

زیادہ استعمال کریں۔ گرمیوں کے موسم میں جوانوں کو اس کا استعمال ہرگز نہیں کرنا چاہیئے۔

**منافع:** ضعفِ مردانہ اور عام جسمانی کمزوریوں کو دور کر کے جسم میں قوت و تحریک پیدا کرتی ہے۔ ضعف باہ (خواہ شباب کی غلط کاریوں سے ہو یا بڑھاپے کی وجہ سے ہو) دونوں میں مفید اور سریع الاثر ہے۔

**(یادداشت)** اگر ان سے مریض کو قبض یا بھوک کے بند ہو جانے کی شکایت ہو جائے۔ تو اس نسخہ میں ایک تولہ گندھک آملہ سار کا اضافہ کر دیں۔

## حب اختناق الرحم

عظیم دواخانہ متعلقہ ہائیجیا ہیلتھ ہوم کی مخصوص اور مایۂ ناز دوا ہے۔ اس کا نسخہ میرا ذاتی تجویز کیا ہوا ہے۔

**اجزاء:** اورک ا تولہ۔ جا ئیفل۔ ظلفل دراز۔ سنبل الطیب۔ عود بلسان۔ عود صلیب۔ اسگند ناگوری ہر ایک ۲ ماشہ۔ زعفران۔ جاوتری۔ حلتیت۔ جند بیدستر۔ مشک خالص ہر ایک تین ماشہ برگ پان ۱۵ عدد۔

**ترکیب:** سب کو کھرل میں باریک پیس کر اور یکجان کر کے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

Marfat.com

استعمال۔ ایک ایک گولی صبح شام یا دن میں تین مرتبہ سادہ پانی کے ساتھ استعمال کرائیں۔

منافع۔ معدے اور اعصاب کی بلغمی بیماریوں کے لئے نافع ہے۔ کاسر ریاح ہے۔ اختناق الرحم کے لئے خاص چیز ہے

# حب اذراقی

عظیم دواخانہ متعلقہ ہائیجیا میلیتھ ہوم کی مخصوص دوا ہے۔

اجزاء۔ کچلہ مدبر سوہان کردہ دو تولہ۔ دارچینی۔ جاوتری۔ جوزبوا عودصلیب۔ لونگ۔ فلفل سیاہ۔ فلفل دراز ہر ایک ایک تولہ۔ آب برگ پان بقدر حاجت۔

ترکیب۔ سب دواؤں کو باریک پیسکر آب برگ پان میں یہاں تک کھرل کریں کہ تمام اشیاء بخوبی یکجان ہو جائیں۔ بعدہٗ چنے کے برابر گولیاں بناکر رکھ لیں۔

استعمال۔ دونوں وقت غذا کے بعد ایک ایک گولی تازہ پانی کے ساتھ کھا لیا کریں۔ ہفتہ عشرہ کے استعمال کے بعد دو تین روز کا ناغہ کر دیا کریں۔

منافع۔ ضعف اعصاب کے لئے خاص چیز ہے۔ بلغمی اور سرد امراض کو دور کرنے میں بھی کارآمد ہے فالج لقوہ۔ رعشہ اور سردی کے دردِ عصبی میں نافع ہے۔

Marfat.com

# حب ایارج

مشہور قرابادینی دوا ہے۔ جو اکثر دیسی دواخانوں سے مل سکتی ہے۔

اجزاء۔ ایارج فیقرا۔ تربد مجوف خراشیدہ۔ ہر ایک ۹ ماشہ حب النیل۔ غاریقون مغربل۔ انیسون ہر ایک ۴ ماشہ شحم حنظل۔ نمک ہندی (نمک سانبھر) ہر ایک ۲ ماشہ عرق بادیان بقدر حاجت۔

ترکیب۔ سب دواؤں کو کوٹ چھان کر اور عرق میں گوندھ کر دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنا لیں۔

استعمال۔ رات کے آخری پہر میں تین سے نو ماشہ تک یہ گولیاں روغن گاؤ میں چرب کرکے چاندی کے ورقوں میں لپیٹ کر عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ کے ساتھ کھا لیا کریں۔ غذا مونگ کی کھچڑی وغیرہ کھا لیں تنقیہ دماغ کے لئے مناسب اطریفلات اور تنقیہ معدہ کے لئے گلقند کا بھی استعمال کریں۔

منافع۔ تنقیہ دماغ کے لئے خاص چیز ہے۔ معدے اور دماغ کو فضلات سے پاک کرکے اکثر امراض دماغی مثلاً درد سر۔ شقیقہ۔ صرع۔ سکتہ وغیرہ میں نافع ہے۔ بصارت کو بھی تیز کرتی ہے۔

Marfat.com

یادداشت۔ ایارج فیقرا جو اس نسخے میں شامل ہے۔ اس کا نسخہ یہ ہے۔ سنبل الطیب۔ دارچینی۔ عود بلسان حب بلسان تج قلمی مصطگی رومی۔ اسارون۔ زعفران ہر ایک ۲ ماشہ صبر سقوطری تمام دواؤں کے وزن سے دوگنا سب کو باریک پیس کر رکھ لیں۔

## حبِ ایلوا سورنجانی

عظیم دواخانہ متعلقہ ہائیجیا ہیلتھ ہوم کا خاص نسخہ ہے۔ اور اوجاع مفاصل میں بالخصوص جبکہ اس کے ساتھ قبض بھی ہو خاص طور پر مفید ہے۔

اجزاء۔ ایلوا۔ سورنجان شیریں۔ پوست ہلیلہ زرد۔ سوڈا سیلی سلاس نیچرل ہر ایک ہموزن آب تازہ بقدر ضرورت

ترکیب۔ سب دواؤں کو باریک پیس کر باہم بخوبی ملا کر پانی کے ساتھ چھوٹی چھوٹی گولیاں بنالیں۔

استعمال۔ بقدر تین تین ماشہ صبح شام تازہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔ ہمیشہ تازہ تیار کرکے استعمال کیا کریں۔

منافع۔ درد کمر۔ نقرس۔ وجع المفاصل۔ لنگڑی کے درد اور دیگر اکثر قسم کے جسمانی دردوں میں مفید ہیں۔ بالخصوص جب کہ ان کے ساتھ قبض کی کم و بیش شکایت ہو۔

Marfat.com

# حبِ بواسیر خاص

عظیم دواخانہ متعلقہ ہا ئیجیا ہیلتھ ہوم کا خاص نسخہ ہے۔ جو ہر قسم کی بواسیر کو ہفتے عشرے میں کامل طور پر دور کر دیتا ہے۔

اجزاء۔ مغز تخم نیب۔ مغز تخم بکائن۔ تخم گندنا۔ ہلیلہ سیاہ۔ چاکسو مقشر۔ ریوند چینی۔ خفض کی۔ مقل ازرق ہر ایک ایک تولہ۔ کشتہ فولاد اصلی ۶ ماشہ۔ کشتہ سون مکھی (برگ حنا میں کیا ہوا) سانپ کی کینچلی ہر ایک ۳ ماشہ۔ آب ترب تازہ۔ آب ککرونده۔ آب گینده۔ آب گندنا سبز ہر ایک بقدر حاجت۔

ترکیب۔ تمام دواؤں کو باریک پیس کر یکجا کر کے بخوبی کوٹ لیں۔ اور بالترتیب یکے بعد دیگرے آب ہائے مذکور میں ایک ایک ہفتہ کھرل کر کے فلفل سیاہ کے برابر گولیاں بنا کر محفوظ رکھ لیں۔

استعمال۔ دو گولیاں صبح نہار منہ گائے کے جوش کئے ہوئے گرم گرم دودھ میں ڈیڑھ دو تولہ یا نصف چھٹانک گائے کا خالص گھی ڈال کر استعمال کریں۔

منافع۔ ہر قسم کی بواسیر کے لئے نہایت نافع ہے۔

Marfat.com

# حبِ ترشِ مشتہی

مشہور قرابادینی دوا ہے۔ اور اکثر دیسی دواخانوں سے مل جاتی ہے۔ اس کے دو نسخے ہیں۔ اور دونوں ہی ذیل میں درج ہیں۔

اجزاء۔ الائچی خورد۔ دارچینی۔ نمک شور۔ نمک منہاری۔ نمک لاہوری جواکھار۔ کشنیز خشک۔ پیپلا مول۔ دارفلفل۔ زیرہ سیاہ وسفید۔ زنجبیل۔ ناگیسر۔ شیطرخ ہندی۔ ساذج ہندی ہر ایک ۷ ماشہ انار دانہ ۱۰ تولہ۔ چوک ترش ۲ تولہ۔ عرق لیموں کاغذی بقدر ضرورت یا زنجبیل ۲۰ تولہ۔ نمک سیاہ نمک سنگ ہر ایک ۵ تولہ۔ قرنفل۔ فلفل دراز۔ گندھک آملہ سار مدبر بہ شیر ہر ایک ۴ ماشہ۔ الائچی خورد ۴ ماشہ عرق لیموں کاغذی بقدر ضرورت۔

ترکیب۔ تمام دواؤں کو کوٹ پیس کر عرق لیموں میں سات مرتبہ تر وخشک کریں۔ اور بعدہٗ اسی میں باریک پیس کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

استعمال۔ ایک سے چار گولی تک کھانا کھانے کے بعد یا بوقت ضرورت گرم پانی یا عرق سونف کے ہمراہ استعمال کریں۔

منافع۔ معدہ کو قوت دیتی بھوک لگاتی۔ ریاح کو تحلیل

Marfat.com

کرتی ہے ہضم کو بہتر بناتی۔ اور بادی بواسیر میں مفید ہے۔
بدہضمی اور بھوک کی زیادتی کے لئے خاص چیز ہے۔

## حب پیچش شنگرفی

مشہور نسخہ ہے۔ سینکڑوں اشخاص نے اس کے مفید ہونے کی شہادت دی ہے۔

اجزاء۔ افیون خالص۔ سہاگہ بریان۔ مصطگی رومی۔ شنگرف ہر ایک ہموزن۔

ترکیب۔ تمام دواؤں کو باریک پیس کر باہم ملائیں۔ اور پانی کے ساتھ کھرل کرکے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

استعمال۔ ایک گولی صبح اور ایک گولی شام کو پانی کے ہمراہ یا لعاب ریشہ خطمی ایک تولہ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

منافع۔ زحیر صادق۔ اسہال کبدی اور اسہال بواسیری میں مفید ہے۔ زحیر صادق (اصلی پیچش۔ جس کے ساتھ انتڑیوں میں سدہ نہیں ہوتا) کے لئے خاص چیز ہے۔ اس کے استعمال سے اکثر ایک ہی روز میں آرام آجاتا ہے۔

## حب جدوار عنبری

مشہور قرابادینی نسخہ ہے۔ اکثر بڑے بڑے دیسی دواخانوں

سے تیار مل جاتا ہے۔

اجزاء۔ ناریل مسلم قریباً پاؤ بھر وزن کا ایک عدد۔ افیون خالص ۵ تولہ۔ جدوار خطائی ۱ تولہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ اُردباماش کا آٹا بقدر ضرورت۔ شیر گاؤ دس سیر۔ روغن زرد۔ بقدر ضرورت عنبر۔ روغن بلسان ہر ایک ۲ ماشہ۔ جوزبوا۔ بزرالبنج۔ صمغ عربی ہر ایک ۲ ماشہ۔ جاوتری بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ مایہ شتر اعرابی۔ بادرنجبویہ۔ خولنجان ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ نبات سفید ۱ تولہ۔ ورق طلاء۔ ورق نقرہ حسب ضرورت۔ اگر مایہ شتر اعرابی نہ ملے۔ تو جندبیدستر شامل کر سکتے ہیں۔

ترکیب۔ ناریل کو چھیل کر اس کے اوپر کا سیاہ چھلکا دور کریں پھر اس کو چاقو سے ایک پیسہ کے برابر اس طرح تراش کر سوراخ کریں۔ کہ ایک ٹکڑا نکل آئے۔ اب اس میں افیون جدوار اور زعفران بھر کر اسی ٹکڑے سے اس سوراخ کو بند کر کے اُرد باماش کے آٹے کو گوندھ کر ناریل کے اوپر اس طرح لگائیں۔ کہ ناریل اس میں پوشیدہ ہو جائے اور آٹے کی دبازت تقریباً ایک انگل ہو۔ اب اس ناریل کو دودھ میں اس قدر جوش دیں۔ کہ دودھ خوب گاڑھا ہو جائے۔ اب ناریل کو نکال کر اس قدر گائے کے گھی میں بھونیں کہ گھی ناریل کے اوپر رہے۔ جب ناریل کے اوپر

Marfat.com

کا آٹا خوب سرخ ہو جائے۔ تو ناریل کو گھی سے نکال کر اوپر کے آٹے کو علیحدہ کریں۔ اور ناریل معہ دواؤں کے اس قدر کوٹیں۔ کہ وہ مرہم کی مانند ہو جائے۔ اب اس مرہم میں سے ۷ تولہ دوا لے کر اور باقی تمام دواؤں کو باریک کوٹ پیس کر اس کے ساتھ ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ اور ان کے اوپر سونے یا چاندی کے ورق چڑھا کر رکھ لیں۔

استعمال۔ ایک یا دو گولیاں بوقت صبح یا رات کو سوتے وقت آدھ سیر گرم کئے ہوئے گائے کے دودھ کے ساتھ کھائیں جس کو شہد کے ساتھ شیریں کر لیا گیا ہو۔

منافع۔ دائمی نزلہ۔ زکام۔ کھانسی اور ضعف دل۔ دماغ و اعصاب کے لئے خاص چیز ہے۔ جریان کو دور کرتی۔ امساک لاتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔

## حب جند

قرابادینی نسخہ ہے۔ بڑے بڑے دیسی دوا خانوں سے مل جاتی ہے۔

اجزاء۔ جند بید ستر۔ مشک خالص۔ عود صلیب ہر ایک تین ماشہ عرق بادیان بقدر ضرورت۔

ترکیب۔ دواؤں کو عرق میں پیس کر سیاہ مرچ کے برابر گولیاں

Marfat.com

بنالیں۔

استعمال۔ تین گولیاں روزانہ عرق بادیان ۱۲ تولہ یا عرق دار چینی ۵ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔ شیر خوار بچوں کو نصف گولی ماں کے دودھ میں گھس کر دیں۔

منافع۔ تمام قسم کے بلغمی عصبی امراض مثلاً۔ مرگی۔ فالج۔ لقوہ۔ سکتہ۔ نسیان۔ ام الصبیان وغیرہ میں نافع ہے۔

# حب رسوت

قرابادینی نسخہ ہے۔ اکثر بڑے بڑے دیسی دواخانوں سے مل جاتی ہیں۔

اجزاء۔ رسوت۔ مقل ارزق۔ گیرو۔ مغز تخم نیب۔ مغز تخم بکائن۔ تخم گندنا ہر ایک مساوی الوزن۔ آب گندنا سبز بقدر ضرورت۔

ترکیب۔ تمام دواؤں کو باریک پیس کر آب گندنا میں کھرل کر کے یکجان کریں۔ اور چنے کے برابر گولیاں بنا کر رکھ لیں

استعمال۔ ایک ایک یا دو دو گولیاں صبح شام پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔ بواسیر خونی میں پانی کی بجائے شربت انجبار یا ساٹھی کے چاولوں کی پیچ کے ہمراہ استعمال کریں۔ تو اور بھی زیادہ مفید ہے۔

Marfat.com

منافع۔ ہر قسم کی خونی اور بادی بواسیر میں نافع ہے۔ بواسیری دستوں کو بھی روکتی ہے۔

# حب زمرد فولادی

عظیم دواخانہ متعلقہ بائیجیا ہیلتھ ہوم کی خاص اور مایہ ناز دوا ہے۔

اجزاء۔ عصارہ گڑمار۔ ایکسٹریکٹ جامبل لکوئیڈ ہر ایک ۱۲ ماشہ کشتہ زمرد۔ کشتہ یاقوت۔ کشتہ فولاد۔ ست سلاجیت کشتہ بیضہ مرغ۔ کہربائے شمعی ہر ایک ایک ماشہ عنبر اشہب۔ افیون خالص۔ کونین سلفاس ہر ایک نصف ماشہ۔

ترکیب۔ سب کو بخوبی کھرل کر کے یکجان کر لیں۔ اور دانہ نخود کے برابر گولیاں بنا کر رکھ لیں۔

استعمال۔ ایک ایک گولی دن میں تین یا چار مرتبہ پانی یا زلال مغز پنبہ دانہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

منافع۔ ذیابیطس کے لئے خاص چیز ہے۔ اعضائے رئیسہ کو طاقت دیتی اور کمزوری کو دور کرتی ہے۔ دستوں کو بھی روکتی ہے۔ ضعف اعصاب کے لئے بھی مفید ہے۔

Marfat.com

# حب سورنجاں

مشہور قرابادینی دوا ہے۔ جو اکثر دیسی دواخانوں سے مل سکتی ہے۔

اجزاء۔ صبر سقوطری۔ پوست ہلیلہ زرد۔ سورنجاں شیریں ہر ایک ۷ ماشہ۔ آب تازہ بقدر ضرورت۔

ترکیب۔ تمام دواؤں کو باریک پیس کر آب تازہ کے ساتھ جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا کر رکھ لیں۔

استعمال۔ بقدر تین تین ماشہ یہ گولیاں صبح شام پانی کے ساتھ استعمال کرائیں۔

منافع۔ قبض کھولتی ہے۔ درد کمر۔ عرق النساء۔ وجع المفاصل اور نقرس میں نافع ہے۔

# حب قبض کشا

ایک دو پاخانے لا کر قبض رفع کر دیتی ہے۔ بالکل بے ضرر ہے۔ دہلی کا مشہور نسخہ ہے۔

اجزاء۔ سقمونیائے ولایتی۔ ایلوا۔ عصارۂ ریوند ہر ایک ایک تولہ مصطگی رومی ۲ ماشہ۔ عرق گلاب بقدر حاجت۔

ترکیب۔ سب کو کوٹ پیس کر عرق گلاب میں کھرل کر کے چنے

Marfat.com

کے برابر گولیاں بنالیں۔
استعمال۔ دو سے چار گولیاں رات کو سوتے وقت گرم پانی کے ساتھ کھالیا کریں۔ بچوں کے لئے حسب عمر ایک یا دو گولیاں کافی ہیں۔
منافع۔ قبض کشا ہے۔ اور اس سے پیدا ہونے والے تمام عوارضات مثلاً درد شکم۔ درد سر وغیرہ میں نافع ہے۔

## حب کافوری خاص

عظیم دواخانہ متعلقہ ہائیجیا ہیلتھ ہوم کا خاص نسخہ ہے۔
اجزاء۔ کافور ایک تولہ۔ عصارہ بزرالبنج ولایتی ۲ ماشہ۔ افیون ۱ ماشہ۔
ترکیب۔ سب کو یکجان کر کے چنے کے برابر گولیاں بنالیں
استعمال۔ دو گولیاں صبح اور دو گولیاں رات کو سوتے وقت سادہ پانی کے ساتھ کھالیا کریں۔
منافع۔ جریان۔ کثرت احتلام۔ سرعت اور بیخوابی میں نافع ہے جسم کے ہر قسم کے درد کو بھی تسکین دیتی ہے۔
اس کو مسلسل اور بغیر کسی فاضل طبیب کے مشورے کے ہرگز استعمال نہیں کرانا چاہیئے۔ اور ان کے ساتھ دودھ کا کافی استعمال کرنا چاہیئے۔

Marfat.com

# حب کبد نوشادری

مشہور قرابادینی دوا ہے۔ اور اکثر دیسی دواخانوں سے مل سکتی ہے

اجزاء۔ نوشادر۔ نمک طعام۔ نمک سیاہ۔ نمک لاہوری۔ سہاگہ بریان۔ زرکور۔ ہلیلہ سیاہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی باؤبرنگ۔ فلفل سیاہ۔ زنجبیل۔ ہر ایک ایک تولہ۔ عرق گلاب بقدر حاجت۔

ترکیب۔ سب کو کوٹ پیس کر عرق گلاب کے ساتھ چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

استعمال۔ دو سے چار گولیاں دونوں وقت کھانا کھانے کے بعد پانی یا عرق بادیان وغیرہ کے ساتھ کھا لیا کریں۔

منافع۔ ضعف ہضم اور جگر کے امراض بالخصوص ورم وصلابت جگر۔ سدہ جگر وغیرہ میں مفید و مستعمل ہے۔ قبض اور گرانی شکم کی شکایت بھی اس سے ایک حد تک دفع ہو جاتی ہے۔

# حب کچلہ جدید

عظیم دواخانہ متعلقہ ایجیا ہیلتھ ہوم کی خاص دوا ہے قبض کشا ہونے کے علاوہ نہایت عمدہ مقوی ہیں۔

اجزاء۔ سفوف کچلہ مدبر ۱ تولہ۔ سفوف حنظیانہ ولایتی سفوف

Marfat.com

سنکونا ہر ایک ۲/۱ تولہ۔ عرق گلاب بقدر حاجت۔

ترکیب۔ دواؤں کو عرق گلاب میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

استعمال۔ پہلے ہفتے روزانہ ایک ایک گولی دوسرے ہفتے دو دو گولیاں اور تیسرے ہفتے پھر ایک ایک گولی دونوں وقت غذا کے بعد پانی کے ساتھ کھالیا کریں۔ چوتھے ہفتے ناغہ کریں۔

منافع۔ آنتوں کی سستی کو دور کر کے دائمی قبض کو رفع کرتی نفخ شکم اور ضعف ہضم میں نافع ہے۔ دل دماغ اور پٹھوں کو بھی طاقت دیتی ہے۔

# حب کچلہ خاص

عظیم دواخانہ متعلقہ ہائیجیا ہیلتھ ہوم کا خاص نسخہ ہے جو رفع قبض کے علاوہ تمام جسم اور بالخصوص نظام عصبی میں تقویت بخشتا ہے۔

اجزاء۔ عصارہ کچلہ سیال ۳ ماشہ ۶ رتی عصارہ خنظل مرکب ۱۱ ماشہ ۲ رتی ہیرا کسیس ولایتی ۹ ماشہ ۳ رتی۔

ترکیب۔ سب کو باہم باریک پیس کر اور بجو بی ملا کر ڈیڑھ سو گولیاں بنالیں۔

Marfat.com

استعمال۔ ایک گولی صبح اور ایک گولی شام کو غذا کے بعد استعمال کرائیں۔ بتدریج کم کرتے ہوئے ایک دو ماہ کے بعد ترک کرا دیں۔

منافع۔ قبض کشا ہیں۔ آنتوں کی حرکت دودیہ کو تیز کر کے نیم بستہ پاخانہ لاتی ہیں۔ دائمی قبض کے لئے خاص چیز ہیں ان سے آنتیں بجائے کمزور ہونے کے قوی ہو جاتی ہیں اس کے علاوہ عام جسمانی تقویت اور بالخصوص نظام عصبی کی کمزوری کو دور کرنے میں بھی کار آمد ہیں۔ چہرے کے کیل اور مہاسے وغیرہ اور جلد کے رنگ کی خرابی اور داغ دھبے وغیرہ جو بالعموم قبض دائمی کی وجہ سے پیدا ہو جایا کرتے ہیں۔ اس کے استعمال سے رفع ہو جاتے ہیں۔ اور رنگ نکھر آتا ہے۔

## حب مدر حیض

عظیم دواخانہ متعلقہ ہانیجیا ہیلتہ ہوم کا خاص نسخہ ہے۔

اجزاء۔ پل ایلوزایٹ مرہ اتولہ۔ ہیراکیس سبز ۸ زعفران کشمیری اصلی۔ افستنتین۔ کشتہ فولاد ملتیت ہر ایک ۳ ماشہ۔ سہاگہ ۱۰ ماشہ۔ نرم ڈوڈہ کپاس ۵ تولہ۔

ترکیب۔ ڈوڈہ کپاس کا آدھ پاؤ پانی میں جوشاندہ تیار کریں

Marfat.com

اور باقی تمام دواؤں کو باریک پیس کر جوشاندہ مذکور میں کھرل کرکے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

استعمال۔ ایک ایک گولی دن میں دو یا تین مرتبہ گرم پانی یا گرم دودھ یا چائے وغیرہ کے ہمراہ کھلا دیا کریں۔

منافع۔ بندحیض کو جاری کرتی اور اس سے پیدا ہونے والے جملہ عوارضات۔ دردکمر۔ سردرد۔ گھبراہٹ وغیرہ میں نافع ہے

## حب مرواریدی

قدیم قرابادینی نسخہ ہے۔ جو سیلان الرحم میں واقعی نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔

اجزاء۔ ثعلب مصری۔ مغز تخم سرس ملک مغسول (دھلی ہوئی لاکھ) ہر ایک ۲ تولہ۔ شیر برگد ۲۰ تولہ۔ کشتہ نقرہ۔ کشتہ طلا۔ یاقوت مروارید ہر ایک ۶ ماشہ۔

ترکیب۔ پہلی تین دواؤں کو کوٹ چھان کر شیر برگد میں کھرل کریں۔ اور آخر الذکر چار دواؤں کو علیحدہ کھرل کرکے دونوں کو ملا کر پھر کھرل کریں۔ اور یکجان کرکے دانہ نخود (چنا) کے برابر گولیاں بنا کر محفوظ رکھیں۔ خوبصورتی کے لئے سونے یا چاندی کے ورقوں میں لپیٹ لیں۔

استعمال۔ بوقت ضرورت ایک گولی صبح کو گائے کے دودھ کے

Marfat.com

ہمراہ استعمال کریں۔ دودھ کو نرم آنچ پر جوش دے کر حسب ضرورت شیریں کر لیا کریں۔

منافع۔ عورتوں کی کمزوری اور سیلان الرحم میں خصوصیت کے ساتھ مفید اور کارآمد ہے۔ اعضائے رئیسہ کو قوت دیتی ہے۔ مردوں کے جریان و احتلام اور سرعت کے لئے بھی نافع ہے۔

## حبِ مقل

قرابادینی نسخہ ہے۔ اگر اکثر بڑے بڑے دیسی دواخانوں سے مل سکتی ہے۔

اجزاء۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ سیاہ۔ بلیلہ آملہ خشک ہر ایک ۳ ماشہ۔ سکبینج ۱۰ ماشہ۔ رائی سفید۔ (سرسوں) ۷ ماشہ۔ روغن بادام شیریں ایک تولہ۔ آب گندنا ۵ تولہ۔ گوگل (مقل) سوا چار تولہ۔

ترکیب۔ خشک دواؤں کو کوٹ چھان کر روغن بادام سے چرب کریں۔ اور گوگل و سکبینج کو آب گندنا میں حل کر کے چھان لیں اور اس میں مذکورہ دواؤں کو گوندھ کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

استعمال۔ دو سے چار گولیاں رات کو سوتے وقت گرم پانی کے

Marfat.com

ساتھ کھائیں۔
منافع۔ قبض کو دور کرتی اور بواسیر بالخصوص ریاحی بواسیر میں نافع ہے۔

# حب مقل خاص

عظیم دواخانہ متعلقہ ہائیجیا ہیلتھ ہوم کا خاص نسخہ ہے جو ایک کہنہ مشق اور تجربہ کار خاندانی حکیم صاحب سے بڑی کوشش کے بعد حاصل ہوا تھا تجربہ پر واقعی مفید اور موثر ثابت ہوا ہے۔

اجزاء۔ مقل ازرق ۲ تولہ۔ شیر مدار، آرد گندم بقدر ضرورت۔ مرغ سیاہ ایک عدد۔

ترکیب۔ مقل کو شیر مدار میں دو مرتبہ تر کر کے سایہ میں خشک کریں بعدہٗ آرد گندم میں غلولہ بنا کر رکھ لیں۔ اور مرغ سیاہ کو ذبح کر کے اس کے گوشت کو گرم مصالحہ وغیرہ ڈال کر خوب بھونیں اور چار سیر پختہ پانی ڈال کر غلولہ مذکور بھی اس میں ڈال دیں جب پانی خشک ہو جائے۔ تو غلولہ نکال لیں۔ سرد ہونے پر اس کے اندر سے مقل نکال کر اس کی چنے کے برابر گولیاں بنا کر رکھ لیں۔

استعمال۔ ایک ایک گولی صبح نہار منہ اور رات کو سوتے وقت روغن

Marfat.com

گاؤ ۲ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

**منافع۔** بواسیر ضیق النفس عرق النساء۔ نقرس۔ اور وجع المفاصل میں نافع ہے۔ وجع المفاصل کے لئے خاص چیز ہے۔

# حب ملیریا مزمن

عظیم دواخانہ متعلقہ ہا یجیا پیلتہ ہوم کا خاص نسخہ ہے۔ جو استاذیم محترم حکیم مولوی محمد کبیرالدین صاحب دہلوی کی وساطت سے حاصل ہوا اور پرانے ملیریا بخاروں میں خصوصاً جب کہ ان کے ساتھ جگر اور تلی وغیرہ بھی بڑھ گئے ہوں۔ نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔

**اجزاء۔** کونین ظورائیڈ ½ گرین۔ فیرائی آرسنیاس ⅛ گرین۔ ایکسٹریکٹ نکس وامیکا ⅛ گرین۔ بربارین (جوہر دار ہلد ولایتی) ¼ گرین۔ اولیم اپی سائی (روغن انیسون ولایتی) ¼ قطرہ حب ریوند مرکب (پی لیولا ریہائی کمپونڈ) ۲ گرین۔

**ترکیب۔** سب کو باہم ملا کر ایک گولی بنالیں۔

**استعمال۔** ایسی ایک ایک گولی دن میں دو بار بعد از غذا دیں۔

**تنبیہ۔** ان گولیوں میں چونکہ سنکھیا اور کچلہ جیسی سمی ادویہ شامل ہیں اس لئے دن میں دو گولیوں سے زیادہ ہرگز استعمال نہ کرائیں۔ اور ہفتہ عشرہ تک مسلسل استعمال کرانے

Marfat.com

کے بعد دو تین یوم کا ناغہ کر دیا کریں۔

منافع۔ پرانے ملیریا بخاروں میں خصوصاً جب کہ ان کے ساتھ جگر اور طحال بھی بڑھ گئے ہوں۔ نہایت نفع بخش ہے۔ قبض بھی نہیں ہوتی۔ اس کے علاوہ مقوی اثرات بھی رکھتی ہے۔

فائدہ۔ مندرجہ ذیل قدیم حب سم الفار بھی پرانے ملیریا بخاروں میں نافع اور مجرب ہے۔

صفت۔ کتھ سفید، چونہ سفید، سنکھیا سفید ہر ایک ایک تولہ۔ عرق لیموں میں اچھی طرح کھرل کر کے دانہ باجرہ کے برابر گولیاں بنالیں۔ ایک گولی بخار کی باری سے گھنٹہ دو گھنٹے پہلے کسی مرغن غذا کے چند لقمے کھا کر اوپر سے کھالیں۔ ہر قسم کے ملیریا بخار کی باری کو خواہ وہ تجاری ہو، تجھیا ہو یا روزانہ ہو۔ کار آمد اور مفید ہے۔ چونکہ ان گولیوں میں سنکھیا ہے اس لئے نہایت احتیاط کے ساتھ صرف ہفتہ عشرہ تک ہی ان کا استعمال کرانا چاہیئے۔ اس عرصے میں عموماً بخار رفع ہوجاتا ہے۔ بغیر مسہل دیئے اور نئے بخاروں میں یہ گولیاں شاذونادر ہی فائدہ بخشتی ہیں۔

## حبوبِ ارزق

عظیم دواخانہ متعلقہ ہاتیجیا ہیلتھ ہوم کی خاص دوا ہے

Marfat.com

جو بطور عام مقوی (ٹانک) کے نہایت مفید اور مؤثر ثابت ہوئی ہے۔

اجزاء: سفوف کچلہ مدبر ۳ ماشہ۔ فیرائی فاسفاس ۱۲ ماشہ۔ فیرائی کلورائیڈ ۶ ماشہ۔

ترکیب: سب کو بخوبی کھرل کر کے دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنالیں

استعمال: صبح شام ایک گولی پاؤ بھر گائے کے دودھ کے ہمراہ جسے نرم آنچ پر جوش دے کر حسب ضرورت میٹھا کر لیا گیا ہو۔ کھا لیا کریں۔

منافع: اعلیٰ درجے کی جسمانی اور اعصابی مقوی (ٹانک) ہیں یہ گولیاں خون میں تقویت پیدا کر کے دوران خون کو تیز کرتی ہیں۔ اعضائے رئیسہ دل و دماغ اور پٹھوں کو قوی کرتی ہیں۔ ان کے استعمال سے جسم میں قوت اور چستی پیدا ہوتی ہے۔ چہرے پر سرخی اور مسرت کی لہر دوڑ جاتی ہے۔ دل کی حرکت قوی اور نبض عظیم ہو جاتی ہے۔ انسان کے حوصلے بڑھ جاتے ہیں۔ خواہش مردانہ زیادہ ہو جاتی ہے۔ انتشار کامل، سخت اور دیرپا ہو جاتا ہے۔ اور قوت باہ میں بے حد اضافہ ہوتا ہے۔ بائیجیا ہیلتھ ہوم میں یہ گولیاں بکثرت مستعمل و معمول ہیں۔

Marfat.com

# حبوب زرد

عظیم دواخانہ متعلقہ ہائیجا ہیلتھ ہوم کی خاص دوا ہے

اجزاء۔ جوہر کچلہ ولایتی دسٹرکنین ہائیڈروکلورائیڈ) ایک ماشہ

گندھک آملہ سار مصفیٰ ایک تولہ

مغز تخم تمر ہندی دو تولہ

ترکیب۔ سب کو باریک پیس کر یکجا کر کے یہاں تک کھرل کریں کہ یکجان ہو جائیں۔ اس کے بعد دانہ مونگ یا مسور کے برابر گولیاں بنا کر محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ ایک سے دو گولیاں پاؤ بھر یا آدھ سیر گائے کے دودھ کے ہمراہ روزانہ ایک مرتبہ استعمال کریں۔ گھی دودھ کا اس کے ساتھ بکثرت استعمال کریں۔

منافع۔ جب جریان اور احتلام سے معدہ۔ ہضم اور پٹھوں میں ضعف پیدا ہو گیا ہو اور اس کی وجہ سے قوت باہ بھی کم ہو گئی ہو۔ انتشار ناقص یا بالکل ڈھیلا ہوتا ہو اس کے ساتھ دائمی قبض کی شکایت رہتی ہو۔ تو ایسی حالت میں یہ گولیاں نہایت مفید ثابت ہوتی ہیں یہ جریان اور احتلام کو دور کرتی ہیں۔ قوت باہ اور پٹھوں کو طاقت دیتی ہیں۔ اور بہام غلط کاریوں

Marfat.com

کے بعد جب یہ شکایات پیدا ہوں تو اس وقت اکسیر اعظم ثابت ہوتی ہیں۔ ان کے ساتھ سفوف خاص الخاص کا استعمال بہت جلد شفا کا باعث ہوتا ہے۔

## حبوب سرخ

عظیم دواخانہ متعلقہ ہائیجیا ہیلتھ ہوم کی خاص اور مایۂ ناز دوا ہے۔

**اجزاء۔** سلاجیت اصلی مصفیٰ۔ افیون خالص۔ رب بھنگ یا زہر البنج ولائتی کشتہ بیضہ مرغ۔ کشتہ قلعی۔ کشتہ سہ دھاتہ۔ کشتہ خبث الحدید یا فولاد ہر ایک ایک تولہ۔ پوٹاسیم برومائیڈ ایک اونس۔

**ترکیب۔** سب دواؤں کو کھرل میں یکجان کرکے پانی کے ساتھ چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

**استعمال۔** ایک گولی صبح اور ایک گولی شام کو یا دو گولیاں رات کو سوتے وقت پانی یا پاؤ سیر گائے کے دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

**منافع۔** اس ضعف باہ میں نہایت مفید ہیں۔ جو جریان احتلام اور ضعف معدہ کی وجہ سے ہو ان کے استعمال سے نزلہ اور حس دور ہو جاتی ہے۔ اور جریان و احتلام کی شکایت

Marfat.com

بہت جلد رک جاتی ہیں۔ معدے میں قوت پیدا ہوتی ہے۔ قوت امساک اور قوت باہ بہت بڑھ جاتی ہے۔ بکیرج ائمی قبض اور نافص انتشار کے مریضوں کو ان کا استعمال ہرگز نہیں کرنا چاہیئے۔ ان کے لئے حبوب زرد کا استعمال مفید ہوتا ہے۔ ذیابیطس کے مریضوں میں بھی اس سے فائدہ پہنچتا ہے۔

# حبوب عشرت

عظیم دواخانہ متعلقہ ہائیجیا میڈیکل ہوم کا خاص نسخہ ہے بہترین ملذذ ہے۔

اجزاء۔ خون خرگوش ۲ ماشہ۔ خون گلہری ۱ ماشہ۔ پیخال کبوتر صحرائی قضیب خرس۔ بیر بہوٹی۔ لوبان کوڑیہ۔ کافور۔ عطر حنا۔ عطر موتیا ہر ایک ایک ماشہ۔ شہد خالص بقدر ضرورت۔

ترکیب۔ سب دواؤں کو یکجان کر کے اور شہد میں ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

استعمال۔ بوقت ضرورت ایک گولی شہد خالص یا لعاب دہن میں گھس کر عضو پر طلا کریں۔ اور تھوڑی دیر بعد مصروف بکار ہوں۔

منافع۔ لاثانی ملذذ و درمنزل النساء۔ عورتوں کی حیات کو بیدار کر کے انہیں جلد فارغ کرا دیتی ہیں۔ جس سے اکثر عورتیں

Marfat.com

مرد کی دل وجان سے گرویدہ ہو جاتی ہیں۔

# حبوب ممسک شنگرفی

مشہور قرابادینی نسخہ ہے۔

اجزاء۔ شنگرف رومی۔ جائفل۔ عقرقرحا۔ افیون۔ شہد خالص ہر ایک مساوی الوزن۔

ترکیب۔ سب دواؤں کو باریک پیس کر شہد میں ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

استعمال۔ ایک گولی ضرورت سے تین گھنٹے پہلے پاؤ شیر گائے کے دودھ کے ساتھ کھائیں۔ اسکے بعد نمک اور ترشی کا استعمال نہ کریں۔

منافع۔ سرعت کو دور کرتی۔ امساک لاتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔

# حبوب مومیائی عنبری

استاذیم مسیح الملک حکیم اجمل خانصاحب مرحوم دہلوی کا خاص خاندانی نسخہ ہے۔ بڑے بڑے دہلی کی طرز کے دیسی دواخانوں سے تیار مل جاتی ہے۔

اجزاء۔ مومیائی خالص۔ مصطگی رومی ہر ایک ۹ رتی۔ عنبر اشہب ایک ماشہ۔ روغن پستہ ۳ ماشہ۔ عرق گلاب و عرق

Marfat.com

بہار نار بخ بقدر ضرورت۔ فاوزہر معدنی مشک خالص ہر ایک
ایک ماشہ۔ مروارید ناسفتہ۔ قرنفل طباشیر سفید جائفل
جاوتری۔ بہمن سرخ بہمن سفید۔ دارچینی۔ شقاقل مصری
زنجبیل دورنج عقربی۔ عود ہندی۔ عود صلیب۔ ثعلب مصری
جد وار خطائی ہر ایک نصف ماشہ۔ ورق طلا بقدر ضرورت
ترکیب۔ مومیائی مصطگی اور عنبر کو ایک چینی کی پیالی میں رکھ
کر روغن پستہ اس میں ڈال دیں۔ اور اس پیالی کو ایک
قلعی شدہ تانبے کے برتن میں رکھ کر عرقیات اس قدر
ڈالیں۔ کہ پیالی کے بالائی کنارے تنے نیچے رہے پھر
ایک دیگچی میں پانی بھر یا۔ اور تین پایہ کے سہارے سے
پیالی والا برتن اس دیگچی میں اس طرح رکھیں۔ کہ وہ پانی سے
اوپر رہے۔ اب دیگچی کے منہ پر سرپوش رکھ کر اس کو
باحتیاط آٹے کے ساتھ مستحکم کر دیں۔ پھر اس دیگچی کو چولہے
پر رکھ کر اس کے نیچے نرم آگ جلائیں۔ تاکہ مومیائی وغیرہ
پگھل کر یکجان ہو جائیں۔ بعدہٗ باقی تمام دواؤں کو باریک
پیس کر اس پیالی والی دوا میں ڈال کر چنے کے برابر گولیاں
بنالیں۔ اور سونے کے ورقوں میں لپیٹ کر محفوظ رکھیں۔
استعمال۔ دو گولیاں رات کو سوتے وقت گرم کرکے ٹھنڈا اور
شیریں کئے ہوئے شیر گاؤ یا عرق گاؤزبان، تولہ عرق

Marfat.com

بید مشک ۳ تولہ۔ عرق کیوڑہ ۳ تولہ۔ میں مصری دو تولہ حل کر کے اور تخم بالنگو تین ماشہ چھڑک کر کھلا دیا کریں۔

**منافع**۔ قوت باہ کے لئے خاص چیز ہے۔ اعضائے رئیسہ کو قوت دیتی ہے۔ شباب کی غلط کاریوں سے عام اعضا جسمانی میں جو کمزوری اور عضو خاص میں جو سستی پیدا ہو جاتی ہے۔ اس کے لئے خصوصیت کے ساتھ ناخوشگوار صحت کی حالت میں جماع کے بعد اس کا استعمال قوت باہ کو ہمیشہ کے لئے محفوظ رکھتا ہے

# حریرہ کلاں

دہلی کے مطب کا مشہور نسخہ ہے۔ استاذیم محترم رئیس الاطبا حکیم مولوی فرید احمد صاحب عباسی ہاوس فزیشن طبیہ کالج دہلی کا مجرب و معمول ہے۔

**اجزا**۔ مغز تخم کدو شیریں۔ مغز تخم خیارین۔ مغز تخم خربزہ۔ خشخاش سفید۔ دانہ ہیل کلاں ہر ایک ۳ ماشہ۔ مغز بادام شیریں ۵ عدد۔ روغن زرد۔ نبات سفید ہر ایک ۲ تولہ۔ پانی بقدر ضرورت

**ترکیب**۔ مغزیات کو پانی میں پیس کر اور روغن زرد اس میں اضافہ کر کے آگ پر رکھیں۔ حریرہ کی مانند پکا کر اتار لیں اور نبات داخل کریں۔

**استعمال**۔ روزانہ صبح کے وقت ناشتہ کے طور پر تیار کر کے استعمال

کریں۔

منافع۔ تقویت دماغ و اعصاب کے لئے نہایت مفید ہے۔ بالخصوص جب کہ معدہ کمزور نہ ہو۔ معدے کی کمزوری کی صورت میں کشنیز خشک ۳ ماشہ کا اس میں اضافہ کر لیا کریں۔ نزلہ حار اور خشک کھانسی میں بھی مفید ہے دماغ اور پٹھوں کی خشکی کو بھی دور کرتا ہے۔

## حریرہ مقوی دماغ

رئیس الاطبار حکیم مفتی سلیم اللہ صاحب لاہوری کا خاص نسخہ ہے۔ اور بلاشبہ تقویت دماغ و اعصاب کے لئے مفید ہے۔

اجزاء۔ مغز بادام شیریں ۵ دانہ۔ مغز تخم کدو شیریں، مغز تخم خیارین۔ دانہ ہیل کلاں۔ مغز تخم تربوز۔ مغز تخم خربزہ تخم خشخاش سفید ہر ایک ۳ ماشہ۔ روغن زرد ۲ تولہ نبات سفید ۲ تولہ۔

ترکیب۔ خشخاش تک کی تمام دواؤں کو تھوڑے سے پانی میں گھوٹ کر روغن زرد ملا کر نرم آگ پر پکائیں جب گاڑھا ہو جائے۔ اتار کر نبات سفید داخل کریں۔

استعمال۔ صبح کو ناشتے کے طور پر استعمال کریں۔ یہ ایک ہی

Marfat.com

خوراک ہے۔

منافع۔ دماغ۔ حرام مغز اور پٹھوں کو طاقت دیتا ہے۔ بیخوابی، نزلہ دائمی اور کھانسی میں نافع ہے۔

یادداشت۔ ضعفِ معدہ کی موجودگی میں مغزیات کو سادہ پانی میں پینے کی بجائے ترپھلہ ( پوست بلیلہ۔ ہلیلہ۔ آملہ ہر ایک ۳۔ ۳ ماشہ) کے زلال میں پیسیں۔ اور کشنیز و بادیان ۳۔ ۳ ماشہ کا اضافہ کریں

# خاکسی ہفت جوش

دہلی کے مطب کا مشہور و معمول نسخہ ہے اور استاذیم محترم رئیس الاطبا حکیم مولوی فرید احمد صاحب عباسی کا مجرب خصوصی ہے

اجزا۔ خاکشی ۷ ماشہ۔ آب تازہ ۱۲ تولہ۔ شربت بنفشہ ۲ تولہ۔

ترکیب استعمال۔ خاکشی کو پانی میں جوش دے کر اور شربت اس میں حل کرکے پلا دیا کریں۔ پہلے روز ایک جوش دیں۔ دوسرے روز دو جوش دیں۔ تیسرے روز تین۔ چوتھے روز چار علٰے ہذالقیاس سات جوش تک پہنچا کر اسی طرح روزانہ ایک ایک جوش کم کرتے ہوئے ترک کردیں۔

منافع۔ پرانے بلغمی اور مرکب بخاروں کے لئے خصوصیت کے ساتھ نہایت مفید ہے۔

Marfat.com

# خربوزے کے چھلکے

خربوزہ نہایت مشہور پھل ہے۔ اور بکثرت کھایا جاتا ہے۔ اس کے چھلکے جو عموماً اتار کر پھینک دیئے جاتے ہیں۔ اگر سایہ میں خشک کر کے محفوظ رکھے جائیں۔ اور بوقت ضرورت بھگو کر ان کا زلال یا ان کو گھوٹ کر ان کا شیرہ استعمال کیا جائے۔ انکو سبزی کی مانند پکا کر کھلایا جائے۔ تو نہایت اعلیٰ درجے کا تغیر مفر مدر اثر کرتے ہیں۔ پیشاب کھل کر لے آتے ہیں۔ احتباس لبول کے لئے مفید ہیں۔ اور ان کا استعمال خواہ کسی طرح پر کیا جائے۔ ان اشخاص کے لئے خصوصیت کے ساتھ مفید ہے۔ جن کو پتھر یا ریگ گردہ ومثانہ کی وجہ سے درد گردہ کے دورے کی تکلیف اکثر رہتی ہو۔ اس کے بکثرت استعمال سے ان کو درد کا دورہ شاذونادر ہی ہوتے پاتا ہے اور خوبی یہ ہے۔ کہ ہر موسم اور ہر جگہ یہ بے قیمت دستیاب ہو سکتے ہیں۔ اور ان کے استعمال سے اور کسی طرح کی تکلیف یا نقصان کا مطلقاً اندیشہ نہیں ہوتا۔

# خشخاش

مشہور بیج ہیں۔ دو قسم کے ہوتے ہیں۔ سفید اور سیاہ

Marfat.com

سفید پوست کے ڈوڈے (کوکنار) کے اندر سے برآمد ہوتے ہیں۔ اور سیاہ فی الحقیقت گل لالہ کے بیج ہیں دوائ زیادہ تر خشخاش سفید مستعمل ہے۔ یہ دوسرے درجے میں سرد اور پہلے میں تر بیان کی گئی ہے۔ ذائقہ اس کا خفیف سی شیرینی لئے ہوئے پھیکا ہوتا ہے۔ سرد مزاج والے اشخاص کے پھیپھڑوں کے لئے مضر ہوتی ہے۔ شکر سفید۔ شہد خالص اور مصطگی رومی سے اس کی اصلاح ہو جاتی ہے۔ ۳ ماشہ سے ۳ تولہ تک استعمال کی جاسکتی ہے۔

افعال و منافع۔ نیند لاتی ہے۔ کھانسی کو مفید اور مقوی دماغ ہے خفیف مخدر یعنی بے حس اور سن کرنے والی ہے۔ رقیق صفراوی مواد کو پکاتی ہے کسی قدر قابض بھی ہے شکر کے ساتھ سینے کی خشونت اور گرم خشک کھانسی کو رفع کرتی ہے۔ تپ دق ضعف جگر و گردہ کے لئے بھی سود مند ہے۔ مثانے کی سوزش اور گرم بیماریوں میں بھی نافع ہے۔ مغز بادام کے ساتھ عمدہ خون پیدا کرتی اور لاغری کو دور کرتی ہے۔ شہد کے ساتھ تھوڑی مقدار میں مقوی باہ ہے۔ مقوی دماغ حریروں میں بکثرت مستعمل ہے۔ بعض لوگ خمیری روٹیوں پر لگا کر بھی اس کو کھاتے ہیں۔ اس کا خمیرہ بھی تیار ہوتا ہے۔ اور اکثر بڑے بڑے دیسی دوا خانوں سے بنا بنایا تیار خمیرہ بھی لیجاتا

Marfat.com

ہے۔ جو کھانسی کو زائل کرتا کھنکار میں خون آنے (نفث الدم) کو روکتا۔ گرم نزلہ کو دور کرتا۔ سر کے درد کو تسکین دیتا حیض کی زیادتی کو فائدہ بخشتا اور گرم بخاروں میں نافع ہے صبح نہار منہ ۷ سے ۱۲ ماشہ تک عرق گاؤزبان وغیرہ کے ہمراہ استعمال کیا جاتا ہے۔

## خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والہ

مشہور نسخہ ہے۔ جو اکثر بڑے بڑے دیسی دواخانوں سے تیار مل جاتا ہے۔
اجزاء۔ عود غرقی ۴ ماشہ۔ سنبل الطیب۔ پوست بیرون ترنج مصطگی قرنفل۔ دانہ الائچی خورد۔ ساذج ہندی ہر ایک ۵ ماشہ۔ برادہ صندل سفید ۶ ماشہ۔ ابریشم خام مقرض ۲۴ تولہ۔ عرق گاؤزبان عرق بید مشک۔ عرق گلاب۔ آب سیب۔ آب انار شیریں۔ آب بہی شیریں ہر ایک ۴ تولہ۔ آب باراں دو سیر شہد خالص۔ پاؤ سیر نبات سفید ۳ پاؤ۔ عنبر خالص ۶ ماشہ عرق کیوڑہ بقدر حاجت۔ ورق طلاء۔ ورق نقرہ ہر ایک ۱۲ ماشہ مروارید۔ یاقوت یشب سبز ہر ایک ۹ ماشہ۔ کہربائے شمعی مرجان ہر ایک ۶ ماشہ۔ مشک خالص۔ زعفران ہر ایک ۱۵ ماشہ
ترکیب۔ ابریشم تک کی دواؤں کو باریک کپڑے (ململ) کی پوٹلی میں باندھ کر بارش کے پانی اور عرقیات میں اس قدر جوش

Marfat.com

دیں۔ کہ دو سیر پانی جل جائے۔ بعدہ پوٹلی کو نکال دیں۔ اور جوشاندہ میں شہد و نبات شامل کر کے قوام کریں۔ آخر قوام میں ورقوں کے علاوہ باقی تمام دوائیں عرق کیوڑہ کے اندر کھرل کے ذریعے محلول کر کے شامل کر دیں۔ بعدہ نیچے اتار کر اس قدر گھوٹیں کہ خمیرہ کی مانند سفید ہو جائے۔ اب ورق ایک ایک کر کے ملا دیں۔ اور شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ تین سے چھ ماشہ تک عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

منافع۔ اعضائے رئیسہ (دل۔ دماغ اور جگر) کو طاقت دیتا۔ تفریح پیدا کرتا اور سوداوی امراض دماغی میں بالخصوص نافع ہے۔ فاسد خیالات اور خفقان کو دور کرتا ہے۔

# خمیرہ گاؤزبان عنبری جدوار عود صلیب والا

مشہور قرابادینی نسخہ ہے۔ اور اکثر بڑے بڑے دیسی دوا خانوں سے تیار مل سکتا ہے۔

اجزاء۔ گاؤزبان ۳ تولہ۔ گل گاؤزبان کشنیز خشک مقشر۔ ابریشم خام مقرض بہمن سرخ بہمن سفید۔ صندل سفید۔ تخم بالنگو تخم ترنجمشک۔ بادرنجبویہ۔ اسطوخودوس۔ تودری سرخ جدوار عود صلیب ہر ایک ایک تولہ۔ پانی دو سیر۔ مصری ایک سیر

Marfat.com

شہد خالص پاؤ سیر۔ عنبر اشہب ۲ ماشہ۔ عرق کیوڑہ ۱۰ تولہ
ورق طلاء۔ ورق نقرہ ہر ایک ۱۰ ماشہ۔

ترکیب۔ عود صلیب تک کی دواؤں کو پانی میں رات کو تر کر دیں۔ صبح کو اس قدر جوش دیں۔ کہ پانی نصف رہ جائے پھر مل کر چھان لیں۔ اور مصری و شہد ملا کر قوام تیار کر لیں۔ آخر قوام میں عنبر کو عرق کیوڑہ میں حل کر کے ملا دیں۔ اور تھوڑی دیر بعد نیچے اتار کر خوب گھوٹ لیں۔ سرد ہونے پر اتار کر ورق ایک ایک کر کے ملا کر اور کسی شیشے کے ڈھکنے والے مرتبان میں ڈالکر محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ ۳ سے ۵ تک صبح کو پانی یا عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

منافع۔ دل و دماغ کو قوت دیتا ہے۔ قوت حافظہ کو قوی کرتا ہے صرع۔ فالج۔ لقوہ۔ رعشہ۔ اختناق الرحم وغیرہ عصبی امراض میں خصوصیت کے ساتھ نافع و مستعمل ہے۔

## خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا

مشہور قرابادینی نسخہ ہے۔ جو اکثر بڑے بڑے دیسی دواخانوں سے مل جاتا ہے۔ یہ طب یونانی کی واقعی ایک لاثانی دوا ہے

اجزاء۔ گاؤزبان ۱۰ تولہ۔ کشنیز خشک مقشر ۱۰۔ ابریشم خام مقرض

Marfat.com

بہمن سرخ وسفید صندل سفید۔ تخم فرنجمشک ہر ایک ایک تولہ پانی دو سیر مصری ایک سیر شہد خالص پاؤ سیر عنبر اشہب ۲ ماشہ ورق طلاء ورق نقرہ ہر ایک چھ ماشہ۔ مروارید یاقوت۔ زمرد۔ زہرمہرہ ہر ایک ۳ ماشہ۔ عرق گلاب یا کیوڑہ بقدر حاجت۔

ترکیب۔ فرنجمشک تک کی دواؤں کو رات کے وقت پانی میں تر کریں۔ صبح کو اس قدر جوش دیں۔ کہ تہائی پانی باقی رہ جائے۔ بعدہٗ چھان کر مصری اور شہد ملا کر قوام تیار کریں۔ آخر قوام میں عنبر اور دیگر جواہرات عرق گلاب یا کیوڑہ میں بخوبی کھرل کر کے اضافہ کریں۔ اور تھوڑی دیر بعد اتار کر گھوٹ لیں۔ سرد ہونے پر ورق ایک ایک کر کے ملا دیں۔ اور شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ ۵ ماشہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ۔ یا کسی دوسرے مناسب بدرقہ کے ساتھ استعمال کریں۔

منافع۔ دل و دماغ اور پٹھوں کو طاقت دیتا ہے۔ تفریح بخشتا اور خفقان و مالیخولیا میں نافع ہے۔ ضعف بصارت اور دائمی نزلہ زکام کو بھی دور کرتا ہے۔ تقویت دماغ اور اعصاب کے لئے خاص چیز ہے

## خمیرہ مروارید

مشہور قرابادینی نسخہ ہے۔ جو اکثر بڑے بڑے دیسی دواخانوں

Marfat.com

سے تیار ہو سکتا ہے۔ قرابادینوں میں اس کے کئی نسخے درج ہیں
سب سے زیادہ مشہور اور مروج نسخہ ذیل میں درج ہے۔
اجزاء۔ مروارید ناسفتہ۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ تودری سفید۔ تخم بادرنجبویہ
زعفران۔ عنبر اشہب۔ مشک خالص ہر ایک ایک تولہ۔ زہر مہرہ
اصلی۔ بادرنجبویہ ہر ایک ۲ تولہ۔ گل گاؤزبان۔ خرفہ مقشر
ہر ایک ۱۰ تولہ۔ گلاب۔ عرق بید مشک ہر ایک ایک سیر قند سفید
دو سیر۔
ترکیب۔ مشک عنبر۔ زعفران زہر مہرہ اور مروارید کے علاوہ باقی
تمام دواؤں کو رات کو عرقیات میں بھگو دیں۔ بہمنین کو جوکوب
کرکے ڈالیں۔ صبح جوش دے کر مل چھان کر جوشاندہ میں قند ملا
کر خمیرے کا قوام کریں۔ آخر قوام میں مشک عنبر وغیرہ دواؤں
کو روح گلاب یا بید مشک میں باریک پیس کر اور حل کرکے شامل
کردیں۔ اب چولہے پر سے نیچے اتار کر یہاں تک گھوٹیں کہ سفیدی
مائل ہو جائے۔ بعدہ کسی شیشے کے ڈھکنے والے مرتبان
میں محفوظ رکھیں۔
استعمال۔ بقدر ۵ ماشہ کسی مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کریں
منافع۔ مقوی دل و دماغ اور مسکن ہے۔ وحشت اور خفقان کو
دور کرتا ہے۔ موتی جھرہ اور دیگر میعادی بخاروں نیز
چیچک۔ خسرہ وغیرہ امراض میں تقویت کے لئے خاص چیز ہے

Marfat.com

فائدہ۔ خمیرہ مروارید کا مندرجہ ذیل نسخہ جو خمیرہ مروارید بہ نسخہ کلاں کے نام سے مشہور ہے۔ مندرجہ بالا نسخے سے بھی زیادہ مفید و موثر ہے۔ بالخصوص موتی جھرہ۔ چیچک۔ خسرہ وغیرہ متعدی امراض میں اس سے بڑھ کر کوئی دوسری دوا نہیں ہو سکتی کثرت اسہال اور کثرت جریان خون عورتوں میں استحاضہ وسیلان الرحم وغیرہ کی وجہ سے جو غیر معمولی کمزوری ہو جاتی ہے۔ اس کے لئے بھی نہایت مفید چیز ہے۔

صفت:۔ مروارید ناسفتہ ایک تولہ یشب سبز۔ کہربائے شمعی۔ صندل سفید طباشیر ہر ایک ۶ ماشہ۔ آب انار۔ آب سیب۔ آب بہی ہر ایک ۵ تولہ۔ عرق کیوڑہ بقدر ضرورت۔ قند سفید۔ تا شہد خالص ۵ تولہ۔ ورق نقرہ ۶ ماشہ۔ ورق طلا ۱۱ ماشہ بطریق معروف خمیرہ تیار کریں۔ ۳ سے ۵ ماشہ تک صبح شام عرق کیوڑہ ۵ تولہ یا عرق شیر ۵ تولہ یا کسی اور مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

## دریدہ کاسنی

دہلی کے مطب کا خاص نسخہ ہے۔ اور بلغمی امراض میں واقعی نہایت مفید ہے۔

اجزاء تخم کاسنی ایک تولہ۔ نمک طعام ۱ ماشہ۔ یا نوشادر بھرتی پانی ۴ تولہ۔

Marfat.com

ترکیب۔ دواؤں کو پانی میں پیس کر آگ پر رکھیں جب پھٹ جائے نیچے اتار لیں۔

استعمال۔ روزانہ صبح یا شام کو تیار کر کے پلا دیا کریں۔

منافع۔ جگر اور طحال کے سدوں کو کھولتا ہے۔ بالخصوص لیسدار بلغم کے اجتماع کی وجہ سے پیدا ہو جاتے ہیں۔ اور جگر کی مشارکت سے پیدا ہونے والے نیز ہر قسم کے بلغمی بخاروں۔ بالخصوص ان پرانے بلغمی بخاروں میں جو تنقیہ کے بعد بھی باقی رہتے ہیں۔ نہایت مفید ہے۔

# دواء الشفا

ہندوستانی دواخانہ دہلی کی مشہور دوا ہے جو جنون۔ صرع اور اختناق الرحم کے لئے مخصوص ہے۔ استاذیم محترم ڈاکٹر حبیب الرحمان مرحوم سابق پرنسپل طبیہ کالج دہلی کی وساطت سے یہ نسخہ معلوم ہوا تھا۔ بلاشبہ یہ ایک لاثانی چیز ہے۔ طبیہ کالج دہلی کے محکمہ ریسرچ نے بعد ہائیڈرنی کا بند "اجملین" نامی اس کا ایک جوہر موثر بھی تیار کیا ہے یہ بروماییڈز کی بہ نسبت زیادہ مفید و موثر ہونے کے باوجود ہر طرح کے مضر اثرات سے جو بروماییڈز کے ساتھ بالخصوص وابستہ ہیں۔ بالکل پاک ہے۔

اجزاء۔ چھوٹی چندن (یہ ایک بوٹی ہے۔ جو بہار بنگال اور بالخصوص

تبت کے پہاڑوں میں پائی جاتی ہے۔

ترکیب۔ اس بوٹی کو سایہ میں خشک کر کے سفوف بنا کر رکھ لیں۔

استعمال۔ صبح شام بقدر دو دو ماشہ سادہ پانی یا کسی شربت میں ملا دیں

منافع۔ مسکن اعصاب اور نیند لاتی ہے۔ جنون۔ صرع اور اختناق الرحم میں فوری تسکین بخشتی ہے۔ مشتعل اور امن عامہ کے لئے خطرناک مجنونوں کے لئے اس کا استعمال خصوصیت کے ساتھ نافع ہے۔

# دواالمسک معتدل سادہ

مشہور قرابادین دوا ہے۔ جو تمام بڑے بڑے دیسی دواخانوں سے مل جاتی ہے۔ طب یونانی کی مایہ ناز دوا ہے۔

اجزاء۔ گل سرخ۔ ابریشم مقرض۔ دارچینی۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ زعفران۔ درونج عقربی ہر ایک ۷ ماشہ۔ عود ہندی۔ بادرنجبویہ ہر ایک ۵ ماشہ مصطگی ۶ ماشہ۔ ہیل بوا۔ الائچی خورد، ہر ایک ۳ ماشہ ورق نقرہ ۱۰ ماشہ۔ زرشک ۱ تولہ ۵ ماشہ یسد سوختہ طباشیر سفید۔ صندل سفید صندل سرخ۔ کشنیز خشک۔ گل گاؤزبان۔ آملہ منقی۔ تخم خرفہ مقشر ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ مشک تبتی ا ماشہ ۷ رتی۔ آب سیب شیریں۔ قند سفید شہد سفید ہر ایک ہم وزن ادویہ۔ ورق نقرہ ۱۰ ماشہ۔

Marfat.com

ترکیب۔ بدستور معمول معجون بنائیں۔ لیکن اس سے ذرا پتلا قوام رکھیں اور شیشے کے ڈھکنے والے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

استعمال:۔ ۷ ماشہ عرق گاؤزبان چھ تولہ عرق بادیان چھ تولہ اور شربت بنفشہ دو تولہ یا کسی دوسرے مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

منافع۔ مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔ اس کے علاوہ معدہ اور ہضم کو بھی قوی کرتی ہے۔ دل کی تقویت کے لئے خاص چیز ہے۔ اور اس غرض کے لئے خصوصیت کے ساتھ معمول ہے۔

# دواءالمسک معتدل جواہر والی

اجزاء۔ دواءالمسک معتدل بہ نسخہ مذکور بالا۔ مروارید ناسفتہ کہربائے شمعی ہر ایک ۱½ ماشہ عنبر اشہب ایک ماشہ ۷ رتی عرق کیوڑہ ۲ تولہ۔

ترکیب دواءالمسک میں باقی دواؤں کو عرق کیوڑہ میں بخوبی حل کر کے شامل کر دیں۔

منافع۔ مذکورہ بالا دواءالمسک معتدل سے قوی ہے۔ اور اس کے منافع کے علاوہ سوداوی امراض اور مالیخولیائے مراقی غشی۔ وغیرہ میں بھی مفید ہے۔ تقویت اعضائے رئیسہ کیلئے لاثانی دوا ہے ۳ سے ۷ ماشہ تک دواءالمسک معتدل کی مانند ہی استعمال کی جاتی ہے۔ اگر مریض کھا نہ سکے تو عرق میں گھول کر اس کے حلق میں ٹپکا دیں۔

Marfat.com

# دوائے بلادر خاص

خاص نسخہ ہے۔ اس کو "معجون خاص معید شباب" کے نام سے بھی موسوم کیا جاتا ہے۔ یہ ہائیجیا بیلتہ ہوم کی مایۂ ناز دوا ہے۔ اور عموماً تیار ہوکر فروخت ہوتی رہتی ہے۔ اس کا نسخہ دہلی کی ہمدرد صحت کی وساطت سے حاصل ہوا تھا۔

اجزاء۔ بلادر (کلاہ دور کردہ) ایک سیر۔ شیر گاؤ۔ پانچ سیر۔ عاقر قرحا دارچینی قلمی۔ الائچی سفید۔ قرنفل جاوتری۔ زعفران کشمیری ہر ایک ۳ ماشہ۔ گرم تمل ۱۰ تولہ۔ سونٹھ۔ خولنجان۔ ثعلب مصری ہر ایک ۲ تولہ۔ تخم گزر۔ تخم ترب۔ مغز چلغوزہ۔ مغز اخروٹ۔ مغز نارجیل عمدہ۔ مغز پستہ ہر ایک ۲ تولہ مغز بادام شیریں۔ تخم پیاز۔ آملہ تخم خیار ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ خراطین مصفیٰ ۲ تولہ۔ شہد خالص تمام دواؤں کے وزن سے دوگنا۔ مصری تمام دواؤں کے ہم وزن۔ زردئ بیضہ مرغ ۴ عدد۔ عنبر اشہب ۳ ماشہ۔ مشک خالص ۲ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ ورق نقرہ ہر ایک ۱ تولہ۔ ورق طلا ۳ ماشہ

ترکیب۔ بلادر کو دودھ میں رات کے وقت جوش دے کر دودھ کو ضامن لگاکر جما دیں۔ صبح بلوکر اس کا مکھن نکال لیں۔ اور طریقہ معروف باقی دواؤں سے معجون تیار کرکے اس میں شامل کرکے رکھ لیں۔

Marfat.com

استعمال۔ ۳ سے ۱ ماشہ تک صبح اور عصر کے وقت دودھ کے ہمراہ کھالیا کریں
منافع۔ اعضائے رئیسہ کو تقویت دیتی۔ بالوں کو سیاہ رکھتی اور قوت مردمی کی حفاظت کرتی ہے۔ جسم کو طاقت دینے اعادہ شباب یعنی جوانی کی قوتوں کو محفوظ رکھنے اور قبل از وقت بڑھاپے میں ان کو از سر نو پیدا کر دینے کے لئے خاص چیز ہے۔ بوڑھوں کے لئے بلاشبہ یہ دوا ایک لاثانی تحفہ ہے۔

# دوائے خار پشت

عظیم دواخانہ متعلقہ ایچیا ہسپتال ہوم کی خاص دوا ہے۔ جو تجربے پر نہایت مفید ثابت ہوئی ہے۔ اس کا نسخہ برادرم حکیم محمد یعقوب خان صاحب کامل طب و جراحت قصوری کی وساطت سے حاصل ہوا تھا ان کا بھی معمول و مجرب ہے۔

اجزاء۔ بارہ سینگ بقدر حاجت۔ خار پشت ۱ عدد۔
ترکیب۔ خار پشت کو مار کر اس کا پیٹ چاک کر کے ہر قسم کی آلائش سے پاک کریں بعد اس میں بارہ سینگ کو برادہ کر کے بھر دیں۔ اور دھاگہ وغیرہ سے سی کر گل حکمت کر کے ایک وزن اوپلوں کی آگ دیں۔ جس سے وہ جل کر راکھ ہو جائے۔ بعدہ نکال کر محفوظ رکھیں۔
استعمال۔ ایک چھوٹی سی انگیٹھی میں کوئلوں کے سرخ انگارے ڈالیں۔ اور اس پر ایک ناند یا ٹب جس کے وسط میں سوراخ

Marfat.com

کیا ہوا ہو۔ اس طرح اوندھا رکھ دیں۔ کہ اس کا سوراخ انگیٹھی
کے عین درمیان میں رہے۔ اب اس سوراخ کے راستے کوئلوں
پر تین سے پانچ ماشہ یہ دوا ڈال کر مریض کو اس طرح سوراخ کے
اوپر بٹھائیں۔ کہ دوا کی دھونی اس کی مقعد میں بواسیر کے مسوں پر پہنچتی
رہے۔ اگر مریض دیر تک برداشت نہ کر سکے تو تھوڑی تھوڑی دیر
بعد بیٹھتا رہے۔

منافع۔ بواسیر کے مسوں کو خشک کرنے کے لئے خاص چیز ہے۔ سوزش
اور جلن کو بھی رفع کر دیتی ہے۔ اور عموماً ایک دو مرتبہ کے استعمال
سے بہت کافی فائدہ ہو جاتا ہے۔

فائدہ۔ بعض اوقات اس دوا کے ہموزن بھنگ، اور اس سے بقدر نصف
مقدار عورت کے بال اور لاکھ کا بھی اس میں اضافہ کر لیا جاتا ہے
اور اس سے پہلے ذیل کی دوا تیار کر کے مسوں پر لگالی جاتی ہے
بیروزہ کا گھی ۵ تولہ (اکیس مرتبہ پانی میں دھویا ہوا) کپور ۳ تولہ
دانہ الائچی خورد۔ بھنگ ہر ایک ۶ ماشہ آخر الذکر تینوں دواؤں کو
نہایت باریک پیس کر کپڑ چھان (یا پارچہ بیز) کر کے اچھی طرح گھی میں
ملالیں۔ اور اس میں سے ذرا سی دوا لے کر دھونی سے پہلے
مسوں پر لگالیا کریں۔ ایسا کرنے سے گو بہت جلد آرام جاتا ہے
لیکن اس میں تھوڑا سا خطرہ بھی ہے۔ اس لئے بغیر طبیب کے مشورہ
اور نگرانی کے از خود اس علاج کو خاص احتیاط سے کرنا چاہیے

Marfat.com

اور دو تین یوم سے زیادہ دیر تک مسلسل اس کا استعمال ہرگز نہیں کرنا چاہیے۔

## دوائے دمہ مرکب قلمی شورہ اور دھتورہ والی

عظیم دواخانہ متعلقہ یا تجیا بیلیٹہ یوم کا خاص نسخہ ہے۔ جو دمہ کے علاج میں معمول و مجرب ہے۔ اور ہمیشہ فائدہ بخش ثابت ہوا ہے۔

اجزاء۔ تخم دھتورہ سیاہ۔ قلمی شورہ۔ برگ دھتورہ۔ برگ بھنگ۔ برگ اڑوسہ۔ برگ تمباکو جنگلی۔ برگ آکھ زرد۔ ہر ایک ہموزن۔ زعفران۔ سلیخہ۔ مُر سرخ۔ قسط شیریں ہر ایک نصف وزن روغن یوکالپٹس چوتھائی وزن۔

ترکیب۔ تمام دواؤں کو باریک پیس کر سفوف بنا کر محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ دمہ کے دورے کے وقت اس میں سے تھوڑی سی دوا لے کر ایک طشتری میں سرخ جلتے ہوئے کوئلے رکھ کر اور ان پر چھڑک کر اس کا دھواں نہایت احتیاط کے ساتھ ناک اور منہ میں پہنچائیں آنکھوں کو دھوئیں سے محفوظ رکھیں۔

منافع۔ دمہ کے دورے کو روکتے اور اس کی جان کاہ تکلیفوں کو دور کرنے میں فوری اثر دکھاتی ہے۔ فوراً پسینہ آ کر دورہ دور ہو جاتا ہے۔

فائدہ۔ اس کے ساتھ اگر کشتہ بارہ سنگھا شیر مدار میں کیا ہوا نصف

Marfat.com

سے ایک رتی تک شہد میں ملا کر چٹا ئیں۔ اور تخم آلسی کے خلیط جو شاندے میں مغز بادام شیریں ۵ عدد پانی میں پیس کر اور پوٹا سیم برومائیڈ ایک ماشہ۔ پوٹاسیم آئیوڈائیڈ تین رتی حل کر کے گرم گرم پلا دیں۔ تو اور بھی زیادہ مفید ہوتا ہے۔

## حب دوائے ڈپٹی ضیا والی

استاذیم مسیح الملک حکیم اجمل خانصاحب مرحوم کا خاص خاندانی نسخہ ہے۔ یہ دوا بڑے بڑے دہلوی طرز کے یونانی دواخانوں سے تیار بھی مل سکتی ہے۔

اجزاء۔ مرچ سفید دکنی ۱۰ تولہ۔ میٹھا تیلیہ مدبر بہ شیر گاؤ ۹ ماشہ سیماب ۱ تولہ ۱۰ رزیہ قلعی ۹ ماشہ۔ پیپل (فلفل دراز) ۴ ماشہ۔

ترکیب۔ قلعی کو پگھلا کر سیماب کے ساتھ ملا دیں۔ اور باقی تمام دواؤں کو باریک پیس کر ان کے ساتھ ملائیں۔ اور اچھی طرح کھرل کر کے رکھ لیں۔

استعمال۔ بقدر ۲ چاول معجون آردخرما ۷ ماشہ۔ یا مکھن ۱ تولہ میں لپیٹ کر استعمال کریں۔

منافع۔ جریان۔ کثرت احتلام۔ ضعف باہ ضعف معدہ اور عورتوں کے سیلان الرحم اور کثرت الطمث میں نافع ہے۔ جریان و کثرت احتلام کے لئے خاص چیز ہے۔

Marfat.com

یادداشت۔ اگر اس سے قبض کی شکایت ہو جاتی ہو تو گندھک آملہ سار مصفیٰ ۱ تولہ۔ کا اضافہ کر لیں۔ گا ہے۔ اس کے تیار ہو جانے پر اس میں ۲ یا ۳ تولہ ست سلاجیت کا اضافہ بھی کیا جاتا ہے۔ اس سے یہ اور بھی زیادہ مفید ہو جاتی ہے۔

## دوائے سوسمار

خاص نسخہ ہے۔ اور دوائے خارپشت کی طرح مفید ہوتا ہے۔ اس کا نسخہ تجارب متعلقہ مشیر الاطبا کی وساطت سے حاصل ہوا تھا۔ تجربے پر واقعی مفید ثابت ہوا ہے۔ خصوصاً اگر اس میں بھی ان دواؤں کا جو دوائے خارپشت کے ماتحت فائدہ کے عنوان سے بیان کی گئی ہیں۔ شامل کر کے اس کے استعمال سے پہلے سوں پر مذکورہ دوا لگائی جائے۔

اجزاء۔ سوسمار کلاں ایک عدد۔ فلفل دراز ۳ تولہ۔ فلفل گرد ۳ تولہ

ترکیب۔ سوسمار کا پیٹ چاک کر کے آلائش سے پاک و صاف کریں اور فلفلین کو نیم کوفتہ کر کے علیحدہ علیحدہ دو پوٹلیاں ململ کی صاف کپڑے میں بنا کر اس کے اندر رکھدیں۔ اور پیٹ کو بدستور سی دیں۔ اور بیس سیر اپلوں کی آگ میں شہر سے باہر گڑھا کھود کر اس میں رکھ کر پھونک دیں۔ سرد ہو نے پر نکال کر باریک پیس لیں۔ اور حفاظت سے رکھیں۔

Marfat.com

استعمال۔ ایک کوزہ گلی لے کر اس کے تلے کے عین وسط میں روپیہ کے برابر ایک سوراخ کر لیں۔ اب اس برتن کے منہ کے برابر زمین میں چار انگل گہرا گڑھا کھود کر اس میں بیری کی لکڑی کے کوئلے بھر کر آگ سلگا دیں۔ جب کوئلے خوب سلگ جائیں۔ تو یہ دوا ۵ ماشہ کے قریب ان کے اوپر ڈال کر اوپر برتن مذکور اس طرح اوندھا کر کے رکھ دیں۔ کہ سوراخ مذکور اس کے عین اوپر رہے۔ اب مریض بواسیر کو سوراخ کے اوپر اس طرح بٹھائیں۔ کہ دوا کا دھواں بواسیر کے مسّوں کو پہنچے اگر مریض زیادہ سینک برداشت نہ کر سکے۔ تو ذرا اٹھ کر پھر بیٹھے ہر روز ایک مرتبہ یہ عمل کریں۔ زیادہ سے زیادہ ایک ہفتہ میں بواسیر کے مسّے گر جائینگے۔

منافع۔ بواسیر کے مسّوں کو خشک کرنے اور گرانے کے لئے خاص چیز ہے

یادداشت۔ دوران استعمال میں سرخ مرچ۔ قند سیاہ۔ گوشت جماع اور ہر قسم کی قابض و بادی اشیاء سے پرہیز کرائیں۔ غذا لطیف اور زود ہضم دیں۔

## دوائے شفاء

عظیم دواخانہ متعلقہ باتجیا بیلیتھ ہوم کی مخصوص دوا ہے جو صرع کے دوروں کو روکتے اور جنون شدیدہ سے بچا

Marfat.com

وغیرہ مشتعل نظام عصبی سے پیدا ہونے والے امراض کو تسکین بخشنے میں بے خطا اور لاثانی دوا ثابت ہوتی ہے۔ دو چار خوراکیں ہی فوری اثر دکھلا کر معجز نما نتائج پیدا کرتی ہیں، اسکی وجہ سے ہی عظیم دواخانہ کی خاص دواؤں کو غیر معمولی شہرت اور مقبولیت حاصل ہو چکی ہے

اجزاء۔ چھوٹی چندن کا جوہر یا اس کی بجائے اجملین بھی استعمال کر سکتے ہیں) سوڈیم لیومنیل ہر ایک ایک ماشہ۔ پوٹاسیم برومائیڈ۔ سوڈیم برومائیڈ سٹرونیم برومائیڈ اور ایمونیم برومائیڈ ہر ایک ایک تولہ عرق سم الفار ولایتی (فلر سلیوشن) ۴۰ قطرے۔ خلاصہ بزرالبنج سیال ۳ ماشہ۔

ترکیب۔ سب کو ملا کر یہاں تک کھرل کریں۔ کہ یکجان ہو جائیں۔ بعدہ کسی شیشے کے ڈھکنے والی بند شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ دو سے چار رتی تک دو تین گھونٹ پانی یا کسی مناسب عرق کے ہمراہ دن میں حسب ضرورت دو یا تین مرتبہ استعمال کرائیں۔ ہفتے عشرے کے بعد دو تین روز کا ناغہ کرا دیا کریں۔

منافع۔ صرع (مرگی) جنون سبعی (پاگل پن)، مانیا شدید بیخوابی۔ شدید اشتعال عصبی وغیرہ امراض میں نافع ہے صرع میں دورے کو روکتی ہے اور جنون اور مانیا وغیرہ میں فوری تسکین بخشتی اور نیند لاتی ہے۔ مالیخولیا میں نہ صرف مفید ہی نہیں۔ بلکہ اکثر اوقات مضرت رساں ہے۔ اس لئے مالیخولیا میں اسکا استعمال قطعاً ممنوع ہے۔ اس سے ایسے پاگل مریضوں کو خاص طور پر فائدہ پہنچتا ہے۔ جو سخت

Marfat.com

بکواس کرتے اور اپنے آپ کو یا اپنے ارد گرد کے اشخاص پر حملہ کرنے ان کو مارنے اور نقصان پہنچانے کی طرف مائل ہوتے ہیں۔ اس سے ضغط الدم کی زیادتی رہائی بلڈ پریشر میں بھی فائدہ پہنچتا ہے

## دوائے شیر شتر

عظیم دواخانہ متعلقہ ہائیجیا سیلنتہ موم کا خاص نسخہ ہے۔

اجزاء۔ خنظل سبز ۵ عدد، اونٹنی کا دودھ ۲۰ سیر (اونٹنی اگر عربی نسل کی ہو تو زیادہ بہتر ہے)، کشتہ فولاد (کھیکوار والا جو ایک سو آنچ میں تیار کیا گیا ہو تو بہتر ہے) ۱ تولہ۔ نمک ترب۔ نمک انگور، نمک لکر (؟) زندہ ترید موصوف۔ کمیلہ ہر ایک ۱۰ تولہ۔

ترکیب۔ خنظل کو شیر شتر میں ڈال کر یہاں تک پکائیں کہ دودھ کا سخت کھویا سا تیار ہو جائے۔ اب خنظل نکال کر پھینک دیں۔ اور اس کھوئے کو خشک کر کے سفوف بنالیں۔ باقی تمام دوائیں بھی باریک پیس کر اس کے ساتھ شامل کرلیں۔ اور کسی شیشے کے ڈھکنے والی بند منہ کی شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ بوقت ضرورت اس میں سے نصف سے ایک ماشہ تک دن میں دو تین مرتبہ پاؤ بھر اونٹنی کے دودھ یا عرق مکو کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

منافع۔ ہر قسم کے استسقاء کے لئے نہایت نافع ہے۔ جگر اور

Marfat.com

گردوں کے اکثر امراض میں مفید ہے۔ استسقاء کے لئے خصوصیت کے ساتھ مستقل اور لاثانی چیز ہے۔

## دوائے عسلی سادہ

اجزاء۔ سہاگہ بریاں۔ مصطگی رومی ہر ایک ایک تولہ۔ شہد خالص ۵ تولہ۔

ترکیب۔ دواؤں کو نہایت باریک پیس کر شہد میں بخوبی مخلوط کر کے رکھ لیں۔

استعمال۔ بوقت ضرورت ذراسی لے کر بچے کی زبان اور مسوڑھوں پر مل دیا کریں۔

منافع۔ دانتوں کے دیر سے اور بمشکل نکلنے اور لکنت میں مفید ہے بچوں کی کھانسی اور بدہضمی میں ایک حد تک مفید ہے۔

فائدہ۔ اگر بچہ کمزور اور لاغر ہو تو اس کے ساتھ روغن جگر ماہی دکاڈلورائل، یا اس کے مرکبات اور اکسیر اطفال کا استعمال کرانا بہت جلد فائدہ بخشتا ہے۔

## دوائے عقر

عظیم دواخانہ متعلقہ ایمجیا میلینہ ہوم کا خاص مجرب المجرب نسخہ ہے۔

Marfat.com

اجزاء۔ ناگیسرا۔ تولہ مازوپھل ا تولہ زیرہ سفید ۱۰ تولہ۔ تخم شوتنگی بوٹی ۹ عدد براده عاج (ہاتھی دانت) ۵ تولہ دانہ الائچی خورد ۳ تولہ مصطگی رومی ۴ تولہ۔ طباشیر کبود ۵ تولہ کشتہ مرجان ا تولہ۔ مصری کوزہ تمام دواوں کے ہموزن۔

ترکیب۔ سب دواؤں کو علیحدہ علیحدہ نہایت باریک پیس کر باہم اچھی طرح ملا کر رکھ لیں۔

استعمال۔ بقدر ایک تولہ صبح اور ایک تولہ شام کو بکری کے دودھ کے ہمراہ بانجھ عورت کو کھلا دیا کریں۔ دودھ بکری کے سوائے دوسرا نہیں ہونا چاہیئے۔ حیض سے پاک ہونے کے بعد انیس یوم تک کھلائیں۔

منافع۔ بانجھ پن میں خصوصیت کے ساتھ نافع ہے۔ عموماً پہلے دو ہفتے کے اندر اندر ہی حمل قرار پا جایا کرتا ہے (بشرطیکہ کوئی خاص عضوی مرض موجود نہ ہو) اور خدا کے فضل و کرم سے پورے دنوں کے بعد نہایت خوبصورت اور تندرست و توانا بچہ پیدا ہوتا ہے۔ اور عموماً لڑکا ہوتا ہے۔ جن عورتوں کو اسقاط حمل کی شکایت ہوتی ہے ان کے لیئے بھی نہایت مفید ہے۔

یادداشت۔ اگر عسرو اختباس الطمث یا ورم رحم وغیرہ کوئی مرض موجود ہو۔ تو پہلے مناسب علاج سے اس کا دفع کر لینا ضروری ہے (۲) اگر اس کے ساتھ لسان العصافیر۔ زعفران اور شہد ہموزن

Marfat.com

یا افیون بقدر حاجت کا پاکی حیض کے بعد دس روز تک غرزجہ کرا لیا جائے۔ تو اور بھی بہتر ہوتا ہے۔

## دوائے قلعی

عظیم دواخانہ متعلقہ ایتچیا ہیلتھ ہوم کا خاص مجرب المجرب نسخہ ہے
اجزاء۔ قلعی ا تولہ۔ فلفل دراز۔ ۱۸ ماشہ۔
ترکیب۔ قلعی کو نہایت باریک باریک کتر لیں اور فلفل دراز کے ساتھ ملا کر اس قدر کوٹیں کہ سفوف کی مانند ہو جائے۔
استعمال۔ رات کو سوتے وقت مریض کو تھوڑا سا پرانا گڑ کھلادیں۔ اور صبح کو یہ دوا بقدر ۹ ماشہ لے کر پاؤ بھر دہی کے ہمراہ استعمال کریں مریض کو ہدایت کر دیں۔ کہ دوا کو حلق میں ڈالنے کے بعد اپنی ناک اپنے دانت اور اپنی آنکھوں کو بند کر لے۔
منافع۔ آنتوں کے ہر قسم کے کیڑوں کے لئے نافع ہے۔ کیڑے مر کر یا زندہ خارج ہو جاتے ہیں۔ اکثر ایک دو مرتبہ کا استعمال ہی کافی ہوتا ہے۔

## دوائے مازو خاص

عظیم دواخانہ متعلقہ ایتچیا ہیلتھ ہوم کی خاص دوا ہے جو مطب میں روزانہ بکثرت استعمال ہوتی ہے۔

Marfat.com

اجزاء۔ جوہر نازو ولایتی (گیلک ایسڈ) ایک ماشہ
ست سہاگہ ولایتی (بورک ایسڈ) ایک ماشہ
پھٹکڑی ایک ماشہ
آب گل مغیلاں زرد ۵ تولہ
آب ترب ۵ تولہ
آب برگ سکھدرشن ۵ تولہ
شہد خالص ۱۰ تولہ
گلیسرین ۱۵ تولہ

ترکیب۔ پہلی تین دواؤں کو گلیسرین میں حل کریں۔ اور آب ہائے مذکور کا شہد میں قوام کرکے دونوں کو بخوبی ملا کر رکھ لیں۔

استعمال۔ روئی کی بتی بنا کر اور اس دوا میں آلودہ کرکے مریض کے کان میں رکھوائیں۔

منافع۔ کان کے زخموں، سیلان الاذن اور درد کان میں نہایت نافع ہے۔ شدت درد میں ذرا سی افیون بھی اضافہ کرسکتے ہیں۔

# دوائے معین الحمل

اکسیر اولاد نرینہ کی مانند عظیم دواخانہ متعلقہ ایجیا دیلسم مرحوم کی خاص دوا ہے۔ بلکہ اس میں اور اکسیر اولاد نرینہ میں

Marfat.com

سوائے اس بات کے کوئی فرق نہیں ہے۔ کہ وہ سفوف کی شکل میں ہے۔ اور اس کو معجون کی شکل میں بنالیا گیا ہے۔

اجزاء۔ اکسیر اولاد نرینہ بقدر ضرورت آب سیب اصلی یا شیرہ مربائے سیب۔ آب انار شیریں۔ شہد خالص ہر ایک ہموزن۔

ترکیب۔ مربوں اور شہد کا قوام کرکے اور اس میں اکسیر اولاد نرینہ ملا کر معجون بنا کر شیشے یا چینی کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ بوقت ضرورت اس میں سے ایک سے تین ماشہ تک صبح نہار منہ اور عصر کے وقت کھلا دیا کریں۔

منافع۔ حمل کو محفوظ رکھتی اور وہ تمام فوائد بخشتی ہے جن کا اکسیر اولاد نرینہ اور معجون حمل عنبری علویخانی وغیرہ میں بیان کیا گیا ہے۔ یعنی یہ دوا ایسی عورتوں کے لیے لاثانی چیز ہے جن کے بچے کچے گر جایا کرتے ہیں۔ یا جن کو ایام حمل میں بے حد بے چینی متلی ضعف قلب اور دوران سر وغیرہ کی شکایات رہتی ہیں۔ یا جن کی طبیعت گرمی سے نڈھال رہتی ہے۔ اس کے باقاعدہ استعمال سے بچہ نہ صرف تندرست و توانا، خوبصورت اور گورا چٹا پیدا ہوتا ہے بلکہ بالعموم لڑکا ہی پیدا ہوتا ہے۔ چنانچہ جن عورتوں کے ہاں ہمیشہ لڑکیاں ہی لڑکیاں پیدا ہوا کرتی تھیں۔ ان کے ہاں بھی اس کے باقاعدہ استعمال سے بفضل خدا لڑکے پیدا ہو چکے ہیں۔

Marfat.com

# دوائے ناسور تماثلی

طب تماثلی (ہومیوپیتھک) میں ناسور کے لئے مختلف حالات اور علامات کے مطابق مندرجہ ذیل دوائیں استعمال کیجاتی ہیں سلیشیا۔ کلکیریا سلف۔ کلکیریا فاس۔ کلکیریا کارب۔ کلکیریا فلور سلفر۔ ہیپر سلفر۔ ایسی ڈم فلوریکم۔ کاسٹیکم۔ آ ورم۔ گریفائٹس۔ نائیٹرک ایسڈ۔ ہتوجا۔ ہیپے میلیس۔ فائیٹولیکا لیکیس لائیکوپوڈیم۔ نکس وامیکا اور اینٹم ٹارٹ۔ آرسینکم۔ کالی بائیکرومیکم۔ بیلاڈونا۔ ہائیڈراسٹس۔ فرم فاس۔ امونیا میور کالی میور۔ نائیٹرام سلف۔ کالی سلف وغیرہ لیکن ان میں سے سلیشیا۔ کلکیریا سلف۔ کلکیریا فاس۔ ہیپر سلفر۔ نائیٹرک ایسڈ کاسٹیکم۔ گریفائیٹس۔ لائیکوپوڈیم۔ نکس وامیکا۔ سلفر اور اینٹم ٹارٹ نسبتاً زیادہ معمول و مروج ہیں۔ سلیشیا۔ کلکیریا سلف۔ کلکیریا فاس۔ کاسٹیکم اور ہیپر سلفر کے جو سب سے زیادہ اور سب سے پہلے استعمال کی جاتی ہیں مواقع استعمال ذیل میں درج ہیں۔

سلیشیا۔ یہ دوا اس وقت دی جاتی ہے۔ جبکہ ناسور سے ہر وقت مواد بہتا رہے۔ بھگندر کی صورت میں مقعد مفلوج محسوس ہو۔ اس کے ساتھ شقاق مقعد اور بواسیر

Marfat.com

خونی بھی ہو۔ اس کے ساتھ اکثر قبض رہتا ہو۔ اور مقعد میں ایسا درد ہو جیسے کوئی جانور ڈنک مار رہا ہو۔

**کلکریا سلف** - جب کہ ناسور بہت پرانا ہو چکا ہو۔ اور اس کے منہ سے اکثر سوزش دار پیپ اور مواد جاری رہتا ہو۔ یہ پیپ کی پیدائش کو روکتی اور تندرست انگوری ساخت پیدا کرتی ہے۔

**کاسٹیکم** - جب کہ ناسور بڑا ہو۔ اور بھگندر کی صورت میں اس کے ساتھ بواسیری مسے بھی بڑے بڑے ہوں پاخانہ سخت اور لیسدار رطوبت میں لپٹا ہوا خارج ہو وغیرہ۔

**ہیپر سلفر** - ہمیشہ ناسور کے اندمال کیلئے دی جاتی ہے۔ اور عموماً بڑی طاقت کی استعمال کی جاتی ہے چنانچہ اس دوا کی دوسو طاقت کی ایک خوراک ہر چوتھے روز استعمال کرائی جاتی ہے۔ اور اس دن دوسری کوئی دوا نہیں دی جاتی

**فائدہ** - مقامی طور پر ایکسٹریکٹ ہیمیملس ایک ڈرام کو گلیسرین اور آب مقطر موزون ۱/۲ ۲ ڈرام میں حل کرکے یا ایک اونس آب مقطر میں دو ڈرام مدر ٹنکچر کا محلول تیار کرکے استعمال کیا جاتا ہے۔ اور اکثر فائدہ بخشتا ہے۔

---

Marfat.com

# دہی کا پانی

دہی ایک مشہور چیز ہے۔ اگر اس کو کسی کپڑے کی تھیلی وغیرہ میں ڈال کر لٹکا دیا جائے۔ اور اس کے نیچے کسی صاف برتن کو رکھ دیا جائے۔ تو اس برتن میں دہی کی مذکورہ تھیلی وغیرہ میں سے ٹپک ٹپک کر جو پانی جمع ہو جاتا ہے۔ وہی دہی کا پانی کہلاتا ہے۔ اس کو بعض لوگ دہی کا کھٹا بھی کہتے ہیں۔ اگر دہی کے منجمد چکلے کو توڑ دیا جائے۔ تو اس صورت میں جس برتن میں دہی جمایا ہوا ہوتا ہے۔ اس میں بھی رس رس کر پانی جمع ہو جاتا ہے اور یہ پانی بھی دوائی کام میں لایا جا سکتا ہے۔

**منافع**۔ یہ سرد تر ہوتا ہے۔ اعضاء کی سوزش اور جلن کو دور کرتا ہے۔ محرقہ بخاروں اور آنتوں کی سوزش سے آنے والے دستوں میں بھی نفع بخشتا ہے۔ سوزاک میں نائیٹرہ کے اندر اس کی پچکاری جلن اور سوزش کو فوری اور غیر معمولی تسکین بخشتی ہے جگر کی گرمی کو بھی اس کا استعمال بہت جلد دور کر دیتا ہے غرضیکہ اس کا استعمال اکثر گرم خشک قسم کے امراض میں نفع بخشتا ہے۔ بلغمی امراض میں اس کا استعمال نہ صرف مفید ہی نہیں ہوتا۔ بلکہ اکثر مضرت کا باعث ہوتا ہے۔

Marfat.com

# ڈونگرے کا بال امرت

یہ سرخی مائل رنگ کی ایک سیال دوا ہے۔ جو قریباً ۴ اونس کی شیشیوں میں بند ہوتی ہے۔ اور بچوں کے امراض میں مفید ہونے کے لحاظ سے کافی طور پر مشتہر کی جاتی ہے۔ اسے ہندوستان ہی کی ایک فرم تیار کرکے غالباً دس بارہ آنے فی شیشی پر سال ہا سال سے فروخت کر رہی ہے۔ اس کے اس وقت تک مختلف ذرائع سے دو نسخے معلوم ہوئے ہیں۔ جو ہر دو ذیل میں درج ہیں۔ ان میں سے اول الذکر (روغن بادیان روغن ثبت لائم واٹر اور ٹنکچر کوچیلہ والا نسخہ زیادہ صحیح اور قرین قیاس معلوم ہوتا ہے۔ گو عملاً مندرجہ ذیل ہر دو نسخے بچوں کے لئے واقعی نہایت مفید اور کارآمد ہیں۔

اجزا (۱)، روغن بادیان۔ روغن ثبت ایک ایک ڈرام لائم واٹر شیریں (ریکٹی فائڈ سولیوشن آف لائم)، ۲۰ اونس ٹنکچر کوچیلہ بقدر ضرورت۔

(۲)، ان بجھا چونہ ایک چھٹانک۔ پانی آدھ سیر۔ مصری دو گن۔ ولایتی سرخ رنگ جو کھایا جاتا ہے۔ بقدر ضرورت۔

ترکیب۔ (۱)، سب کو بخوبی ملا کر شیشیوں میں بھر لیں۔

(۲)، چونے کو کسی مٹی کے برتن میں پانی کے اندر ڈال کر رکھ دیں

Marfat.com

کبھی کبھی لکڑی وغیرہ سے بخوبی ہلا دیا کریں۔ بارہ سے چوبیس گھنٹے کے بعد صاف پانی نتھار کر مصری شامل کر کے نرم آنچ پر قوام کرلیں آخر قوام میں رنگ ڈال کر حسب ضرورت رنگین کر کے شیشیوں میں بھر لیں

**استعمال** حسب ہدایت ۱۰-۱۵-۲۰ یا زیادہ قطرے یا ایک دو چمچے پانی وغیرہ میں ملا کر استعمال کرائیں۔

**منافع**۔ بچوں کے ہر قسم کے امراض سوء ہضم ہرے پیلے دستوں و کمزوری وغیرہ میں مفید ہے۔ دانت نکلنے کے زمانے میں بچوں کی صحت کو بہتر رکھتا ہے۔ بچوں کے لئے طاقت کی مشہور دوا ہے۔

## ڈیجی ٹیلس

ڈاکٹری کی مشہور نباتی دوا ہے۔ اس کا درخت زیادہ تر برطانیہ میں پیدا ہوتا ہے۔ اس درخت پر سے پھول آتے وقت جو خشک پتے توڑ لئے جاتے ہیں۔ وہی دوا مستعمل ہیں۔ یہ پتے ۵ سے ۱۲ انچ تک چوڑے ہوتے ہیں۔ ڈنٹھل کے قریب ایک اور چھوٹی سی پتی لگی ہوئی ہوتی ہے



ان پتوں کی شکل مندرجہ تصویر کے مطابق ابیضاوی کنارے باریک دندانہ دار اوپر کی سطح ہلکی سبز اور خفیف روئیں دار نیچے کی سطح زردی مائل اور بکثرت روئیں دار اور بہ نسبت

Marfat.com

ریشوں کے قدرے ابھری ہوئی ہوتی ہے۔ بُو ہلکی مثل چائے کی بو کے ذائقہ نہایت تلخ اور ناگوار ہوتا ہے کیمیاوی تحقیقات پر اس میں پانچ جواہر موثرہ دگلوکوسائیڈس) اور دو حموضات دایسڈس) کے علاوہ نشاستہ رنگین مادہ۔ گوند۔ روغن فراری نمکیات اور شکر وغیرہ اجزاء بھی پائے گئے ہیں۔ پتوں کے سفوف کی مقدار خوراک ½ سے ۲ گرین تک ہے دوائ اس کے دو سرکاری اور بہت سے غیر سرکاری مرکبات مستعمل ہیں۔ سرکاری مرکبات نقوع۔ (انفیوژن آف ڈیجی ٹیلیس) اور صبغ (ٹنکچر آف ڈیجی ٹیلیس) ہیں جن میں آخر الذکر بہت زیادہ استعمال ہوتا ہے۔ اور اس کی مقدار خوراک ۵ سے ۱۵ منم ہے۔

منافع۔ ڈاکٹری میں تقویت قلب کے لئے اس کے مقابلے کی اور کوئی دوا خیال نہیں کی جاتی۔ چنانچہ تقویت قلب کے لئے اور اکثر امراض قلب میں اندھا دھند اس کا استعمال کیا جاتا ہے۔ حالانکہ اس کے دیر تک مسلسل استعمال سے قے۔ متلی نبضتی۔ پیشاب کی کمی وغیرہ سمی علامات پیدا ہو کر بعض اوقات موت تک واقع ہو جاسکتی ہے اس کے علاوہ چونکہ یہ مدر بول بھی ہے۔ اس لئے اورام گردہ کی موجودگی دبرائٹیس ڈیزیز) میں بھی اس کا استعمال سخت مضرت رساں ثابت ہوتا ہے پس اس دوا کا استعمال نہایت احتیاط سے کرانا چاہیئے۔ یہ قلب کی حرکات کو سست اور کمزور کرتی ہے

Marfat.com

# رُب انار شیریں

مشہور قرابادینی دوا ہے۔ جو ہر ایک دیسی دواخانے سے مل سکتی ہے

اجزاء۔ آب انار شیریں ایک سیر۔ شکر سفید ۲ سیر۔

ترکیب۔ دونوں کو ملا کر نرم آنچ پر یہاں تک پکائیں کہ رُب کا قوام ہو جائے

استعمال۔ ۵ ماشہ سے ۱ تولہ تک عرق گاؤزبان یا عرق نیلوفر ۱۲ تولہ میں حل کرکے استعمال کریں۔

منافع۔ دل و دماغ کو قوت دیتا۔ اور جگر کی گرمی کو دور کرتا۔ فرحت بخشتا اور پیاس بجھاتا ہے۔ تقویت قلب اور خون کے لئے خصوصیت کے ساتھ مفید ہے۔

# رسوت کا محلول

یوں تو ایک تولہ رسوت کو لے کر ۱۰ تولہ سادہ پانی یا دہی کے پانی میں حل کرکے اس کے ساتھ پچکاری کرنا بھی سوزاک کے لئے نہایت مفید ہے۔ لیکن اگر رسوت کے ہمراہ ذیل کے نسخے کے مطابق دوسری دوائیں شامل کرکے اور یہ مرکب محلول تیار کرکے پچکاری کی جائے۔ تو بہت جلد فائدہ ہوتا ہے۔ سوزاک کے لئے پچکاری کا یہ نسخہ نہایت مفید اور مجرب ہے۔

اجزاء۔ رسوت ایک تولہ۔ کتھ سفید ۲ ماشہ۔ افیون خالص ایک ماشہ

Marfat.com

پانی ایک سیر۔ کافور۔ رسکپور۔ پھٹکڑی۔ نیلہ تھوتھا بریاں ہر ایک ایک ماشہ۔

ترکیب۔ اول الذکر تینوں دواؤں کو بارہ پہر تک پانی میں تر رکھیں۔ اس کے بعد صاف کر کے باقی تمام دواؤں کو باریک پیس کر اس میں بخوبی حل کر کے محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ اس میں سے چار پانچ تولہ دوا لے کر بطریق معروف دن میں تین چار مرتبہ پچکاری کرائیں۔

منافع۔ نئے اور پرانے ہر قسم کے سوزاک کے لئے نہایت مفید اور مجرب ہے۔ مجری بول کے ہر قسم کے زخموں کو نفع بخشتی ہے۔ اکثر دو تین روز میں ہی آرام آجاتا ہے۔

## روغن بادام شیریں

مشہور دوا ہے۔ اور تمام دیسی دوا فروشوں سے مل جاتا ہے لیکن بازار میں عام طور پر جو روغن بادام فروخت ہوتا ہے۔ وہ خالص اور عمدہ نہیں ہوتا۔ اس لئے روغن بادام ہمیشہ یا تو کسی نہایت قابل اعتماد دواخانے سے لینا چاہیئے۔ یا اپنے سامنے خود اس کو تیار کرانا چاہیئے۔ جس کی ترکیب درج ذیل ہے۔

اجزاء۔ مغز بادام شیریں۔ بقدر ضرورت۔ شکر سفید تھوڑی سی۔

ترکیب۔ عام طور پر مغز بادام کو خوب کوب کر کے اور شکر اس میں ملا کر

یا بغیر شکر کے ہی بادام روغن نکالنے والی مخصوص مشینوں میں ڈال کر بادام روغن تیار کر لیا جاتا ہے۔ یہ آسان ترین ترکیب ہے۔ لیکن اگر مشین موجود نہ ہو۔ تو ایسی صورت میں مغز بادام کو کوٹ کر تھوڑی سی شکر اور ذرا سا پانی ملا کر نرم آنچ پر رکھیں۔ جب گرم ہو جائے تو اتار کر ہاتھوں کی پوری قوت کے ساتھ کسی برتن میں نچوڑ لیں۔ ایسا کرنے سے تیل کے قطرے ٹپک ٹپک کر برتن میں جمع ہو جائیں گے۔ اس ترکیب سے گو روغن بہت کم حاصل ہوتا ہے۔ لیکن یہ روغن بلا شبہ نہایت عمدہ اور بہت ہی مفید ہوتا ہے۔ اگر ایک دو مرتبہ کی کوشش سے تیل نہ نکلے تو گھبرانا نہیں چاہیے۔ تھوڑی سی مشق اور احتیاط کے بعد تیل نکالنے کی سمجھ آ جاتی ہے۔

**استعمال**۔ تقویت دماغ کے لئے سر پہ مالش کریں۔ اور رفع قبض و خشکی کے لئے ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک عرق گاؤزبان ۲ تولہ یا دودھ میں ملا کر پلائیں۔

**منافع**۔ دماغ کو قوت دیتا۔ نیند لاتا اور خشکی کو زائل کرتا ہے دماغی محنت کرنے والوں کے لئے خاص چیز ہے۔

## روغن تارپین کافوری

**اجزاء** روغن تارپین عمدہ ۵ تولہ۔ کافور ۶ ماشہ۔

Marfat.com

ترکیب۔ روغن میں کافور کو حل کر کے رکھ لیں۔
استعمال۔ نیم گرم کر کے مقام ماؤف پر مالش کریں۔
منافع۔ عصبی دردوں۔ ذات الجنب و ذات الریہ وغیرہ میں نہایت مفید ہے۔
فائدہ۔ گاہی عصبی دردوں کے لئے اس میں ایک ماشہ افیون اور ذات الجنب و ذات الریہ کے لئے ایک ماشہ۔ قیروطی آردکرسنہ یا موم زرد کا اضافہ کر لیا کرتے ہیں۔ قیروطی آردکرسنہ ذات الجنب اور ذات الریہ وغیرہ امراض صدر میں مالش کی ایک معمول مطب مرکب دوا ہے۔ جس کا نسخہ یہ ہے۔
صفت۔ آردکرسنہ۔ آرد حلبہ ہر ایک ۱۰۔۱۷ ماشہ۔ کلونجی۔ اصل السوس ہر ایک ۷ ماشہ۔ عاقرقرحا ۳ ماشہ۔ روغن سوسن یا ناردین یا روغن گل۔ ہر دو بقدر ضرورت لیکر تھوڑی سی موم کو روغن میں پگھلائیں بعدہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر اس میں ملا کر مرہم کی مانند قیروطی تیار کریں۔ اگر اس میں افیون ۱ ماشہ اور زعفران اور ایلوا ہر ایک ۳ ماشہ اور شامل کر لیا جائے۔ تو یہ قیروطی اور بھی زیادہ مفید اور زود اثر ہو جاتی ہے۔ بوقت ضرورت تھوڑی سی قیروطی لے کر نیم گرم کر کے مالش کریں۔ اور روئی یعنی پرانی روئی یا فلالین سے سینک دیں۔ ورم کو تحلیل کرتی اور پسلی اور سینے کے درد یعنی ذات الجنب اور ذات الریہ

Marfat.com

یعنی نمونیا میں نہایت مفید و مجرب ہے۔

# روغن چلپاسہ

ایک خاص نسخہ ہے جو تجربہ پر واقعی مفید ثابت ہوا ہے۔

اجزاء۔ چلپاسہ۔ (چھپکلی) دو عدد۔ پانی دو سیر۔ روغن سرسوں ۲۰ تولہ گائے کے پرانے سینگ کی راکھ ۲ تولہ۔ پرانے جوتے کے تلوے کی راکھ ۲ تولہ۔

ترکیب۔ چھپکلیوں کو پانی میں ڈال کر یہاں تک پکائیں۔ کہ تمام پانی جلنے کے قریب پہنچ جائے۔ جب تھوڑا سا پانی رہ جائے۔ تو روغن ڈالدیں۔ جب چھپکلیاں جل کر کوئلہ ہو جائیں۔ تو ان کو نکال کر پھینکدیں۔ اور راکھ اس تیل میں تھوڑی تھوڑی ڈال کر حل کریں۔ پھر نیچے اتار کر محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ اس تیل میں سے تھوڑا سا لے کر دن میں دو تین مرتبہ گلہیوں اور مقام ماؤف پر مل دیا کریں۔ یا ناسور میں داخل کر دیا کریں۔

منافع۔ خنازیر سل بطنی (جس کو عام طور پر خنازیر کا پیٹ میں اتر جانا کہتے ہیں) ہر قسم کے ناسور اور برص و بہق ابیض میں نافع ہے۔ خنازیر کے لئے خاص چیز ہے۔ ناسور اور برص میں بھی بہت فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔

Marfat.com

# روغن چالموگرا مرکب

عظیم دواخانہ متعلقہ ہائیجا سیلیتہ ہوم کا خاص نسخہ ہے۔

اجزاء۔ چالموگرا کے بیج۔ نیم کی سایہ میں خشک کی ہوئی نیمولیاں۔ تارہ میرا کے بیج۔ تخم پنواڑ و تخم کرنجن سب بموزن۔

ترکیب۔ سب کو ملا کر اور کولہو میں پلوا کر تیل نکلوالیں۔

استعمال۔ تین قطرے سے شروع کر کے روزانہ ایک ایک قطرہ بڑھاتے جائیں۔ حتیٰ کہ دو تین ماشہ تک لے جائیں۔ اور چند دن اسی مقدار میں دے کر اسی طرح بتدریج ایک ایک قطرہ روزانہ کم کرتے ہوئے۔ بالکل ترک کرادیں۔ ناشتہ کرنے یا دونوں وقت غذا کے بعد روٹی کے کودے کیپسول دوائیتی چاولوں کے آٹے کے بنے ہوئے غلاف دوائی میں ڈال کر کھائیں ترشی وغیرہ سے پرہیز کریں۔

منافع برص۔ جذام خارش وغیرہ تمام جلدی امراض میں بے مثل دوا ہے

# روغن قسط

مشہور قرابادینی نسخہ ہے۔ اور اکثر بڑے بڑے دیسی دواخانوں سے مل سکتا ہے۔

اجزاء۔ قسط تلخ۔ بالچھڑ۔ ہر ایک ۸ تولہ روغن کنجد یا روغن زیتون

Marfat.com

آدھ سیر۔ عرق بہار یا سادہ پانی ڈیڑھ سیر۔ جندبیدستر۔ فلفل سیاہ۔ افیون میٹھا تیلیا ہر ایک ۴ تولہ۔

ترکیب۔ قسط اور بالچھڑ کو کوٹ کر عرق بہار اور روغن میں جوش دیں۔ جب عرق جل جائے۔ تو دواؤں کو روغن میں خوب اچھی طرح مل کر نصف سیر عرق بہار یا پانی اور ڈال کر جوش دیں۔ اسی طرح تین مرتبہ جوش دے کر روغن کو چھان لیں اور باقی دوائیں باریک پیس کر اس میں بخوبی حل کر کے محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ بوقت ضرورت گرم کر کے مالش کریں۔ اگر سردیوں کا موسم ہو تو دھوپ میں بیٹھ کر مالش کریں۔

منافع۔ فالج۔ رعشہ۔ کپکپی تشنج۔ خدر (سُن ہری)، وغیرہ عصبی امراض کو دور کرتا۔ اور پٹھوں کو طاقت بخشتا ہے۔ عصبی درد کو بھی زائل کر دیتا ہے۔

# روغن کچلہ

مشہور قرابادینی دوا ہے۔ جو اکثر دیسی دواخانوں سے مل جاتی ہے۔

اجزاء۔ افیون دو تولہ۔ روغن کنجد ڈیڑھ پاؤ۔ شیرکاڈ تین پاؤ۔ کچلہ دس عدد (باریک تراشا ہوا)

Marfat.com

ترکیب۔ افیون کو شیر گاؤ میں حل کریں۔ بعدہٗ کچلہ اور روغن کنجد اس میں شامل کرکے آگ پر پکائیں۔ جب دودھ جل کر خشک ہو جائے۔ اور صرف تیل باقی رہ جائے۔ تو چھان کر محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ بوقت ضرورت گرم کرکے مالش کریں۔

منافع۔ پٹھوں کو قوت دیتا اور جوڑوں کے درد کو دور کرتا ہے۔ ریاحی عصبی امراض میں نافع ہے۔ اگر افیون نہ شامل کریں تو بھی پٹھوں کی تقویت کے لئے کارآمد ثابت ہوتا ہے۔ گو جوڑوں کے درد کو اس صورت میں دور نہیں کرتا۔

## روغن کینتھرائیڈین

### تیلنی مکھی کا تیل

علیم دواخانہ متعلقہ ایجیا ہیلتھ ہوم کا خاص نسخہ ہے۔ جو قبل از وقت بالوں کے گر جانے کے لئے بلاشبہ مفید ہے۔

اجزاء۔ کینتھرائیڈین دیتلنی مکھی۔ ذراریح ۲ تولہ۔ فلفل سرخ ۱ تولہ بالچھڑ۔ سعد کوفی۔ تخم کرفس۔ سیاوشاں۔ شقاقل۔ اللسان رتن جوت ہر ایک ایک تولہ۔ آب آملہ سبز ایک سیر۔ آب کدو سبز ایک سیر۔ کچی گھانی کا سرسوں کا یا تل کا تیل دو سیر۔ تیلوں کی ولایتی مطلوبہ خوشبو بقدر حاجت۔

ترکیب۔ آب آملہ اور آب کدو کو ملالیں۔ اور تمام دواؤں کو ان

Marfat.com

پانیوں میں اچھی طرح گھوٹ کر تیل میں شامل کریں اور آگ پر چڑھا دیں۔ جب پانی جل کر صرف تیل رہ جائے تو اتار کر صاف کر لیں۔ اور خوشبو ملا کر شیشیوں میں بھر کر رکھ لیں۔

استعمال۔ تھوڑا سا لے کر اور ہاتھوں کی انگلیوں پر لگا کر بالوں کی جڑوں میں اور چندیا وغیرہ پر جہاں کہ بال گر گئے ہوں۔ بخوبی مل کر جذب کر دیا کریں۔ دن میں دو مرتبہ استعمال کریں۔ عام استعمال کے لئے دن میں ایک مرتبہ تھوڑا سا لگانا کافی ہے۔

منافع۔ بالوں کی جڑوں کو مضبوط کرتا۔ گرنے سے محفوظ رکھتا۔ اور بالوں کو سیاہ اور لمبا کرتا ہے۔ دماغ کو بھی تقویت دیتا ہے بال گرنے کے علاوہ عام استعمال کیلئے بھی مفید تیل ہے۔ ہر قسم کے بازاری تیل اس کے سامنے ہیچ ہے۔

# روغن گل آفتابی

مشہور قرابادینی دوا ہے۔ اکثر دیسی دواخانوں سے تیار مل سکتی ہے۔

اجزاء۔ گل گلاب تازہ تین سیر۔ روغن کنجد ایک سیر۔

ترکیب۔ ایک سیر گلاب کے پھولوں کی پتیاں علیحدہ علیحدہ صاف کر کے روغن کنجد میں ڈال دیں اور دھوپ میں رکھ دیں چند دن میں پتیاں مرجھا کر گل جائیں تو ایک سیر گلاب کے پھولوں کی تازہ پتیاں ڈال دیں جب وہ بھی مرجھا کر گل جائیں تو ایک سیر اور تازہ پتیاں ملا دیں۔ جب وہ بھی مرجھا جائیں، تو چالیس یوم تک اور تیز دھوپ

Marfat.com

میں رکھ کر چھان لیں۔

استعمال۔ بوقت ضرورت سر پر لگائیں۔ کان میں ڈالیں۔ مسّوں پر لگائیں مقام ورم یا پسلیوں پر ذرا گرم کر کے مالش کرائیں۔ رفع قبض کے لئے داخلی طور پر ۵۰۔ ۱ تولہ تک پانی میں ملا کر پلائیں۔

منافع۔ درد سر، برسام، کان کے درد اور بواسیر کے مسّوں کو نرم رکھنے میں نافع ہے۔ نمونیا وغیرہ ہر قسم کے ورم کو تحلیل کرنے میں فائدہ بخشتا ہے۔ قبض رفع کرتا ہے۔

## روغن گل آفتابی باضافہ کافور

اجزاء۔ روغن گل ۱۰ تولہ۔ کافور ۱ تولہ۔

ترکیب۔ کافور کو روغن گل میں بخوبی حل کر کے رکھ لیں۔

استعمال۔ بقدر حاجت لے کر مسّوں پہ لگائیں یا مقام ورم وغیرہ پر نیم گرم کر کے مالش کرائیں۔

منافع۔ بواسیری مسوں کی سوزش کو تسکین دیتا ہے۔ ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ ذات الریہ (نمونیا) اور ذات الجنب (پسلی چلنے۔ پلیورسی) میں مفید ہے۔

فائدہ۔ گاہے شدت درد میں اس کے ساتھ ذرا سی افیون کا بھی اضافہ کر لیا جاتا ہے۔ اور بواسیری مسوں سے اگر خون بھی آ رہا ہو۔ تو اس میں مرہم مازو و افیون مرکب ڈالگو ایم

Marfat.com

گیلک کم اوپیو) کا اضافہ کر لیا جاتا ہے۔

# روغن گل آکھ

مشہور قرابادینی نسخہ ہے۔ اور اکثر بڑے بڑے دیسی دواخانوں سے تیار مل سکتا ہے۔

اجزاء۔ گل آکھ۔ برگ بھنگ یا بزرالبنج۔ سورنجان تلخ۔ زنجبیل ہر ایک ایک تولہ روغن کنجد یا سرشف ۵ ا تولہ۔

ترکیب۔ سب دواؤں کو کوٹ چھان کر روغن میں ملا کر جوش دیں جب تمام دوائیں جل جائیں۔ تو اتار کر سرد کریں۔ اور چھان کر محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ گرم کر کے مقام ماؤف پر مالش کریں۔ اور اوپر سے پرانی روئی گرم کر کے باندھ دیں۔ اور پھر روئی کے اوپر سے ٹکور کرتے رہیں۔

منافع۔ سردی کے تمام دردوں کے لئے مفید ہے۔ جوڑوں کا درد اور کمر و پنڈلیوں کا درد بہت جلد اس کے استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔

# روغن گل مغیلان برگ نیم والا

عظیم دواخانہ متعلقہ ہائیجیا سبلیتھ مرحوم کا خاص نسخہ ہے

Marfat.com

اجزاء گل مغیلاں تازہ۔ برگ نیم تازہ۔ مازو سبز ہر ایک ۱ تولہ
روغن بادام تلخ ۱۰ تولہ۔

ترکیب۔ دواؤں کو تیل میں ملا کر نرم آگ پر جلا لیں۔

استعمال ایک ایک قطرہ نیم گرم کرکے کان کو صاف کرنے کے بعد دن میں دو تین مرتبہ ٹپکا دیا کریں۔

منافع کان بہنے کو روکتا اور ثقل سماعت میں نافع ہے۔

## روغن ناسور خاص

عظیم دواخانہ متعلقہ ہائیجیا ہیلتھ ہوم کا خاص نسخہ ہے۔

اجزاء۔ بارود ۱ تولہ۔ آئیوڈوفارم ۱ ماشہ۔ روغن چلپاسہ روغن اکسیر (بہ نسخہ ذیل) ہر ایک ۵ تولہ

ترکیب۔ سب کو ملا کر یہاں تک کھرل کریں۔ کہ یکجان ہو جائیں۔

استعمال۔ بذریعہ پچکاری ناسور میں پہنچا دیا کریں۔ یا اس میں بتی آلودہ کرکے ناسور میں پہنچا دیا کریں۔

منافع۔ ناسور کے لئے خاص چیز ہے۔ ناسور خواہ کتنا ہی پرانا اور کسی جگہ کیوں نہ ہو۔ اس کے استعمال سے بحکم شافی دور ہو جاتا ہے۔

## نسخہ روغن اکسیر

اصل السوس۔ چوب دیودار۔ زرد چوبہ۔ پوست درخت

سنبل دار بلد۔ برادہ آبنوس۔ چوب چینی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست
ہلیلہ۔ آملہ خشک۔ مرچ کنکول۔ بادیر۔ کاتھ سفید۔ مردار سنگ
کمیلہ۔ رال سفید۔ برگ حنا۔ موسفف گلخند ہر ایک ۱۰ تولہ پانی
خالص ۲۲۰ ماشہ روغن السی ۴۰ ماشہ۔ سب دواؤں کو جوکوب
کرکے پانی میں اٹھ پہر تک بھگوئیں۔ بعدہ نرم آگ پر جوش دیں
اور روغن ڈال کر آگ پر خوب جلائیں۔ جب سب پانی خشک
ہوجائے۔ اور ادویہ بھی جل جائیں۔ تو اتار کر صاف کرکے
کام میں لائیں۔ امراض جلد کے لئے اکسیر ہے۔ خارش تر
یا خشک۔ پھوڑا پھنسی۔ ناسور۔ زخم خواہ نیا ہو یا پرانا
درد۔ چنبل۔ حتیٰ کہ آتشک کے زخم تک کو خشک کر دیتا ہے

## سارسپریلا

یہ ایک ہسپانوی لغت ہے جو مرکب ہے۔ دو کلمات سے
ایک سارزی یعنی سرخ اور دوسرے پاری لیا یعنی تاک
خورد چھوٹی انگور کی بیل۔ چونکہ یہ جڑیں انگور کی بیل کے
مشابہ اور سرخ رنگ کی ہوتی ہیں۔ اس لئے ان کو اس نام
سے نامزد کیا گیا ہے طبی اصطلاح میں اس کو عشبہ مغربی
کے نام سے نامزد کرتے ہیں۔ مشہور جڑیں ہیں جو بہت لمبی
گول اور لچکیلی ہوتی ہے۔ ان کی چار پانچ چوڑی اور ۱۴ انچ

Marfat.com

کے قریب لمبی گڈیاں بندھی ہوئی بازار میں آکر پنساریوں کے ہاں فروخت ہوتی ہیں۔ اکثر جڑیں جھریدار اور ۳ انچ کے قریب موٹی ہوتی ہیں۔ اور ان کے ساتھ بہت سے مڑے ہوئے ریشے لگے ہوتے ہیں۔ رنگت بھوری سرخی مائل۔ بو کچھ نہیں ذائقہ مثل گوند کے لعاب دار۔ چبانے سے تلخ اور کسی قدر خراش دار معلوم ہوتا ہے۔ اس کا عصارہ (ایکسٹریکٹ) اور غلیظ مرکب سیال دکن من ٹرے ٹڈ معہ لیوشن آف سارسا پریلا بطور سرکاری مرکبات کے۔ اور بیسیوں غیر سرکاری مرکبات دوائی مستعمل ہیں۔

**منافع۔** معدل۔ معرق اور مدر بول ہوتا ہے۔ لیکن عام طور پر اعلیٰ درجہ کا مصفیٰ خون سمجھا جاتا ہے۔ ہر قسم کے پھوڑے پھنسیوں اور پرانے جلدی امراض میں استعمال ہوتا ہے۔ خنازیر وجع المفاصل اور آتشک کے تیسرے درجے میں بھی بعض ادویہ مثلاً پٹاسیم آیوڈائیڈ وغیرہ کے ساتھ نہایت مفید اور نفع بخش ثابت ہوتا ہے۔

## سالورسان

یہ ایک سنکھیا کا مشہور ڈاکٹری مرکب ہے۔ جسے ۱۹۱۰ء میں جرمن ڈاکٹر مسمی ایہرلک اور جاپانی ڈاکٹر مسمی ہاٹا نے

Marfat.com

متفقہ تجربات کیمیادی کے بعد تیار کیا تھا۔ اس لئے محققین
کے نام سے منسوب کر کے اس کو اہر لک ہاٹا اور چونکہ یہ
آتشکی سلسلہ تجربات کی چھ سو چھٹی دوا تھی۔ اس لئے عملی اعتبار
سے اس کو نمبر ۶۰۶ بھی کہتے ہیں۔ یہ دوا مرض آتشک کیلئے
اکسیر شافی ظاہر کی جاتی ہے۔ اور بلا شبہ اس خبیث مرض
کے لئے ڈاکٹری کی لاثانی دوا ہے۔ اصل دوا زرد رنگ کے
ایک سفوف کی شکل میں ہوتی ہے جس میں ۳۱½ فیصدی
سنکھیا ہوتا ہے۔ چونکہ یہ سفوف ہوا کے اثر سے زہریلا اور خراب
ہوجاتا ہے۔ اس لئے عموماً یہ مناسب مقدار کے محلول کی شکل میں
شیشے کی چھوٹی چھوٹی سر بند نلکیوں (ایمپیولز) میں آتا اور
انگریزی دوا فروشوں کے ہاں فروخت ہوتا ہے۔ اس کو عموماً
وریدی پچکاری کے ذریعے اندرون وریدیا ابین العضلات داخل
کیا جاتا ہے۔ اور ہر آٹھویں روز اس دوا کی مختلف مقداریں
پچکاری کی جاتی ہے۔ عموماً سات پچکاریوں کے بعد مرض آتشک
بالخصوص دوسرے اور تیسرے درجے کا یا موروثی و مولودی آتشک
بالکل رفع ہوجاتا ہے۔ چونکہ اس کے استعمال میں بعض دشواریو
اور خطرے ہیں اس لئے اب اس کا استعمال قریب قریب
بہت کم ہو گیا ہے۔ اور اس کی بجائے نیو سالورسان یا
دوسرے جدید مرکبات استعمال کئے جاتے ہیں۔

Marfat.com

# سان ٹیو

آرڈ کیمیکل کمپنی امریکہ کی مشہور اور مخصوص دوا ہے ۔ جو سوزاک اور دیگر تمام امراض مثانہ و مجری بول میں نہایت مفید ظاہر کی جاتی ہے یہ صندل اور ساپال بیٹو وغیرہ دواؤں سے تیار کی جاتی ہے ۔ سیاہی مائل رنگ کے شربتی سیال کی شکل میں ہوتی ہے ۔ اور ایک ڈرام (ایک چھوٹی چمچی بقدر ۳ ماشہ) ایک دو گھونٹ پانی یا دودھ وغیرہ میں ملا کر روز میں تین چار مرتبہ استعمال کی جاتی ہے ۔ منافع ۔ سوزاک اور سوزش مجری بول وغیرہ امراض مثانہ و مجری بول میں بلا شبہ ایک حد تک مفید ثابت ہوتی ہے ۔ سوا تین یا ساڑھے تین روپے تک سربند شیشی آتی ہے ۔ اور اکثر بڑے بڑے انگریزی دوا فروشوں سے مل جاتی ہے ۔

# ست پودینہ

اس کو انگریزی میں مینتھول یا پیپر منٹ کیمفر کے نام سے نامزد کیا جاتا ہے ۔ اور یہ بے رنگ سوزنی قلموں یا قلمداروڈلیوں کی شکل میں بالعموم چین ۔ جاپان اور امریکہ سے آکر فروخت ہوتا ہے ہندوستان کے بازاروں میں زیادہ تر جاپانی ست پودینہ بکثرت پایا جاتا ہے ۔ اس کی بو اور ذائقہ پیپر منٹ کے مشابہ ہوتا ہے

Marfat.com

اور اسے زبان پر رکھنے سے پہلے گرمی کا احساس ہوتا ہے لیکن بعد کو سانس لینے سے ٹھنڈک محسوس ہوتی ہے۔ یہ ایک قسم کا منجمد جوہر ہے جو تازہ پودینہ سے کشید کئے ہوئے روغن کو سردی پہنچانے سے اس میں منجمد ہو کر تہ نشین ہو جاتا ہے۔

**منافع۔** دافع تعفن، محرک کاسر الریاح اور مقامی مخدر ہے۔ بیرونی طور پر ہر قسم کے عصبی دردوں اور خارش وغیرہ میں مستعمل ہے دافع عفونت اور قاتل جراثیم کے طور پر روغنوں مرہموں محلولوں اور ضمادوں وغیرہ میں استعمال ہوتا ہے۔ داخلی طور پر کاسر الریاح کے طور پر معدے اور آنتوں کی شکایات میں مستعمل ہے۔ امرت دھارا جیسے تمام مرکبات کا جزو خاص ہے۔ اس کے بیسیوں مرکبات جدید اور قدیم دوا مستعمل ہیں۔

**یادداشت۔** اس کو ہمیشہ کسی مضبوط شیشے کی ڈاٹ والی شیشی میں بند کر کے سرد جگہ پر رکھنا چاہیے۔ ورنہ یہ اڑ جایا کرتا ہے۔

## سڈلز پاوڈر

مشہور انگریزی دوا ہے۔ جو ہر ایک انگریزی دواخانے سے مل سکتی ہے۔

**اجزا۔** (۱) ٹارٹرک ایسڈ ۳۸ گرین

(۲) ٹارٹریٹیڈ سوڈا او روچل سالٹ) ۱۲۰ گرین

Marfat.com

سوڈا بائیکارب ۰ ۴ گرین

ترکیب۔ نمبر ا کی دوا کو سفوف کرکے سفید اور ۲ کی دواؤں کو باریک پیس کر باہم ملا کر نیلے کاغذ میں ڈاکٹری طریق پر پڑیہ باندھ دیں اور دونوں پڑیہ کو پھر ایک کاغذ میں باندھ کر رکھ لیں۔

استعمال۔ بوقت ضرورت نیلی پڑیہ کی دوا کو نصف گلاس اور سفید پڑیہ کی دوا کو تھوڑے سے سرد پانی میں علیحدہ علیحدہ اچھی طرح حل کرکے دونوں کو باہم ملا دیں اور جوش کھانے کی حالت میں پی جائیں۔

منافع۔ قبض کھولتا اور ایک دو پتلے دست لاتا ہے۔ پیٹ کی معمولی شکایات کے لئے اچھی قبض کشا دوا ہے۔

# سرطان محرق

سرطان عربی لفظ ہے جس کے لغوی معنی ہیں۔ کیکڑا اور محرق سے مراد ہے۔ جلایا ہوا۔ پس سرطان محرق سے مراد ہے۔ جلایا ہوا کیکڑا۔ کیکڑا پانی کا ایک مشہور جانور ہے۔ جو نہر ول کاریزوں چشموں۔ دریاؤں اور سمندروں کے پانی میں پایا جاتا ہے۔ اور بعض خاص خاص مقامات کے چشموں پر بکثرت ملتا ہے۔ زندہ مل جائے۔ تو اس کا پیٹ چاک کرکے اور لاکھ کے ساتھ دھو کے پکا کر کھایا جاتا ہے۔

Marfat.com

چین وغیرہ کے لوگ اس کو ویسے بھی نہایت شوق سے کھاتے ہیں۔ دواءً عموماً اس کو جلا کر اس کی راکھ استعمال کی جاتی ہے۔ اور گاہے سل و دق کے مریضوں کو اس کا شوربا بھی کھلاتے ہیں اس کے جلانے کا طریقہ یہ ہے۔ کہ نہر کا بڑا کیکڑا بالخصوص اس وقت لینا چاہیئے جب کہ آفتاب برج اسد میں ہو۔ پھر اس کا پیر اور سر نکال کے کاٹ دیں۔ اور پیٹ چاک کر کے اندر کی آلائش دور کر دیں۔ اور انگور کی لکڑی کی راکھ اور نمک سے دھو کر مٹی کے کورے برتن میں گل حکمت کر کے خوب گرم تنور میں چار پہر رکھیں۔ اور منہ تنور کا بند کر دیں۔ چار پہر کے بعد نکال کر باریک پیس کر کام میں لائیں۔ تازہ کی تاثیر سرد تر اور محرق کی سرد خشک ہے۔

منافع۔ سل و دق، اور کھانسی کے لیے خصوصیت کے ساتھ مفید ہے مدر بول اور حیض بھی ہے۔ کثیر الغذا لیکن دیر ہضم ہے۔ اس میں قوت جاذبہ اور محلّلہ بھی ہے۔ اعضاء کی خشکی اور لاغری کے لئے نہایت مفید ہے۔ مقوی باہ بھی ہے۔ بواسیر کے لئے بھی نہایت سود مند ہے۔ اس کی یخنی کرفس اور سونف کے ساتھ تیار کر کے پلانا پتھری کو خارج کرتا ہے۔ اور پیشاب اور حیض کو جاری کرتا ہے۔ اسے پیس کر جنگلی تلسی کے ساتھ دینا بچھو کے زہر اور شہد کے ساتھ کتے کے زہر کا دفع

ہے۔ غرارہ اس کا خناق کے لئے نہایت مفید ہے۔ ضماد اس کا زہروں کا جاذب اور درد دل کا مسکن ہے۔ گرم ورموں کا محلل اور زخموں کا مخفف ہے۔

بحری کیکڑا عام نہری کیکڑے سے کسی قدر چھوٹا ہوتا ہے۔ اور اس کی ایک خاص قسم کو بطور سرمے کے لگانا آنکھ کے طبقات کی طوبت کا دافع اور آنکھ کے عضلوں کا مقوی اور روشنی کو بڑھاتا ہے آنکھ کی خارش ناخونہ۔ اور دمعہ کے لئے بھی مفید ہے۔ اس کا سفوف بنا کر زخموں پر چھڑکنا حابس الدم اور مجفف ہے اس کا منجن دانتوں کو جلا دیتا ہے۔

یادداشت۔ بعض قسم کے کیکڑے نہایت زہریلے ہوتے ہیں۔ اس لئے ان کا استعمال احتیاط سے کرنا چاہیئے۔

# سرمہ چینی اصلی مرکب

عظیم دواخانہ متعلقہ ہلیجیا ہیلتھ ہوم کا خاص نسخہ ہے۔ جو بیاض چشم اور ضعف بصارت کے لئے خصوصیت کے ساتھ مفید ہے۔

اجزاء چینی اصلی ۳ ماشہ۔ شیشہ سبز محرق مغسول۔ سنگ بحری ناخن فیل (مدبر بہ آب سرس) بورہ ارمنی۔ خرمہرہ زرد سوختہ۔ استخوان سلحفات سوختہ۔ کشتہ دندان خر مردہ

Marfat.com

دعرق لیموں میں کیا ہوا پھٹکڑی شگفتہ (در برگ گھیکوار) سمندر جھاگ۔ مصری کابلی ہر ایک ایک ماشہ۔ کحل الجواہر ۳ ماشہ۔ آب برگ گلر وندہ سبز۔ آب برگ نیم سبز ہر دو بموزن بقدر ضرورت

ترکیب۔ دواؤں کو باریک پیس کر آب ہائے مذکور میں یہاں تک کھرل کریں کہ سرمے کی مانند ہو جائیں۔ ایک دو دن متواتر کھرل کرنا زیادہ بہتر ہے۔

استعمال۔ ایک ایک سلائی سرمے کے طور پر دن میں دو تین مرتبہ لگا دیا کریں۔

منافع۔ جالا۔ پھولا اور ضعف بصر کے لئے مفید ہے۔ آنکھوں کو جلا دیتا ہے۔ سبل یعنی جالا اور پھولا دبیاض چشم کے لئے خاص چیز ہے۔

فائدہ۔ ناخن نیل مدبرہ بہ آب سرس: ناخن نیل بقدر حاجت لے کر آب سرس میں ترکر دیں۔ ہر روز تازہ پانی بدلتے رہیں آٹھویں روز صاف پانی ڈال کر رکھیں اور اس کے دوسرے روز گھس کر خشک کریں۔ یا دواہیں ایسے ہی شامل کر کے کھرل کرنا شروع کر دیں

کشتہ دندان خر مردہ۔ مرے ہوئے گدھے کا دانت لے کر ایک مٹی کے کورے کوزے میں ڈال کر اس پر عرق لیموں اس قدر ڈالیں کہ چھ انگل اس کے اوپر رہے۔ پھر اس کوزے

Marfat.com

کو گل حکمت کر کے ۵ من دستی اپلوں کی آگ میں پھونک دیں
بعدہٗ باریک پیس کر کام میں لائیں۔

# سریشم ماہی اصلی

اس کو عربی میں غری السمک انگریزی میں آئی سن گلاس اور لاطینی میں "اکتھی او کولا" کے نام سے نامزد کیا جاتا ہے اس کا لاطینی نام اکتھی او کولا در اصل ایک یونانی لغت سے مشتق ہے۔ جو اکتھی اوبمعنی ماہی اور کولا بمعنی سریش سے مرکب ہے پس اس کے بھی لغوی معنی در اصل سریشم ماہی کے ہی ہیں یہ سوئیوں کی مانند لمبے لمبے ریشوں کی شکل میں ایک سفید سی چیز ہے۔ جو پانی یا دودھ وغیرہ میں پکانے سے سرد ہونے پر فالودہ کی مانند جم جاتی ہے۔ یہ مچھلی کے پیٹ سے برآمد ہوتی ہے۔ چنانچہ بقول اطبائے جدید خاص قسم کی سٹرجن نامی مچھلی کے پیٹ سے برآمد ہونے والے پھکنوں کو صاف کر کے باریک باریک ریشوں میں کاٹ کر خشک کیا ہوا ہوتا ہے۔ وہ سریش ماہی جو روس سے آتی ہے۔ بہترین خیال کی جاتی ہے۔ جہاں تک ممکن ہو اصلی اور عمدہ قسم کی سریش ماہی دواءً استعمال کرنی چاہیئے بازار میں دھوکے باز لوگ اکثر اوقات گھٹیا قسم کی سریش

Marfat.com

ماہی کے طور پر تیار کر کے فروخت کر دیا کرتے ہیں۔ اور ایسی نقلی چیز نہ صرف فائدہ ہی نہیں پہنچاتی بلکہ اکثر مضرت رساں ثابت ہوتی ہے۔ بقول اطبائے قدیم اس کی تاثیر درجہ دوم میں گرم خشک ہے۔ ذائقہ پھیکا اور لیسدار ہوتا ہے۔ یہ بعض اوقات سدے پیدا کر سکتی ہے۔ لیکن دودھ سے اس کی اصلاح ہو جاتی ہے۔ اس لئے اس کو بالعموم دودھ میں پکوا کر استعمال کرایا جاتا ہے۔ اس کی مقدار خوراک ۲ ماشہ سے ۹ ماشہ تک ہے

**منافع۔** بقول اطبائے قدیم یہ ۴ سے ۹ ماشہ کی مقدار میں روزانہ دودھ میں پکوا کر پلانا نسل کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے نفث الدم کے لئے بھی مفید ہے۔ پہلے یہ دوا لنڈن فارماکوپیا میں بھی داخل تھی۔ اور بطور مغذی کے کمزور کر دینے والے امراض میں اکثر استعمال کی جاتی تھی۔ اور اب بھی یہ یورپ کے کئی ممالک کے فارماکوپیا میں داخل ہے۔ خارجی طور پر یہ چہرے کے پھٹنے اور برص کے لئے نافع ہے۔ چنانچہ ان اغراض کیلئے نصف چھٹانک گلیسرین میں ایک ماشہ سریش ماہی حل کر کے جلد پر لگانا فائدہ بخشتا ہے۔ اس کے علاوہ زخموں کو مندمل کرتا اور ناخنوں کی سفیدی کو دور کر دیتا ہے۔ صنعتی طور پر شراب کو صاف کرنے کے کام آتی ہے۔ اطبائے دہلی عموماً اس کو ۳ ماشہ کی مقدار میں شیر بز ۱۰ تولہ میں پکوا کر مریضوں کو استعمال کراتے ہیں

Marfat.com

# سعوطِ ملیم

اکسیرِ اعظم کا خاص نسخہ ہے۔

اجزاء۔ ملیم ۳ ماشہ۔ صبر زرد۔ رسوت زرد۔ ایارج فیقرا۔ ہر ایک ۲ ماشہ۔ آب برگ نیم سبز بقدر حاجت۔

ترکیب۔ تمام دواؤں کو باریک پیس کر آب برگ نیم میں حل کر کے رکھ لیں۔

استعمال۔ اس میں سے تین قطرے شیر گرم کر کے ناک یا کان وغیرہ سوراخوں میں جہاں ضرورت ہو ٹپکا دیا کریں۔

منافع۔ ہر قسم کے کیڑوں کو ہلاک کر کے خارج کر دیتا ہے لیکن ناک اور نواحی دماغ کے کیڑوں کے لئے خاص طور پر معمول اور سعوطاً مستعمل ہے۔ لیکن فی الحقیقت یہ نسخہ ہر جگہ کے کیڑوں کو ہلاک کر کے خارج کر دیتا ہے۔

# سعوط منقیٔ دماغ شیر مدار والا

مشہور لیکن خاص نسخہ ہے۔

اجزاء۔ ساٹھی یا باسمتی کے چاول اور شیر مدار ہر دو حسب ضرورت

ترکیب۔ چاولوں کو شیر مدار میں تر کر کے سایہ میں خشک کریں دو تین مرتبہ یہ عمل کر کے نہایت باریک پیس کر رکھ لیں۔

Marfat.com

**استعمال** - ایک رتی کے قریب لے کر کسی نلکی وغیرہ کے ذریعے ناک میں پھونک دیں۔ ایک دفعہ کے استعمال سے فائدہ نہ ہو تو دس پندرہ منٹ بعد دوبارہ اسی قدر مقدار میں استعمال کریں۔ دن میں دو مرتبہ سے زیادہ اور مذکورہ مقدار سے زیادہ ہرگز استعمال نہ کریں۔

**منافع** - نزلہ۔ دردِ سر۔ بلغمی۔ عصابہ۔ شقیقہ۔ صرع۔ اُم الصبیان اور بیہوشی میں نافع ہے۔ دردِ سر بلغمی اور نزلاوی نیز شقیقہ و عصابہ کے لئے خاص چیز ہے۔

## سفوف اصل السوس مرکب ولایتی

ڈاکٹری کا مشہور اور عام مستعمل سفوف ہے۔ جو ملو گا ئیسر ائزا کمپونڈ یا کمپونڈ لکورس پاوڈر کے نام سے ہر انگریزی دوا فروش سے مل جاتا ہے۔ یہ بلا شبہ نہایت عمدہ قبض کشا ہے۔ نسخہ وغیرہ کیلئے دیکھو صفحہ ۴۳

## سفوف بورک ایسڈ وفارم والہ

عظیم دواخانہ متعلقہ ایچیا ہیلتھ ہوم کے مطب کا خاص نسخہ ہے۔

**اجزاء** - بورک ایسڈ نصف اونس۔ ایڈوفارم دو ڈرام۔

Marfat.com

(بعض لوگ ہر دو ہموزن لیتے ہیں)

ترکیب۔ دونوں کو بخوبی ملا کر رکھ لیں۔

استعمال۔ بوقت ضرورت بقدر ضرورت لے کر بطور نفوخ کان میں ڈالیں۔

منافع۔ پیپ دار کان بہنے میں نہایت مفید ہے۔

فائدہ۔ گاہے بعض ڈاکٹر بورک ایسڈ کی بجائے آئیڈو فارم اور حسب ضرورت مسب نائٹر اس ہموزن بخوبی ملا کر اسی طرح استعمال کرتے ہیں۔ اور اسے نفوخ آئیڈو فارم (اِن سفلے شیو آئیڈو فارمائی) کے نام سے نامزد کرتے ہیں۔ جو کان۔ ناک اور حلق کے پیپ دار اور متعفن امراض میں واقعی نافع ہے۔

# سفوف پنواڑ

استاذیم مسیح الملک مرحوم دہلوی کے مطب کا خاص نسخہ ہے

اجزاء۔ تخم پنواڑ۔ چاکسو۔ بابچی۔ پوست درخت انجیر دشتی۔ درخت نیم کی اندرونی چھال۔ ہر ایک دو تولہ۔

ترکیب۔ سب دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔

استعمال۔ بقدر چھ ماشہ یہ سفوف لے کر رات کو پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح اس کا زلال پلائیں۔ اور پھوک پیس

Marfat.com

کر داغوں پر لیپ کریں۔ غذا میں صرف بے نمک بیسنی روٹی دیں۔
منافع۔ خارش داد برص وغیرہ جلدی امراض کے لئے نافع ہے۔ برص کے لئے خاص چیز ہے۔

# سفوف پیچش خاص

استاذیم مسیح الملک مرحوم دہلوی کے مطب کا خاص نسخہ ہے۔

اجزاء۔ انار دانہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ بادیان۔ کوکنار۔ ہر ایک ایک تولہ۔ قند سفید ۴ تولہ۔ روغن زرد بقدر حاجت۔
ترکیب۔ دواؤں کو کوٹ چھان کر اور روغن زرد میں چرب کر کے بریاں کر لیں۔ بعدہٗ قند سفید ملا کر سفوف بنا کر رکھ لیں۔
استعمال۔ ۶ ماشہ یہ دوا لے کر ۱۲ تولہ ساٹھی کے چاولوں کے نتھارے ہوئے پانی یا لعاب ریشہ خطمی ۱ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔ دن میں دو یا تین مرتبہ کافی ہے۔
منافع۔ پیچش اور اسہال کے لئے نافع ہے پیچش خواہ سدی ہو یا اس کے ساتھ خون آتا ہو اور حاد ہو یا مزمن سب صورتوں میں نافع ہے۔

Marfat.com

# سفوفِ خاص الخاص

عظیم دواخانہ متعلقہ بائیجیا میلتھ ہوم کا خاص نسخہ ہے۔

اجزاء۔ سمندر سوکھ۔ پھٹکڑی۔ تخم سریالی۔ تخم ہلہل۔ تالمکھانہ۔ کشنیز خشک۔ سنگھاڑے۔ ستاور۔ تخم سرس۔ تخم خرفہ۔ تخم کاہو مقشر۔ موچرس۔ کمرکس گوند تی ہر ایک ۵ تولہ۔ کشتہ قلعی ۲ تولہ۔ کشتہ بیضہ مرغ ۴ تولہ۔ کھانڈ تمام ادویہ کے وزن کے برابر (اگر معدہ قوی ہو تو مغز بادام شیریں کا اضافہ بھی کیا جاسکتا ہے)

ترکیب۔ سب کو کوٹ چھان کر اور قند ملا کر سفوف بنا لیں۔

استعمال۔ ۶ ماشہ صبح شام تازہ پانی یا گائے کے دودھ پاؤ سیر کے ہمراہ استعمال کریں۔

منافع۔ مادہ تولید منی کو غلیظ کر کے جریان منی اور مذی کو روکتا ہے۔ نیز مادہ تولید کو زیادہ کرتا ہے۔ جس سے رقت اور سرعت کی شکایت بھی دور ہو جاتی ہے۔ جریان و کثرت احتلام کے لئے خاص چیز ہے۔

# سفوف خر مہرہ سوختہ

عظیم دواخانہ متعلقہ بائیجیا میلتھ ہوم کا خاص نسخہ ہے۔

Marfat.com

اجزاء۔ خرمہرہ زرد (زرد کوڑیاں) بقدر حاجت۔ آب ترب آب برگ نیم سبز۔ ہر دو ہموزن بقدر ضرورت۔

ترکیب۔ کوڑیوں کو باریک پیس کر ایک کوزہ گلی میں ڈالیں اور آب ہائے مذکور اس کوزہ میں اس قدر ڈال دیں۔ کہ دو ا سے تین انگل اوپر رہے۔ اب اس کوزے کو چولہے پر رکھ کر یہاں تک آگ دیں۔ کہ تمام پانی اُڑ جانے کے بعد کوڑیاں بھی جل کر راکھ ہو جائیں۔ باریک پیس کر سفوف بنا کر محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ تھوڑا سا سفوف کان میں ڈال کر اوپر سے لیموں کے عرق یا سرکہ خالص کے چند قطرات ٹپکائیں۔

منافع۔ کان کو میل کچیل اور پیپ وغیرہ سے پاک و صاف کر دیتا ہے۔ اور معمر اشخاص کے احتباس البول میں بھی نافع ہے۔ جو اکثر اوقات غدہ مذی کے متورم ہو جانے سے ہوا کرتا ہے۔

## سفوف زہر مہرہ طباشیر والہ

حکیم دواخانہ متعلقہ ہانیجیا ہیلتھ ہوم کا خاص نسخہ ہے۔

اجزاء۔ زہر مہرہ خطائی اصلی ۶ ماشہ۔ طباشیر کبود بیست گلو۔ دانہ الائچی خورد۔ ہر ایک ۱ تولہ۔ ورق نقرہ ۲ ماشہ بھی

Marfat.com

کوزہ ۵ تولہ۔

ترکیب۔ سب کو نہایت باریک پیس کر رکھ لیں۔

استعمال۔ اس میں سے بقدر ایک یا ۲ ماشہ۔ روزانہ لے کر دن میں دو تین مرتبہ شربت انار وغیرہ کے ہمراہ استعمال کریں خنازیر وغیرہ سوداوی امراض میں اس کے اندر ۲ سے ۴ چاول تک کشتہ پارسیاہ کا اضافہ کر لیا کریں اور روزانہ صبح کو ۲۔۳ تولہ مسکہ گاؤ (مکھن) میں ملا کر کھلا دیا کریں

منافع۔ ہر قسم کے پرانے بخاروں اور ضعف قلب وغیرہ میں مفید ہے۔ گرمی کو دور کرتا اور کشتہ پارسیاہ کے اضافہ سے ہر قسم کے مزمن سوداوی امراض مثلاً خنازیر، بہق جذام، ضعف اعصاب وغیرہ میں بھی نافع ہے۔

# سفوف ستاور زیرہ سفید والا

عظیم دواخانہ متعلقہ ہائیجیا ہیلتھ ہوم کا خاص نسخہ ہے۔

اجزاء۔ ستاور۔ ثعلب مصری ہر ایک ایک تولہ۔ مغز تخم خربزہ مغز تخم کدو۔ مغز تخم خیارین زیرہ سفید زیرہ سیاہ۔ دانہ الائچی خورد۔ تودری سفید۔ تودری زرد۔ تخم گندنا۔ ہر ایک ۷ ماشہ۔ مغز بادام شیریں ۱۰ عدد۔ نبات سفید ۵ تولہ۔

Marfat.com

ترکیب۔ سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔
استعمال۔ بقدر ۱ تولہ شیر گاؤ کے ہمراہ کھلا دیا کریں۔
منافع۔ عورتوں میں دودھ کی کمی اور سیلان الرحم وغیرہ میں اور مردوں میں جریان وغیرہ میں مفید ہے اعصاب کو بھی تقویت دیتا ہے۔ اور پیشاب بھی کھل کر لاتا ہے۔

## سفوف سرخ

عظیم دواخانہ متعلقہ پاکستان ہیلتھ ہوم کا خاص نسخہ ہے
اجزاء۔ کشتہ سنگ جراحت۔ گیرو۔ دم الاخوین۔ کہربائے شمعی۔ ۲ اقاقیا۔ ہر ایک ہموزن۔
ترکیب۔ سب کو نہایت باریک پیس کر سفوف بنا کر رکھ لیں۔
استعمال۔ بوقت ضرورت ایک دو ماشہ کی مقدار میں لے کر آب انار۔ آب بہی یا شربت انجبار خالص ۲ تولہ میں ملا کر چٹا دیا کریں۔ دن میں دو تین مرتبہ سے زیادہ استعمال نہ کرائیں
منافع۔ جسم کے ہر قسم کے اندرونی یا بیرونی جریان خون میں نافع ہے۔ خون کو غلیظ کرکے بہت جلد جریان خون کو روک دیتا ہے۔ نفث الدم۔ قے الدم۔ انزال لدم۔ بواسیر دموی عورتوں میں استحاضہ۔ کثرت الطمث اور خارجی زخموں سے کثرت جریان خون روکنے کے لئے نہایت مفید چیز ہے

Marfat.com

فائدہ۔ کشتہ سنگ جراحت کی عدم موجودگی میں اس کی بجائے انگریزی دوا کیلیم لیکٹیٹ اور افاقیا کی بجائے۔ گیلک یا ٹینک ایسڈ کا استعمال بھی کیا جا سکتا ہے۔

# سفوف سوزاک روغن صندل والہ

ہومیوپیتھک سلسلہ سوم کا خاص نسخہ ہے۔ جو ہمیں ایک دوست کی وساطت سے حاصل ہوا تھا۔ اور بار بار تجربے پر مفید و مؤثر ثابت ہونے کی وجہ سے اب بمنزلہ معمول مطب کے ہوگیا ہے۔

اجزاء۔ سلاجیت اصلی۔ ست بیروزہ ولایتی۔ موصلی سفید۔ موصلی سیاہ آملہ مقشر۔ لوبان سفید۔ کشتہ قلعی ہر ایک ایک تولہ۔

طباشیر۔ دانہ الائچی خورد۔ کتھ سفید ہر ایک ۱۰ ماشہ۔

گوند کتیرا۔ دم الاخوین۔ گل ارمنی۔ رب السوس۔ گل مختوم۔ گلنار فارسی۔ حب کاکنج۔ نشاستہ۔ مغز خیارین۔ مغز تربوز۔ مغز کدو شیریں۔ مغز خربزہ ہر ایک ۴ ماشہ۔ روغن صندل اصلی ۲ تولہ۔

ترکیب۔ سلاجیت۔ ست بیروزہ۔ کشتہ قلعی اور روغن صندل کے علاوہ باقی تمام ادویہ کو کوٹ کر جوکوب کر لیں۔ بعدہٗ سلاجیت پیس کر اور کشتہ قلعی شامل کر کے تمام

Marfat.com

اجزاء کو یکجان کرلیں۔ اب روغن صندل اور ست بیروزہ تھوڑا تھوڑا ملا کر دونوں ہتھیلیوں سے اچھی طرح ملتے جائیں حتیٰ کہ تمام دوا میں تمام روغن اور ست بیروزہ شامل ہوکر یکجان ہو جائیں۔

**استعمال۔** بقدر ۲-۴ ماشہ صبح نہار منہ اور شام کو غروب آفتاب سے دو گھنٹے پہلے شربت صندل دو تین تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔ سرخ مرچ تیل اور ترشی وغیرہ سے پرہیز کریں۔

**منافع۔** سوزش بول اور سوزاک میں نافع ہے۔ نئے اور پرانے ہر قسم کے سوزاک کیلئے خاص چیز ہے۔ جریان میں بھی مفید ہے

# سفوف سوزاک قلمی شورہ والا

مشہور نسخہ ہے۔ جو نسخہ جات کی اکثر کتب میں درج ہے

**اجزاء۔** شورہ قلمی۔ دانہ الائچی کلاں۔ ہر ایک ۱۲ ماشہ۔

**ترکیب۔** دونوں کو باریک پیس کر یکجا کر کے چھ حصوں میں تقسیم کرلیں۔

**استعمال۔** ایک حصہ روزانہ پہلے تین روز سادہ پانی کے ساتھ اور اس کے بعد تین روز ۵ تولہ ساٹھی کے چاولوں کے پانی کے ساتھ کھالیا کریں۔

Marfat.com

منافع۔ سوزاک جدید اور مجری بول سے پیپ بہنے میں خصوصیت کے ساتھ نافع ہے۔ مجری بول کے زخموں کو پیپ سے پاک صاف کر کے ان کو اندمال کے قابل بناتا ہے۔ سوزش بول میں بھی نافع ہے

# سفوف سورنجان جدید

عظیم دواخانہ متعلقہ ہائیجیا ہیاہنہ سوم کا خاص نسخہ ہے۔

اجزاء۔ سورنجان شیریں۔ کشنیز خشک۔ سوڈا سیلی سلاس نیچرل۔ اسپرین۔ پوٹاشیم برومائیڈ ہر ایک ایک تولہ کیفین سائٹراس۔ دانہ الائچی خورد۔ ہر ایک ۶ ماشہ

ترکیب۔ سب کو باریک پیس کر سفوف بنا کر رکھ لیں۔

استعمال۔ بوقت ضرورت اس میں سے بقدر نصف سے ایک ماشہ لے کر گرم گرم دودھ یا پانی کے ہمراہ مریض کو کھلا دیا کریں۔

منافع۔ ہر قسم کے درد کو تسکین دینے میں فوری موثر ہے۔ تمام قسم کی مسکن درد ادویہ سے مفید اور بہتر ہے اس کے استعمال سے اکثر مارفیا (جوہر افیون) کے انجکشن (پچکاری) کی ضرورت پیش نہیں آتی۔

یادداشت۔ اس دوا کا زیادہ دیر تک استعمال بہتر نہیں ہے

Marfat.com

صرف وزنی اثر کے لئے اس کا ایک دو روز استعمال کرنا چاہیئے، قبض ہو تو اس کو سب سے پہلے رفع کردیں۔ مقامی طور پر گرم ٹکور بھی تسکین درد کے لئے اکثر نافع ہوتی ہے۔

## سفوف شقیقہ وعصابہ اسطخودوس والہ

مشہور نسخہ ہے۔

اجزاء۔ اسطخودوس ۶ تولہ۔ کشنیز خشک ۴ تولہ۔ فلفل سیاہ ۷۲ عدد۔

ترکیب۔ سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔

استعمال۔ بقدر دس ماشہ۔ پانی میں گھوٹ کر بغیر چھانے اور نمک یا میٹھا ملائے یا یونہی سادہ پانی کے ساتھ پاؤں کے بل بیٹھ کر صبح نہار منہ سورج نکلنے سے پہلے کھالیا کریں۔

منافع۔ درد سر بالخصوص عصابہ اور شقیقہ کے لئے نہایت مفید ہے۔ دماغ کا تنقیہ کرتا ہے۔

## سفوف صندل سرخ

خاص نسخہ ہے۔

اجزاء۔ صندل سرخ۔ صندل سفید۔ برگ حنا۔ برگ نیم۔ کچور اصل السوس مقشر۔ گیرو۔ مجیٹھ۔ ہر ہڑی۔ ہموزن۔

Marfat.com

ترکیب۔ سب کو کوٹ پیس کر سفوف بنا کر رکھیں۔
استعمال۔ ایک ایک رتی شربت عناب ۲ تولہ کے ہمراہ دن میں دو یا تین مرتبہ استعمال کریں۔
منافع۔ جوش اور فساد خون میں نافع ہے۔ قلت الدم کو بھی دور کرتا ہے۔ جوش خون سے بچوں کے جسم پر جو پھوڑے پھنسیاں نکلا کرتی ہیں۔ ان کے دفعیے کے لئے خاص چیز ہے۔

## سفوف طباشیر خاص

دہلی کے ایک مشہور طبیب کا خاص نسخہ ہے۔ جو ان کے ایک نہایت معتمد شاگرد سے حاصل ہوا تھا۔
اجزاء۔ طباشیر کبود۔ زہر مہرہ خطائی۔ ست گلو۔ دانہ ہیل ہر ایک ۱ تولہ۔ ورق نقرہ ۳ ماشہ۔ نبات سفید تمام دواؤں کے وزن سے دوگنا۔
ترکیب۔ سب کو نہایت باریک پیس کر یکجان کریں۔
استعمال۔ دو سے تین ماشہ روزانہ دن میں دو یا تین مرتبہ تازہ پانی یا عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ یا عرق ہرا بھرا ۵ تولہ اور شربت بنفشہ ۲ تولہ کے ہمراہ کھلا دیا کریں۔
منافع۔ پرانے بخاروں میں نافع ہے۔ دل کو طاقت دیتا ہے

Marfat.com

جسم اور خون کی گرمی کو دور کرتا ہے۔

# سفوف مفرح

استاد الاطبا حکیم احمد الدین صاحب کا خاص نسخہ ہے۔ جو صاحب موصوف نے انجمن خادم الحکمت کے سالانہ اجلاس میں پیش کر کے سنہ ۱۹۱۰ء میں ہدیۃ الاطبا نامی رسالہ میں شائع کیا تھا۔ نسخہ واقعی نہایت مفید ہے۔ اور جہاں تک ہمیں معلوم ہوا ہے۔ اکثر اطبا کرام کا معمول مطب ہے اس کے اجزاء اور ترکیب تیاری اور طریق استعمال بھی قریب قریب وہی ہے۔ جو اکسیر قلب کی صرف فرق یہ ہے کہ اجزاء نسخہ کو بجائے عرقیات میں کھرل کرنے کے ویسے ہی کھرل کر کے مثل غبار کے باریک کر لیا جاتا ہے۔ اس کی تعریف اور منافع صاحب موصوف کے اپنے الفاظ میں ہدیۃ الاطبا سے اخذ کر کے ذیل میں درج کر دیئے گئے ہیں۔

منافع۔ یہ نہایت عمدہ خوشنما۔ خوشبودار۔ لذیذ۔ قلیل الوزن تمام خوبیوں کی جامع سریع التاثیر چیز ہے۔ اور ان اشیاء میں سے ہے۔ جو کہ کثیر الاستعمال ہیں۔ اور جن سے کوئی مطب خالی نہیں رہنا چاہیئے۔ یہ دوا اپنے اوصاف حمیدہ کی وجہ سے حکیم اور مریض دونوں کے لئے حسب دل خواہ چیز ہے

Marfat.com

اس کے حلق سے اترتے ہی مریض کی جان میں جان آجاتی ہے
ہر ایک طرح کی گرمی۔ گھبراہٹ۔ بے چینی وغیرہ کافور ہوجاتی
ہے۔ نبض کا زور سے چلنا اور دل کا اچھلنا فوراً موقوف ہو
جاتا ہے۔ اعضاء احشائیہ میں ہر طرح کی حرارت فرو ہوجاتی
ہے۔ دل کو تسکین اور آرام دیتی ہے۔ متلی۔ ابکائی اور
قے وغیرہ اس سے فوراً بند ہوجاتی ہے۔ دل و دماغ و معدہ
و جگر وغیرہ اندرونی اعضاء میں تقویت آرام اور تسکین
دیتی ہے۔ اعضائے باطنی میں سے خون آنے کو روکتی
ہے۔ نفث الدم ہو یا نکسیر ہو یا کثرت خون حیض یا نفاس
ہو یا کہ اسہال و مروڑ خونی ہوں سب میں خون کو بند کرنے
کے لئے کھلائی جاتی ہے۔ ہر قسم کے اسہال و پیچش میں مفید ہے
اور بچوں کے اقسام اسہال میں ایک غیر مترقبہ نعمت ثابت
ہوئی ہے۔ مرض حیات میں تمام عوارضات کرم مثلاً غثیان
تہوع۔ قے۔ پیاس۔ قلق و اضطراب۔ گھبراہٹ۔ اسہال
بے چینی۔ دل کا دھڑکنا وغیرہ میں یہ دوا آب حیات کا کام
دیتی ہے۔ خصوصاً وبائی امراض میں یعنی طاعون۔ ہیضہ
وغیرہ میں دل کی طاقت اور تسکین پیدا کرنے کی حالت میں
بہت ہی مؤثر ہے۔ پیاس کم کر دیتی اور طبیعت کی بے
آرامی اور اضطراب کو فائدہ کرتی ہے۔ خفقان یعنی دل

Marfat.com

کے دھڑکنے اور غشی وغیرہ میں بہت نفع دیتی ہے۔

# سفوف ہاضم

ہر وہ سفوف جو ہضم میں امداد دیتا اور قوت ہضم کو بہتر بناتا ہے۔ سفوف ہاضم کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے اس لحاظ سے ہزار ہا قسم کے سفوف ہاضم دنیا میں مستعمل ہیں ذیل میں سفوف ہاضم کا ایک نسخہ درج ہے۔ جو نسبتاً زیادہ بہتر اور معروفہ ہے۔

اجزاء۔ تمر ہندی مقشر۔ پوست سماق۔ دانہ انار شیریں۔ زنجبیل فلفل دراز۔ دانہ الائچی خورد۔ دانہ الائچی کلاں۔ زیرہ سیاہ زیرہ سفید۔ زعفران۔ نمک سونچر۔ کشنیز ہر ایک ۳۰ ماشہ نبات سفید ۸ تولہ۔

ترکیب۔ سب کو باریک پیس کر سفوف بنالیں۔

استعمال۔ تین ماشہ صبح اور تین ماشہ شام کو کھا لیا کریں۔ معمولی شکایت ہو تو ۱۰ ماشہ غذا کے بعد کھا لیا کریں۔

منافع۔ ہضم اور معدے کی تقویت کے لئے نہایت عمدہ چیز ہے۔ درد معدہ اور تخمہ کو دور کرتی ہے۔ آنتوں اور شکم کے ریاح کو خارج کرتی ہے۔

Marfat.com

# سکس سنیر یا مارٹیما

ہومیو پیتھی (علاج بالمثل) کے اصول پر تیار کی ہوئی ایک مشہور دوا ہے۔ جو امریکہ اور جرمنی سے تیار ہو کر ایک ایک ڈرام (قریباً ساڑھے تین تین ماشہ) کی چھوٹی چھوٹی شیشیوں میں سربند آتی اور قریباً دو پونے دو روپے فی شیشی کے حساب سے فروخت ہوتی ہے۔ اس کو نزول الماء (موتیا بند کیٹریکٹ) کے لئے واحد دوا ظاہر کیا جاتا ہے اور اس میں کوئی شک نہیں کہ ابتدائے مرض میں یہ کسی قدر ضرور مفید ثابت ہوتی ہے۔ یہ شربتی یا عنبری سیال کی مانند ہوتی ہے جس میں خفیف سی خوشبو بھی پائی جاتی ہے۔

اجزاء: سنیریریا مارٹیما ایک قسم کی امریکی نباتات یعنی بوٹی ہے لاہور کے مشہور لارنس گارڈنز نزد چڑیا گھر کے باغوں اور شملہ پہاڑی پر بھی میں نے اس کے چند ایک پودے دیکھے ہیں۔

ترکیب: اس کے پتوں وغیرہ کا رس نچوڑ کر خاص طریق پر محفوظ کر لیا جاتا ہے۔ لیکن تازہ تیار کیا ہوا رس نسبتاً زیادہ مفید و موثر ہوتا ہے۔

استعمال: دو قطرے روزانہ دن میں تین مرتبہ آنکھوں میں

Marfat.com

ٹپکا دیا کریں۔

منافع۔ آنکھوں کے امراض بالخصوص قرنیہ کے زخموں اور تکدر وغیرہ کیلئے نافع ہے۔ موتیا بند کے لئے خاص چیز ظاہر کی جاتی ہے۔ اور بلاشبہ ابتدائے مرض میں کسی قدر مفید ثابت ہوتی ہے۔

## سکھ چین

شہتوت کے درخت کے برابر ایک مشہور درخت ہے۔ اس کے پتے بھی کسی قدر شہتوت کے پتوں سے مشابہ ہوتے ہیں۔ لاہور کی سڑکوں پر یہ درخت عام پایا جاتا ہے۔ اس کی مسواک کرنا دانتوں کو مضبوط کرتا اور دانتوں کے درد وغیرہ شکایات کو دور کرتا ہے۔ اس کے پتوں میں سے ملنے پر مخصوص قسم کی بو آتی ہے۔

## سلفر بٹر

ایک مشہور مخصوص (پیٹنٹ) سیال شربتی رنگ کی دوا ہے جو امریکہ کی کافین کمپنی تیار کر کے بذریعہ اشتہار تمام دنیا میں بکثرت فروخت کر رہی ہے۔ ایک شیشی کی قیمت قریباً ساڑھے تین روپے ہوتی ہے۔

Marfat.com

اجزاء۔ اس کے اجزا میں گندھک دسلفر، عشبہ۔ کلبا اور غالباً چرائیتہ وغیرہ ادویہ شامل ہیں۔

ترکیب۔ مخصوص ترکیب سے تیار کی جاتی ہے۔

استعمال۔ اس کی ترکیب استعمال بھی اس کی شیشی کے ساتھ مختلف زبانوں میں درج ہوتی ہے۔ اور ایک ایک چمچہ دن میں دو تین مرتبہ پانی میں حل کر کے استعمال کی جاتی ہے۔

منافع۔ مصفّی خون ہے۔ جلد کے ہر قسم کے امراض میں نافع ہے۔ نیز قبض کشا بھی ہے۔

# سنکھیا

مشہور معدنی دوا ہے۔ جس کو عربی میں شک یا سم الفار ہندی میں سنکھیا وش سنسکرت میں گوری و ماشانک یا آکھو پاشنک ۔ انگریزی میں آرسینک اور لاطینی میں ایسیڈم آرسینی اوزم کے نام سے نامزد کرتے ہیں

اطبائے قدیم کے نزدیک یہ سفید۔ زرد۔ سیاہ اور سرخ کئی قسم کا ہوتا ہے۔ لیکن عام طور پر دوائً زیادہ تر سفید سنکھیا ہی مستعمل ہے۔ اس کے سفید طبق دار شت پہلو پھٹکڑی یا سہاگہ کی مانند چھوٹے چھوٹے ٹکڑے

Marfat.com

ہوتے ہیں۔ اس کی تاثیر بقول اطبائے قدیم چوتھے درجے میں خشک ہے۔ یہ خالص حالت میں یا کچا شاذونادر ہی دوائً استعمال کیا جاتا ہے۔ ورنہ عام طور پر دیسی طب میں اس کو مدبر (شدہ) کر کے مختلف قسم کی مرکب گولیوں وغیرہ یا کشتہ جات وغیرہ کی شکل میں استعمال کیا جاتا ہے۔ ڈاکٹری میں بھی اس کے بیسیوں مرکبات مستعمل اور معمول ہیں۔ جن میں سے لائیکر ارسینی کے لس عام اور بکثرت استعمال ہوتا ہے۔ (تفصیل کے لئے مخزن الادویہ ڈاکٹری اور محیط اعظم یا مخزن الادویہ فارسی وغیرہ کا مطالعہ کریں) اس کی مقدار خوراک نہایت قلیل یعنی رتی کے ایک سو بیسویں حصے سے لے کر رتی کے تیسویں حصے تک ہے۔ خاص حالات میں مدبر کر کے دانہ خشخاش سے نصف چاول تک کی مقدار میں استعمال کیا جاسکتا ہے۔

**منافع۔** معدل۔ مقوی۔ دافع امراض نوبتی زیادہ مقدار میں شدید قسم کا کاوی یعنی جلا دینے والا زہر قاتل ہے نظام عصبی کے سرد اور بلغمی امراض میں نافع ہے خارش اور بعض جلدی امراض میں نہایت مفید ہے۔ اور آتشک میں خصوصیت کے ساتھ مفید ہے۔

**تنبیہ۔** چونکہ یہ نہایت شدید زہر ہے۔ اس لئے اس کا

Marfat.com

استعمال نہایت احتیاط کے ساتھ کرانا چاہیے۔

# سنگِ الٰہی

خاص نسخہ ہے۔ جس کو پہلے پہل ڈاکٹری والوں نے تجویز کرکے "لیپس ڈی وائی نس" اور "بلیو وونڈ سٹون" کے نام سے نامزد کیا تھا۔ اور زبان میں الٰہی کا ترجمہ بالترتیب سنگ الٰہی یا سنگ خدا یا آسمانی رنگ زخم یا زخموں کا نیلا پتھر کیا گیا ہے۔ اس دوا کی بنی بنائی قلمیں بڑے بڑے انگریزی دوا فروشوں کے ہاں سے بھی مل سکتی ہیں۔

اجزاء۔ پھٹکڑی۔ نیلا طوطیا۔ قلمی شورہ۔ ہر ایک نصف چھٹانک کافور پونے دو ماشہ۔

ترکیب۔ اول الذکر تینوں دواؤں کو ملا کر پگھلائیں۔ جب وہ پگھل جائیں۔ تو اس وقت کافور ملا کر سرمچو یا سلائی کی شکل کے سانچوں میں ڈھال کر سرمچو اور سلائیاں بنالیں

استعمال۔ پلکوں کو الٹ کر پہلے ہلکا سا محلول کوکین ان پر ڈالیں۔ پھر تھوڑی دیر بعد لگردں پر سنگ الٰہی کی سلائی یا سرمچو کو ہفتہ میں دو یا زیادہ سے زیادہ تین

Marfat.com

مرتبہ پھیر دیا کریں۔

منافع۔ پرانے کلکروں میں مفید ہے۔ اور ایک حد تک سلورنائٹریٹ یا کاسٹک ہنج کرنے کا مفاد بخشتا ہے

# سنونِ گوشت خورہ

خاص نسخہ ہے۔

اجزاء۔ فلفل سیاہ۔ نمک سیاہ۔ عاقرقرحا۔ سوہاگہ۔ زنجبیل ہر ایک ۳ ماشہ۔ نوشادر ۳ ماشہ گیرو ۶ ماشہ۔

ترکیب۔ سب کو باریک پیس کر چھان لیں۔

استعمال۔ بطور منجن صبح شام دانتوں اور مسوڑھوں پر ملیں

منافع۔ گوشت خورہ۔ دانتوں سے خون آنے اور دانتوں کے درد میں نافع ہے۔ خصوصاً جو ریشے اور بادی کی وجہ سے ہو۔ بدبوئے دہن کو بھی دور کرتا ہے۔

فائدہ۔ اگر اس کے ساتھ رات کو سوتے وقت انزروت نہایت باریک پیس کر اس طرح استعمال کر لیا کریں تو بہت جلد آرام آجاتا ہے۔ کہ تارہ میرا کے تیل میں روئی کی حسب ضرورت ایک یا دو اتنی بڑی بتیاں بنا کر تر کر لیں جو کہ دانتوں کی جڑوں پر مسوڑھوں کے اوپر بخوبی آسکیں۔ پھر ان کو انزروت کے باریک کئے ہوئے

Marfat.com

سفوف میں بخوبی لت پت کر کے مسوڑھوں کی جڑوں پر رکھ کر سو جایا کریں۔ صبح نکال کر منہ کو ڈھیلا چھوڑ دیا کریں۔ جب اچھی طرح پانی بہ جائے۔ منہ کو گرم پانی سے دھوئیں۔ اگر صابن پر انگلی لگا کر دانتوں کی جڑوں پر مل کر دھولیا کریں۔ اور پھر مذکورہ بالا منجن کر لیا کریں تو اور بھی بہتر ہے۔ اگر رات بھر بتیاں نہ رکھ سکیں تو ایک آدھ گھنٹہ رکھ کر نکال لینا بھی فائدہ بخشتا ہے۔

## سینٹوجن

یہ بھی ایک سفیدی مائل سفوف کی شکل کی مشہور دوا ہے جسے یورپ کی ایک کمپنی سر بند ٹینوں میں بذریعہ اشتہار تمام دنیا میں فروخت کر رہی ہے۔ چھوٹے بڑے ٹینوں میں بند ہو کر آتی ہے جو اکثر انگریزی دوا فروشوں سے مل جاتے ہیں۔ چھوٹے ٹین کی قیمت اڑھائی تین روپے اور بڑے ٹین کی قیمت قریباً پانچ روپے ہوتی ہے۔

اجزاء۔ غالباً۔ دودھ۔ جو۔ بعض اجزاء حیاتین۔ نمکیات فاسفورس وغیرہ

ترکیب خاص کیمیاوی تراکیب سے تیار کی جاتی ہے۔

استعمال۔ اس کی ترکیب استعمال اس کے ٹینوں کے ساتھ

Marfat.com

مختلف زبانوں میں چھپی ہوئی بند ہوتی ہے۔ ٹکیوں کے ساتھ ایک چمچہ بھی ہوتا ہے۔ اس مخصوص چمچے کے ناپ کے دو تین چمچے دن میں دو تین مرتبہ کسی مناسب سیال میں حل کر کے استعمال کئے جاتے ہیں۔

**منافع**۔ ہر قسم کے جسمانی کمزوری کو دور کرتی ہے۔ ناقص تغذیہ سے جو امراض پیدا ہو جاتے ہیں۔ ان کو دور کر دیتی ہے۔ مرض سے اٹھے ہوئے ناتوانوں کی طاقت کو بحال کرنے کے لئے خاص چیز ہے۔ جسم کی قوت مدافعت مرض کو بڑھاتی ہے۔ اور امراض سے محفوظ رکھتی ہے۔

# سیال مسکن

عظیم دواخانہ متعلقہ ہائیجیا ہیلتھ ہوم کی خاص دوا ہے

**اجزاء**۔ پوٹاسیم برومائیڈ سوڈیم برومائیڈ ہر ایک سوا تولہ

| | |
|---|---|
| لیومینل سوڈا | سوا ماشہ |
| شربت نارنج | ۵ تولہ |
| عرق بادیان | ۱۵ تولہ |

**ترکیب**۔ سب کو ملا کر بخوبی حل کر لیں۔

**استعمال**۔ دوپہر کا کھانا کھانے کے بعد رات کو سونے تک

Marfat.com

یا تمام دن میں تین مرتبہ ایک ایک چمچہ چار بجھ یعنی قریباً
چار چار ماشہ یونہی یا ٹھنڈے سے پانی میں حل کر کے
پی لیا کریں۔

**منافع۔** ذکاوت حس کو دور کرنے خواہش مردانہ کو کم کرنے
طبعی احتلام کو روکنے۔ جسم کے مشتعل اعصاب کو
تسکین دینے میں نافع ہے۔ صرع جنون اور ہیجوایلی
وغیرہ میں بھی مفید ہے۔

## سینٹونین

یہ فی الحقیقت درمنہ ترکی کا ولایتی طریق پر تیار کیا
ہوا قلمی جوہر ہے۔ درمنہ ترکی ایک بحری بوٹی ہے
جس کی تصویر ذیل میں درج ہے۔



Marfat.com

یہ بیرنگ چپٹی چپٹی معین شکل کے قلمی سفوف کی مانند ہوتی ہے جس کا ذائقہ کس قدر تلخ ہوتا ہے۔ اسے سورج کی روشنی میں زیادہ دیر تک رکھنے سے اس کا رنگ زردی مائل ہوجاتا ہے ایک سے دو رتی کی مقدار میں استعمال کیا جاتا ہے۔ بچوں کو حسب عمر ایک چاول سے ایک رتی تک استعمال کرایا جاتا ہے۔ اس کے ولایت سے بنے بنائے قرص اور ٹکیاں وغیرہ بھی آتے ہیں۔

**منافع۔** آنتوں کے کیڑوں خصوصاً کیچوؤں کو ہلاک کر کے نکالنے کے لئے خاص چیز ہے۔ چنوں میں بھی نفع بخشتی ہے۔ اس دوا کو ایک دو دن کے وقفے سے تین چار مرتبہ دینا چاہیئے اور ہر دفعہ دینے کے بعد خفیف سا مسہل دے دیا کریں۔ یا اسے کسی مسہل دوا کے ساتھ ہی ملا کر دینا چاہیئے

**تنبیہہ۔** اس سے بعض اوقات سمی قسم کی علامتیں بھی پیدا ہو جایا کرتی ہے۔ اس لئے اس کو ہمیشہ نہایت احتیاط کے ساتھ استعمال کرانا چاہیئے۔

## شربت اعجاز

مشہور قرابادینی نسخہ ہے۔ ہر عطار سے مل جاتا ہے

اجزاء۔ عناب ولایتی ۲۰ عدد۔ سپستان ۶۰ عدد۔ کتیرا۔

Marfat.com

صمغ عربی۔ ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ بہدانہ ۷ ماشہ۔ اصل السوس
تخم خطمی۔ تخم خبازی۔ گل نیلوفر۔ گل بنفشہ ہر ایک ۴ ماشہ
برگ اڑوسہ آدھ سیر۔ قند سفید ایک سیر۔

ترکیب۔ صمغ عربی اور کتیرے کے علاوہ باقی دواؤں کو رات کو آٹھ دس گنا پانی میں بھگو کر صبح جوش دیں اور صاف کر کے شکر ملا کر شربت کا قوام کریں۔ آخر میں کتیرا اور صمغ عربی بھی باریک پیس کر اس میں ملا کر اچھی طرح حل کر لیں۔

استعمال تین تولہ شربت۔ سادہ پانی یا عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ میں حل کر کے استعمال کریں۔

منافع۔ خشک کھانسی کو فائدہ دیتا اور سل ودق کے لئے نافع ہے۔

# شربت بزوری معتدل

مشہور قرابادینی نسخہ ہے۔ ہر عطار سے مل جاتا ہے۔

اجزاء۔ بادیان۔ تخم کاسنی۔ تخم خربزہ۔ تخم خیارین۔ تخم خارخسک بیخ کاسنی۔ بیخ بادیان ہر ایک ۵ ماشہ۔ شکر سفید ½ ۱ سیر

ترکیب۔ بطریق معروف دواؤں کو نیم کوب کر کے رات کو بھگو دیں اور صبح جوش دے کر صاف کر کے شکر ملا کر شربت کا قوام کر لیں۔

Marfat.com

یادداشت۔ بعض لوگ تخموں کی بجائے ان کے مغز ڈالتے ہیں جو آخر قوام کے وقت تھوڑا سا شربت نکال کر اس میں گھوٹ کر اضافہ کر لیے جاتے ہیں۔ یہ طریق زیادہ مفید اور بہتر ہے

استعمال۔ دو سے چار تولہ تک پانی یا عرق گاؤزبان میں حل کر کے پلا دیا کریں۔

منافع۔ مرکب بخاروں اور مثانہ و گردہ کے امراض میں نافع ہے۔ پیشاب کھل کر لاتا اور سوزاک و سوزش بول کو رفع کرتا ہے۔ گردوں اور مثانے کو فضلات سے پاک کرنے کے لئے خاص چیز ہے۔

## شربت زوفا خاص

عام قرابادینی نسخہ ہے۔ بڑے بڑے عطاروں سے مل جاتا ہے

اجزاء۔ انجیر زرد ۱۰ عدد۔ تخم خطمی۔ اصل السوس مقشر۔ بیخ بنفشہ ہر ایک ۲ ماشہ۔ حلبہ ایک تولہ۔ بادیان۔ تخم کرفس ہر ایک ۷ ماشہ۔ پرسیاؤشاں۔ زوفا خشک ہر ایک ۲ تولہ۔ مویز منقیٰ ۹ تولہ۔ گلقند نصف سیر شکر سفید ایک سیر۔

ترکیب۔ دواؤں کو آٹھ دس گنا پانی میں بھگو دیں۔ ایک دن رات کے بعد جوش دے کر صاف کر کے کھانڈ اور

Marfat.com

گلقند اضافہ کرکے شربت کا قوام کرلیں۔

استعمال۔ بقدر ۲ تولہ شربت عرق بادیان ۲ تولہ میں حل کر کے استعمال کریں۔

منافع۔ سینے کو بلغم سے پاک و صاف کرتا، ورکھانسی وغیرہ میں نفع بخشتا ہے۔

## شربتِ عشبہ مرکب

عظیم دواخانہ متعلقہ ہائیجیا میڈیکل ہوم کا خاص نسخہ ہے جو خون کی صفائی اور اصلاح کے لئے بے نظیر ہے۔

اجزاء۔ عشبہ مغربی ۵ تولہ۔ اننت مول۔ چوب چینی۔ برادہ شیشم ہر ایک ۴ ماشہ۔ عناب ۲۰ عدد۔ شاہترہ۔ چرائتہ۔ سرپھوکہ۔ منڈی بوٹی۔ صندل سرخ و سفید۔ عنب الثعلب۔ برگ حنا۔ مغز تخم کدو شیریں۔ مغز تخم خیارین۔ مغز تخم خربزہ۔ تخم کاسنی۔ ہر ایک ایک تولہ۔ جو مقشر ۴ تولہ۔ شکر سفید دو سیر۔

ترکیب۔ دواؤں کو دس گنا پانی میں رات کے وقت بھگو کر صبح جوش دے کر صاف کرکے شکر سفید ملاکر شربت کا قوام کرلیں۔ مغزیات آخر قوام میں تھوڑے سے شربت میں گھوٹ کر شامل کرلیں۔

Marfat.com

**استعمال۔** بقدر ۲ تولہ صبح شام سادہ پانی یا کسی مصفیٰ خون عرق میں حل کر کے پلا دیا کریں۔

**منافع۔** ہر قسم کے فساد خون حتیٰ کہ آتشک تک میں نافع ہے۔

# شربت عناب

مشہور قرابادینی نسخہ ہے۔ ہر عطار سے مل جاتا ہے

**اجزاء۔** عناب ولایتی ایک سیر۔ شکر سفید ۲ سیر۔ پانی چار سیر۔

**ترکیب۔** عناب کو پانی میں جوش دے کر صاف کر کے شکر ملا کر شربت کا قوام کر لیں۔

**استعمال۔** بقدر ۴ تولہ کسی مناسب مصفیٰ خون عرق یا سادہ پانی میں حل کر کے پلا دیا کریں۔

**منافع۔** خون کی تعدیل کرتا۔ اور کھانسی و درد سینہ کے لئے نافع ہے۔

# شربت فولاد خاص

عظیم دوائی خانہ متعلقہ ا بنجیا ہیلیتہ سوم کا خاص نسخہ ہے۔ اور اپنے غیر معمولی طور پر مفید و مقبول

Marfat.com

ہونے کی وجہ سے نہایت کثیر الاستعمال ادویہ میں سے ہے

اجزاء۔ دارچینی عمدہ جوکوب ۲۰ تولہ ستاور جوکوب ۵ تولہ۔ آب انار۔ آدھ سیر۔ آب سیب آدھ سیر۔ عرق بید مشک ایک سیر شہد خالص ایک سیر۔ برادہ فولاد قسم اول ۱ تولہ تیزاب ناسفورس خالص ۵ تولہ۔ آب مقطر حسب ضرورت

ترکیب۔ دارچینی۔ اور ستاور کو آب انار۔ آب سیب اور عرق بید مشک میں رات کو بھگو دیں۔ صبح جوش دے کر شہد ملا کر شربت کا قوام کر کے رکھیں۔ تیزاب فاسفورس میں مساوی الوزن آب مقطر ملا کر اس میں برادہ فولاد ڈال دیں۔ اور نرم آنچ پر رکھیں جب فولاد اس میں بالکل حل ہو جائے تو نیچے اتار کر شربت مذکور ملا کر بخوبی حل کر لیں۔

استعمال۔ بقدر ایک چمچہ چائے بھر۔ ٹی سپون فل اندازاً ۲ یا ۳۔ ۴ ماشہ) انگلی سے چاٹ لیا کریں اور یا عرق بید مشک وغیرہ کسی مناسب سیال میں ملا کر پی لیا کریں۔

منافع۔ اعلیٰ درجہ کا اکسیر البدن شربت ہے۔ جسم کو مضبوط اور خون کو عمدہ بناتا ہے۔ پٹھوں کو قوی کرتا اور خوب بھوک لگاتا ہے۔ قوت باہ کو بھی خوب بڑھاتا ہے واقعی

Marfat.com

عجیب چیز ہے۔

# ضمادِ اشق

مشہور قرابادینی نسخہ ہے۔ بڑے بڑے دواخانوں سے تیار ملتا ہے

اجزاء۔ اشق۔ مقل۔ بورہ ارمنی۔ نمک لاہوری ہر ایک ایک تولہ دو ماشہ۔ برگ سداب ۲ تولہ ۴ ماشہ۔ کزمازج ۱/۲ تولہ اُشنہ ۱/۳ تولہ۔ انجیر زرد ۱۰ عدد گندھک ۷ ماشہ۔

ترکیب۔ انجیر کو سرکہ میں پکائیں۔ جب گل جائے تو اشق اور مقل کو پگھلا کر اس میں ڈال دیں۔ اور باقی دوائیں کو کوٹ چھان کر ملیں سی بنا کر اتار لیں۔

استعمال۔ بوقت ضرورت تیز سرکہ میں ملا کر گرم کرکے اور ایک موٹے سے کپڑے پر پھیلا کر گرم گرم مقام ماؤف پر لیپ کریں

منافع۔ ہر قسم کے ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ تلی کے ورم کو تحلیل کرنے کے لئے خاص چیز ہے۔

# ضمادِ قابض

عظیم دواخانہ متعلقہ ہائیمیا میلیتھ ہومیو کا خاص نسخہ ہے اور اکثر امراض میں خارجی طور پر نہایت مفید ثابت ہوتا ہے۔

Marfat.com

اجزاء۔ اقاقیا۔ گلنار فارسی۔ خاکستر چوب جھاؤ۔ املی خورد۔ کتھ سفید۔ مازو۔ بلوط برباں۔ مغز خستہ انبہ۔ انبہ ہلدی میدہ سک لودھ پٹھانی۔ گیرو۔ صبر سقوطری۔ ٹینک ایسڈ۔ گیلک ایسڈ۔ صمغ عربی۔ کندر ہر ایک بقدر حاجت شراب تیز اور تند مثلاً برانڈی یا شیمپین بقدر حاجت۔

ترکیب۔ تمام دواؤں کو نہایت باریک پیس کر شراب میں ڈال کر یہاں تک پکائیں۔ کہ وہ پتلی سی مرہم یا ضماد کی مانند ہو جائے۔

استعمال۔ بوقت ضرورت حسب ضرورت لے کر نیم گرم کر کے مقام ماؤف پر لیپ کر دیا کریں۔

منافع۔ اکثر قسم کے اورام کو فائدہ بخشتا ہے۔ بالخصوص جو ضربہ و سقطہ کے بعد رونما ہو جاتے ہیں۔ ہر قسم کے جریان خون کو بند کرتا ہے۔ اندرونی اعضاء میں اجتماع حرارت سے پیدا ہو جانے والے اجتماع خون کو روکتا ہے۔ فتق اور دوائی میں بھی نفع بخش ثابت ہوتا ہے۔

فائدہ۔ درد کی شدت میں بزرالبنج اور افیون کا بھی کسی قدر اس میں اضافہ کر لیا جا سکتا ہے۔

---

Marfat.com

# ضماد محلل خاص

عظیم دوا خانہ متعلقہ ہاسپٹل کا خاص نسخہ ہے جو ہر قسم کے اورام کو تحلیل کرنے میں تمام یونانی۔ ویدک اور ڈاکٹری ادویہ سے زیادہ بہتر۔ اور زود اثر ہے۔

اجزاء۔ گل بابونہ۔ اکلیل الملک۔ مرزنجوش۔ خیار شنبر۔ زراوند مدحرج۔ تخم ترب۔ خردل۔ ہر ایک ۲ تولہ۔ جدوار خطائی ۱ تولہ بیخ کبر۔ ۵ تولہ صبر زرد۔ مقل ازرق۔ اشق ہر ایک ۴ تولہ آب برگ عنب الثعلب سبز اور سرکہ انگوری۔ حسب ضرورت آئیوڈین ایک ماشہ ۵ رتی۔ پوٹاسیم آئیوڈائیڈ ۱۰ رتی۔ گلیسرین ۳ ماشہ۔

ترکیب۔ بیخ کبر تک کی تمام دواؤں کو نہایت باریک پیس کر آب برگ عنب الثعلب میں گھوٹ کر رکھ لیں۔ صبر زرد۔ مقل اور اشق کو سرکہ میں حل کریں۔ آئیوڈین پوٹاسیم آئیوڈائیڈ اور گلیسرین کو باہم ملا کر اچھی طرح کھرل کرکے یکجان کریں۔ اب سب دواؤں کو ایک جگہ ملا کر یہاں تک گھوٹیں کہ مرہم سی بن جائے۔

استعمال۔ بوقت ضرورت حسب حاجت لے کر مقام ماؤف پر لیپ کر دیا کریں۔

Marfat.com

منافع۔ ہر قسم کے ورموں کو تحلیل کرنے میں نہایت مفید و مؤثر ہے۔ اس کے علاوہ ہر قسم کے جلدی امراض میں نافع ہے۔ ایک فاضل طبیب اس کو نہایت احتیاط کے ساتھ مناسب مقدار میں داخلی طور پر استعمال کر کے بھی بہت سے امراض میں کافی فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ ورم طحال۔ ورم جگر۔ ورم رحم اور مثانہ وغیرہ احشاء صدر وبطن اور احشاء عانہ کے اندرونی اورام کو بھی تحلیل کرنے میں یہ فی الحقیقت نہایت نفع مند ثابت ہوتا ہے۔

# طلاء فاسفورس خاص

عظیم دواخانہ متعلقہ ہاپیجیا ہیلتھ ہوم کا خاص نسخہ ہے جو نہایت مفید اور کارآمد ثابت ہوا ہے۔ ہر شخص جس نے اس کا استعمال کیا یا کرایا ہے۔ اس کی تعریف کرتا اور اس کے واقعی نفع بخش ثابت ہونے کی شہادت دیتا ہے

اجزاء۔ روغن مالکنگنی۔ روغن پستہ۔ روغن فلفل سرخ۔ جو بذریعہ نیپال جنتر کے نکالے گئے ہوں۔ روغن فاسفوریا جو کہ ۲ رتی۔ فاسفورس کو روغن بادام ۵ تولہ میں حل کر کے تیار کیا گیا ہو) ہر ایک ۵ تولہ۔ سفوف تیلنی مکھی۔ زعفران

Marfat.com

کشمیری - بیر بہوٹی - جونک خشک - عقرقرحا - جزالطین خشک ہر ایک ایک ماشہ۔

ترکیب - تمام دواؤں کو روغنوں میں کھرل کر کے یکجان کر لیں - جتنا زیادہ کھرل کیا جائیگا - اتنا ہی زیادہ سریع الاثر اور مفید ہوگا۔

استعمال - حسب دستور ۲ قطرے لے کر سیون (عضو تناسل کے نیچے کا حصہ) اور حشفہ (سپاری) چھوڑ کر صرف عضو کی پشت اور پہلوؤں پر اچھی طرح مل کر اوپر سے پان یا ارنڈ کا پتہ یا فلالین ولایتی (نرمٹ) یا ولایتی روئی کی تہ نیمگرم کر کے لپیٹ دیں اور سے اس کو عضو پر قائم رکھنے کے لئے کچا سوتی یا ریشمی دھاگہ لپیٹ دیا کریں - صبح کھول کر نیمگرم پانی اور صابن سے دھو کر بورک پاوڈر یا چہروں پر لگانے والا آرائشی پاوڈر تھوڑا سا چھڑک لیا کریں - یا ویزلین پومیڈ یا منہ پر لگانے والی کوئی عمدہ سی کریم یا تل کا تیل یا جلایا ہوا گھی وغیرہ ذرا سا لے کر مل دیا کریں۔

یادداشت - یہ طلاء عضو کو تھوڑا تھوڑا سا چھیتا ضرور ہے اور مریض کو ایسا معلوم ہوتا ہے - جیسے سوئیاں سی چبھ رہی ہوں - یا بھڑ کے ڈنک سے لگ رہے یا چیونٹیاں سی کاٹ

Marfat.com

رہی ہوں۔ اس سے لگا ہے چند روز کے بعد عضو پہ چھوٹے چھوٹے دانے بھی ظاہر ہو جاتے ہیں۔ لیکن اس سے گھبرانا نہیں چاہیئے۔ اس سے آبلہ وغیرہ پڑنے کا اندیشہ نہیں ہوتا۔ البتہ اگر چند روز کے مسلسل استعمال سے عضو میں سوزش یا ذکاوت حس پیدا ہو جائے۔ یا دانے ظاہر ہو جائیں۔ تو اس کا استعمال چند روز کے لئے ترک کرا دینا چاہیئے۔ اور عضو پر روغن چنبیلی یا جلایا ہوا گھی وغیرہ لگانا چاہیئے۔

منافع۔ کثرت جماع، جلق اور اغلام وغیرہ سے پیدا ہونے والے تمام مقامی نقائص عضو کو دور کرنے میں بے نظیر ثابت ہوا ہے۔ اس سے عضو کے پٹھوں میں نہایت درجہ قوت اور تحریک پیدا ہو جاتی ہے۔ عضو کی کمزوری اور سستی تھوڑے دنوں میں ہی دور ہو جاتی ہے۔

یادداشت۔ جن مریضوں میں عضو پہلے ہی ذکی الحس ہو ان کو اس کا استعمال نہیں کرانا چاہیئے۔

## طلاء محرک دارچینی والہ

عظیم دواخانہ منقلہ بائیجبا ہسلیتہ ہوم کا خاص نسخہ ہے جو عضو کی تحریک کے لئے واقعی نہایت مفید و مؤثر

Marfat.com

ہونے کی وجہ سے ہانچیا ہسیتھ ہوم کی نہایت کثیر الاستعمال دواؤں میں شامل ہے۔

اجزاء۔ روغن دارچینی۔ روغن قرنفل داگر بذریعہ پتال جنتر نکالا ہوا اور کہنہ ہو تو بہتر ہے) ۵ تولہ۔ روغن فاسفورس روغن سانڈہ۔ روغن صابون ولایتی ہر ایک ۳ تولہ۔ عقر قرحا۔ جُند بیدستر۔ فلفل سیاہ۔ حلتیت ہر ایک ایک ماشہ۔ مشک خالص نصف ماشہ۔

ترکیب۔ تمام دواؤں کو نہایت باریک پیس کر اور شیر کی چربی کو پگھلا کر روغنوں میں ملائیں۔ اور چار پہر کھرل کر کے سب کو یکجان کر لیں۔ جتنا زیادہ کھرل کریں گے۔ اتنا ہی زیادہ مفید و موثر ہو گا۔

استعمال۔ طلاء فاسفورس کی طرح

منافع۔ غلط کاریوں سے عضو میں جو کمزوری اور سستی پیدا ہو جاتی ہے۔ اس کو دور کر کے عضو میں از سر نو تحریک، چستی اور سختی پیدا کر دیتا ہے۔ جب خواہش مردانہ تو زیادہ ہوتی ہے۔ لیکن عضو میں صحیح خیزش (انتشار) پیدا نہیں ہوتا بلکہ دیر سے یا ڈھیلا ہوتا ہے۔ اس وقت یہ طلاء عضو کی قوت انتشار کو بڑھاتا اور اسے دیرپا کر دیتا ہے۔

Marfat.com

# طب تماثلی کی ادویہ برائے دوالی فیل پا، اور فتق

طب تماثلی یعنی ہومیو پیتھی میں دوالی کیلئے ہیمیے میلس فیل پا، کے لئے پیلس۔ ارسینی کم اور ہیمے میلس اور فتق کے لئے بالعموم لائیکو پوڈیم کا استعمال کرایا جاتا ہے۔ ان کے علاوہ حسب حالات موجودہ علامات کے مطابق پلسٹلا۔ ایسڈم فلوریکم۔ فیرم فاس۔ فاسفورس اور آورم وغیرہ کا بھی گاہے گاہے استعمال کرایا جاتا ہے۔

ہیمے میلس کا استعمال بالعموم داخلی اور خارجی ہر دو طریق پر کیا جاتا ہے۔ داخلی استعمال × ۲ طاقت کی دوا لے کر اس کی ایک ایک رتی کی چھ پڑیہ بنالی جاتی ہے۔ جو دو دو تین گھنٹے کے وقفے سے دن میں استعمال کرائی جاتی ہیں۔ خارجی استعمال کے لئے ہیمے میلس مدر ٹنکچر کا ہموزن آب مقطر میں محلول تیار کرکے اس میں روئی وغیرہ بھگو کر مقام ماؤف پر اس کے ٹکور کی جاتی ہے یا اس سے دھویا جاتا ہے۔

# عرق بخار خاص

خاص نسخہ ہے۔ اور سوائے دق کے بخار کے باقی ہر قسم کے بخاروں میں واقعی نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔

Marfat.com

اجزاء۔ نانخواہ۔ کاسنی۔ قصب الزیرہ۔ کمو۔ بادیان۔ گلو سبز ہر ایک ۱۰ تولہ۔ عناب ردی ۵ تولہ۔ منڈی۔ ۲ تولہ۔ افسنتین۔ برنجاسف ہر ایک ۵ تولہ۔ پانی بارہ سیر۔

ترکیب۔ تمام دواؤں کو رات کو پانی میں بھگو دیں۔ صبح حسب دستور قرع انبیق کے ذریعے دس بوتل عرق کشید کریں۔

استعمال۔ پانچ پانچ تولہ۔ دن میں تین مرتبہ اکیلے یا کسی دوسری مناسب دوا کے ہمراہ استعمال کریں۔

منافع۔ سوائے دق کے باقی ہر قسم کی بخاروں کیلئے نہایت مفید ہے۔

فائدہ۔ اگر مریض کو قبض کی بھی شکایت ہو۔ تو اس میں حسب ضرورت وحسب عمر مریض سوا تولہ سے نصف چھٹانک تک نمک فرنگی (میگ سلف) حل کر پلائیں۔

## عرق برنجاسف

قرابادینی نسخہ ہے۔ اور قریب قریب تمام قرابادینی اصول پر مرتب کی ہوئی نسخوں کی کتابوں میں پایا جاتا ہے۔

اجزاء۔ برنجاسف، شکاعی۔ بادآورد۔ کمو خشک۔ بادیان۔ مویز منقی ہر ایک ۲ تولہ۔ گل گاؤزبان ۱ تولہ۔ گرم پانی دس سیر۔ آب کمو سبز ۱ سیر۔

ترکیب۔ تمام دواؤں کو رات کو پانی میں بھگو دیں۔ اور صبح

Marfat.com

حسب دستور عرق کھینچ لیں۔

استعمال۔ ۱۰ سے ۱۲ تولہ تک شربت بزوری یا کسی دوسرے مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

منافع۔ جگر کے ورم کو تحلیل کرتا۔ کمزوری کو دور کرتا۔ معدہ کو قوت بخشتا اور بلغمی بخاروں کو زائل کرتا ہے۔

## عرق طحال جدید

امریکہ کے ایک مشہور ڈاکٹر ولیم ایڈورڈ ہنچ ایم۔ ڈی کا خاص نسخہ ہے۔ جو تجربہ پر واقعی نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔

اجزاء۔ کونین سلف ۳۰ ماشہ۔ ایسڈ سلفیورک ایرومیٹک ۳۰ ماشہ۔ میگ سلف ۲۰ تولہ۔ سوڈا ہائپو سلفاس ۳ ماشہ عرق دارچینی ولایتی بقدر حاجت جس سے تمام دوا بقدر تین چھٹانک یا سیال پیمانے کے ناپ سے چھ اونس ہوجائے۔

ترکیب۔ کونین کو ایسڈ میں حل کرکے میگنیشیا اور سوڈا شامل کرکے عرق ڈال دیں۔ اور سب کو بخوبی حل کرکے رکھ لیں۔

استعمال۔ اس میں سے بقدر ایک بڑا چمچہ بھر (ٹیبل سپون فی قریباً سوا تولہ) ہر دوسرے یا تیسرے گھنٹے پلایا کریں۔

Marfat.com

منافع۔ پرانے ملیریا بخار اور عظم طحال کے لئے نہایت مفید اور لاثانی نسخہ ہے۔ حتیٰ کہ پیشاب میں اگر خون کے اجزاء خارج ہو رہے ہوں تو ان کو بھی درست کر دیتا ہے۔ ہفتے عشرے میں طحال کو اپنے طبعی حجم پر لے آتا ہے۔ اور ملیریا بخار کو ہمیشہ کے لئے دور کر دیتا ہے۔

یادداشت۔ اس سے دو تین اسہال روز آجاتے ہیں اس لئے مریض کو غذا نرم مثلاً دودھ چاول یا کھچڑی وغیرہ ہی دینی چاہیئے۔

# عرق مرکب مصفیٰ خون

مشہور قرابادینی نسخہ ہے۔ بڑے بڑے دواخانوں سے تیار ملتا ہے۔

اجزاء۔ برگ نیب۔ پوست نیب۔ پوست بکائن۔ پوست کچنال۔ پوست مولسری۔ دودھی خرد۔ برگ بھنگرہ سیاہ شاخ۔ برگ چوالسہ۔ پوست گولر۔ برگ حنا۔ منڈی۔ شاہترہ سر بھوکہ۔ دھمایا۔ چوب چیار۔ گل نیلوفر گلسرخ۔ کشنیز خشک۔ صندل سفید۔ تخم کاسنی۔ بیخ کاسنی۔ مجیٹھ۔ برگ بید سادہ۔ برادہ چوب شیشم۔ ہر ایک دس تولہ۔ پانی چھبیس سیر۔

فائدہ بعض اوقات تخم نیب۔ تخم بکائن۔ تخم شاہترہ۔

Marfat.com

نگر۔ افتیمون۔ سازج ہندی۔ گاؤزبان۔ عناب خس اور چرائتہ ہر ایک دس تولہ کا بھی اس میں اضافہ کر دیتے ہیں۔

**ترکیب۔** دواؤں کو ایک رات دن پانی میں تر کر کے بعدہ قرع انبیق یا دیگ بھبکا کے ذریعے بارہ سیر عرق کشید کریں۔

**استعمال۔** بقدر دس بارہ تولہ۔ شربت عناب ۲ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔

**منافع۔** اعلیٰ درجہ کا مصفّیٰ خون عرق ہے۔ اس سے پھوڑے پھنسیوں کی شکایت دور ہو جاتی ہے۔ چہرہ اور جسم کا رنگ صاف سرخ نکل آتا ہے۔ سوزاک اور آتشک وغیرہ سوداوی امراض میں بھی نافع ہے۔

## عرق لیموں

عرق لیموں سے مراد تازہ کاغذی لیموں سے نچوڑا ہوا رس ہے۔ جو بالعموم چاقو کے ذریعے لیموں کے عین وسط میں سے دو ٹکڑے کر کے ہاتھ سے یا لیموں نچوڑنے والے آلات سے بخوبی دبا کر نچوڑ لیا جاتا ہے۔ لیموں کا رس ایک قسم کی تیزابی کیفیت رکھتا ہے۔ اور صفراوی امراض میں نہایت نفع بخشتا ہے۔ داخلی طور پر اس کا استعمال ہر قسم کے صفراوی بخاروں اور سوءِ ہضم وغیرہ میں نافع ہے۔ خارجی طور پر اپنی تیزابی کیفیت

Marfat.com

سے محلل اور مصفیٰ ہے۔ نزلاوی اور عصبی مزاج اشخاص کے لئے اس کا استعمال اپنی ترشی کی وجہ سے بعض اوقات نقصان رساں ثابت ہوا ہے۔

## عرق ہرا بھرا

استاذیم مسیح الملک حکیم اجمل خاں مرحوم دہلوی کا خاص خاندانی نسخہ ہے۔ جو اکثر بڑے بڑے یونانی دواخانوں سے تیار ملتا ہے۔

**اجزاء:** صندل سفید۔ صندل سرخ۔ خس۔ پدماکھ۔ ناگرموتھا۔ گلو سبز۔ شاہترہ۔ پوست نیم۔ گل نیلوفر۔ تخم کاسنی۔ بادیان۔ تخم کدو شیریں۔ تیتر بالا۔ کشنیز خشک ہر ایک دس تولہ۔ تخم تلسی ۲ تولہ۔ بیخ بہیڑہ۔ بیخ نیشکر۔ بیخ جوالسہ دھمایا۔ منڈی بیخ کاسنی۔ اصل السوس ہر ایک ۵ تولہ الائچی خورد۔ کوکنار ہر ایک ۲ تولہ۔ پانی تمام دواؤں کے وزن سے آٹھ دس گنا۔

**ترکیب:** تمام دواؤں کو رات کے وقت پانی میں بھگو دیں۔ صبح کو بدستور قرع انبیق وغیرہ میں عرق کشید کریں۔

**استعمال:** بقدر ۱۰ تولہ عرق میں عرق شیر اسی قدر اور مصری ۲ تولہ ملا کر بطور بدرقہ مناسب دواؤں کے ساتھ استعمال کریں۔

Marfat.com

**منافع۔** دق وسل میں مفید ہے۔ سوزش بول، سوزاک اور خفقان میں بھی فائدہ بخشتا ہے۔ دق کے لئے خاص چیز ہے۔

## عقیق

مشہور پتھر ہے۔ جو زیادہ تر یمن سے آنے کی وجہ سے عقیق یمنی کے نام سے موسوم ہے۔ سرخ۔ زرد۔ سفید، سیاہ اور شربتی رنگ کا ہوتا ہے۔ لیکن سرخ سب سے عمدہ خیال کیا جاتا ہے۔ اطباء کے نزدیک گردوں کے لئے مضرت رساں ہے کتیرا اور تر اشیاء سے اس کی اصلاح ہو جاتی ہے۔ طبیعت کے لحاظ سے دوسرے درجے میں سرد اور خشک سمجھا جاتا ہے۔

**استعمال۔** بالعموم کشتہ کرکے یا نہایت باریک حل کرکے مناسب بدرقات کے ہمراہ استعمال کیا جاتا ہے۔ مقدار خوراک تین چار رتی سے ماشہ دو ماشہ تک ہوتی ہے۔

**منافع۔** مقوی قلب وبصارت ودندان ہے۔ تقویت قلب کے لئے خاص چیز ہے۔ چنانچہ نہایت باریک حل کرکے بقدر چھ رتی کے حل کو قوت

Marfat.com

دیتا۔ خفقان کو دور کرتا اور ہر قسم کے جریان خون کو روکتا ہے۔ بالخصوص استحاضہ اور کثرت طمث کا خون جو کسی طرح سے بھی بند نہ ہوتا ہو۔ اس کے استعمال سے بہت جلد دور ہو جاتا ہے۔ ادویہ مفتحہ کے ہمراہ جگر اور طحال کے سددوں کو بھی کھولتا ہے۔ اور ادویہ مفتتہ کے ہمراہ پتھری کو بھی توڑنے میں مدد دیتا ہے۔ بطور سرمے کے آنکھوں میں لگانا مقوی و مجلی بصر ہے اور بطور منجن کے دانتوں پر ملنا۔ دانتوں کو مضبوط کرتا اور سوڑھوں سے خون بہنے کو روکتا ہے گلے میں لٹکانا بعض اطباء کے نزدیک بالخصوص غصے اور غضب کو دور کرتا اور خفقان میں نفع بخشتا ہے۔ اس کی تسبیح اور مالا وغیرہ بھی بنتی ہے۔ اور انگشتریوں میں بطور نگینوں کے بھی لگایا جاتا ہے۔

## عناب

خشک گول بیروں کی طرح کی ایک مشہور دوا ہے۔ اس کا درخت بھی بیری کے درخت کی مانند ہی ہوتا ہے لیکن اس کے پتے اس کی نسبت موٹے اور لمبے ہوتے ہیں۔ اور لکڑی اور چھال بھی سرخ ہوتی ہے۔ اس کی قوت بقول صاحب مخزن الادویہ دو سال تک رہتی ہے۔ لیکن

Marfat.com

ہم نے دیکھا ہے۔ کہ سال بھر میں ہی اس کے اندر کیڑے پڑ جاتے ہیں۔ اور یہ خراب ناقابل استعمال ہو جاتا ہے۔

تاثیر کے لحاظ سے اس کو گرمی سردی میں معتدل اور بعض نے مائل بہ سردی وتری لکھا ہے۔ رنگ بھی ان کا خشک بیروں کی مانند سُرخ لیکن ان سے کسی قدر گہرا تیرگی مائل ہوتا ہے۔

ناواقف آدمی ان کو دیکھکر اکثر سوکھے ہوئے بیری سمجھتا ہے۔ ذائقہ بھی بیروں کی مانند بشیریں لیکن ان سے کسی قدر تلخی مائل یا کھٹا ہوتا ہے۔ تر معدے والوں اور قوت باہ کے لئے مضرت رساں ہوتا ہے۔ اور نفاخ بھی ہوتا ہے شکر گلاب شہد اور مویز منقیٰ سے اس کی اصلاح ہو جاتی ہے

مقدار خوراک ۵ دانوں سے نو دس دانوں تک لیکن بعض اوقات ۲۵۔۲۰ دانوں تک بھی استعمال کرایا جا سکتا ہے

منافع۔ مصفی اور معدل خون ہے۔ کھانسی اور گلے کی خشونت کو دور کرتا ہے۔ گاڑھے خلطوں کا منضج سینے کا ملین اور رقیق اخلاط کا مسہل ہے۔ سینے کے درد کو بھی نفع بخشتا ہے۔ خون کو بڑھاتا اور صاف کرتا ہے پیاس کی زیادتی۔ پیٹ اور سینے کی سوزش۔ خون کی گرمی اور جگر اور گردوں کے درد کے لئے نافع ہے

Marfat.com

اس کا جوشاندہ کھانسی۔ ربو۔ سینے اور پھیپھڑے کے امراض کے لئے مفید ہے۔ معہ گٹھلی کے سفوف کی مانند پسا ہوا حابس اسہال ہے۔ اس کا خیساندہ کاسنی اور سکنجبین کے ساتھ صفرا اور خون کی گرمی کو دور کرتا اور چیچک میں نافع ہے

# فروٹ سالٹ

فروٹ سالٹ سے مراد ہے۔ میوہ جات کا نمک جو مختلف اور بالخصوص لیمونی قسم کے پھلوں مثلاً لیموں۔ مالٹ سنگترہ وغیرہ کے رسوں سے خاص کیمیاوی ترکیب کے مطابق تیار کیا جاتا ہے چنانچہ ان میں مندرجہ ذیل نمکیات شامل ہیں۔

سوڈا سلف سادہ اور جوش دار۔ کریم آف ٹارٹار۔ پوٹاسیم ٹارٹریٹ۔ سوڈیم فاسفیٹ۔ سوڈیم پوٹاسیم ٹارٹریٹ ایپسم سالٹ سادہ و جوشدار ان میں سے ہر ایک کی مقدار خوراک قریباً آٹھ ماشہ تک ہے۔

بازار میں عموماً ان کا ایک خاص مرکب فروٹ سالٹ کے نام سے فروخت ہوتا ہے۔ جس کو ولایت کی مختلف کمپنیاں تیار کر کے اطراف عالم میں بھیجتی ہیں۔ لیکن اینو کمپنی کا فروٹ سالٹ سب سے زیادہ مشہور

Marfat.com

ومروج ہے۔ اور اینوز فروٹ سالٹ کے نام سے اکثر انگریزی دوا فروشوں سے بڑی شیشی دو روپے پر اور چھوٹی شیشی سوا روپے پر مل جاتی ہے۔

**استعمال۔** بقدر ایک یا دو بڑے چمچے پانی میں حل کر کے استعمال کئے جاتے ہیں۔

**منافع۔** ملین اور مسہل ہوتا ہے۔ اور سیڈلز پاوڈر یا میگ سلف کی مانند پتلے پتلے دست لاتا ہے۔ اور قبض کی وجہ سے جس قدر تکلیف وہ شکایات مثلاً سر درد۔ سستی وغیرہ پیدا ہو جاتی ہے۔ ان کو دور کر دیتا ہے۔ لیکن اس کا بھی مسلسل اور دیر تک استعمال کرنا۔ میگ سلف کی مانند نقصان رساں ہے۔ آنتوں کو نہایت کمزور اور خون کی ترکیب کو خراب کر دیتا ہے۔

# فولاد

صاف کئے ہوئے عمدہ قسم کے پکے لوہے کو فولاد کے نام سے نامزد کیا جاتا ہے۔ مشہور معدنی چیز ہے۔ جو ہر قسم کی طبوں میں دوائی طور پر بکثرت استعمال ہونے کے علاوہ دنیا کے صنعتی نظام میں بہت ہی زیادہ کارآمد ہے انسانی جسم کی ترکیب اور بالخصوص خون کے سرخ دانوں کی

Marfat.com

کی ترکیب میں یہ خصوصیت کے ساتھ شامل ہے۔ اس لئے دوا کے طور پر بالخصوص جگر اور خون وغیرہ کے امراض میں یہ بہت کثرت سے استعمال ہوتا ہے۔ ویدک۔ یونانی ڈاکٹری اور ہومیوپیتھی میں اس کے بے شمار مرکبات معمول و مروج ہیں بقول اطبا قدیم اس کی تاثیر گرم خشک ہے۔

منافع۔ مقوی معدہ خون اور حابس اسہال دموی ہے باہ کو بھی طاقت دیتا ہے۔ اسہال کہنہ کے لئے نہایت مفید ہے چہرے کی زردی کو دور کر دیتا اور رنگ کو نکھارتا ہے۔ جگر کی کمزوری اور ورم طحال کو بھی مفید ہے۔ آب آہن تاب یعنی لوہے کو آگ میں سرخ کرکے اور پانی میں بجھا کر وہ پانی پلانا قابض اور نہایت درجہ مقوی معدہ جگر و امعاء ہے۔ معدے اور آنتوں کے جریان خون میں مفید ہے۔ اکثر اقسام کے فقر الدم میں نافع ہے۔ خنازیر۔ امراض قلب و خون اور ہر قسم کی کمزوری میں دیا جاتا ہے۔ بدن کو طاقت دے کر تقویت باہ اور اعصاب وغیرہ میں بھی نہایت کارآمد ہے۔

یادداشت۔ ایسے مریضوں کو جن کا ہاضمہ پہلے سے خراب ہو یا جن کو قبض ہو۔ یا جن کے معدے اور آنتوں میں خرابی ہو۔ فولاد کا استعمال نہیں کرانا چاہیئے۔ بخار کے مریضوں اور دموی مزاج کے اشخاص کو بھی فولاد کا استعمال کرانا خطرے

Marfat.com

سے خالی نہیں ہوتا۔ طویل عرصے تک فولاد کا مسلسل استعمال نہیں کرانا چاہیئے۔ ہر ماہ چند روز کا ناغہ کرا دینا چاہیئے۔

# فناسیٹن

سفید رنگ کی بے ذائقہ اور بے بو چمکیلی پرت دار قلمی شکل کی ایک مشہور ڈاکٹری دوا ہے۔ جو قطران معادنی سے مشتق اور خاص کیمیاوی طریقوں پر تیار کی جاتی ہے۔ ہر ایک انگریزی دوا فروش سے مل جاتی ہے۔

استعمال۔ ۵ سے ۱۰ گرین بالعموم سفوف کی شکل میں پانی وغیرہ کے ہمراہ یا کیپسٹ (چاولوں کے آٹے سے تیار کئے ہوئے غلاف) میں ڈال کر دی جاتی ہے۔

منافع۔ مسکن درد اور دافع بخار ہے۔ اسے بالعموم ہر قسم کے عصبی دردوں خصوصاً درد سر اور اس کی بھی ایک خاص قسم یعنی شقیقہ میں نیز بخار کو اتارنے کے لئے دیا کرتے ہیں۔ یہ اعصاب کی حس کو سست کر کے درد کے احساس کو کم یا باطل کر دیتی ہے۔ اور بخار کو پسینہ لا کر کم کر دیتی ہے۔

یادداشت۔ یہ چونکہ مضعف قلب ہے۔ اس لئے بچوں اور ضعیف القلب اشخاص میں اس کو ہرگز استعمال نہیں کرانا چاہیئے اس کا پے درپے اور حد سے زیادہ استعمال بھی نقصان کا باعث ہوتا

Marfat.com

# قرص سرطان کافوری

مشہور قرابادینی نسخہ ہے بڑی بڑی یونانی دوا خانوں سے تیار ملجاتا ہے

اجزاء۔ سرطان محرق ۱ تولہ ۔ کافور قیصوری ایک ماشہ۔ صندل زرد صندل سرخ ہر ایک دو ماشہ۔ تخم کاہو تین ماشہ۔ صمغ عربی۔ کتیرا طباشیر۔ شکر طبرزد۔ گل سرخ ہر ایک ۴ ماشہ۔ اصل السوس مقشر۔ رب السوس خالص ہر ایک ۵ ماشہ۔ نشاستہ۔ تخم خرفہ سیاہ ہر ایک ۲ ماشہ۔ مغز تخم کدوئے شیریں۔ مغز تخم خیارین مغز تخم خربوزہ۔ تخم خشخاش سفید ہر ایک ۱ ماشہ۔ لعاب اسپغول بقدر حاجت۔

ترکیب۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر لعاب اسپغول میں گوندھ کر چھوٹے چھوٹے قرص (ٹکیہ) بنالیں۔

استعمال۔ بقدر ۲ ماشہ۔ عرق گاؤزبان ۲ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں

منافع۔ سل ودق اور کھانسی میں نافع ہے۔ تپ محرقہ اور دوسرے پرانے بخاروں میں بھی فائدہ بخشتی ہے۔

# قرص کافور لولوی

مشہور قرابادینی نسخہ ہے۔ جس میں مفید اضافات کیلئے گئے ہیں

اجزاء۔ مروارید ناسفتہ۔ کہربائے شمعی۔ طباشیر۔ کتیرا ہر ایک ۳ ماشہ

Marfat.com

رب السوس ہر ایک ۹ ماشہ۔ گل سرخ۔ صندل سفید۔ گل نیلوفر

کشنیز خشک۔ صندل سرخ۔ تخم خرفہ مقشر مغز۔ تخم تربوز۔ مغز تخم

کدو شیریں۔ سرطان محرق۔ تخم خشخاش سفید۔ تخم کاہو۔ ہر ایک

ایک تولہ ۱۰ ماشہ۔ صمغ عربی۔ بسد محرق ہر ایک ۵ ماشہ۔ کافور قیصوری

۳ ماشہ۔ ابریشم مقرض ایک ماشہ۔ آب بارتنگ سبز یا لعاب

اسپغول بقدر حاجت۔

ترکیب۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر آب بارتنگ یا لعاب میں

گوندھکر چھوٹے چھوٹے قرص (ٹکیہ) بنالیں۔

استعمال۔ بقدر ۳ یا ۴ ماشہ مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کریں

منافع۔ حمیات حادہ۔ سل۔ دق۔ نفث الدم۔ اسہال و ذوبانی مراری

کے لئے نافع ہے۔

# قرص کہربا خاص

قرابادینی نسخہ ہے۔ جو قرابادین اعظم اکمل اور قرابادین قادری

وغیرہ سب میں درج ہے۔

اجزاء۔ کہربائے شمعی۔ بسد احمر۔ مروارید ناسفتہ۔ تخم خرفہ ہر ایک

ایک تولہ۔ کشتہ بارہ سنگھ۔ کشتہ پوستہ بیضہ مرغ۔ کتیرا۔ صمغ عربی

ہر ایک ۱۱ ماشہ۔ کشنیز خشک بریاں۔ تخم خشخاش سفید ہر ایک ۲ تولہ

زورع سوختہ یعنی کدو کا چھلکا جلایا ہوا۔ بزرالبنج سفید ہر ایک

Marfat.com

۲ ماشہ ۔ آب بارتنگ سبز بقدر حاجت

**ترکیب** ۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر آب بارتنگ سبز میں ملا کر چھوٹے چھوٹے قرص (ٹکیاں) بنا لیں۔

**استعمال** ۔ بقدر ۴ ماشہ ۔ یہ قرص لے کر تازہ پانی کے ساتھ مریض کو دن میں دو تین مرتبہ کھلائیں۔

**منافع** ۔ ہر قسم کے جریان خون میں نافع ہے ۔ نفث الدم ۔ بول الدم براز الدم اور عورتوں میں کثرت الطمث اور استحاضہ کیلئے خصوصیت کے ساتھ نافع ہے ۔ اسہال کو روکنے میں بھی مفید ہے ۔ نیز دل اور دماغ کو تقویت اور تسکین بخشتی ہے۔

# قرص مثلث

استاذ م مسیح الملک مرحوم کا مشہور خاندانی نسخہ ہے۔

**اجزاء** ۔ مرمکی ۔ افیون ۔ بزرالبنج ۔ لودن ۔ کافور ۔ زعفران ۔ پوست بیخ لفاح ہر ایک ۵ ماشہ ۔ کندر ۔ انزروت تر بلہ ۔ گل ارمنی ہر ایک ۸ ماشہ ۔ عرق گلاب و آب کا ہو بقدر حاجت۔

**ترکیب** ۔ سب دواؤں کو کوٹ چھان کر عرق اور آب میں گوندھ کر مثلث شکل کے قرص (تکونی ٹکیاں) بنالیں۔

**استعمال** ۔ بوقت ضرورت ایک قرص آب کشنیز سبز یا آب کوکنار یا سادہ پانی وغیرہ میں گھس کر لیپ کی مانند بنا کر کنپٹی اور پیشانی یا مقام ماؤف پر لیپ کردیں

Marfat.com

منافع۔ درد سر۔ اور دیگر اکثر قسم کے عصبی دردوں میں نافع ہے شقیقہ میں بالخصوص مستعمل ہے۔ کسی قدر نیند بھی لاتا ہے۔

## قطورِ اذن حلوینی

عظیم دواخانہ متعلقہ طبیہ کالج ہومیوپیتھک ہوم کا خاص نسخہ ہے۔

اجزاء۔ گلیسرین بیپرٹ ریکٹی فائیڈ۔ ہر دو ہموزن شدت درد میں اس کے اندر کوکین ہائیڈروکلورائیڈ دو گرین یا ٹنکچر اوپیائی اور ٹنکچر بیلاڈونا دو دو ڈرام فی اونس کا اضافہ کر لیا جا سکتا ہے۔

ترکیب۔ دواؤں کو بخوبی ملا کر رکھ لیں۔

استعمال۔ بوقت ضرورت ایک ایک قطرہ نیم گرم کر کے ماؤف کان میں ٹپکا دیا کریں۔

منافع۔ کانوں کے اکثر قسم کے امراض میں نافع ہے۔ کان کی پھنسیوں درد اور کان سے پیپ آنے کے لئے بالخصوص مفید ہے۔

## قیروطی سرخ

عظیم دواخانہ متعلقہ طبیہ کالج ہومیوپیتھک ہوم کا خاص نسخہ ہے۔

اجزاء۔ بیر بہوٹی، شنگرف، جمالگوٹہ ہر ایک ۲ تولہ سم الفار سفید ۳ ماشہ موم ۴ تولہ۔ مسکہ گاؤ ۱۲ تولہ۔

ترکیب۔ تمام دواؤں کو یہاں تک کھرل کریں۔ کہ یکجان ہو جائیں۔

Marfat.com

استعمال: بوقت ضرورت ان میں سے دو رتی دوا ایک رشیشہ اور سپید مٹن بچا کر عضو پر اچھی طرح مل کر جذب کر دیں۔ اوپر سے نیم گرم کر کے پان یا ارنڈ کا پتہ باندھ دیں۔

منافع: عضو خاص کے پٹھوں کو قوت دیتی ہے اور جلق وغیرہ غلط کاریوں کے بعد جو کمزوری یا نقص پیدا ہو جاتا ہے۔ اس کو دور کر کے عضو کو از سر نو تندرست و توانا کر دیتی ہے۔

# قیروطی ملین

عظیم دواخانہ متعلقہ فارماکوپیا میلیہ موم کا خاص نسخہ ہے۔

اجزا: تخم حلبہ، شونیز، ہر ایک ۵ تولہ۔ روغن کنجد ۲۰ تولہ، موم سفید روغن سانڈہ، مغز ساق گاؤ ہر ایک ۱۰ تولہ۔

ترکیب: تخم حلبہ اور شونیز کو روغن کنجد میں جلا کر صاف کر لیں۔ مغز ساق گاؤ کو گرم کر کے چھان لیں۔ اس کے بعد سب اشیاء کو ملا کر آگ پر گرم کریں۔ اور شیشیوں میں بھر کر سرد کر کے رکھ دیں

استعمال: رات کو سوتے وقت بقدر دو ماشہ یہ قیروطی نیم گرم کر کے تمام عضو، گنج ران اور خصیتین پر بخوبی مل کر جذب کر دیا کریں۔ صبح اگر چاہیں تو نیم گرم پانی سے دھو ڈالیں۔

منافع: بچپن کی غلط کاریوں سے عضو خاص کے پٹھوں میں عام طور پر خشکی اور ضعف پیدا ہو جایا کرتا ہے۔ یہ قیروطی عضو خاص کے

Marfat.com

پٹھوں کو نرم کرتی اور اس میں قوت بخشتی ہے عام طور پر طلاؤں کے استعمال سے پہلے اس کا استعمال کرا لینا نہایت مفید ثابت ہوتا ہے۔ اور طلاء کا بہت جلد فائدہ پہنچتا ہے چنانچہ میں اکثر اوقات اپنے مریضوں کو طلاء کے استعمال سے پہلے اس کا استعمال کرا لیا کرتا ہوں۔

# کاڈلور آئیل

کاڈ انگریزی میں ایک خاص قسم کی مچھلی کو کہتے ہیں۔ اور لور آئیل سے مراد ہے۔ اس مچھلی کے جگر کا تیل۔ عام طور پر طبی اصطلاح میں اس کو روغن ماہی یا روغن جگر ماہی کے نام سے نامزد کیا جاتا ہے۔ اس قسم کی مچھلی ناروے۔ فرانس۔ انگلستان۔ نیوفونڈلینڈ اور شمالی امریکہ کے شمال مشرقی سواحل میں بکثرت پائی جاتی ہے اور وہیں سے ان کے جگر کا تیل تیار ہو کر آتا ہے۔ ہر ایک انگریزی دوا فروش سے مل سکتا ہے۔ یہ ہلکے زرد رنگ کا تیل ہوتا ہے۔ جس میں سے مچھلی کی خفیف سی بو آتی ہے۔

**استعمال**۔ ایک سے چار ڈرام تک بالعموم شیرے کی شکل میں استعمال کیا جاتا ہے۔ ڈاکٹری میں اس کے بیسیوں مرکبات مستعمل ہیں جن میں سے کاڈلور آئیل ایمیلشن وِد مالٹ ایکسٹریکٹ یعنی جو کے خلاصہ کے ہمراہ تیار کیا ہوا روغن جگر ماہی کا شیرہ اور کاڈلور آئیل ود ہائپو فاسفیٹس یا گلیسرو فاسفیٹس وغیرہ زیادہ مشہور ہیں جو ولایت

Marfat.com

کی مختلف کمپنیاں تیار کر کے سربند شیشیوں میں فروخت کرتی ہیں۔
چنانچہ ہر ایک انگریزی دوا فروش سے اکثر مرکبات کی بند شیشیاں دو اڑھائی روپے سے تین چار روپے فی شیشی تک مل سکتی ہیں۔ ڈاکٹر لوگ ان کو بہت کثرت سے اور بغیر سوچے سمجھے یا مریض کی طبیعت اور حالت کا اندازہ کئے استعمال کراتے ہیں۔ حالانکہ ہمارے ذاتی تجربے میں ان کا بکثرت استعمال اکثر ہندوستانیوں کے نہ صرف موافق مزاج ہی نہیں ہوتا بلکہ ان سے ان کو نقصان پہنچتا ہے۔ ان کا ہاضمہ اور جگر بہت جلد اس سے خراب ہو جاتا ہے۔

**منافع۔** عام جسمانی کمزوری اور بالخصوص سینے اور پھیپھڑوں کی اکثر شکایات مثلاً ہر قسم کی کھانسی۔ دمہ۔ سل و دق۔ دائمی نزلہ۔ ذات الریہ وغیرہ کے بعد کی کمزوری اور بعض اوقات تقویت اعصاب ضعف اعصاب رعشہ۔ مزمن درد سر وغیرہ میں استعمال کرایا جاتا اور اکثر اوقات مفید ثابت ہوتا ہے۔

**یادداشت۔** سوءِ ہضم۔ قے۔ متلی۔ اسہال بخار۔ اور نفث الدم وغیرہ کے مریضوں میں اس دوا کا استعمال نہیں کرانا چاہیئے۔

## کاسنی

مشہور دوا ہے۔ جو دو قسم کی ہوتی ہے۔ ایک کے پتے بڑے اور کھردرے اور دوسری کے چھوٹے ہوتے ہیں۔

Marfat.com

نیز وہ زیادہ تلخ ہوتی ہے۔ اس کے پتے سبز پھول اودا اور بیج
بھورے ہوتے ہیں۔ ذائقہ کسی قدر تلخی مائل ہوتا
ہے۔ بقول اطبائے قدیم اس کی تاثیر درجہ اول میں سرد
اور تر ہے۔ جس میں حار لطیف اجزا بھی پائے جاتے ہیں
دھونے سے اس کا اثر کم ہو جاتا ہے۔

استعمال۔ اس کے سبز پتوں کا مروق یعنی پھاڑا ہوا پانی ۲ سے ۵ تولہ
تک کسی دوسرے جوشاندے وغیرہ میں ملا کر استعمال
کیا جاتا ہے۔ ویسے بھی اس کے پتوں یا جڑوں یا بیجوں
وغیرہ کو دیگر دواؤں کے ساتھ جوشاندے کے نسخوں
میں شامل کیا جاتا ہے۔

منافع۔ مفتح ہے۔ خون اور صفرا کی تیزی کو توڑتی اور پیاس
کو کم کرتی ہے۔ اس کا رس سرکہ اور صندل کے ساتھ ملا کر
لگانا درد سر حار کو مفید ہے۔ سرکہ اور گلاب کے ساتھ
آنکھ کے ورم اور درد کو۔ شربت شہتوت کے ساتھ اس کا
غرغرہ ورم حلق اور خناق میں مفید ہے۔ داخلی طور
پر اس کے جوشاندے کا استعمال جگر اور طحال کے سدوں
کو کھولتا اور یرقان اور استسقائے حار میں نافع ہے مجاری
بول اور گردوں کا تنقیہ کرتی ہے۔ تپ محرقہ۔ چیچک اور
بخاروں میں بھی اس کا استعمال نافع ہے۔

Marfat.com

اس کا آب مروق تمام احشار کے ورم کے لئے نہایت مفید ہے۔ اور سکنجبین کے ساتھ مقوی معدہ اور دافع بخارات جو کے آٹے اور سرکہ کے ساتھ اس کا ضماد جوڑوں کے درد نقرس اور ورم حار میں مفید ہے۔ یہ کسی قدر معرق اور مدر بھی ہوتی ہے۔

# کافور

کافور ایک مشہور سفیدی مائل شفاف قلمی دوا ہے۔ جسے ایک خاص درخت کی لکڑی سے تیار کیا جاتا ہے۔ تین قسم کا ہوتا ہے۔ (۱) کافور قیصوری جو غالباً قیصور نامی مقام سے آتا ہے (۲) کافور ریاحی یا بھیم سینی جو جزیرہ بورنیو سے آتا ہے۔ (۳) کافور مرتی جو مقام بلومیا یا لنگائی سے آتا ہے۔ اکثر قلمی ٹکڑوں ڈلیوں ٹکیوں اور چکیتوں کی شکل میں فروخت ہوتا ہے۔ اول الذکر یعنی ٹکڑوں اور ڈلیوں کی شکل کا کافور بالعموم ہندوستان میں تیار ہوتا اور کافور دیسی کہلاتا ہے آخر الذکر جاپان وغیرہ سے آکر فروخت ہوتا ہے۔ اس کی تاثیر بعض کے نزدیک سرد خشک اور بعض کے نزدیک گرم خشک ہوتی ہے۔

استعمال۔ ایک سے دو تیرہ رتی تک گولیوں کی شکل میں بالعموم استعمال

Marfat.com

کیا جاتا ہے. اور بیسیوں داخلی اور خارجی دیسی اور ولایتی سرکاری اور غیر سرکاری مرکبات کی تیاری میں کام آتا ہے

منافع۔ پہلے محرک اور بعدہٗ مسکن اثر کرتا ہے۔ کاسر الریاح دافع تشنج۔ مخرج بلغم۔ مسکن حرارت۔ مفرح۔ معرق۔ قاطع باہ مقامی اور تمام داخلی اور خارجی امراض میں مفید و مستعمل ہے مقوی قلب و دماغ ہے. تپ دق اور دیگر اکثر اقسام کے بخاروں میں مفید ہے۔ ذات الجنب۔ ذات الریہ اسہال شدت پیاس جگر اور گردوں کی سوزش وغیرہ میں مفید ہے درد سر گرم۔ نکسیر۔ بیخوابی وغیرہ میں مفید ہے۔ دانتوں کے درد کا مسکن اور دافع جریان و احتلام ہے۔ زخموں کا مصفیٰ اور مندمل ہے۔

# کاکڑا سینگی

دارچینی کی مانند سینگ کے مشابہ خولدار دوا ہے۔ جس کی رنگت سرخ مائل بہ تیرگی ہوتی ہے۔ ذائقہ قدرے تلخ، بکسٹھا اور تیز ہوتا ہے۔

بقول اطبائے قدیم اس کی تاثیر اول درجے میں گرم اور تیسرے درجے میں خشک ہوتی ہے۔ یہ جگر کے امراض کے لئے مضر ظاہر کی جاتی ہے۔ صمغ عربی اور کتیرا اسے

Marfat.com

اس کی اصلاح ہو جاتی ہے۔

استعمال۔ سفوف کی شکل میں ایک سے دو تین ماشہ تک شہد وغیرہ میں ملا کر استعمال کی جاتی ہے۔

منافع۔ کھانسی اور دمہ کے لئے خاص طور پر مفید اور مستعمل ہے ہچکی اور قے کو بھی دور کرتی ہے۔ قے اور خونی دستوں کو روکتی ہے بھوک کو زیادہ کرتی اور پیاس کو گھٹاتی ہے۔ بلغم کے فساد اور تپ میں مفید ہے۔ جلد کے سیاہ داغوں پر اس کا لیپ کرانا ان کو دور کر دیتا ہے۔

# کالزانا

مخصوص ولایتی دوا ہے۔ جو سفید سفید ٹکیوں کی شکل میں ہوتی ہے۔ اسے یورپ کی ایک کمپنی تیار کر کے تمام دنیا میں فروخت کرتی ہے۔ ایک شیشی پونے تین روپے پر بکتی اور اکثر بڑے بڑے انگریزی دوا فروشوں سے مل جاتی ہے۔ ہر ایک شیشی میں ۷۵ ٹکیاں ہوتی ہیں۔

اجزاء۔ کیلشیم۔ سوڈیم۔ پیکٹیٹ وغیرہ کے نمکیات۔

ترکیب۔ مخصوص ترکیب سے مشینوں میں ٹکیاں تیار کر لی جاتی ہیں۔

استعمال۔ اس کی ترکیب استعمال ہر ایک شیشی کے ساتھ ملفوف

Marfat.com

ہے۔ ایک یا دو دو ٹکیہ دن میں دو یا تین چار مرتبہ استعمال کرائی جاتی ہے۔

منافع: سل۔ دق۔ کساح اور دیگر ہر قسم کے ایسے امراض میں مفید ہے۔ جن میں کلسی اجزاء کے استعمال کی ضرورت ہوتی ہے۔ حال ہی میں اس کو دیگر مناسب دواؤں کے ہمراہ صرع اور شقیقہ وغیرہ امراض میں بھی مفید ظاہر کیا گیا ہے۔

## کچلہ

مشہور اور تمام طبوں میں بکثرت مستعمل دوا ہے ڈاکٹری میں نکس وامیکا کے نام سے معروف ہے۔ گول گول اور چپٹے ٹکیوں کی شکل کے بیج ہوتے ہیں۔ جن کا قطر ½ سے ایک انچ تک اور دبازت ¼ ہوتی ہے۔ کنارہ گول ایک جانب سطح پر ناف کی مانند داغ ہوتا ہے۔ رنگت باہر کی طرف سے خاکی اور چھوٹے چھوٹے رونگٹوں کی وجہ سے چمکدار



اندر سے اس بیج کی ساخت سینگ کی مانند اور نیم شفاف ہوتی ہے۔ بو کچھ نہیں ہوتی ذائقہ نہایت تلخ اور بدمزہ ہوتا ہے

تاثیر اس کی بقول اطبا قدیم درجہ سوم میں گرم اور خشک ہے

Marfat.com

اس کو مدبر کرکے استعمال کرنا چاہیئے۔

**استعمال۔** اسے ہر گرین تک بالعموم گولیوں وغیرہ کی شکل میں استعمال کیا جاتا ہے۔ ویدک یونانی ڈاکٹری اور ہومیوپیتھی میں اس کے بے شمار مرکبات مستعمل ہیں۔

**منافع۔** مقوی اور محرک اعصاب ہے۔ چنانچہ فالج استرخا، ضعف اعصاب وغیرہ مزمن عصبی امراض میں نہایت مفید و مستعمل ہے عام جسمانی تقویت اور تقویت معدہ و امعاء کیلئے بھی بکثرت مستعمل ہے۔ بھوک بڑھاتا اور ہضم کو قوی کرتا ہے۔ آنتوں کی حرکت دودیہ کو بڑھا کر قبض کو بھی دور کردیتا ہے۔ تقویت قلب میں بھی دیگر مقویات قلب کے ہمراہ نافع ہے۔ غرضیکہ تمام اعضاء کی تحریک و تقویت میں مناسب ترکیب اور اصلاح کے ساتھ کارآمد اور مفید ہو سکتا ہے۔ یہ طبی دنیا کی نہایت کثیرالاستعمال دواؤں میں سے ہے۔ حالانکہ سخت زہر ہے۔

# کحل الجواہر

مشہور قرابادینی دوا ہے۔ جو اکثر بڑے بڑے دیسی دواخانوں سے مل سکتی ہے۔ ذیل میں اس کے دو نسخے درج ہیں۔

**اجزاء۔** سرمہ اصفہانی۔ سنگ بصری یا توتیا۔ سندھی۔ زعفران یاقوت سرخ۔ لاجورد مغسول توبال مس سوختہ ہر ایک ماشہ

Marfat.com

طلاء۔ مارقیشا ذہبی۔ مرجان سرخ۔ دہنہ فرنگ عقیق سرخ نقرہ۔ مامیران چینی فلفل سفید۔ دارفلفل۔ اقلیمیائے نقرہ روئی سوختہ ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ سرطان نہری۔ مروارید ناسفتہ ساذج ہندی ہر ایک ایک تولہ ۹ ماشہ۔ عرق کیوڑہ ۲ بوتل یا کافور ایک ماشہ۔ مشک خالص ۲ تولہ۔ نمک ہندی۔ قرنفل۔ چھریلہ ہر ایک ۴ ماشہ۔ نمک اندرانی۔ ساذج ہندی۔ سفید آب زریر فلفل سیاہ۔ سنبل الطیب۔ سرمہ اصفہانی۔ سرمہ سرخ۔ زعفران بُسد احمر ہر ایک ½ تولہ۔ مس سوختہ۔ مامیران چینی۔ مرصاف نوشادر۔ زرد چوبہ ہر ایک ۲ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ مروارید ناسفتہ۔ ہر ایک ۴ تولہ۔ صبر سقوطری۔ عصارہ مامیثا۔ یاقوت فیروزہ ہر ایک ۵ تولہ ۱ ماشہ۔ کف دریا۔ اقلیمیائے طلاء۔ اقلیمیائے نقرہ ہر ایک ۱۱ تولہ۔ عرق گلاب ۲ بوتل۔

ترکیب۔ دواؤں کو باریک پیس کر عرق میں بخوبی کھرل کر کے خشک کر لیں۔

استعمال۔ صبح اور رات کو سوتے وقت ایک ایک سلائی دونوں آنکھوں میں لگا دیا کریں۔

منافع۔ ضعف بصارت کو دور کر کے بینائی کو تیز اور قوی کرتا ہے آنکھوں کو تمام امراض سے محفوظ رکھتا ہے۔ اس کے کچھ عرصہ مسلسل استعمال سے اکثر عینک کی ضرورت نہیں رہتی آنکھوں کیلئے لاثانی دوا ہے۔

Marfat.com

# کحل توتیائے خاص

عظیم دواخانہ متعلقہ ہائیجیا ہیلتھ ہوم کا خاص نسخہ ہے۔

اجزاء۔ تانبا سوختہ۔ کافور ریاحی۔ مشک خالص۔ مامیران چینی سمندر جھاگ۔ سونا مکھی۔ کھپریا۔ نیلہ توتیا ہر ایک ہموزن

ترکیب۔ سب کو باریک پیس کر نہ گھسنے والے پتھر کے کھرل میں کھرل کریں۔ بعدہٗ تانبے کے بے قلعی برتن میں چند گھنٹے کھرل کرتے محفوظ کر لیں۔

استعمال۔ رات کو سوتے وقت اور صبح کو اٹھ کر ایک ایک سلائی آنکھوں میں لگا دیا کریں۔

منافع۔ آشوب چشم جرب الاجفان (ککروں) اور دوسرے بہت سے امراض چشم میں نافع ہے۔

# کحل چکنی دوا

استاذیم مسیح الملک مرحوم دہلوی کے خاندان کا آزمایا ہوا نسخہ ہے۔ یہ کحل صابون کے نام سے بھی موسوم ہے۔

اجزاء۔ صابون ۲ تولہ۔ توتیا۔ رال ہر ایک ۲ تولہ

ترکیب۔ صابون کو چاقو سے تراش کر باریک کر لیں۔ اور لوہے کے برتن میں رکھ کر آگ پر رکھیں۔ جب صابون

Marfat.com

گلنے لگے اس وقت توتیا کو سفوف کر کے صابون میں شامل کر کے دستہ سے خوب حل کریں جب صابون پانی کی مانند پتلا ہو جائے۔ نوراں کو باریک پیش کر شامل کر دیں۔ اور پھر دستہ انذکور سے خوب گھوٹیں۔ نیچے آنچ بھی تیز کر دیں۔ جب صابون خشک ہو کر سیاہ ہو جائے۔ برتن کو آگ پر سے اُتار لیں اور سرد ہونے پر دوا کو نکال کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ بوقت ضرورت دانہ باجرہ کے برابر لے کر ذرا سے پانی میں حل کر کے سلائی کے ساتھ آنکھ میں لگائیں۔ اس سے بلا شبہ مریض کو تھوڑی سی تکلیف ہوتی ہے لیکن وہ جلدی دور ہو جاتی ہے۔ اور اس کے اصلی مرض میں فائدہ ظاہر ہونے لگتا ہے۔

منافع۔ نزول الماء کے لئے بالخصوص ابتدائے مرض میں نہایت مفید ہے۔ کہا جاتا ہے کہ جس طرح صابن کپڑے کا میل کاٹ دیتا ہے۔ اس طرح آنکھ کا میل بھی کاٹ کر اس کو صاف کر دیتا ہے۔

## کشتہ ابرک سفید

مشہور قرابادینی نسخہ ہے۔ اور تمام دیسی دواخانوں سے مل جاتا ہے

Marfat.com

اجزاء۔ ابرک سفید۔ شیر آکھ۔ برگ آکھ۔ بقدر حاجت۔

ترکیب۔ ابرک کو دھناب کر کے چار پہر آکھ کے دودھ میں کھرل کریں۔ اور چھوٹی چھوٹی ٹکیہ بنائیں۔ اس کے بعد ایک مٹی کے برتن میں آکھ کے پتے تہ بر تہ رکھ کر منہ بند کر کے گل حکمت کریں۔ اور پندرہ سیر اوپلوں کی آنچ دیں۔ اسی طرح یکے بعد دیگرے سات مرتبہ یہی عمل کریں تب کشتہ تیار ہے باریک پیس کر کام میں لائیں۔

فائدہ۔ ابرک کو دھناب کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ ابرک کو باریک کوٹ کر ایک کمبل یا گدڑے کے ٹکڑے کی پوٹلی میں چھوٹی چھوٹی کوڑیوں یا کھجور کی چھوٹی چھوٹی گٹھلیوں کے ہمراہ باندھ دیں۔ اور اس کو پانی کے بھرے ہوئے ناند میں ہاتھ سے رگڑیں ابرک ریزہ ریزہ ہو کر پانی میں نکل جائے گا جب ابرک پوٹلی سے نکل جائے تو ناند کو چھوڑ دیں اور ابرک کے تہ نشین ہونے پر اوپر سے پانی نتھار کر تہ نشین ابرک لے کر خشک کر لیں۔ یہی ابرک دھناب ہے اس کو ابرک محلول بھی کہتے ہیں۔

استعمال۔ بقدر ایک رتی یہ کشتہ مکھن ۲ تولہ یا پان کے پتے میں رکھ کر صبح کو کھا لیا کریں۔

منافع۔ نہایت اعلےٰ درجے کا مقوی باہ اور مقوی بدن ہے

Marfat.com

سرعت انزال، جریان منی اور سیلان الرحم کے لیے بھی نافع ہے۔ ہر قسم کی کھانسی بالخصوص پرانی کھانسی اور دمہ کے لئے خاص چیز ہے۔

# کشتہ ابرک سفید قلمی شورے والہ

عظیم دوائی خانہ متعلقہ ہائیجیا ہیلتھ ہوم کا خاص نسخہ ہے۔

اجزاء۔ ابرک سفید۔ لعاب گھیکوار۔ آب برگ مغیلاں۔ آب برگ کاسنی سبز۔ قلمی شورہ پانی ہر ایک حسب ضرورت۔

ترکیب۔ ابرک کے ورق ورق کرکے کسی کوزہ میں ڈالیں اور اس میں لعاب گھیکوار اتنا بھریں کہ اوراق تر ہو جائیں۔ پھر کوزہ کا منہ بند کرکے بارہ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ اسی طرح آب برگ مغیلاں اور آب برگ کاسنی سبز میں تر کرکے اس کے بعد دیگرے یہی عمل کریں۔ اس سے اوراق ابرک نرم اور متخلخل ہو جائیں گے۔ اب ابرک سے ڈیڑھ گنا شورہ قلمی لے کر اس قدر پانی میں حل کریں جس میں اوراق تر ہو جائیں۔ ان کو اس محلول میں تر کرکے بدستور کوزہ میں ڈال کر بارہ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں برنگ سفید کشتہ تیار ہوگا۔ اور چمک باقی نہ رہے گی باریک پیس کر صاف پانی اس قدر ڈالیں کہ کشتہ سے چار انگل اوپر رہے۔

Marfat.com

دو تین گھنٹے کے بعد باہستگی پانی نتھار دیں اسی طرح چند بار کریں۔ تاکہ کشتہ میں شورے کی شوریت باقی نہ رہے۔

(فائدہ) اگر اس کو سنگ وریگ گردہ ومثانہ کے لئے استعمال کرنا ہو۔ تو پانی سے دھونے کی چنداں ضرورت نہیں۔

**استعمال۔** ایک سے ۴ رتی تک صفراوی اور دموی بخاروں میں خیساندہ املی ۴ تولہ کے ہمراہ بلغمی بخاروں اور کھانسی میں شیرہ کاہو ۵ ماشہ اور حسب ضرورت شیرہ یا جوشاندہ ملٹھی ۶ ماشہ کے ہمراہ۔ درد شکم میں اجوائن ایک یا ۲ ماشہ کے ہمراہ ضعف باہ میں بیضہ مرغ نیم برشت ایک عدد کے ہمراہ۔ ضعف دماغ واعصاب میں بالائی ۲ تولہ کے ہمراہ۔ ضعف جگر وورم گردہ میں شیرہ تخم کاسنی ۶ ماشہ۔ یا آب برگ کاسنی سبز مروق ۵ تولہ کے ہمراہ۔ سنگ وریگ گردہ ومثانہ میں آب برگ ترب سبز مروق ۴ تولہ بہ اضافہ شکر دیسی ۱ تولہ کے ہمراہ یا آب ترب ۵ تولہ کے ہمراہ یا شیرہ تخم خربزہ۔ شیرہ خار خسک۔ شیرہ زیرہ سفید ہر ایک ۵ ماشہ۔ پانی یا عرق انناس ۱۲ تولہ میں نکال کر اس کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

**منافع۔** ہر قسم کے بخار۔ کھانسی۔ درد شکم۔ ضعف باہ۔ ضعف دماغ اور ضعف جگر کے لئے بہت مفید اور نفع بخش ہے۔ جگر اور گردے کے ورم نیز سنگ وریگ گردہ ومثانہ کو

Marfat.com

خارج کرتا ہے۔

# کشتہ ابرک سیاہ

خاص نسخہ ہے۔ اس کی ترکیب گو کسی قدر پیچیدہ اور طویل ہے لیکن اپنی اثرات کے لحاظ سے یہ کشتہ واقعی نہایت مفید اور لاثانی ہے۔

اجزاء:۔ ابرک سیاہ ۵ تولہ۔ آب بھنگرہ سفید ۱۵ یا ۲۵ تولہ۔ آب سربالہ آب ارنڈ۔ آب بیخ برگد۔ آب سنبھالو۔ جوشاندہ ناگرموتھہ دچار تولہ ناگرموتھا کو پاؤ بھر پانی میں پکائیں۔ جب نصف رہ جے چھان کر کام میں لائیں ہر ایک دس دس تولہ آب گلو تازہ ۱۵ تولہ۔ جوشاندہ ترپھلہ ۱۰ تولہ (ترپھلہ ۲ تولہ لے کر پاؤ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب نصف رہے چھان کر کام میں لائیں) آب ترب ۱۰ تولہ۔ آب ککروندہ ۱۵ تولہ یا حسب ضرورت۔

ترکیب۔ ابرک کو کوٹ کر باریک کریں۔ اور ۱۵ تولہ آب بھنگرہ سفید میں کھرل کر کے ٹکیہ بنالیں۔ اور کوزہ گلی میں رکھ کر گل حکمت کر کے چار سیر جنگلی اپلوں میں رکھکر آگ دیں۔ بعدہ آب سربالہ سے جوشاندہ ناگرموتھا تک کی اشیاء میں بالترتیب کھرل کرتے جائیں۔ اور ہر ایک شے میں کھرل کرنے کے بعد بخوبی خشک کر کے کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے

Marfat.com

بدستور چار سیر اپلوں کی آگ دیتے جائیں۔ اس کے بعد اس کشتہ کو باریک پیس کر دو سیر پانی میں حل کر کے چھوڑ دیں جب ابرک بخوبی تہ نشین ہو جائے تو پانی کو اوپر آئی ہوئی راکھ سمیت علیحدہ کر دیں پھر ابرک مذکور کو آب گلو میں کھرل کر کے بدستور ۴ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ بعدہٗ جوشاندہ ذہیلا اور اس کے بعد آب ترب میں کھرل کر کر کے بدستور آگ دیں آخر میں آب ککروندہ ۵ اتولہ میں تین مرتبہ کھرل کر کے اور تین ہی مرتبہ خشک کر کر کے اور بدستور آگ دے دے کر دیکھیں اگر ابرک میں ابھی کچھ چمک نظر آئے تو ایک مرتبہ آب بھنگرہ سفید دس تولہ میں پھر کھرل کر کے اور آگ دیں اس طرح گلابی رنگ کا کشتہ ہو جائے گا۔ باریک پیس کر بحفاظت رکھیں۔

**استعمال**۔ بقدر ایک رتی لعوق نزلی آب تربوز والا ۹ تولہ۔ میں ملا کر عرق شیرہ ۵ تولہ یا شیر گاؤ پختہ ۱۰ تولہ کے ہمراہ کھلائیں۔

**منافع**۔ ہر قسم کے بخار اور جریان کے لئے مفید ہے۔ قوت باہ کو بھی زیادہ کرتا ہے۔ امراض تنفس نزلہ۔ زکام۔ کھانسی دمہ حتیٰ کہ سل و دق کے درجہ اول اور دوم میں نہایت مفید و مجرب ہے۔ خاص اور لاثانی چیز ہے۔

Marfat.com

# کشتہ ابرک کلاں

عظیم دواخانہ متعلقہ ہائیجیا ہیلتھ ہوم کا خاص نسخہ ہے۔

اجزاء۔ ابرک سفید ۱۰ تولہ۔ عرق لیموں۔ عرق برگ بانسہ سبز عرق بھنگرہ سبز۔ آب دھتورہ سبز۔ شیر مدار۔ یا عرق برگ مدار حسب حاجت۔

ترکیب۔ پہلے ابرک پر گرم پانی چھڑک کر اچھی طرح کوٹیں۔ پھر عرق لیموں میں ۱۲ گھنٹے کھرل کرکے قرص بنا کر مٹی کے پیالہ میں رکھیں۔ اور گل حکمت کرکے ڈیڑھ مربع گز کے گڑھے میں اُپلے بھر کر اور قرص مذکورہ درمیان میں رکھ کر آنچ دیں پھر دوبارہ برگ بانسہ کے عرق میں کھرل کرکے اسی طرح آنچ دیں۔ پھر بالترتیب اسی طرح عرق بھنگرہ سبز آب دھتورہ سبز اور شیر مدار وغیرہ میں کھرل کرکے آنچ دیں۔ حتیٰ کہ ابرک کی چمک بالکل زائل ہو جائے۔

استعمال۔ بقدر ایک چاول کشتہ لے کر لعوق کتان ۱ تولہ میں ملا کر ہمراہ شربت زوفا خاص ۲ تولہ کے صبح شام استعمال کرائیں (فائدہ)، بوقت ضرورت شدت مرض میں اس کے ساتھ دو تین رتی پوٹاسیم آئیوڈائیڈ کا اضافہ (زیادتی) بھی کیا جا سکتا ہے۔ تقویت باہ کے لئے بالائی یا

Marfat.com

مکھن میں استعمال کریں۔

منافع۔ تقویت باہ۔ جریان۔ سرعت۔ دمہ اور بلغمی کھانسی وغیرہ میں نہایت نافع ہے۔ دمہ کے لئے خاص چیز ہے۔

# کشتہ بیضۂ مرغ

مشہور کشتہ ہے۔ جو جریان منی و مذی اور سیلان الرحم کے لئے واقعی مفید ہے اور نہ صرف طب ویدک اور یونانی میں ہی مروج ہے۔ بلکہ اب ہومیو پیتھی (طب تماثلی) میں بھی ان امراض کے لئے اکسیر سمجھا جاتا اور ان کے مخصوص طریق پر بکثرت استعمال ہوتا ہے۔

اجزاء۔ پوست بیضہ مرغ (جس کو چونے اور نمک کے پانی سے خوب دھو کر اس کے اندر کا پردہ بالکل علیحدہ کر دیا ہو گا) شیر آکھ یا آب لیموں کوئی بقدر حاجت

ترکیب۔ پوست بیضہ مرغ کو شیر آکھ میں ۲ گھنٹے تک کھرل کر کے ٹکیہ بنائیں۔ اور خشک ہونے پر گل حکمت کر کے ۱۵ سیر اُپلوں کی آگ دیں۔ اسی طرح نو مرتبہ کھرل کر کے آگ دیتے رہیں۔ بعدہٗ نکال کر محفوظ رکھیں۔ آب لیموں میں کرنا ہو تو پوست بیضہ مرغ کو چینی کے برتن میں ڈال کر اس پر آب لیموں اس قدر ڈال دیں کہ تین انگل تک اس کے اوپر

Marfat.com

رہے۔ جب آب لیموں خشک ہو جائے پوست بیضہ مرغ کو نکال کر گل حکمت کریں۔ اور خشک ہونے پر گیپٹی کی یعنی ڈیڑھ ہاتھ مکعب گڑھے میں آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکالیں اور اسی طرح دو تین مرتبہ مکرر سہ کرر آگ دے کر بحفاظت محفوظ رکھیں۔

**استعمال۔** ایک دو رتی یہ کشتہ مکھن یا بالائی میں ملا کر کسی دیگر مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کریں۔ اور دودھ گھی کا زیادہ استعمال کریں۔ تیل۔ ترشی وغیرہ سے پرہیز کریں۔

**منافع۔** سیلان منی وندی و ودی اور سرعت انزال کے لئے نافع ہے۔ ذیابیطس اور سلسل کثرت بول میں بھی مفید ہے۔ عورتوں کے سیلان الرحم اور مردوں میں جریان کے لئے خاص چیز ہے

# کشتہ حجر الیہود خاص

عظیم دواخانہ متعلقہ مائیجیا ہیبتہ ہوم کا خاص نسخہ ہے۔

**اجزاء۔** حجر الیہود ۵ تولہ۔ آب ترب ایک سیر۔ عقرب کلاں پانچ عدد یا کلنفی ۴ تولہ۔

**ترکیب۔** حجر الیہود کو آب ترب میں کھرل کر کے ٹکیہ بنائیں اور خشک کر کے عقرب کلاں کو کوٹ کر یا کلنفی کو رات کے وقت پانی میں بھگو کر صبح کوٹ کر نغدہ بنائیں اور ٹکیہ مذکور کو اس کے اندر

Marfat.com

رکھکر گل حکمت کر کے پانچ دس سیر جنگلی اپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر جزالیہو کو مع بھوکی راکھ کے باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ بوقت ضرورت اس میں سے ایک یا دو رتی لے کر جوہر بدر سادہ نصف ماشہ کو ساتھ ملا کر ہمراہ شربت بزوری مریض کو پلا دیا کریں۔

منافع۔ گردوں اور مثانہ کی پتھری کو ریزہ ریزہ کر کے بہت جلد خارج کر دیتی ہے۔ اس غرض کے لئے خاص اور لاثانی چیز ہے۔

# کشتہ زمرد مروارید ی

عظیم دوائی خانہ متعلقہ ہانجیا سیلتھ ہوم کا خاص نسخہ ہے۔

اجزاء۔ زمرد سبز ایک تولہ۔ مروارید ناسفتہ ۶ ماشہ۔ عرق گلاب ۵ تولہ۔ عرق بید مشک ۵ تولہ۔

ترکیب۔ زمرد کو ۵ تولہ عرق گلاب میں تین روز تک کھرل کر کے ٹکیہ بنائیں اور کوزہ گلی میں رکھکر سات سیر اپلوں کی آگ دیں۔ اس کے بعد نکال کر پھر ۵ تولہ عرق گلاب میں اسی طرح تین روز تک کھرل کر کے ٹکیہ بنائیں اور سات سیر اپلوں کی آگ دیں۔ تیسری مرتبہ پھر یہی عمل کریں۔ مروارید ناسفتہ کو عرق بید مشک میں کھرل کر کے خشک کر لیں۔ اور دونوں

Marfat.com

کو ملا کر بخوبی سحق کر کے محفوظ رکھیں۔

**استعمال۔** بقدر ایک رتی ہمراہ خیسانده مغز پنبہ دانہ ا تولہ صبح شام استعمال کریں۔

**منافع۔** عام جسمانی تقویت اور تقویت گردہ و اعضائے رئیسہ کے لئے نہایت مفید و موثر ہے۔ ذیابیطس کے لئے خاص چیز ہے۔

## کشتہ سرمہ سیاہ

عظیم دوائی خانہ متعلقہ بائیجا ہیلتھ ہوم کا خاص نسخہ ہے۔

**اجزاء۔** سرمہ سیاہ ۷ تولہ۔ شورہ قلمی ۱۵ تولہ۔ کباب چینی بقدر حاجت

**ترکیب۔** سرمہ کو شورہ میں لت وبستر کر کے کسی مٹی کے پیالے میں رکھکر اوپر سے ایک انگارہ رکھدیں۔ جب سرمہ پگھل کر زمین پر آ رہے تو اس کو لے کر اس کے ہموزن کباب چینی ملا کر سات دن برابر خشک کھرل کرتے رہیں۔ اس کے بعد شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**استعمال۔** ایک رتی مکھن میں ملا کر دن میں صرف ایک مرتبہ کھلا دیا کریں یا سرمہ کی مانند ایک سلائی رات کو سوتے وقت دوسرے تیسرے روز آنکھوں میں لگا دیا کریں۔

**منافع۔** یرقان مزمن۔ سوزاک پرانے۔ بخاروں بالخصوص کالا آزار۔ کالی کھانسی اور دمہ وغیرہ میں نافع ہے۔ سرمے کے

Marfat.com

طور پر استعمال کرنا آنکھوں کو ٹھنڈک بخشتا اور بصارت صاف اور تیز کرتا ہے۔

# کشتہ سنکھ مرکب

عظیم دواخانہ متعلقہ ایچیا ہیلتھ ہوم کا خاص نسخہ ہے۔

اجزاء۔ سنکھ مصفیٰ۔ شاخ مرجان۔ عقیق سرخ۔ صدف مرواریدی (جس کو چار روز تک شیر تُرش میں بھگو کر پرورده کر لیا گیا ہو) ہر ایک ۵ تولہ گوکھرو سبز ۲۰ تولہ۔ آب برگ کاسنی سبز ۲۰ تولہ

ترکیب۔ سنکھ اور صدف کو آب برگ کاسنی سبز میں اچھی طرح کھرل کریں۔ بعدہٗ ٹکیہ بنا کر خشک کریں۔ اور گوکھرو سبز کا نغدہ بنا کر ٹکیہ مذکورہ کو اس کے درمیان میں رکھکر اور کوزہ گلی آب نارسیدہ میں گل حکمت کرکے بیس سیر اوپلوں کی آنچ دیں نہایت اعلےٰ درجہ کا سفید کشتہ ہوگا۔ محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ بوقت ضرورت ۲ - ۳ رتی خمیرہ مروارید ۵ ماشہ میں ملا کر یا ویسے ہی شربت بنفشہ ۳ تولہ۔ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ۔ کے ہمراہ استعمال کرا دیا کریں۔

منافع۔ ہر قسم کے زہروں کا دافع ہے متعدی بخاروں بالخصوص حمی محرقہ اسہال دموی جھرہ (حتیٰ کہ سل ودق وغیرہ اور مرض بھی میں خصوصیت کے ساتھ مفید و موثر ہے۔

Marfat.com

(فائدہ) سنکھ کو مٹی وغیرہ سے پاک وصاف کرکے کوئلوں کی آنچ پر گرم کرکے تارامیرا یا تل کے تیل میں بجھائیں سرد ہونے پر دوبارہ گرم کرکے بجھائیں۔ اسی طرح دس بارہ مرتبہ عمل کریں۔ سنکھ مصفیٰ ہو جائے گا۔

# کشتہ سنگ جراح

عظیم دوائی متعلقہ ہائیجیا ہیلتھ ہوم کا خاص نسخہ ہے۔

اجزاء۔ سنگجراحت ورقی ۵ تولہ۔ شیر بھتل بوٹی سرخ یا زرد رنگ بقدر ضرورت۔ برگ نیم سبز ۲ تولہ۔

ترکیب۔ سنگجراحت کو بھتل بوٹی کے دودھ میں تین روز تک غرق رکھیں۔ اس کے بعد نکال کر برگ نیم کو گھوٹ کر اس کا نغدہ بنا کر اس کے عین وسط میں رکھیں اور اسی برتن میں جس میں کہ بھتل کا دودھ پڑا ہو ڈال کر گل حکمت کرکے ہوا سے بچا کر پندرہ بیس سیر اوپلوں کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ ایک رتی سے نصف ماشہ تک مکھن یا بالائی میں لپیٹ کر کھلا دیا کریں۔

منافع۔ نفث الدم۔ نزف الدم۔ قے الدم۔ منہ اور مسوڑھوں سے خون آنے۔ استحاضہ۔ کثرت طمث ونفاس۔ نکسیر بول الدم

Marfat.com

خونی اسہال۔ برازالدم۔ خونی پیچش۔ بواسیر خونی۔ غرضیکہ ہر قسم کے داخلی یا خارجی جسمانی جریان خون کیلئے بے نظیر چیز ہے ہر قسم کے سیلان رطوبات مثلاً مردوں میں جریان منی و مذی اور عورتوں میں سیلان الرحم کے لئے بھی نہایت مفید ہے خون اور منی وغیرہ رطوبات جسمانی کو گاڑھا کرتا ہے۔ حرارت نزال میں بھی نافع ہے نزلہ زکام۔ کھانسی۔ ضعف باہ پرانے مرکب بلغمی بخاروں میں نافع ہے۔

# کشتہ سیسہ سیاہ

عظیم دواخانہ متعلقہ ہائیجیا ہیلتھ ہوم کا خاص نسخہ ہے۔ اگر کسی وقت یہ تیار نہ ہو تو اس کی بجائے اسود کا استعمال کر لیا جاتا ہے جس کا نسخہ صفحہ ۱۲ پر درج ہے۔

اجزاء۔ سیسہ ۴ تولہ۔ برگ بھنگ خشک۔ کوکنار۔ شورہ قلمی ہر ایک ۵ ا تولہ۔

ترکیب۔ سیسہ کو پہلے چند بار پگھلا کر اور دہی میں سرد کر کے صاف کر لیں۔ پھر کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ اور باقی دواؤں کو باریک پیس کر سفوف بنا کر اچھی طرح ملا کر رکھ لیں۔ جب سیسہ پگھل جائے تو سفوف مذکور کی چٹکی چٹکی اس پہ دھوڑتے جائیں۔ اور آہنی بیخ یا مدار کی لکڑی کے ساتھ ہلاتے جائیں۔ آنچ خوب تیز کر دیں جب تمام سفوف ختم

Marfat.com

ہو جائے۔ تو اتار کر راکھ سے صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ ایک یا ۲ رتی مکھن وغیرہ میں ملا کر استعمال کریں۔

منافع۔ جریان۔ منی و مذی اور کثرت احتلام میں نافع ہے۔ عورتوں کے سیلان الرحم میں بھی نفع بخشتا ہے۔ خصوصاً جب کہ یہ شکایات گرمی کی زیادتی اور عصبی اشتعال سے رونما ہوئی ہوں۔

## کشتہ شاخ گوزن یعنی بارہ سنگھا

عظیم دواخانہ متعلقہ ہائیجیا ہیلتھ ہوم فلیمنگ روڈ۔ لاہور کا خاص نسخہ ہے۔

اجزاء۔ بارہ سنگھا۔ اجوائن دیسی۔ عسل خالص۔ قلمی شورہ ورق طلاء۔ لعاب گھیکوار۔ شیر آکھ ہر ایک بقدر حاجت۔

ترکیب۔ بارہ سنگھا کو ٹکڑے ٹکڑے کریں۔ اجوائن اور قلمی شورہ کو کوٹ پیس کر عسل (شہد) میں ملائیں۔ اور بارہ سنگھے کے ٹکڑوں پر لیپ کر کے انگاروں کی تیز آگ میں رکھ کر پھونک لیں۔ بعدہٗ کوٹ کر سفوف بنائیں اور لعاب گھیکوار میں ایک شبانہ روز کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے سات سیر اپلوں کی آگ دے کر سرد ہونے پر مسلم ٹکیوں کو نکال کر اور ایک

Marfat.com

اور کوزہ گلی میں ڈال کر اس پر آکھ کا دودھ اسقدر ڈالیں کہ خوب تر ہو جائے۔ اب اس کوزہ کو گل حکمت کر کے کسی گڑھے میں پندرہ سیر اُپلوں کی آگ دیں۔ جب سرد ہو جائے نکال کر پیس لیں۔ اگر شیر آکھ میں دوبارہ سہ بارہ کھرل کر کے آگ دے لیں۔ تو اور بھی بہتر ہے آخر میں تین ماشہ کشتہ میں ۲۴ عدد ورق طلاء ملاکر اچھی طرح کھرل کر کے رکھ لیں۔

فائدہ۔ گاہے لعاب گھیکوار میں کھرل کرتے وقت بوزن ہرتال ورقی بھی طلاء کی جاتی ہے جس سے یہ کشتہ اور بھی سریع الاثر اور مفید ہو جاتا ہے۔

استعمال۔ ایک ایک رتی صبح شام یا دن میں تین مرتبہ عرق بادیان ۵ تولہ۔ اور عرق اجوائن ۵ تولہ یا کسی دیگر مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

منافع۔ سینے اور پھیپھڑوں کے اکثر امراض بلغمی مثلاً بلغمی کھانسی۔ ضیق النفس۔ سپہال مزمن ذات الریہ (نمونیا) ذات الجنب (پسلی کا درد) بچوں میں ذبہ الاطفال (پسلی چلنا)، ذات الصدر، شوصہ برسام ہر قسم کے دیگر درد۔ اور اوجاع مفاصل وغیرہ میں نافع ہے۔

## کشتہ شب یمانی بہ نسخہ خاص

عظیم دواخانہ متعلقہ طبیہ کالج حیدرآباد کا خاص نسخہ ہے۔

Marfat.com

اجزاء - پھٹکڑی ۵ تولہ - آب برگ ترب سبز مروق - آب برگ کاسنی سبز مروق - آب برگ مکو سبز مروق - آب مغز بینگن - زلال آلو بخارا - شیرہ زرشک سرکہ جامن خالص ہر ایک ۵ تولہ - پارہ گندھک آملہ سار - ہرتال ورقی ہر ایک ایک تولہ - عرق لیموں ۹ عدد -

ترکیب - پھٹکڑی کو بالترتیب مذکورہ بالا پانیوں اور سرکہ وغیرہ میں کھرل کرکے خشک کرلیں - پارہ گندھک اور ہرتال کو عرق لیموں میں کھرل کرکے ٹکیہ بنائیں - اور خشک کرکے مٹی کے برتن میں پھٹکڑی مذکورکے درمیان میں رکھ کر منہ بند کرکے زمین میں اس طرح دفن کریں کہ برتن کا کنارہ سطح زمین سے چار انگل نیچے رہے - پھر اس پر پانچ سیر اپلوں کی آگ جلائیں - صبح کے وقت برتن نکالیں اور پھٹکڑی کو علیحدہ کرکے نہایت باریک پیس کر محفوظ رکھ لیں - ٹکیہ کو نکال کر پھینک دیں -

استعمال - بقدر نصف رتی بتاشہ میں رکھ کر دہی کی لسی یا شربت بزوری ۴ تولہ یا کسی اور مناسب بدرقہ کے ہمراہ دن میں دو مرتبہ کھلا دیا کریں -

منافع - ہر قسم کے یرقان کے لئے لاثانی دوا ہے - تمام قسم کے بخار و لیا، حتیٰ کہ تپ دق میں بھی نفع بخشتی ہے -

Marfat.com

# کشتہ شنگرف خاص

عظیم دواخانہ متعلقہ فارماکوپیا سیلینہ ہوم کا خاص نسخہ ہے۔ جس کو ایک حد تک کایا کلپ کے نام سے بھی موسوم کیا جا سکتا ہے

اجزاء: شنگرف ۲ تولہ، لہسن یک پوتھیہ ۲ سیر، بھلاوہ، مالکنگنی، تخم حرمل ہر ایک پاؤ، شیر مدار بقدر ضرورت

ترکیب: بھلاوہ، مالکنگنی اور تخم حرمل کو کوب کر کے ایک ہانڈی میں ڈالکر شیر مدار میں تر کریں۔ بعدہٗ ہانڈی کا منہ بند کر کے اور اس کے زیریں نصف کو بخوبی گل حکمت کر کے اس کے نیچے باریک باریک چار پانچ سوراخ کر لیں۔ اب زمین میں ایک بڑا سا گڑھا کھود کر اس کے عین درمیان میں ایک اور چھوٹا سا گڑھا ایسا بنائیں جس میں چینی کا پیالہ پورا آ جائے۔ اب چھوٹے گڑھے میں چینی کا پیالہ رکھ کر اس کے منہ پر ہانڈی مذکور اسی طرح رکھیں کہ پیالے کے لب اور ہانڈی کا سوراخ دار تلہ آپس میں مل جائیں




اب ان کو بھی ارد گرد سے مٹی وغیرہ لگا کر بند کر دیں تاکہ ہوا کا راستہ بند رہے۔ اب ہانڈی کے چاروں طرف بکری کی چھ سیر مینگنیاں ڈال کر آگ لگا دیں دو روز کے بعد جب سرد ہو جائے تو حفاظت سے نکال لیں چینی کے

Marfat.com

پیالے میں تیل نکلا ہوا ہوگا۔ اس کو محفوظ رکھیں۔ اب شنگرف کو لہسن کا عرق نکال کر اس میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کریں۔ بعدہ روغن مذکور میں تر کر کے ۴ عدد برگ مدار میں لپیٹ کر اس کے اوپر چکنی مٹی کا جس میں روئی ملا کر خوب کوٹ لی گئی ہو انگل بھر موٹا لیپ کریں۔ اور کوئلوں کی آگ میں ڈال کر پکائیں تھوڑی تھوڑی دیر بعد غلولہ کو ہلاتے اور الٹتے پلٹتے رہیں۔ تاکہ کسی ایک طرف سے زیادہ آگ نہ پہنچ جائے۔ جب غلولہ سرخ ہو جائے فوراً باہر نکال کر قدرے سرد کریں۔ اور توڑ کر دوبارہ روغن مذکور میں تر کر کے اسی طرح پکائیں۔ اسی طرح کم سے کم چالیس مرتبہ آنچ دے کر نکال کر سرد کریں۔ اور شنگرف کو نکال کر روح کیوڑہ ۲ تولہ میں کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں

استعمال۔ ۲ چاول سے نصف رتی تک بالائی یا مکھن ۵ تولہ میں لپیٹ کر صبح نہار منہ کھلا دیا کریں۔ گھی دودھ کا کافی استعمال کریں

منافع۔ مقوی جسم اور اعضائے رئیسہ ہے۔ قوت باہ کو بہت زیادہ تقویت دیتا ہے بلکہ اگر یہ کہا جائے کہ ایسے اشخاص کو جو مادر زاد نامرد نہ ہوں بلکہ بچپن اور جوانی کی غلط کاریوں سے بالکل نامرد ہو گئے ہوں ۰ از سر نو مرد بنا دیتا ہے تو بالکل بجا ہے اس کشتہ کے متعلق یہ کہنا صحیح ہے کہ ؎

پیر مغاں کے پاس وہ دارو ہے جس ذوق

بر بیر مرد مرد جوان مرد ہو گیا

قوت ہضم اور جذب کو اس قدر بڑھا دیتا ہے کہ کئی کئی سیر تک دودھ اور پاؤ ڈیڑھ پاؤ بلکہ آدھ سیر تک مکھن روزانہ ہضم ہو جاتا ہے۔ نوجوانوں اور گرم مزاجوں میں اس کا استعمال احتیاط کیساتھ کرانا چاہیئے۔ بعض عصبی امراض رعشہ۔ فالج۔ لقوہ۔ استرخا۔ ضعف اعصاب وغیرہ میں بھی نہایت مفید اور شافی ہے۔ غرضیکہ عجیب وغریب کشتہ ہے۔

# کشتہ طلاء خاص

عظیم دواخانہ متعلقہ ہائیجیا جلیتہ ہوم کا خاص الخاص گرانمایہ ممتاز نسخہ ہے۔

اجزاء۔ ورق طلاء یا نہایت باریک کیا ہوا برادہ طلاء خالص ۱ ماشہ آب اورک شیرمدار۔ آب گھیکوار۔ آب برگ پان آب برگ تلسی لہسن ہر ایک ۵ تولہ۔ برگ پان ۱ تولہ۔

ترکیب۔ طلاء کو یکے بعد دیگرے تمام دواؤں میں کھرل کرکے ٹکیہ بنائیں۔ برگ پان کا نغدہ بنا کر اس میں رکھکر گل حکمت کرکے پندرہ بیس سیر اوپلوں کی آگ میں کشتہ کرلیں۔ اگر ایک آنچ میں نہ ہو تو دوبارہ بھی عمل کریں

استعمال۔ ایک سے دو چاول تک مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال

Marfat.com

کریں۔ تقویت اعضائے رئیسہ کے لئے دوالمسک ہیں سل دق کے لئے لعوق سل وغیرہ ہیں اور ضعف باہ کے لئے لبوب کبیر یا معجون آرد خرما وغیرہ میں لپیٹ کر دیں۔

منافع۔ اعضائے رئیسہ کو طاقت بخشتے۔ سل و دق۔ ذیابیطس ضعف باہ وغیرہ تمام ان امراض کے لئے جن میں کمزوری پیدا ہو جاتی ہے۔ خاص چیز ہے۔

# کشتہ عقیق مرواریدی خاص

عظیم دواخانہ متعلقہ ہائیجیا ہسپتال سوم کا خاص اور مایہ ناز نسخہ ہے

اجزاء۔ سیماب مصفیٰ ۱ تولہ گندھک مصفیٰ ۲ تولہ کشتہ ابرک سیاہ دو آب بھنگرہ سفید۔ آب سریالہ آب برگ بالنہ۔ آب ارنڈ آب بیخ برگد آب سنبھالو جوشاندہ ناگر موتھہ۔ آب گلو تازہ جوشاندہ تریپھلہ۔ آب مولی اور آب ککرونده میں یکے بعد دیگرے کھرل کر کے اور ہر دفعہ نئی آنچ دے کر کیا گیا ہو) کشتہ فولاد سرد (جو عرق ککرونده میں کیا گیا ہو) کشتہ عقیق سرخ دو جو عرق بید مشک عرق گلاب اور عرق کیوڑہ میں بجھاؤ دے کر سفید ہونے پر مغز کنول گٹہ ایک پاؤ کے نغدہ میں رکھکر ایک من اوپلوں کی آگ میں۔ بعدہ بید مشک اور نیلوفر کے عرق اور روغن صندل میں چار پہر کھرل کر کے دوبارہ ایک

Marfat.com

من اوپلوں کی آگ میں کیا گیا ہو۔ سرطان محرق ہر ایک ایک تولہ مروارید ناسفتہ محلول ۳ ماشہ۔

ترکیب پارے اور گندھک کی نہایت باریک کجلی کرلیں۔ (کجلی جتنی زیادہ باریک اور دیر تک کی گئی ہو گی دوا اتنی ہی زیادہ مفید و موثر ہو گی) اور سب کو ملا کر چار پہر مزید کھرل کریں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ نصف سے ایک رتی تک مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

منافع۔ اعضائے رئیسہ کو تقویت دیتا اور سل ودق کے لئے خاص چیز ہے۔ ہر قسم کی کمزوری میں فائدہ بخشتا ہے۔

## کشتہ گودنتی

اس کے بھی بیسیوں طریق ہیں۔ لیکن ہر قسم کے بخاروں کیلئے ذیل کا نسخہ بالخصوص نافع ہے۔

اجزاء۔ گودنتی ۵ تولہ۔ اکاس بیل ۱۰ تولہ۔ برگ کیکر ۲ تولہ تخم پدار ۱۰ تولہ گھیکوار۔ ۱ تولہ۔ برگ نیم ۲ تولہ۔ گلو سبز ۲ تولہ بھکل بوٹی ۱۰ تولہ۔

ترکیب۔ گودنتی کو یکے بعد دیگرے ہر ایک دوا کے نغدہ میں رکھکر گل حکمت کرکے دس دس پندرہ پندرہ سیر اوپلوں کی آگ میں

Marfat.com

پھونک دیا کریں۔

استعمال۔ بقدر دو یا تین رتی مناسب بدرقہ کے ہمراہ دیں۔

منافع۔ ہر قسم کے بخاروں میں حتیٰ کہ دق کے درجہ اول میں بھی نافع ہے۔ موسمی بخاروں کے دفعیے کے لئے خاص چیز ہے۔

فائدہ۔ اگر تمام دوائیں دستیاب نہ ہو سکیں تو جتنی مل جائیں۔ انہی کے نغدے میں کشتہ کریں۔ سوداوی بخاروں کیلئے شیردار میں نہیں جلانا چاہیئے۔

## کشتہ مار سیاہ

حکیم مفتی سلیم اللہ صاحب مرحوم لاہوری کا خاص نسخہ ہے۔ جو برادرم محترم حکیم محمد افضل صاحب جنرل سیکرٹری پنجاب طبی کانفرنس و مصنف ہمارا مطب وغیرہ کی وساطت سے حاصل ہوا ہے۔

اجزاء۔ مار سیاہ (سنگچوڑ) ایک عدد۔ طباشیر کشتہ بہرتال گودنتی (جو گلو کے عرق میں کھرل کر کے گلو کے پتوں کے نغدہ میں کیا گیا ہو) بقدر حاجت۔

ترکیب۔ مار سیاہ کو زندہ ہی ایک مٹی کے برتن میں اچھی طرح گل حکمت کر کے دو تین من اوپلوں کی آگ دیں جتنی زیادہ آگ دینگے اتنا ہی بہتر ہے۔ آگ نہایت احتیاط کے ساتھ کسی ایسی جگہ

Marfat.com

دینی چاہیئے۔ جہاں آدمیوں کی آمد و رفت نہ ہو۔ اس کے دھوئیں سے ہر ایک جاندار کو حتی الامکان بچانا چاہیے سرد ہونے پر نکال کر طباشیر اور کشتہ ہرتال گؤدنتی ہر ایک ہموزن میں ملا کر نہایت اچھی طرح کھرل کر کے رکھ لیں۔

استعمال۔ نصف سے ایک رتی مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

منافع۔ سوداوی امراض مثلاً خنازیر۔ جذام اور سوداوی فسادِ خون وغیرہ میں نہایت مفید اور مجرب ہے۔

## کشتہ مثلث خاص

نہایت اعلیٰ درجہ کا کشتہ ہے۔

اجزاء۔ قلعی۔ جست۔ سیسہ ہر ایک ایک تولہ۔ پوست خشخاش ۲۰ تولہ۔ روغن زرد اور دہی ترش بقدر حاجت۔

ترکیب۔ پوست کا سفوف بنا کر الگ رکھ لیں۔ اس کے بعد جست قلعی اور سیسہ کو لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر پگھلائیں پگھل جانے پر روغن زرد میں بجھائیں۔ اسی طرح کم از کم سات مرتبہ بجھا کر کسی صاف برتن میں ڈال کر آگ پر رکھدیں۔ جب پگھل جائے تو تھوڑے تھوڑے پوست کو کن رسے سفوف کی چٹکی دیتے جائیں۔ اور لوہے کے کفگیر سے چلاتے رہیں۔ جب تمام

Marfat.com

جب تمام ردا بالکل خاکستر ہو جائے تو اس کو دہی میں کم از کم چار پہر تک کھرل کر کے ٹکیاں بنائیں اور کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے ۱۰ سیر اوپلوں کی آنچ دیں سرد ہو جانے پر دوبارہ کھرل کر کے اسی طرح آنچ دیں اسی طرح کم سے کم پانچ مرتبہ آگ دینے کے بعد نکال کر محفوظ رکھیں۔ بسنتی رنگ کا کشتہ ہو گا۔

استعمال۔ بقدر ۲ تولہ یہ کشتہ لے کر ایک تولہ مکھن یا بالائی میں لپیٹ کر مریض کو کھلا دیا کریں۔

منافع۔ جریان، احتلام اور سرعت انزال کے لئے نہایت مفید ہے۔ امساک پیدا کرتا اور قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔ عورتوں میں سیلان الرحم کے لئے مفید ہے۔

# کشتہ مرجان سادہ

مرجان کو کشتہ کرنے کے بیسیوں طریق ہیں۔ ذیل کے طریقوں سے تیار کئے ہوئے کشتے عام مستعمل ہیں اور یہی اکثر بازاروں میں فروخت ہوتے ہیں۔

اجزاء (۱) مرجان سرخ ۵ تولہ مصری ۸ تولہ۔

یا

(۲) مرجان عمدہ ۲ تولہ۔ برگ انار و گودا گھیکوار بقدر ضرورت

Marfat.com

یا

(۳) شاخ مرجان ۔ عرق گھیکوار عرق گلاب ہر سہ بقدر ضرورت

ترکیب ۔ (۱) مرجان کو ٹکڑے کریں ۔ مصری کو باریک پیس لیں اب ایک کوزہ گلی میں نصف مصری نیچے بچھائیں اور اس پر مرجان کے ٹکڑے رکھکر باقی نصف مصری اس کے اوپر ڈالدیں ۔ اور کوزے کا منہ بند کر کے گل حکمت کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں ۔ سرد ہونے پر نکال کر باریک پیس کر رکھ لیں ۔

(۲) مرجان کو برگ انار کے پانی میں تین روز کھرل کریں بعدہٗ ٹکیہ بنا کر خشک کریں ۔ اور ایک مٹی کے کوزے میں نیچے اوپر گودا گھیکوار رکھکر کوزہ کو سرپوش سے بخوبی بند کر کے تیس سیر اوپلوں کی آگ دیں ۔ سرد ہونے پر نکال لیں ۔

(۳) کسی مٹی کے آبخورے میں مرجان کی شاخیں ڈال کر اوپر سے گھیکوار اتنا ڈالیں کہ مرجان چھپ جائے ۔ پھر گل حکمت کر کے بیس سیر جنگلی اوپلوں کی آگ دیں ۔ بعدہٗ نکال کر عرق گلاب میں بارہ گھنٹے کھرل کر کے اسی طرح آنچ دیں ۔ اور نکال کر محفوظ رکھیں ۔

استعمال ۔ (۱) بقدر ۲ چاول سے نصف رتی تک مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کریں ۔

Marfat.com

(۲) (۳) بقدر ½ نصف سے ایک رتی تک مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

منافع۔ مقوی دماغ واعصاب ہے۔ جریان۔ سرعت۔ نزلہ زکام کھانسی ودمہ وغیرہ میں نافع ہے۔ اس کے علاوہ نسخہ ۲ عام کمزوری علم طحال یرقان صفر ضعف باہ اور عورتوں میں کثرت حیض کے لئے بھی نافع ہے۔

## کشتہ مرجان جواہر والہ

اجزاء۔ مرجان ایک تولہ۔ یاقوت ۳ ماشہ۔ عنبر ایک ماشہ۔ ورق نقرہ ۳ ماشہ۔ ورق طلا ایک ماشہ۔ زمرد ۵ ماشہ عرق کیوڑہ بقدر حاجت۔

ترکیب۔ دواؤں کو عرق میں بخوبی کھرل کرکے ٹکیہ بناکر گل حکمت کرکے دس سیر اپلوں کی آنچ دیں۔

استعمال۔ بقدر دو چاول۔ خمیرہ گاؤزبان سادہ ۱ تولہ یا جواہر والہ ۵ ماشہ میں ملاکر صبح کو استعمال کریں۔

منافع۔ نہایت درجہ مقوی دماغ ہے۔ دائمی نزلہ۔ زکام۔ کھانسی دردسر اور نسیان وغیرہ کے لئے بالخصوص نافع ہے جریان میں بھی نفع بخشتا ہے۔

Marfat.com

# کشتہ مروارید

مشہور قرابادینی نسخہ ہے۔

اجزاء۔ مروارید ناسفتہ ایک تولہ۔ گل گاؤزبان ۱۰ تولہ۔ شیر بادہ گاؤ حسب ضرورت۔

ترکیب۔ مروارید کو دودھ میں ایک روز کھرل کریں اور قرص بنا کر گل گاؤزبان کا نغدہ بنا کر اس کے درمیان رکھ کر گل حکمت کر کے سات سیر جنگلی اپلوں کی آگ دیں۔ اسی طرح تین مرتبہ عمل کرنے کے بعد نکال کر باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ نصف سے ایک رتی تک خمیرہ گاؤزبان ایک تولہ میں ملا کر یا کسی دوسرے مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

منافع۔ اعضائے رئیسہ اور بالخصوص دل کو قوت دیتا ہے خفقان اختلاج القلب میں نافع۔ پھیپھڑوں کی کمزوری کو بھی دور کرتا ہے۔ جسم میں کیلشیم کی کمی سے جو نقائص پیدا ہو جاتی ہیں۔ مثلاً کساح ہڈیوں کی کمزوری۔ لین العظام وغیرہ امراض میں نہایت نافع ہے سل ودق میں بھی نہایت نفع بخشتا ہے۔ معدہ جگر اور دماغی کمزوری میں بھی مفید ہے۔

---

Marfat.com

# کلوروڈائن

ڈاکٹری کی ایک نہایت مشہور سیال دوا ہے۔ اس کا رنگ سیاہی اور سبزی مائل شربتی سا ہوتا ہے ہر ایک انگریزی دوا فروش سے بنی بنائی تیار مل جاتی ہے۔ ایک پاونڈ (آدھ سیر) کی قیمت قریباً پونے دو روپے اور ۴ اونس کی شیشی کی قیمت ۸ آنے فی شیشی ہوتی ہے۔

اجزاء۔ کلوروفارم۔ مارفیا ہائیڈروکلور۔ ایسڈ ہائیڈروسیانک ڈل ٹنکچر کیپسی کم انڈیکا آئل آف پیپرمنٹ اور گلیسرین وغیرہ

ترکیب۔ سب کو ملا کر بخوبی حل کر لیا جاتا ہے۔

استعمال۔ ۵ سے ۱۵ قطرے اچھی طرح پانی وغیرہ میں حل کر کے استعمال کئے جاتے ہیں۔ بچوں میں حسب عمر کم کر لئے جاتے ہیں۔

منافع۔ اعلیٰ درجے کی مسکن اور منوم دوا ہے۔ اسہال اور قولنج وغیرہ میں نہایت مفید ہے۔ نیند لاتی اور ہر قسم کے دردوں بالخصوص عصبی دردوں کو فوری تسکین بخشتی ہے کاسر الریاح ہے۔ چھوٹے بچوں کے اسہال میں خصوصیت کے ساتھ نہایت مفید و موثر ہے ایک سے ۵ قطرات تک کسی مناسب شربت میں ملا کر پلا دی جاتی ہے۔

Marfat.com

# کمپونڈ لکرس پاؤڈر

پلو گلیسرائزا کمپونڈ کا ہی انگریزی نام ہے۔ تمام انگریزی دواخانوں سے بنی بنائی تیار مل جاتی ہے۔ ولایتی ۱۱ر پا اور دیسی ۸ر پیہ ایک پاؤنڈ کا پیکٹ مل جاتا ہے۔

اجزاء۔ لکرس روٹ۔ سینا ہر ایک دو اونس۔

فینل فروٹ۔ سبلائمڈ سلفر ہر ایک ایک اونس۔

شکر مصفیٰ ۶ اونس۔

ترکیب۔ سب کو علیحدہ علیحدہ نہایت باریک پیس کر باہم مخلوط کر کے سفوف بنالیں۔

استعمال۔ ۶۰ سے ۱۲۰ گرین تک پانی وغیرہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

منافع۔ نہایت عمدہ قبض کشا ہے۔ ہر قسم کے امراض میں دفعیہ قبض کے لئے دیا جاسکتا ہے۔ بواسیر کی قبض کو رفع کرنے کیلئے خاص چیز ہے۔ بغیر کسی قسم کی تکلیف کے کھل کر پاخانہ لے آتا ہے۔ سرکاری شفاخانوں میں دفعیہ قبض کے لئے عام طور پر استعمال ہوتا ہے۔ اس کا ذائقہ بھی چونکہ ایک حد تک گوارہ ہوتا ہے۔ اس لئے بچوں کو بھی اس کا استعمال بلا تکلیف کرایا جاسکتا ہے۔

Marfat.com

# کمیلہ

مشہور دوا ہے۔ جو دانہ دار ریت کی مانند سرخ مائل بہ سیاہی رنگ کے سفوف کی مانند ہوتی ہے۔ اور ہندوستان کے بعض پہاڑی مقامات جنوبی ایشیا۔ ایسے سینیا دافریقہ، اور جزائر فلپائن کے مخصوص (سیوٹس فلپائی نن سس نامی) درختوں کے پھلوں پر سے جھاڑی جاتی ہے۔ ویدک یونانی اور ڈاکٹری سب طرق علاج میں کم وبیش مستعمل ہے۔ ذائقہ اس کا تلخ اور بد مزہ ہوتا ہے۔ بقول اطبا قدیم آنتوں اور تم معدہ کیلئے مضر ہے۔ مصطگی۔ کتیرا اور انیسون سے اس کی اصلاح ہو جاتی ہے۔ ترس باد۔ برنگ اور سکنجبین کو اس کا بدل خیال کیا جاتا ہے۔

استعمال۔ دو سے تین ماشہ تک بالعموم دہی یا شربت وغیرہ میں ملا کر استعمال کیا جاتا ہے۔ بچوں میں حسب عمر کم کر لیا جاتا ہے۔ (تنبیہہ) بازاری کمیلہ کو موٹے کپڑے میں چھان کر استعمال کرنا چاہیئے کیونکہ اس میں مٹی کنکر بھوسی وغیرہ اجزا بہت زیادہ شامل ہوتے ہیں۔

منافع۔ نہایت اعلے درجہ کا قاتل دیدان ہے۔ بیرونی طور پر داد۔ قوبا۔ گنج ہر قسم کی خارش وغیرہ جلدی امراض میں

Marfat.com

مفید اور نافع ہے۔ زخموں کو خشک کرتا اور بھرتا ہے۔
آنتوں کے ہر قسم کے کیڑوں بالخصوص کیچوؤں اور کدو
دانوں کو مار کر پیٹ سے خارج کرتا ہے اس غرض کیلئے
اسے استعمال کرنے سے قبل اور بشرط ضرورت بعد میں ایک
مسہل بھی دے دیا جایا کرے تو بہتر ہوتا ہے۔ اسے آنتوں
کے کیڑوں کو نکالنے کیلئے بکثرت استعمال کیا جاتا ہے لیکن
یہ ہمیشہ یاد رکھنا چاہیے کہ یہ فی الحقیقت ایک زہریلی چیز
ہے اور اسے نہایت احتیاط کے ساتھ استعمال کرانا
ضروری ہے۔


## کوریٹین (جوہر عضلات)

کیمیاوی طریق پر تیار کیا ہوا عضلات کا خاص جوہر ہوتا ہے
جو بہت کم مستعمل ہے۔ عضلات کی حد سے زیادہ کمزوری
اور لاغری میں مفید ثابت ہوا ہے۔ جرمنی اور ولایت کے بعض
ڈاکٹروں نے حال ہی میں اس کا استعمال کرا کر اس کو مفید پایا
ہے۔ ہندوستان میں ابھی تک یہ بہت کم ملتا ہے اسلیئے
یہاں اس کا تجربہ نہیں ہوا۔ اس کے بجائے اگر یہاں کمزوری
عضلات کے مریضوں کو تازہ گوشت کی یخنی نیم آنچ پر پکا
کر استعمال کرائی جائے تو وہ ایک حد تک مفید ثابت

ہو سکتی ہے۔

# کوکنار

اس کو عام طور پر پوست یا پوست کا ڈوڈا اور انگریزی میں پاپی ہیڈز یا پاپی کیپ شولز کہا جاتا ہے۔ یہ مشہور دوا ہے جو فی الحقیقت درخت یا نباتِ خشخاش منوم کے کچے پھل یا ڈوڈے ہوتے ہیں۔ ہر ایک ڈوڈا حسب ذیل تصویر کے مطابق گول یا بیضوی دو یا تین انچ قطر کا ہوتا ہے۔ اس کے نیچے کی طرف گردن اور اوپر کی جانب کنگرہ دار چوٹی ہوتی ہے۔ ہر ایک ڈوڈے کی رنگت زردی



مائل بھوری ہوتی ہے جس میں کہیں کہیں سیاہ دھبے سے نظر آتے ہیں۔ ساخت اندر سے خانہ دار ہوتی ہے اور خانوں کی دیواریں نہایت نازک اور باریک ہوتی ہیں خانوں کے اندر سفید۔ قدرے بھورے یا سیاہ تخم پائے جاتے ہیں۔ جو خشخاش کہلاتے ہیں۔ افیون بھی انہی ڈوڈوں سے حاصل ہوتی ہے۔ چنانچہ شام کے وقت کچے ڈوڈوں کو چاروں طرف سے چند گہرے شگاف دے کر گود دیا

Marfat.com

جاتا ہے۔ اور ان گودے ہوئے مقامات میں سے
جو دودھ کی مانند رس سی شکل کر جم جاتا ہے۔ اس کو
علی الصباح ان پر سے کھرچ کر خشک کر لیتے ہیں۔
یہی افیون ہوتی ہے۔ بقول اطبائے قدیم کوکنار کا
مزاج سرد خشک ہے۔ اور تریاقی مائل ہوتا ہے۔ یہ
پھیپھڑوں اور سرد مزاجوں کیلئے مضر ہے۔ شکر
شہد خالص اور مصطگی رومی سے اس کی اصلاح ہو
جاتی ہے۔ نہایت قلیل مقدار میں افیون اس کا بدل ہو سکتی ہے

استعمال۔ اس کو چار سے چھ ماشہ تک جوشاندے یا سفوف
کی شکل میں استعمال کیا جاتا ہے۔ اس سے عصارہ اور
شربت بھی تیار کر کے استعمال کرایا جاتا ہے۔

منافع۔ مخدر، منوم رادع مواد۔ مسدد یعنی کہ سدے پیدا
کرنے والا اور مسکن درد ہے کیونکہ اس میں افیون کی
خفیف مقدار موجود ہوتی ہے۔ پیچش۔ اسہال۔ تشنجی کھانسی
وغیرہ امراض میں مفید ہے۔ شدت درد میں اکثر اس کے
جوشاندے کی ٹکور کرائی جاتی ہے۔ سوزش معدہ، امعاء
اور سوزش مثانہ بھی نافع ہے۔ ضماداً دافع درد سر اور
درد و آشوب چشم ہے۔ جو اس کو پراگندہ کرتا۔ قوت باہ
کو گھٹاتا۔ نسیان پیدا کرتا۔ اور مفسد خون ہے۔

Marfat.com

# کھیر مغز پنبہ دانہ موصلی سفید و ستاور

میرا ذاتی تجویز کیا ہوا خاص نسخہ ہے۔

اجزاء۔ مغز پنبہ دانہ۔ موصلی سفید۔ ستاور۔ اور تالمکھانہ ہر ایک ہموزن۔ دودھ بقدر حاجت۔

ترکیب۔ سب کو باریک کوٹ پیس کر سفوف بنا کر رکھ لیں اور بوقت ضرورت ۱ تولہ اس سفوف میں سے لے کر پاؤ سیر یا آدھ سیر دودھ میں ملا کر نرم آنچ پر یہاں تک پکائیں کہ کھیر کی مانند ہو جائے۔

استعمال۔ صبح شام اسی طرح تیار کر کے مریض کو کھلا دیا کریں۔

منافع۔ مقوی باہ۔ مغلظ منی اور محافظ قوت ہے ذیابیطس وغیرہ کے مریضوں کیلئے نہایت عمدہ غذائیت کا کام دیتی ہے (فائدہ) ان میں اس کے اندر حسب ضرورت مغز پستہ ۱ تولہ اور مغز بادام شیریں پانچ سے دس پندرہ عدد کا سفوف اور بھی اضافہ کر دیا جاسکتا ہے تقویت جسمانی کیلئے عجیب و غریب چیز ہے ایک دو ماہ تک اس کا مسلسل استعمال جسم کو فربہ بھی کر دیتا ہے۔

Marfat.com

# کیسٹرائل

اس کو عام طور پر آرنڈی کا تیل طب میں روغن بید انجیر اور ڈاکٹری میں اولیم ریسی نائی کہا جاتا ہے۔ مشہور دست آور تیل ہے جو آرنڈ (ہر نولی) کے بیجوں میں سے دبا کر نکالا جاتا ہے بگاڑھا۔ بے رنگ یا ہلکے زرد رنگ کا تیل ہے جس کی بو دھیمی اور مخصوص ہوتی ہے۔ ذائقہ خراب اور ناگوار ہوتا ہے دیسی کی بہ نسبت ولایتی زیادہ صاف اور عمدہ ہوتا ہے ولایت والے صاف کرتے وقت اس کی بو اور ذائقے کی بھی حتی الامکان اصلاح کر دیتے ہیں۔

استعمال۔ ۳ ماشہ سے اڑھائی تولہ تک حسب عمر مریض عرق گلاب عرق لیموں قہوہ یخنی یا دودھ وغیرہ میں ملا کر پلا دیا جاتا ہے یا اس کا صمغ عربی کے ساتھ شیرہ (ایملشن) بنا کر استعمال کرایا جاتا ہے۔

منافع۔ مسہل ہے۔ بواسیر۔ شقاق مقعد۔ پیچش۔ سوزشی اسہال۔ قبض۔ اعمال جراحیہ۔ پیڑو اور شکم کے شدید امراض ورم یا ریطون اور محرقہ اسہالی وغیرہ کیلئے نہایت عمدہ مسہل ہے شدید قبض میں اس کا حقنہ بھی کرایا جاتا ہے۔ خارجی طور پر درد اور سوزش کو دور کرتا ہے۔

Marfat.com

پٹھوں کو نرم کرتا ہے۔

بقول اطبائے قدیم۔ دردسر۔ فالج۔ لقوہ۔ رعشہ۔ دمہ۔ کھانسی اور قولنج میں بھی مفید ہے۔ ریاح اور ورموں کو تحلیل کرتا۔ حیض کو جاری کرتا۔ آنوں کو نکالتا اور بھوک کو کم کرتا ہے۔ متلی پیدا کرتا اور مسوں اور ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ درد کو تسکین دیتا اور وجع المفاصل کیلئے نافع ہے

## کیکر

نہایت مشہور و معروف درخت ہے اس کو فارسی میں ببول اور عربی میں ام غیلاں کے نام سے نامزد کیا جاتا ہے دواءً اس کے پھل۔ پھول پتے۔ گوند اور چھال مستعمل ہیں اطبا، قدیم کے نزدیک اس کی تاثیر سرد خشک ہے پتے اس کے سبز۔ پھول زرد پھلی خشک ہو کر سفید ہوتی ہے۔ ذائقہ پھیکا۔ بدمزہ اور قدرے تلخ معدہ اور آنتوں کو مضر ہے۔ کتیرا۔ شہد اور سیاہ مرچ سے اس کی اصلاح ہو جاتی ہے۔

استعمال۔ اس کی چھال اور پتوں کا جوشاندہ۔ پھلیوں کا دودھ یا سفوف وغیرہ استعمال کرایا جاتا ہے۔ اس کی نرم شاخوں کی مسواک بکثرت مستعمل ہے صنعتی کاموں

Marfat.com

میں بھی اس کا پوست اور گوند وغیرہ بکثرت استعمال ہوتے ہیں منافع۔ قابض۔ حابس اور رادع ہے۔ سیلان خون اور اسہال میں مفید ہے۔ اس کے پھولوں کا عرق خفقان حار اور وحشت کا دافع اور اعضائے باطنی کا مقوی ہے۔ پتے حابس اسہال اور نطولاً استرخائے عضو کو مفید اور پتیوں کا نچوڑا ہوا پانی رات بھر شبنم میں رکھکر پینا سوزاک اور سوزش بول کا دافع ہے۔ اس کی چھال پتی اور پھول کا سفوف جریان اور رقت منی کا دافع اور سیلان الرحم کے لئے نافع ہے۔ کانچ نکلنے کا بھی مانع ہے۔ اس کی خشک پتیوں کا سفوف زخموں کا مجفف عفونت فرج اور مقوی نشہ ہے۔ اس کی چھال کا جوشاندہ بھی یہی اثر رکھتا ہے۔ اس کی نرم شاخوں کی مسواک یعنی داتن دانتوں کو مضبوط اور صاف کرتی اور مسوڑھوں سے خون بہنے کو روکتی ہے۔

## کیلسیم لیکٹیٹ

چونے اور تیزاب شیر کا ولایتی نمک ہے جو ایک سفید رنگ کے سفوف کی شکل میں پایا جاتا ہے۔ ہر ایک انگریزی دوا فروش سے معمولی قیمت پر مل جاتا ہے۔ یہ ایک حصہ دس حصے پانی میں حل ہو جاتا ہے۔

Marfat.com

استعمال۔ ۱ سے ۵ا گرین تک پانی یا کیپٹ میں ڈال کر استعمال کرایا جاتا ہے۔

منافع۔ خون کی قوت انجماد کو بڑھاتا ہے۔ اس لئے اس کو ہر قسم کے جریان خون۔ رقت خون مرض استعداد جریان خون یا نفقر الدم جریانی دہیموفیلیا، وغیرہ شکایات میں دیا جاتا ہے۔ ہڈیوں کے امراض مثلاً کساح اور لین العظام وغیرہ وغیرہ میں نافع ہے۔ خنازیر میں بھی فائدہ بخشتا ہے بقول بعض رطوبت معدی کی افزائش کو بھی یہ بڑھاتا اور بھوک زیادہ کرتا ہے۔

# کیلسیم ہائپوفاسفیٹس

فاسفورس اور چونے سے کیمیاوی طریق پر تیار کیا ہوا نمک ہے۔ جو سفید موتی کی مانند چمکدار قلموں یا ذرات کی مانند ہوتا ہے اس کا ذائقہ تلخ اور متلی انگیز ہوتا ہے یہ ایک حصہ آٹھ حصے پانی میں حل ہو جاتا ہے۔ یہ بھی ہر ایک انگریزی دوا فروش سے دستیاب ہو سکتا ہے۔

اجزاء۔ فاسفورس سلیکڈ لائم (بجھا ہوا چانا)۔

ترکیب۔ دونوں کو پانی کے ہمراہ خاص کیمیاوی ترکیب پر حرارت دینے سے تیار کیا جاتا ہے۔

Marfat.com

استعمال۔ ۲ سے ۱۰ گرین تک پانی۔ شربت یا کیمپٹ وغیرہ میں یا مختلف مرکبات کی شکل میں استعمال کیا جاتا ہے۔

منافع۔ نہایت عمدہ مقوی اعصاب تسلیم کیا جاتا ہے۔

## کیفی اسپرین ۴

جرمن کی بے اثر کمپنی کی مشہور دوا ہے۔ جو ٹکیوں کی شکل میں ہر جگہ انگریزی دوا فروشوں کے ہاں ایک آنہ فی پیکٹ کے حساب سے فروخت ہوتی ہے۔ ایک پیکٹ میں دو ٹکیاں ہوتی ہیں۔

اجزاء۔ کیفین اور اسپرین وغیرہ۔

ترکیب۔ دواؤں کو ملا کر مشینوں میں پانچ پانچ گرین کی ٹکیہ بنائی جاتی ہے۔

استعمال۔ ایک یا دو گولیاں پاؤ سیر گرم پانی دودھ۔ چاء یا قہوہ وغیرہ کے ہمراہ استعمال کرائی جاتی ہیں۔

منافع۔ پسینہ لاتی اور ہر قسم کے دردوں بالخصوص دردسر میں نافع ہے۔ بخاروں کو بھی پسینہ لا کر اتار دیتی یا کم کر دیتی ہے۔ اسپرین کی طرح زیادہ مضعف قلب و اعصاب بھی نہیں ہے۔ مگر ان کا مسلسل استعمال بھی اعصاب کی حس کو خراب اور قلب کی قوت کو نہایت کمزور کر دیتا ہے

Marfat.com

# گل بابونہ

ایک پودے کے پھول ہیں ان کا پودہ ایک گز کے قریب بلند ہوتا ہے۔ اس کی شاخیں سبز پتے باریک اور لمبے ہوتے ہیں پھول زرد اور سفید بہت چھوٹے چھوٹے ہوتے ہیں۔ جن میں خاص قسم کی خوشبو پائی جاتی ہے ان کی تاثیر گرم خشک ہوتی ہے۔ ذائقہ ان کا پھیکا اور بدمزہ کسی قدر تیزی لئے ہوئے ہوتا ہے بقول بعض حلق کیلئے مضر ہے۔ شہد اور شربت انار سے اس کی اصلاح ہوجاتی ہے۔

استعمال۔ ایک ماشہ سے ۴ تولہ تک جوشاندوں اور سفوفوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔

منافع۔ پھول اس کے ملطف اور مفتح سدد اور مقوی دماغ اعصاب وباہ ہوتے ہیں ان میں ایک خاص قسم کی تریاقی قوت پائی جاتی ہے۔ محلل اور مدر ہیں۔ پسینہ لاتے اور حیض کو بھی جاری کرتے ہیں۔ دماغی امراض نزلاوی امراض۔ ریاح گوش اور یرقان کے لئے مفید ہیں۔ سلینے۔ جگر۔ احشا، صدر و بطن۔ مقعد اور رحم کے درد کیلئے نافع ہے گردے اور مثانے کی

Marfat.com

پتھری کو توڑ کر نکال لیتے ہیں. بلغم اور سودا کی عفونت کو دور کرتے ہیں. حمیات عفنہ کو بھی دور کرتے ہیں. عسر ولادت. تر خارش اور حیض کی بندش کے لئے بھی نافع ہیں. بدن کو اخلاط ردیہ سے پاک کرتے ہیں چبانے پر قلاع دہن کو بھی نفع بخشتے ہیں. درد چشم کے لئے بھی مفید ہیں. ان کی دھونی ہر قسم کے کیڑوں کو بھگا دیتی ہے. بابونہ کی جڑ نہایت باریک پیس کر بقدر ۱ ماشہ شہد کیساتھ ملا کر کھلانا مقوی باہ ہے اس کا تیل سرد ورموں کو تحلیل کر دیتا ہے اور تکان کو بھی دور کر دیتا ہے. نیز محلل ریاح ہے.

## گل بنفشہ

ایک مشہور پہاڑی بوٹی ہے. جس کا پودا ایک بالشت کے برابر پتے انار کے پتوں کے مشابہ اور پھول چھوٹے چھوٹے اودے لاجوردی یا بنفشی رنگ کے ہوتے ہیں. جن میں خاص قسم کی خوشبو بھی پائی جاتی ہے. اکثر نیپال وغیرہ کے پہاڑی علاقوں سے آتی ہے اس کی تاثیر بعض اطبا قدیم نے نزدیک گرم تر ہے. ذائقہ اس کا پھیکا لیکن قدرے پھیکا ہوتا ہے.

Marfat.com

استعمال - ۶ - ۷ ماشہ سے ایک دو تولے تک بالعموم سفوف جوشاندے یا شربت کی شکل میں مستعمل ہے۔
منافع - مسہل صفرا ہے۔ بالخصوص جب کہ وہ معدے اور آنتوں میں جمع ہو گیا ہو۔ خون کی گرمی کو دور کرتا اور پیاس کو تسکین دیتا ہے۔ گرم بخاروں۔ خفقان اور غشی کے لئے دیگر مناسب دواؤں کے ہمراہ مفید ہے اورام کو تحلیل کرتا اور دردسر صرع - نزلہ - کھانسی - خشونت حلق وصدر، ذات الجنب - ذات الریہ جزوج مقعد سوزش مثانہ اور احتباس البول میں اس کے جوشاندے کا پینا یا اس سے نطول کرانا یا اس کے پھول وارتیوں کو پیس کر ضماد کرانا نفع بخش ہے۔ تازہ پھولوں کا سونگھنا نیند لاتا ہے۔ اس کے علاوہ اس کے تازہ پھول زہروں کا تریاق ہیں۔ اس کا ضماد دردسر۔ معدے اور جگر کے گرم امراض بالخصوص اورام میں نافع ہے۔
تنبیہ - زیادہ جوش دینے سے گل بنفشہ کا اثر خراب اور ناقص ہو جاتا ہے۔

## گل ٹیسو

مشہور درخت ڈھاک (پلاس چھچھرا) کے زرد اور سفید

Marfat.com

زعفرانی اور نارنجی رنگ کے بڑے بڑے پھول ہوتے ہیں۔ ان کا ذائقہ خفیف تلخی مائل پھیکا ہوتا ہے۔ ان کی تاثیر سرد خشک ہوتی ہے۔ یہ کسی قدر قبض کرتے ہیں۔ نمک اور پودینہ سے ان کی اصلاح ہو جاتی ہے۔ گل بابونہ ایک حد تک ان کا بدل ہو سکتے ہیں۔

استعمال۔ تین ماشہ سے ایک تولہ تک۔ جوشاندے کی شکل میں استعمال کئے جاتے ہیں۔ اور بالعموم دیگر ادویہ کے ہمراہ ان کے جوشاندے کا نطول یا آبزن کرایا جاتا ہے

منافع۔ مدرِ بول اور مقوی باہ ہیں۔ بلغم اور صفرا کے فساد کو دور کر دیتے ہیں۔ ان کا جوشاندہ فطولاً محلل اورام اور کو کنار کے ساتھ مسکن آلام ہے ان کے جوشاندے کا آبزن احتباس نفاس اور حیض کو رفع کر دیتا ہے۔ امراض آلات بول و تناسل اور پیڑو کے دردوں کے لئے خصوصیت کے ساتھ مفید ہے۔ درد خصیہ اور صفن میں نہایت نفع بخش ہوتا ہے۔

## گندھک مصفٰی

خوبصورت زرد رنگ کی مشہور معدنی مفرد دوا ہے۔ جو ہر انگریزی ادویہ فروش سے معمولی قیمت

Marfat.com

پر دستیاب ہو سکتی ہے ۔ یہ نہ صرف تمام طبوں (وید ک
یونانی ۔ ڈاکٹری وغیرہ) میں ہی بکثرت مستعمل ہے بلکہ
صنعتی اعمال میں بھی بہت کار آمد ہوتی ہے ۔ بقول
اطبا رقدیم اس کی تاثیر گرم خشک ہے ذائقہ اس کا
پھیکا لیکن بدبو دار اور خراب ہوتا ہے ۔ دماغ ۔ معدے
اور گرم مزاجوں کے لئے مضر ہے ۔ کتیرا ۔ تازہ دودھ
شکر اور گل بنفشہ وغیرہ سے اس کی اصلاح ہو جاتی ہے
استعمال ۔ داخلی اور خارجی ہر دو طریق پر استعمال کی جاتی ہے
داخلی مقدار خوراک ۱۰ سے ۲۰ رتی تک ہے داخلی استعمال
کے لئے اس کو شیر گاؤ میں دو چار مرتبہ صاف کر لینا چاہیئے
منافع ۔ ملین ۔ اور قاتلِ جراثیم ہے ۔ خارش کیلئے خاص چیز
ہے ۔ داخلی طور پر سوداوی امراض بالخصوص بواسیر
میں مستعمل ہے ۔ قبض رفع ہو جاتی ہے ۔ جگر کی خرابی
گاہے اسہال مزمن اوجاع مفاصل ۔ خارش وغیرہ امراض
خون میں بھی اس کا استعمال کیا جاتا ہے ۔ بقولِ اطبا قدیم
محلل مسخن ۔ ملطف ۔ مجفف اور جاذب ہے ۔ انڈے
کی نیم برشت زردی کے ساتھ کھانا ۔ زکام ۔ نزلہ مرطوب
کھانسی اور ربو میں نافع ہے ۔ سینے کو پیپ سے پاک
کرتی یرقان کو دور کرتی اور مدر حیض ہے ۔ اس کی

Marfat.com

دھونی دیا ئی اثرات کو دور کرتی ہے۔ لیکن اس کا دھواں چونکہ سخت زہریلا ہوتا ہے۔ اس لئے اس سے بچنا چاہیے ورم طحال۔ خارش خشک و تر داء نار فارسی۔ تبورلینیہ حتیٰ کہ جذام وغیرہ اکثر جلدی امراض میں مفید ہے۔ زہریلے جانوروں کے زہر میں بھی اس کا طلا کرنا مفید ہے۔

## گندھک مصفیٰ اور کریم آف ٹارٹار والا ڈاکٹری نسخہ

مشہور ڈاکٹری نسخہ ہے۔ جو یورپ اور ہندوستان کے اکثر سرکاری ہسپتالوں میں معمول و مروج ہے پنجاب کے سرکاری ہسپتالوں کے مخصوص فارماکوپیا میں یہ نسخہ عـ۳۰ کے نام سے مشہور ہے۔

اجزاء۔ کریم آف ٹارٹار ۲۰ گرین

سلفراں پاوڈر (گندھک مصفیٰ سفوف) ۲۰ گرین

ترکیب۔ دونوں کو ملا کر ایک پڑیہ بنالیں۔

استعمال۔ ایسی ایک پڑیہ رات کو سوتے وقت دودھ یا پانی کے ہمراہ کھلا دیا کریں۔

منافع۔ بواسیر میں نفع بخشتی ہے قبض اور سوزش مقعد کو دور کر دیتی ہے۔

تنبیہ۔ اس کا بہت دیر تک استعمال بغیر کسی طبیب یا

Marfat.com

ڈاکٹر کے مشورے کے ہرگز نہیں کرانا چاہیے۔ ہفتے عشرے کے استعمال کے بعد ضرور چند روز ناغہ کرا دینا چاہیے۔

## گیرو

گہری سرخ رنگ کی مشہور مٹی ہے۔ دو قسم کی ہوتی ہے۔ ایک سرخ اور دوسری سیاہی مائل رنگ کی سرخ رنگ کی عمدہ اور بہتر ہوتی ہے اور یہی زیادہ تر دوا مستعمل ہے۔ اس کا ذائقہ پھیکا اور مٹی کی باہند کسی قدر سوندھا ہوتا ہے۔ اس کی تاثیر سرد خشک ہے۔ سدے پیدا کرتی اور آنتوں کے لئے ایک حد تک نقصان رساں ہے۔ شربت بنفشہ وغیرہ سے ایک حد تک اس کی اصلاح ہو جاتی ہے۔

استعمال۔ ۲ سے ۴ ماشہ تک سفوف وغیرہ کی شکل میں استعمال کی جاتی ہے۔

منافع۔ قابض۔ مجفف۔ حابس الدم۔ مسکن حرارت اور محلل اورام ہے۔ درد جگر کو مفید اور کرم معدہ کی قاتل ہے تمام اعضاء کے جریان خون میں نافع ہے۔ انڈے کی سفیدی، زردی اور بار تنگ کے پانی کے ہمراہ آنتوں

Marfat.com

اور مثانے کے زخم اور بواسیر کو مفید ہے۔ اعضاء کی حرارت کو تسکین دیتی ہے۔ کثرت الطمث اور استحاضہ کے لئے بالخصوص مفید ہے۔ شکر کے ساتھ پینے سے جسم کو فربہ کرتی ہے۔ روغن کدو کے ساتھ چہرے پر ملنا چہرے کو نرم کرتا ہے۔ سرکہ کے ہمراہ اس کا جلد پر لیپ کرانا۔ حمرہ غلّہ اور ورم حار کے لئے سودمند ہے۔ بابچی گندھک اور کنیر کی جڑ کے ساتھ ادرک کے پانی میں پانچ روز تک حل کر کے لگانا برص کیلئے بھی نفع بخش ہے۔

## گلیسرین

صاف شفاف۔ بے رنگ اور بے بو شربتی سیال کی شکل کی ایک مشہور و معروف انگریزی دوا ہے۔ جو پانی اور ایلکوحل میں بآسانی حل ہو جاتی ہے۔ یہ ہوا میں سے رطوبت کو جذب کر لیتی ہے۔ چونکہ اس کا ذائقہ نہایت عمدہ اور میٹھا ہوتا ہے۔ اس لئے اس کو انگریزی کی ڈاکٹری اصطلاح میں گلیسرین اور اردو طبی اصطلاح میں حلوین کے نام سے نامزد کیا جاتا ہے۔

استعمال۔ ایک سے دو ڈرام تک۔ زیادہ تر خارجی طلاؤں وغیرہ میں پڑتی ہے۔ اس کے شیاف بھی بنتے ہیں۔ جو قبض

Marfat.com

کشا اغراض کے لئے بالخصوص بچوں کی مقعد میں رکھوائے جاتے ہیں۔ گولیوں اور قرصوں وغیرہ کی تیاری میں بھی کام آتی ہے۔ داخلی طور پر بہت کم مستعمل ہے۔ شاذ و نادر کیسٹرائل کے ہمراہ یا قدرے پانی میں ملا کر دی جاتی ہے۔

منافع۔ دافع تعفن۔ ملین۔ اور ملطف ہے۔ پھٹے ہوئے لبوں پھٹے ہوئے ہاتھوں اور پاؤں وغیرہ کی جلد پر لگاتے ہیں۔ بعض جلدی امراض خراز۔ صدفیہ یعنی چمبل۔ نار فارسی۔ بہق اور بثور لبنیہ وغیرہ میں مفید ہے۔ داخلی طور پر قبض کشا ہے اور کھانسی کو بھی کسی قدر نفع بخشتی ہے۔ خصوصاً سل کی کھانسی میں۔

## گلیسرن ایئرڈراپ

دیکھو قطور اذن جلوبی

اجزاء۔ گلیسرین۔ سپرٹ ریکٹی فائیڈ ہر دو ہموزن

ترکیب۔ دونوں کو بخوبی ملا کر رکھ لیں۔

استعمال۔ ایک ایک قطرہ نیم گرم کر کے ماؤف کان میں ٹپکا دیا کریں۔

منافع۔ کان کے زخموں اور پھنسیوں وغیرہ میں نافع ہے۔

Marfat.com

# گلینڈ پیپریشنز

گلینڈ پیپریشنز سے مراد جسمانی گلٹیوں مثلاً کلاہ گردہ۔ غدۂ درقیہ۔ غدہ نخامیہ۔ خصیتین۔ عورتوں میں خصیۃ الرحم وغیرہ کے جواہر سے بنی ہوئی دوائیں ہیں۔ جو خاص کیمیاوی طریق پر ولایت اور امریکہ کی بعض کمپنیاں مثلاً پارک ڈیوس۔ جی کارنک۔ برزوریلکم وغیرہ تیار کر کے تمام دنیا میں فروخت کرتی ہیں۔ یہ حیوانات مثلاً بھیڑ۔ بکریوں اور بیلوں وغیرہ کی غدد سے تیار کی جاتی ہیں۔ اور بے نالی گلٹیوں کے امراض میں مستعمل و مفید ہوتی ہیں۔ آجکل ڈاکٹری میں ان کے استعمال کا بکثرت رواج ہے لیکن ان کو نہایت احتیاط سے کسی فاضل طبیب یا ڈاکٹر کے مشورے کے بغیر ہرگز استعمال نہیں کرنا چاہیئے

# لال شربت

مشہور ڈاکٹری مرکب شربت ہے۔ جو لال رنگ کا ہونے کی وجہ سے لال شربت کہلاتا ہے۔ ڈاکٹری میں بھی اس کو سرخ رنگت کی وجہ سے سیرپس ردبورجنس یا فرانسیسی مجوزہ ڈاکٹر گریمالٹ کے نام پر گریمالٹ

Marfat.com

سیرپ کے نام سے نامزد کیا جاتا ہے۔ چھ چھ اونس
کی شیشیوں میں ولایت بالخصوص فرانس سے سربند آتا
اور قریباً ڈیڑھ روپیہ فی شیشی کے حساب سے اکثر
بڑے بڑے انگریزی دوا فروشوں سے مل جاتا ہے
اجزا۔ کیلیم ہائپو فاسفیٹ ۱۶۰ گرین (قریباً ۱۰ ماشہ) آب
مصفا ۱۹ اونس۔ مصری یا قند سفید ولایتی ۱۶ اونس۔ ایسڈ
ہائپو فاسفورک ۲۰ منم ٹنکچر کوچ نیل بقدر ضرورت۔
ترکیب۔ کیلیم ہائپو فاسفیٹ۔ پانی اور مصری کو ایک قلعی دار
دیگچی میں ڈال کر نرم آنچ پر رکھیں۔ خواہ مخواہ جوش دینا
ضروری نہیں کیونکہ پانی کی مقدار صرف اتنی ہی ہوتی
ہے کہ چینی کے حل ہوتے ہی مناسب قوام بن جاتا ہے
اب ایسڈ اور ٹنکچر کوچ نیل اس قدر کہ جس سے حسب
ضرورت شربت کا گلابی رنگ ہو جائے اس میں شامل کر
کر کے اور کسی کپڑے میں چھان کر شیشوں میں بھر لیں۔
کل مرکب کا حجم ۲۰ اونس ہونا چاہیے۔
استعمال۔ ایک ایک چمچہ چائے بھر (ٹی سپون فل۔ بقدر ایک
ڈرام)، دن میں تین یا چار مرتبہ استعمال کریں۔
منافع۔ نہایت اعلیٰ درجے کا مقوی اعصاب و بدن شربت
خیال جاتا ہے۔ پھیپھڑوں کے پرانے امراض مثلاً

Marfat.com

پرانی کھانسی۔ دمہ اور سل وغیرہ میں مفید ہے۔ کمزوری اعصاب کو دور کرتا اور بچوں کی پرانی کھانسی اور سوزش آنتوں میں بھی لائم واٹر کے ہمراہ نفع بخش ثابت ہوتا ہے۔

## لبوب کبیر سادہ و عنبری

مشہور قرابادینی نسخہ ہے۔ اکثر بڑے بڑے دیسی دواخانوں سے مل جاتا ہے۔

اجزاء۔ خصیۃ الثعلب۔ نارجیل تازہ۔ مغز سر گنجشک۔ خشخاش سفید ہر ایک ۳ تولہ۔ مغز پستہ۔ مغز بادام۔ مغز فندق مغز حبۃ الخضراء۔ مغز اخروٹ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز حب الزلم ماہی روبیاں۔ خولنجاں۔ شقاقل مصری۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ تودری سرخ۔ تودری زرد۔ زنجبیل۔ کبابہ۔ دار چینی ہر ایک ۱۰ تولہ۔ برادہ قضیب گاؤ زبان۔ سورنجان شیریں بوزیدان۔ پودینہ خشک ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ سنبل الطیب سُعد کوفی۔ قرنفل۔ کباب چینی۔ اندر جو شیریں۔ بوزیدان عقرقرحا۔ بزرجو۔ حب الفلفل۔ تخم گذر۔ تخم پیاز۔ تخم ترب تخم شلغم۔ تخم اسپست۔ تخم بلیون ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ جوز بوا۔ جاوتری۔ چھڑیلہ۔ فلفل دراز ہر ایک ۷ ماشہ۔ مایہ شتر اعرابی۔ زعفران۔ مصطگی ہر ایک ۱۲ ماشہ

Marfat.com

عود خام ۹ ماشہ۔ مشک خالص ۲/۱ ماشہ۔ ورق نقرہ ۵ عدد ورق طلاء ۳۰ عدد۔ شہد خالص تمام دواؤں کے وزن سے تین گنا۔ (فائدہ) یہ لبوب کبیر سادہ ہے۔ اگر اسی نسخہ میں ۴ ماشہ عنبر اشہب کا اضافہ کر دیا جائے تو عنبری بن جاتی ہے۔

ترکیب۔ مشک عنبر اور ورقوں کے علاوہ باقی تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر شہد کے قوام میں ملا کر معجون سی بنا لیں۔ آخر قوام میں مشک عنبر کو تھوڑے سے عرق میں حل کر کے شامل کر دیں۔ بعدہٗ نیچے اتار ورق ایک ایک کر کے ملا دیں۔ اور شیشے یا چینی کے مرتبان میں محفوظ رکھیں

استعمال۔ بقدر ۵ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ یا سادہ پانی یا کسی مناسب عرق وغیرہ کے استعمال کریں۔

منافع۔ مقوی اعصاب۔ مقوی باہ۔ مولد منی۔ اعضائے رئیسہ اور گردوں کو طاقت بخشنے میں نافع ہے۔ بدن کو کسی حد تک فربہ کرتا ہے۔ کمر۔ گردوں اور اعضائے نسلی کو مضبوط کرنے اور تقویت باہ کے لئے خاص چیز ہے بالخصوص جو ضعف باہ ضعف اعصاب سے ہو ان اشخاص کیلئے زیادہ مفید ثابت نہیں ہوتا جن کے معدے اور آنتیں کمزور ہوں یا جن کو دائمی نزلے اور قبض کی شکایت رہتی ہو۔

Marfat.com

# لعوق بادام

مشہور قرابادینی نسخہ ہے بڑے بڑے یونانی دواخانوں میں ملجاتا ہے

اجزاء۔ صمغ عربی۔ کتیرا۔ نشاستہ۔ رب السوس ہر ایک ۸ ماشہ شکر سفید ۲ تولہ۔ مغز بادام۔ مغز تخم کدو ہر ایک ۱۱ ماشہ روغن بادام جلاب شکری ہر ایک حسب ضرورت۔

ترکیب۔ تمام دواؤں کو کوٹ کر روغن بادام میں چرب کریں اور شکر سفید کا قوام کر کے اس میں اور جلاب میں ملا کر چٹنی سی بنالیں۔

استعمال۔ روزانہ صبح کے وقت بقدر ۲ تولہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

منافع۔ خشک کھانسی اور سوکھے ٹھسکے میں نافع ہے۔

جلاب شکری۔ اس شربت کو کہتے ہیں جو گلاب میں شکر ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔

# لعوق خیار شنبر

یہ بھی مشہور قرابادینی نسخہ ہے بڑے بڑے یونانی دواخانوں میں ملجاتا ہے

اجزاء۔ عناب۔ سپستان ہر ایک ۱۵ عدد۔ بنفشہ ۷ ماشہ خطمی ۵ ماشہ۔ سناء مکی۔ شیر خشت ہر ایک ۱۰ تولہ

Marfat.com

مغز فلوس خیار شنبر ۴ تولہ خمیرہ بنفشہ ۳ تولہ، ترنجبین ۴ تولہ روغن بادام شیریں ۵ ماشہ مصری ۱ تولہ۔

ترکیب۔ دوادُں کو تین پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب پانی نصف رہ جائے۔ اتار کر مل چھان کر اس میں مغز فلوس خیار شنبر املتاس شیر خشت، ترنجبین خمیرہ بنفشہ اور مصری حل کر کے دوبارہ چھان کر نرم آگ پر رکھ کر قوام حسب ضرورت غلیظ کر لیں۔ بعدہٗ روغن بادام ملا کر کسی شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ ایک ایک تولہ صبح شام عرق گاؤزبان یا پانی میں ملا کر پئیں۔

منافع۔ قبض کو رفع کرتا اور کھانسی و ذات الجنب میں نافع ہے

# لعوق سپستان

اس کو عام طور پر "لسوڑیوں کی چٹنی" کہتے ہیں۔ مشہور قرابادینی نسخہ ہے۔ اور تمام بڑے بڑے دواخانوں سے مل جاتی ہے۔

اجزاء۔ سپستان فربہ ۵۰ عدد۔ عناب ۲۰ عدد۔ پوست خشخاش ۲ تولہ۔ اصل السوس مقشر ا تولہ۔ تخم خطمی سفید، تخم خیارین ہر ایک ۴ ماشہ۔ بہدانہ ۳ ماشہ۔ شکر سفید آدھ سیر ہم

Marfat.com

مقشر۔ مغز بادام شیریں مقشر۔ تخم خشخاش سفید ہر ایک
اتولہ۔ رب السوس۔ کتیرا۔ صمغ عربی ہر ایک ۲ ماشہ۔ پانی دو سیر
ترکیب۔ بہدانہ تک کی دواؤں کو پانی میں جوش دے کر شکر ملا کر
قوام کریں۔ آخر قوام میں جو۔ بادام اور خشخاش پانی میں
پیس چھان کر ان کا شیرہ شامل کر دیں۔ اور تھوڑی دیر
اور آگ پر پکا کر نیچے اتار لیں۔ اور صمغ عربی۔ کتیرا۔
رب السوس باریک پیس کر اچھی طرح اس میں ملا لیں اور
کسی شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ نزلہ اور کھانسی میں نافع ہے۔ سینے کو بلغم وغیرہ سے
پاک و صاف کرتا ہے۔ نزلے اور کھانسی کیلئے خصوصیت
سے مفید و مستعمل ہے۔

# لعوق کتان

مشہور قرابادینی نسخہ ہے ڈاکٹری میں اس کی بجائے کتاں
(السی) کی چائے استعمال کی جاتی ہے۔

اجزاء۔ لعاب تخم کتاں (السی) آدھ سیر۔ قند سفید۔ شہد
خالص ہر ایک ½ سیر

ترکیب۔ لعاب میں قند و شہد شامل کر کے لعوق کا قوام کر لیں
استعمال۔ ایک سے دو تولہ تک نیم گرم پانی میں حل کر کے پی لیا کریں

Marfat.com

منافع۔ ضیق النفس (دمہ) میں نافع ہے۔

# لعوق معتدل

مشہور قرابادینی نسخہ ہے۔ جو دہلی کے مطبوں میں عام طور پر مروج ہے۔ بڑے بڑے یونانی دواخانوں سے تیار ملتا ہے

اجزاء۔ مغز بادام شیریں، مغز تخم کدو شیریں ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ صمغ عربی۔ کتیرا، نشاستہ۔ رب السوس ہر ایک ۱ تولہ۔ قند سفید ۶ تولہ دیا داشت۔ بعض اوقات اس میں اضافہ تخم خشخاش۔ سویہ سفید۔ انجیر زرد۔ بادیان۔ پرسیاؤشاں زوفا خشک، مصطگی۔ پودینہ ولایتی۔ بہدانہ۔ خطمی، تخم کتان اور کوکنار ہر ایک ۶ ماشہ کا بھی اضافہ کر لیا جاتا ہے۔ اور بجائے قند کے شہد ۱۰ تولہ شامل کیا جاتا ہے۔

ترکیب۔ سب دواؤں کو کوٹ چھان کر قند سفید کا قوام کر کے اس میں شامل کر لیں۔

استعمال۔ بقدر ایک تولہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

منافع۔ کھانسی اور نزلہ حار میں نافع ہے۔

Marfat.com

# لعوق نزلی آب تربزوالہ

مشہور قرابادینی نسخہ ہے۔ بعض کتابوں میں جس کو صرف لعوق آب تربوز لکھا ہے۔

اجزاء۔ تخم خشخاش۔ صمغ عربی۔ کتیرا۔ نشاستہ۔ ہر ایک ۴ ماشہ مغز کدو شیریں۔ مغز خیارین۔ تخم خرفہ۔ تخم کاہو ہر ایک ۱۰ تولہ مغز بادام شیریں ۲ تولہ۔ روغن بادام شیریں ۶ تولہ۔ ترنجبین ۱۴ تولہ آب تربوز ۱۰ تولہ۔

ترکیب۔ مغز کدو سے مغز بادام تک جتنی دوائیں ہیں ان کا شیرہ نکالیں۔ اور ترنجبین حل کر کے چھان لیں۔ بعدہ آب تربز اضافہ کر کے قوام کر لیں۔ اور تخم خشخاش سے نشاستہ تک کی دوائیں باریک پیس کر اور روغن بادام شامل کر کے بخوبی ملا کر شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں

استعمال موں میں تین چار مرتبہ بقدر پانچ پانچ یا سات سات ماشہ یونہی انگلی سے چاٹ لیا کریں۔ یا عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ یا عرق ہرا بھرا۔ عرق شیر بیکسم تولہ اور شربت انجبار ۲ تولہ ملا کر اس کے ہمراہ استعمال کریں۔

منافع۔ سل دق۔ خشک کھانسی اور نزلہ وغیرہ امراض سینہ میں نافع ہے۔

Marfat.com

# لنی منٹ آف بیلاڈونا

برٹش فارماکوپیا (قرابادین برطانوی) کا مشہور آفیشل مرکب ہے۔ جو ہر ایک انگریزی دوا فروش سے تیار مل جاتا ہے۔

اجزاء۔ لیکوئیڈ ایکسٹریکٹ آف بیلاڈونا۔ (رب لفاح سیال ولایتی) ۱۰ فلوئیڈ اونس (تقریباً ۵ چھٹانک) کیمفر (کافور) ایک اونس (تقریباً نصف چھٹانک) آب مقطر ۲ فلوئیڈ اونس (تقریباً ایک چھٹانک۔ ایلکحال (روح الخمر) ۹۰ فیصدی طاقت کی حسب ضرورت۔

ترکیب۔ کافور کو چھ فلوئیڈ اونس ایلکحال میں حل کرکے اس میں لیکوئیڈ ایکسٹریکٹ آب مقطر اور اس قدر ایلکحال اور ملائیں کہ کل وزن ۲۰ فلوئیڈ اونس ہو جائے۔ پھر ۲۴ گھنٹہ رہنے کے بعد مقطر کرکے رکھ لیں۔

استعمال۔ بقدر ضرورت لے کر مقام ماؤف پر اچھی طرح مالش کردیں۔

منافع۔ ہر قسم کے درد بالخصوص عصبی درد کو تسکین دیتی ہے۔

# لنی منٹ آف ٹرپن ٹائن

یہ بھی برٹش فارماکوپیا (قرابادین برطانوی) کا ایک مشہور

Marfat.com

مرکب ہے۔ جو ہر ایک انگریزی دوافروش سے تیار مل جاتا ہے۔

اجزاء۔ سافٹ سوپ (نرم ولایتی صابن) ۱½ اونس۔ آب مقطر (فلوئیڈ اونس یا حسب ضرورت کیمفر (کافور) ایک اونس۔ آئل آف ٹرپن ٹائن (روغن تارپین) ۱½ فلوئیڈ اونس

ترکیب۔ سافٹ سوپ کو پانی میں ملا کر اور کافور کو روغن تارپین میں حل کر کے دونوں کو ملائیں۔ اور یہاں تک ہلائیں کہ سفید رنگ کا شیرہ سابن جائے۔ بعدہٗ اس میں اس قدر آب مقطر اور شامل کریں۔ کہ تیار شدہ دوا کا حجم پورا ایک پائنٹ (قریباً دس چھٹانک) ہو جائے۔

استعمال۔ نیم گرم کر کے مقام ماؤف پر اچھی طرح مالش کر کے اوپر گرم روئی رکھ کر پٹی باندھ دیں۔ اور اوپر سے گرم ٹکور کرتے رہیں۔

منافع۔ ہر قسم کے درد بالخصوص ورمی دردمیں نافع ہے۔ ذات الجنب نیمونیا وغیرہ کے واسطے خارجی طور پر استعمال کرنے کے لئے ڈاکٹری کی خاص اور بکثرت مستعمل دوا ہے

## لوٹس ہنی

یعنی کنول (نیلوفر) کے پھولوں کا شہد۔ بنگال وغیرہ

Marfat.com

کی بعض کمپنیاں جو شہد کی مکھیوں کی پرورش کرتی ہیں تیار کرکے فروخت کرتی ہیں۔ ۶ ماشہ کی شیشی غالباً ڈیڑھ روپے پر فروخت ہوتی ہے۔ آجکل بعض فریبکار بھی شہد میں پھٹکڑی وغیرہ کی ملاوٹ دے کر لوٹس ہنی کے نام سے فروخت کرتے ہیں۔ اس کو بعض امراض چشم اور بالخصوص ابتدائے موتیابند کے لئے نہایت مفید ظاہر کیا جاتا ہے۔ ہمارے ذاتی تجربے پر بھی خالص لوٹس ہنی علاوہ ایک حد تک ابتدائے موتیابند میں نفع بخش ثابت ہوا ہے۔ سرمے کے طور پر رات کو سوتے وقت ایک ایک سلائی آنکھوں میں لگائی جاتی ہے ضعف بصر میں بھی نفع بخشتا ہے۔ بینائی کو تیز اور روشن کرتا ہے۔

## لیڈ ایسی ٹیٹ

سفید رنگ کے چھوٹے چھوٹے ذرات کی شکل میں سفوف کی مانند ایک شہور ڈالٹری ہے جسکی بو مثل سرکہ کے اور ذائقہ کسی قدر کسیلا اور شیریں ہوتا ہے یہ ہر ایک انگریزی دوا فروش سے معمولی قیمت پر دستیاب ہوجاتی ہے۔

اجزاء۔ مرداسنگ یا اسفیداج۔ تیزاب سرکہ (ایسٹک ایسڈ)

ترکیب۔ خاص کیمیاوی طریق پر اول الذکر دواؤں میں سے کسی ایک

Marfat.com

کو تیزاب میں حل کرنے سے تیار کی جاتی ہے۔
استعمال: ایک سے ۵ گرین تک کی مقدار میں بشکل کمپچر (سیال مزیج)، یا گولی کی شکل میں استعمال کی جاتی ہے۔ عموماً اس کا محلول بذریعہ پچکاری خارجی اور مقامی استعمال کے لئے کام میں لایا جاتا ہے۔ یا اس کے محلول کے ساتھ ٹکور کی جاتی ہے۔
منافع: مسکن اعصاب۔ قابض اور حابس الدم ہے۔ چنانچہ خارجی طور پر اس کی مراہم یا محلولات نارفارسی۔ پتی اچھلنا خراش دار زخموں۔ سوزش اندام نہانی۔ سیلان الرحم۔ سوزاک سیلان الاذن دکان بہنا) ایسے ضربہ وسقط میں جس میں جلد زخمی نہ ہوئی ہو۔ موچ آجانے اور سرخبادہ دبہق وغیرہ میں نافع ہے داخلی طور پر قروح معدہ اور اسہال میں نافع ہے۔ اور جب حمیٰ محرقہ اسہالی (ٹائیفائیڈ فیور) اور سل میں معدہ اور آنتوں سے خون آنے لگتا ہے۔ تو اس میں بھی اس کو افیون وغیرہ کے ساتھ گولی بنا کر دیا کرتے ہیں۔

# لیومنیل

سفید سفوف کی مانند ایک جدید ڈاکٹری دوا ہے

Marfat.com

جو گذشتہ چند سال سے دریافت ہو کر آجکل بکثرت استعمال ہو رہی ہے۔ عموماً اس کے نمکیات دبالخصوص سوڈیم لیومینل) زیادہ استعمال ہوتے ہیں۔ چنانچہ استعمال۔ سوڈیم لیومینل ½ ۱ یا ۲ گرین کی مقدار میں دن میں دو یا تین مرتبہ سادہ پانی یا کسی مناسب عرق میں حل کر کے استعمال کیا جاتا ہے۔

منافع۔ نہایت اعلےٰ درجے کی اور سریع الاثر مسکن و منوم دوا ہے۔ عموماً ہر قسم کے عصبی اشتعال۔ جنون مانیا وغیرہ شدید اقسام جنون اور بالخصوص شدید قسم کی مرگی میں استعمال کی جاتی ہے۔ اور واقعی فوری موثر اور نہایت مفید ثابت ہوئی ہے جنون میں مریض سکون کے ساتھ سو جاتا ہے۔ اور مرگی میں مرض کا دورہ رک جاتا ہے۔ برومائیڈز وغیرہ دیگر ہر قسم کے مسکنات کی بہ نسبت بہتر اور کم مضر ہے اس کے کثرت استعمال سے درد سر دوران سر۔ اور اختلاطِ عقل وغیرہ کی شکایات رونما ہو جاتی ہیں۔ آجکل شدید عصبی اشتعال اور جنونِ سبعی وغیرہ میں اس کو جلدی پچکاری کے ذریعے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

Marfat.com

# مارفیا

افیون کے جوہر (الکلائیڈ) کو کہتے ہیں۔ جو سفید قلمی سفوف ہوتا اور خاص کیمیاوی ترکیب سے تیار کیا جاتا ہے۔ یہ ایک حصہ ہزار حصہ سرد پانی میں اور ایک حصہ سو حصہ الکوحل میں حل ہو جاتا ہے اس سے مارفیا ہائیڈروکلور۔ مارفیا ایسی ٹیٹ۔ مارفیا ٹارٹریٹ وغیرہ مخصوص مرکبات تیار ہوتے ہیں۔ جو زیادہ تر دوا مستعمل ہیں۔ خاص مارفیا چونکہ پانی میں کم حل ہوتا ہے اس لئے بہت کم استعمال ہوتا ہے۔ زیادہ تر مارفیا ہائیڈروکلور مستعمل ہے جو قریب قریب ہر ایک سی ادویہ کے لائسنس دار انگریزی دوا فروش سے مل سکتا ہے۔ لیکن سرکاری کالجوں کے مستند ڈاکٹروں کے علاوہ دوسروں کو شاذ و نادر ہی دیتے ہیں۔ مارفیا ہائیڈروکلور سفید چمکدار ریشم کی طرح ملائم سوزنی قلموں یا نہایت باریک قلمی ذرات کا سفید یا بھورا مٹیالا سفوف ہوتا ہے۔ جو ایک حصہ ۲۴ حصہ پانی میں ایک حصہ ۵۰ حصہ الکوحل میں اور ایک حصہ ۸ حصہ گلیسرین میں حل ہو جاتا ہے۔

استعمال۔ $\frac{1}{8}$ سے $\frac{1}{2}$ گرین تک بالعموم جلدی پچکاری کے ذریعے استعمال کیا جاتا ہے۔

Marfat.com

منافع - منوم - مخدر اور مسکن درد ہے - ڈاکٹر لوگ عموماً ہر قسم کے شدید درد کو تسکین دینے اور نیند لانے کے لیے اس کی پچکاری کرایا کرتے ہیں - لیکن یہ ایک شدید سمی دوا ہے - اور بعض اشخاص میں اس کے چند مرتبہ کے استعمال سے اس کی عادت پڑ جاتی ہے - اس لیے اس کا استعمال نہایت احتیاط کے ساتھ کرانا چاہیے - (فائدہ) جلدی پچکاری کے ذریعے استعمال کرنے کے لیے ولایت کی بعض کمپنیاں فی خوراک کے حساب سے اس کی ٹکیاں یا نلکیاں بنا کر بھی فروخت کرتی اور کراتی ہیں -

## مازو

انگریزی میں اس کو گال یا گالا کے نام سے نامزد کرتے ہیں - اور عوام ماجو یا ماجو پھل کہتے ہیں - بقول اطبا قدیم درخت بلوط کا پھل ہے لیکن جدید تحقیقات سے معلوم ہوا ہے - کہ درخت بلوط کی شاخوں میں ایک قسم کے مخصوص کیڑے سوراخ کرنے اور ان سوراخوں میں اپنے انڈے رکھنے سے ان مقامات پر ایک قسم کی گانٹھیں پیدا ہو جاتی ہیں - یہی گانٹھیں فی الحقیقت مازو یا ماجو پھل ہوتے ہیں -

Marfat.com

صفات۔ سخت۔ وزنی اور تقریباً گول ½ سے ¾ انچ قطر میں گانٹھیں سی ہوتی ہیں۔ ان کا رنگ باہر سے گہرا سبز نیلگوں یا گہرا زیتونی سبز۔ اندر سے زرد یا بھورا سفیدی مائل۔ درمیان سے کسی قدر کھوکھلا ہوتا ہے ذائقہ اس کا کسی قدر کسیلا اور قابض ہوتا ہے۔ اور اس میں بُو نہیں پائی جاتی۔ رنگت کے لحاظ سے بعض نے اس کو سیاہ۔ نیلا۔ سبز اور سفید چار قسموں میں تقسیم کیا ہے مقام پیدائش کے لحاظ سے بعض کے نزدیک چھ سات قسم کا ہوتا ہے۔ نیلگوں گہرے سبز یا سیاہ رنگ کے بے سوراخ مازو جن میں سے کیڑا باہر نہ نکلا ہو عمدہ اور سفید سوراخدار مازو جن میں سے کیڑا نکل گیا ہو ادنی قسم کے ہوتے ہیں ملتول اطبا قدیم سینے اور حلق کے امراض کیلئے مضر ہے۔ کتیرا گوند ببول اور انڈے کی سفیدی سے اسکی اصلاح ہوجاتی ہے

استعمال۔ ایک ماشہ سے تین چار ماشہ تک سفوف وغیرہ کی شکل میں استعمال کیا جاتا ہے۔ طب جدید ڈاکٹری میں اسکا ست نکال کر کام میں لاتے ہیں۔ جو گیلک ایسڈ کے نام سے موسوم ہے۔

منافع۔ قابض۔ حابس حیض و رطوبات رحم۔ مانع اسہال و دافع رعاف ہے اس کا سرمہ گوہانجنی اور آنسو بہنے کو مفید ہے۔ اور خرفہ کے پانی کے ساتھ اس

کا قطور کان سے خون اور سیل وغیرہ کے بہنے کو روکتا ہے۔ اس کا منجن مسوڑھوں کو مضبوط کرتا ہے کثرت لعاب دہن کو نفع بخشتا اور منہ آنے میں مفید ہے۔ پانی میں گھس کر پلانا۔ آنتوں کے زخموں۔ کثرت الطمث سیلان الرحم اور اسہال کہنہ میں مفید ہے۔ اس کا ضماد قابض ہوتا ہے۔ اور ورم مقعد میں نافع ہے۔ نیز ابھری ہوئی ناف کو بھی دبا دیتا ہے۔ سرکہ میں پیس کر پلانا جلد سرخبادہ۔ کلف اور بہق میں مفید ہے۔ محلل اورام اور زخموں کے بڑھنے کا مانع ہے۔ اس کے جوشاندے کے ساتھ سر دھونا بالوں کو سیاہ کرتا ہے اور خضاب کے نسخوں میں کارآمد ہے۔ استرخا لہاۃ کا ہیج نکلنے ورم لوزتین۔ نار فارسی بخر الانثت وغیرہ میں بھی نافع ہے

## مالتی بسنت خاص

مشہور ویدک نسخہ ہے۔ جو غیر معمولی طور پر مفید ہونے کی وجہ سے یونانی میں بھی بکثرت مستعمل ہے۔ اس کو بیش از بیش مفید بنانے کے لئے ایک دو دواؤں کے اضافہ سے خاص کر لیا گیا ہے۔

اجزاء۔ ورق طلا ایک ماشہ مروارید ناسفتہ ۲ ماشہ شنگرف

Marfat.com

۳ ماشہ۔ مرجان سیاہ ۴ ماشہ۔ سنگ بصری ۸ ماشہ
یاقوت۔ زمرد۔ عقیق اور کہرباء شمعی ہر ایک ۳ ماشہ
مسکہ گاؤ اور لیموں کاغذی بقدر ضرورت۔

ترکیب۔ تمام دواؤں کو باریک پیس کر مسکہ میں چرب کریں اور یہاں تک کھرل کریں کہ غبار کی مانند ہو جائے پھر آب لیموں کاغذی میں اس قدر مزید کھرل کریں کہ ان کی دہنیت جاتی رہے۔ بعدہٗ قرص بنا کر خشک کریں۔

استعمال۔ تپ دق اور پرانے بخاروں میں ایک رتی یہ دوا لے کر ست گلو کے سفوف کے ہمراہ استعمال کریں سنگرہنی اور پرانے دستوں میں زیرہ کے ہمراہ دیں بلغمی اور ریاحی بیماریوں میں شہد کے ہمراہ اور فساد خون و صفراوی امراض میں رسوت کے ہمراہ دیں۔

منافع۔ مقوی اعضائے رئیسہ۔ خشک حرارت غریزی مصفیٰ خون دافع بخار و اسہال ہے۔ نفث الدم کو بھی دور کرتی ہے۔ سنگرہنی اور پرانے بخاروں کے لئے خاص چیز ہے۔

دہلی کے مطبوں میں یہ دوا کثرت اور خصوصیت کے ساتھ اسہال مزمن میں دی جاتی ہے۔

Marfat.com

# ماءالجبن

ماء عربی میں پانی کو کہتے ہیں۔ اور جبن پنیر کو۔ اس لئے ماء الجبن کے لغوی معنی ہیں پنیر کا پانی۔ چونکہ یہ بکری یا گائے کے دودھ کو پھاڑ کر یعنی اس سے پنیر الگ کر کے حاصل کیا جاتا ہے۔ اس لئے اس کو اس نام سے نامزد کر دیا گیا ہے۔

اجزاء۔ بکری یا گائے کا دودھ (گائے کے دودھ کی نسبت بکری کا دودھ بہتر ہوتا ہے۔ خصوصاً سرخ رنگ کی بکری کا جسے گابھن ہونے کے ابتدائی زمانہ سے پالک۔ خرفہ اور کاہو وغیرہ کی ترکاری کا چارہ دیا جائے اور ہر وقت چارہ اور پانی کا انتظام رکھا جائے، بچہ جننے کے چالیس روز بعد سے اس بکری کے دودھ کا ماء الجبن تیار کریں دگائے کی صورت میں سیاہ گائے کا دودھ لینا چاہیے،

ترکیب۔ دودھ کو قلعی دار برتن میں آگ پر جوش دیں اور انتہائے جوش کی حالت میں ترش سکنجبین یا انگوری سرکہ یا عرق لیموں اور ذرا سا نمک لاہوری دیجرس رینٹ یعنی بجر کا مصنوعی پنیر مایہ دس چھٹانک دودھ

Marfat.com

میں بقدر ایک چمچہ چائے بھر یعنی ٹی سپون کے حساب سے ملانا بھی یہی کام دے جاتا ہے، ڈال کر انجیر کی تازہ لکڑی سے جس کے ایک سرے کو چاقو سے چوپارہ کر لیا گیا ہو چلاتے رہیں۔ جب دودھ پھٹ جائے تو برتن کو آگ پر سے اتار لیں۔ اور موٹے کپڑے میں چھان لیں۔ اگر پانی کا رنگ نیلگوں ہو تو بہتر ہے ورنہ ذرا سا اور نمک ڈال کر پھر ایک دو جوش دینے چاہئیں اور نیلگوں ہو لے پر چھان کر محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ بقدر حاجت لے کر شربت عناب بقدر ضرورت اس میں حل کر کے پی لیا کریں۔ ۷ تولہ کی مقدار سے شروع کریں اور ہر روز ایک تولہ یا دو تولہ اضافہ کرتے رہیں۔ حتیٰ کہ ڈیڑھ پاؤ روزانہ تک پہنچ جائے تین دن تک ڈیڑھ پاؤ روزانہ پی کر اسی طرح تدریجاً کم کرتے ہوئے ۷ تولہ پر لا کر چھوڑ دیں۔

منافع۔ تمام سوداوی امراض میں تنقیہ کے بعد نہایت مفید ہے جنون۔ مالیخولیا۔ مزمن آتشک جس میں نظام عصبی بھی ماؤف ہو جایا کرتا ہے۔ مزمن سوداوی بخار، دبال۔ مزمن خارش اور حرقت بدن۔ اعصاب کا مزمن استعمال بے خوابی۔ جگر کی گرمی، عام کمزوری اور لاغری میں

Marfat.com

نافع ہے۔

## ماء العسل

یعنی شہد کا پانی۔ یا عرق گاؤزبان میں شہد کو جوش دے کر تیار کیا جاتا ہے۔ اس لئے اسے ماء العسل کہا جاتا ہے۔

اجزاء۔ شہد خالص مصفیٰ ایک یا ۲ تولہ پانی یا عرق گاؤزبان وغیرہ چار حصہ یا ۱۲ تولہ۔

ترکیب۔ شہد کو پانی یا عرق میں ڈال کر جوش دیں جب ایک تہائی رہ جائے تو چھان کر کام میں لائیں۔

استعمال۔ بقدر ۵ یا ۶ تولہ دن میں دو تین مرتبہ پلا دیا کریں

منافع۔ معدہ کو قوی کرتا۔ مواد کو پکاتا بلغم اور ردی اخلاط فاسدہ کو خارج کرتا ہے۔ امراض عصبی بارد مثلاً فالج۔ لقوہ۔ تشنج وغیرہ کی ابتداء میں (تین روز تک) غذا اور پانی کی جگہ صرف اسی کا استعمال کرایا کرتے ہیں۔

(فائدہ) گاہے ماء العسل کی قوت کو بڑھانے کیلئے اس میں مناسب ادویہ کا اثر لے لیا جاتا ہے جس کا طریقہ یہ ہے۔ کہ ان دواؤں کو جن کا اثر لینا

Marfat.com

مطلوب ہو۔ نیمکوب کر کے پوٹلی میں باندھکر ماء العسل سادہ میں ڈال دیتے ہیں۔ اور جوش دے کر صاف کر کے پلاتے ہیں۔ اسے ماء العسل مرکب کہتے ہیں۔

# محلول پرمینگنیٹ آف پوٹاش

پرمینگنیٹ آف پوٹاش ایک نہایت مشہور ڈاکٹری دوا ہے۔ جو نہایت اعلیٰ درجے کی قاتل جراثیم اور دافع عفونت ہونے کی وجہ سے بکثرت مستعمل ہے۔ اسے وبائے ہیضہ کے دنوں میں کنوؤں وغیرہ اور مشتبہ پانی کو صاف کرنے کے لئے کام میں لاتے ہیں اس کے مختلف طاقت کے محلول کو زخموں وغیرہ کو صاف کرنے کیلئے استعمال کرتے ہیں۔ غرضیکہ ہر قسم کے قاتل جراثیم اور دافع عفونت و بدبو اغراض کے لئے ڈاکٹری میں اس کا استعمال ہوتا ہے۔

اجزاء۔ پرمینگنیٹ آف پوٹاش ½ سے ۱ گرین صاف پانی نصف چھٹانک۔

ترکیب۔ دونوں کو ملا کر بخوبی حل کرلیں۔

استعمال۔ بذریعہ پچکاری اندام نہانی یا مجری بول وغیرہ کو اس محلول کے ساتھ دھوئیں۔ محلول کے استعمال

Marfat.com

سے قبل حسب ضرورت گرم کر لیا کریں. جلدی زخموں
کو اس محلول کے ساتھ دھوئیں۔
منافع. گندے زخموں کو پاک و صاف کرتا ہے۔ سوزاک
اور قرحہ میں نہایت نافع ہے۔ سیلان الرحم میں
بھی مفید ہے۔ بالخصوص جو اندام نہانی کے گندے
زخموں سے ہوتا ہے۔
(فائدہ) سانپ کاٹے کیلئے اس دوا کا بہت قوی
(۲۰ میں طاقت کا) محلول کاٹے ہوئے مقام پر لگا کر اور
حل کر جذب کر دینا اکثر مفید ہوا کرتا ہے۔ افیون کھائے
ہوئے شخص میں اس کے مذکورہ ہلکے محلول کا پلانا تریاقی
اثر رکھتا ہے۔

# محلول سلور نائیٹریٹ

سلور نائیٹریٹ ایک مشہور ڈاکٹری کاسٹک دکاوی دوا
ہے۔ جو چاندی کو نائٹرک ایسڈ تیزاب شورہ میں
حل کر کے تیار کی جاتی ہے۔ بے رنگ شفاف یا سفید
مائل چپٹے چپٹے ٹکڑوں یا لمبی لمبی قلموں یا بتیوں
کی شکل میں پائی جاتی ہے۔ شدید کاوی۔ اکال
قابض۔ دافع تعفن اور مقوی اعصاب دوا ہے

داخلی طور پر شاذ و نادر اور بہت ہی کم استعمال کی جاتی ہے البتہ خارجی طور پر حسب ضرورت اس کی کم و بیش طاقت کا محلول تیار کر کے جلدی مسوں یا رسولیوں وغیرہ کو جلانے کیلئے یا چھوٹی چھوٹی پھنسیوں۔ قوبا۔ نار فارسی کرمی خارش۔ آشوب چشم لکروں کے کاٹنے اور قرحہ سوزاک وغیرہ کیلئے بذریعہ پچکاری اس کو استعمال کرایا جاتا ہے۔

اجزاء۔ سلور نائیٹریٹ حسب ضرورت ۱ سے ۶ گرین۔ آب مقطر نصف چھٹانک (۱ اونس)

ترکیب۔ دونوں کو بخوبی حل کر کے محلول تیار کر لیں۔ اور عنبری یا شربتی یا نیلی شیشی میں دھوپ سے محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ حسب ضرورت طاقت کا محلول بذریعہ پھریری جلد پر یا مقام ماؤف پر لگائیں۔ آنکھوں کی پلکیں الٹ کر ان پر ٹپکائیں یا بذریعہ پچکاری اندام نہانی یا مجری بول کو اس سے دھوئیں۔

منافع۔ ہلکی طاقت کا محلول امراض چشم۔ رمد۔ جرب الاجفان (لکروں) وغیرہ میں نافع ہے۔ اس سے زیادہ قوی طاقت کا محلول قرحہ، سوزاک۔ عورتوں کے مرض سیلان الرحم

Marfat.com

خارش رحم و اندام نہانی جلد کی کرمی خارش - زخم بستری قوبا - تارفارسی وغیرہ اور بہت تیز اور قوی محلول مثلاً ۰ ہ گرین فی اونس والا محلول مسوں اور پھنسیوں کے جلانے سرجنادہ - اور کھڑوں کے کاٹنے وغیرہ میں کام آتا ہے -

(تنبیہ)، اس کا استعمال ہمیشہ کسی طبیب یا ڈاکٹر کی نگرانی میں کرنا چاہیئے -

# مرجان

اس کو عام طور پر مونگا کہتے ہیں - یہ فی الحقیقت ایک بحری جانور کا حجری جسم ہوتا ہے - اس کا رنگ سرخ سفید یا سیاہ ہوتا ہے - سرخ سب سے عمدہ اور بہتر ہے اور یہی دوا مستعمل ہے - سیاہ خراب ہوتا ہے اور اسے دواءً ہرگز استعمال نہیں کرنا چاہیئے - اس کا ذائقہ پھیکا اور مٹی یا پتھر کی مانند کرکرا ہوتا ہے - اس کی تاثیر دوسرے درجے میں سرد خشک ہے - بقول اطبائے قدیم گردے کے لئے مضر ہے - کتیرا اور تر اشیاء سے اس کی اصلاح ہو جاتی ہے -

Marfat.com

استعمال - ایک سے دو تین ماشہ تک۔ بالعموم اس کا مختلف طریق پر مختلف دواؤں کے ذریعے کشتہ کر کے استعمال کیا جاتا ہے۔

منافع - اس کا پلانا قابض، مجفف اور حابس الدم ہے۔ ہر قسم کے زہروں کے لیے ایک حد تک تریاقی اثر رکھتا ہے۔ اس کا معدے پر لٹکانا تمام امراض معدہ اور بچوں کے گلے میں لٹکانا ان کے خواب میں چونکنے اور ڈرنے وغیرہ کے لیے مفید خیال کیا جاتا ہے۔ سفوف اس کا کھانسی۔ دمہ۔ جریانِ منی۔ ضعفِ دماغ و اعصاب، ضعفِ معدہ، جنون۔ وسواس۔ صرع۔ خفقان وغیرہ میں نافع ہے۔ رطوبات معدہ کو زائل کر کے بھوک بڑھاتا ہے۔ بعض اشخاص میں امساک کا فائدہ بھی دیتا ہے۔ اس کو کشتہ کرنے کی ایک دو ترکیبیں صفحہ ۲۸۲ پر درج ہیں۔

## مروارید (موتی)

جواہرات میں سے ایک مشہور و معروف جواہر ہے جو مخصوص بحری سیپیوں کے اندر سے نکلتا ہے عموماً اس کی مالائیں اور ہار بنا کر امیر عورتیں آرائش

Marfat.com

کے لئے گلے میں پہنتی ہیں۔ اس کا رنگ سفید صاف شفاف چمکدار اور درخشاں ہوتا ہے۔ اس کا ذائقہ بالکل پھیکا ہوتا ہے۔ مصنوعی یا ناقص قسم کے موتی بازار میں بکثرت بکتے ہیں۔ اس لئے اس کو نہایت احتیاط سے خریدنا چاہیئے۔ مصنوعی موتی کی ایک سادہ شناخت یہ ہے کہ اگر اس کو دانتوں کے نیچے لے کر دبایا جائے تو اس کی شکل اور آب کم وبیش بگڑ جاتی ہے۔ حالانکہ اصلی موتی کی شکل یا آب میں مطلقاً کوئی فرق نہیں آتا۔ دواءً ہمیشہ چھوٹے چھوٹے اور ناسفتہ موتی استعمال کرنے چاہئیں۔

استعمال۔ رتی دو رتی سے ماشہ دو ماشہ تک عموماً محلول یا کشتے وغیرہ کی شکل میں استعمال کیا جاتا ہے اور اس کا خمیرہ بھی بنا کر دیا جاتا ہے جس کا نسخہ صفحہ ۱۲۱ پر درج ہے۔

منافع۔ مفرح۔ ملطف۔ اعضائے رئیسہ وشریفہ اور قویٰ دارواح کا مقوی ہے۔ تفریح میں طلا یعنی سونے سے زیادہ مفید وموثر ہے۔ اس کا پیس کر پلانا نفث الدم۔ نزف الدم۔ جنون۔ مالیخولیا۔ بدبوئے دہن۔ خفقان۔ امراض قلب۔ ضعف معدہ ضعف

Marfat.com

جگر۔ جگر اور گردوں کی گرمی میں نہایت مفید ہے بسلوں کو بھی کھولتا ہے۔ پتھری کو خارج کرتا یرقان کو بھی مفید ہے۔ سوزش بول کو دور کرتا اور خونی دستوں کو روکتا ہے۔ اسی طرح خون بواسیر اور حیض کو بھی بندکرتا ہے۔ اس کا سعوط دردِ سر کو اور سرمہ۔ آشوب چشم۔ گوہانجنی۔ دھند۔ سبل اور آنکھ کے زخموں کے لئے مفید ہے۔ منجن اس کا دانتوں کو تقویت دیتا ہے فرزجہ مانع حمل ہے۔ محلول دافع برص اور ذرور ظاہری و باطنی اعضاء کے جریان خون کو روکتا۔ اور زخموں کو بھرتا ہے۔ اس کا گلے میں لٹکانا اور منہ میں رکھنا مقوی قلب اور دافع غم ہے کیلیم کے استعمال کی یہ بہترین صورت ہے۔ اور ان تمام امراض میں جن کے اندر کیلیم کی کمی ہوتی ہے۔ اس کا استعمال نہایت نفع بخشتا ہے۔ اسی وجہ سے ابتدائے سل میں بھی یہ نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔ اور ہر قسم کے ولایتی کالزماو غیرہ سے بدرجہا بہتر ہے۔ ان تمام امراض میں جن کے اندر بہت کمزوری ہوجاتی ہے۔ اس کا استعمال نہایت نفع بخشتا ہے۔ یہ قوتوں کو محفوظ رکھتا ہے۔ اور اس غرض کے لئے واقعی ایک لاثانی چیز ہے

# مرہم آئیوڈوفارم

مشہور ڈاکٹری مرہم ہے۔ جو ہر ایک انگریزی دوا فروش سے مل جاتی ہے۔

اجزاء- آئیوڈین کا باریک سفوف ½ گرین۔ زرد پیرافین ۲ ½ اونس۔

ترکیب- دونوں کو باہم اچھی طرح ملا کر رکھ لیں۔

استعمال- بقدر حاجت لے کر زخم پر لگائیں یا ناسور کے اندر داخل کر دیں۔

منافع- دافع عفونت ہے۔ پرانے اور گندے زخموں کو پاک و صاف کر کے التیام کے قابل بناتی ہے۔ ناسور اور آتشکی زخموں میں بھی مفید و مستعمل ہے۔

# مرہم بواسیر نیم والہ

استاذ کم مسیح الملک حکیم اجمل خاں دہلوی اور ان کے خاندان کا خاص معمول مطب نسخہ ہے۔ جو مرہم چوب نیم سائیدہ کے نام سے موسوم ہے۔ اور واقعی فوری موثر ہے۔

اجزاء- چوب نیم ۴ تولہ۔ مکھن ۴ تولہ۔ سیسہ اگرہ بریاں ۳ تولہ۔

Marfat.com

ترکیب۔ نیم کی لکڑی کی باریک پیس کر مکھن میں ملائیں۔ بعدہ سہاگہ بریاں پیس کر داخل کر دیں۔ اور سب کو پھول سے کٹورہ میں ڈال کر نیم کے ڈنڈے سے اس قدر حل کریں کہ سیاہ ہو جائے۔ بعدہٗ کسی چینی کے برتن میں محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ بوقت ضرورت اس میں سے بقدر حاجت لے کر روئی پر لپیٹ کر مسوں پر رکھیں۔

منافع۔ بواسیری مسوں کی سوزش اور جلن کو فوراً تسکین بخشتی ہے اس کا مسلسل استعمال نہ صرف مسوں کی تکلیف ہی محسوس نہیں ہونے دیتا۔ بلکہ بتدریج ان کو زائل کر دیتا ہے۔

# مرہم داخلیون

مشہور قرابادینی نسخہ ہے۔ جو عورتوں کے امراض کے لئے مخصوص ہے۔ اکثر بڑے بڑے دواخانوں میں بنایا جاتا ہے

اجزاء۔ روغن زیتون کہنہ ۱۲ تولہ۔ مردار سنگ تخم خطمی اسپغول۔ سلم تخم مرو۔ تخم بہیتی۔ تخم کتان ہر ایک ۲ تولہ

ترکیب۔ تخموں کو رات بھر بھگو کر اور صبح مل کر لعاب نکال لیں مردار سنگ کو باریک پیس کر روغن زیتون میں ملا کر نرم آگ پر رکھیں۔ اور لکڑی سے ہلاتے

Marfat.com

رہیں۔ جب رنگ سیاہی مائل ہونے لگے تو اتار کر
لعاب مذکور اس میں شامل کرکے دوبارہ آگ پر رکھ
کر پکائیں۔ غلیظ ہونے پر اتار کر گھوٹ لیں۔
استعمال۔ بقدر حاجت لے کر آب کاسنی اور آب مکو سبز میں
حل کرکے اور سفیدی بیضہ وغیرہ حسب ضرورت اضافہ
کرکے دایہ سے اندر رکھوائیں۔
منافع۔ رحم کے ورموں۔ زخموں اور گلٹیوں وغیرہ میں نافع ہے

## مرہم سنبل الطیب

عظیم دواخانہ متعلقہ ہائیجا سپلیتہ ہوم کا خاص نسخہ ہے
اجزاء۔ سنبل الطیب۔ جاوتری۔ جائفل۔ دارچینی۔
انیسون۔ قرنفل۔ پودینہ کوہی ہر ایک ۵ تولہ۔ روغن
چنبیلی ۴۰ تولہ۔ موم بقدر حاجت۔
ترکیب۔ دواؤں کو نہایت باریک پیس کر رکھ لیں۔ اور موم
کو روغن میں پگھلا کر مرہم کی مانند بنا لیں
استعمال بوقت ضرورت ذرا سا لے کر نیم گرم کرکے اعضائے نسلی
پر بخوبی مل کر جذب کر دیا کریں۔
منافع۔ عورتوں کے جمود حسی کو دور کرتی۔ جماع میں لذت
بخشتی اور ان میں جمود حسی سے پیدا ہونے والے

Marfat.com

بانجھ پن کو دور کرتی ہے۔ مردوں میں عضو میں تحریک بخشتی اور قوت باہ کو برانگیختہ کرتی ہے۔ خصوصاً جب کہ اعضائے نسلی کے علاوہ کمر پر بھی اس کی مالش کرائی جائے۔ نہایت اعلےٰ درجے کی ملذذ محرک باہ ہے۔ جماع سے عین قبل اس کا استعمال منع حمل میں بھی ایک حد تک معاون ثابت ہوا ہے۔

## مرہم طحال جدید

یہ مرہم اکثر سرکاری ڈاکٹری شفاخانوں (ہسپتالوں) کی قرابادینوں (فارماکوپیاز) میں شامل ہے۔ اور عظم طحال کے لئے معمول و مروج ہے۔ پنجاب کے سرکاری ہسپتالوں میں یہ مرکب ع۱۶ کے نام سے مستعمل ہے۔ اس کی بجائے برٹش فارماکوپیا (برطانوی قرابادین) کی سرکاری مرکب مرہم انگوائنٹم ہائیڈرارجرائی آئیوڈائیڈائی روبرائی یعنی ریڈ آئیوڈائیڈ آف مرکری آئنٹمنٹ استعمال کی جاسکتی ہے جو ہر ایک انگریزی دوافروش سے بنی بنائی مل جاتی ہے۔

| | |
|---|---|
| اجزاء: ریڈ آئیوڈائیڈ آف مرکری | ۳۰ گرین |
| تیل آئنٹمنٹ یا ویزلین | ایک اونس |

ترکیب - دونوں کو اچھی طرح ملا کر رکھ لیں۔
استعمال - بقدر حاجت لے کر مقام طحال پر ملیں اور اس کو دھوپ میں کھلا چھوڑ دیں۔ تاکہ جذب ہو جائے۔
منافع - حمی ملیریا (موسمی بخار) میں جب مرض کی سمیت سے طحال بڑی ہو جاتی ہے۔ تو ایسے عظم طحال کو دور کرنے میں مفید و معمول ہے۔
(فائدہ) برٹش فارماکوپیا کی ریڈ آئیوڈائیڈ آف مرکری آئنٹ مینٹ کا نسخہ بھی ذیل میں درج ہے۔
صفحہ ۱ ؛ - مرکیورک آئیوڈائیڈ کا باریک سفوف ۲۰ گرین بنزوئیٹڈ لارڈ ۴۸۰ گرین دونوں کو باہم بخوبی ملا کر یکجان کر لیں۔ عظم طحال کے علاوہ آتشکی مسوں اور استخوانی ابھاروں جلد کے سلی زخموں (الذئب) اور گھیگا پر بھی اس کو لگایا کرتے ہیں۔

# مرہم قوبا جدید

عظیم دواخانہ متعلقہ ہائیجیا میڈیکل ہوم کا خاص اور بایہ ناز نسخہ ہے۔ اس کا مختصر تذکرہ پیام شفا جلد اول کے صفحہ ۱۰۶ پر کیا جا چکا ہے۔
اجزاء - نیلہ تھوتھا - فلفل سیاہ ہر ایک ۲ ماشہ - رال ۱ تولہ۔ برگ نیم سبز - روغن سرشف ہر ایک ۵ تولہ۔ پانی ایک سیر۔
ترکیب - تیل کے علاوہ باقی دواؤں کو کونڈی میں ڈال کر خوب رگڑیں

Marfat.com

جب بخوبی باریک ہو کر یکجان ہو جائیں۔ تو اس میں نصف تیل ڈال دیں۔ اور بخوبی مخلوط کر کے نصف سیر پانی اس میں ڈال دیں۔ اور اچھی طرح اس میں کوئی لکڑی چلا کر چھوڑ دیں۔ پانچ منٹ کے بعد پانی نکال کر پھر رگڑیں اور تین چار منٹ تک مزید اچھی طرح رگڑ کر پھر نصف سیر پانی اس میں اور ڈال دیں۔ اور پہلے کی طرح لکڑی سے چلا کر چھوڑ دیں۔ پانچ منٹ کے بعد اس پانی کو بھی نکال دیں۔ اور باقی ماندہ تیل ڈال کر بخوبی مخلوط کر کے رکھ لیں۔

استعمال۔ بطور مرہم زخموں پر لگائیں۔

منافع۔ ہر قسم کے داد۔ زخموں اور بالخصوص لاہوری یا درنگ زیبی پھوڑے کے لئے جس کو لاہور سور۔ لوکل سور۔ مونگری پھوڑا یا جڑدں والا پھوڑا بھی کہتے ہیں۔ نہایت نافع اور مجرب ہے

## مرہم مازو وافیون مرکب

برٹش فارماکوپیا قرابادین برطانوی کا مشہور آفیشل مرکب ہے جو ڈاکٹری علاج میں تقریباً تمام دنیا پر بکثرت مستعمل ہے اس کو انگریزی میں انگوائینٹم گیلک کم اوپیو کہتے ہیں۔

اجزاء۔ مازو نہایت باریک سفوف کیا ہوا ۲۱ تولہ۔ بنزوئیٹڈ لارڈ دھودکی لوبان آمیز چربی ۱۰ تولہ۔ افیون ۴ ماشہ ۵ رتی۔

Marfat.com

ترکیب۔ بارود کے سفوف کو چربی میں بخوبی مخلوط کر کے اس میں سے ۴ تولہ ۹ ماشہ ۲.۰ رتی (۹۲۵ گرین) لے کر افیون کو باریک سفوف کر کے اس میں ملائیں۔ اور بخوبی مخلوط کر کے رکھ لیں

استعمال۔ بقدر ضرورت لے کر روئی وغیرہ پر لگوا کر مقعد کے اندر رکھوائیں۔

منافع۔ خونی بواسیر میں نہایت نافع اور بکثرت مستعمل ہے۔ خون کو بند کرتی اور درد کو تسکین دیتی ہے۔ ڈاکٹری میں اس غرض کے لئے خاص دوا ہے۔

# مسہل عجیب

خاص نسخہ ہے۔ نہایت عمدہ اور مفید ہے۔

اجزاء۔ جلاپہ ۳ تولہ۔ سقمونیا ولایتی انزل۔ جوہر سیماب ولایتی ½ تولہ۔ روغن بادام ۴ ماشہ۔

استعمال۔ جلاپہ کو ہاون دستہ میں خوب کوٹیں جب باریک ہو جائے تو سقمونیا ملا کر کھرل کریں۔ بعدہٗ جوہر سیماب ملا کر سحق کریں آخر میں روغن بادام شامل کر کے اچھی طرح کھرل کر کے یکجان کر لیں۔

استعمال۔ بقدر تین ماشہ یا حسب ضرورت و حالاتِ مریض کم و بیش پانی یا عرق مکو کے ساتھ پھنکا دیا کریں۔

Marfat.com

منافع۔ نہایت عمدہ قسم کا مسہل ہے۔ اس کے استعمال سے تھوڑی دیر بعد کھل کر دست آ جاتے ہیں۔ اور نہ زیادہ متلی ہوتی ہے نہ قے اور نہ گھبراہٹ یا مروڑ وغیرہ ہر مزاج اور ہر موسم و عمر کے لئے یکساں مفید ہے۔

یادداشت۔ اس نسخہ کی دوائیں عمدہ اور خالص لینی چاہئیں بالخصوص جلاپہ۔ عمدہ جلاپا بھاری سرخی مائل اور کوٹنے میں سخت ہوتا ہے۔ اس کے برعکس ناقص اور پرانا جلاپا سفیدی مائل ہوتا اور باسانی کٹ جاتا ہے۔

## مطبوخ زردچوب مرکب

عظیم دواخانہ متعلقہ ہائیجیا ہیلتھ ہوم کا خاص اور مایہ ناز نسخہ ہے۔

اجزاء۔ چوب زرد (ہلدی)، چوب ونکہ، برگ نیم سبز، گل چنبیلی ہر ایک ۱ تولہ۔ گل گیندا ۱۱ عدد۔ الائچی خورد ۱۹ عدد۔ پانی دس سیر۔ پھٹکڑی ۲ ماشہ۔

ترکیب۔ دواؤں کو پانی میں اس قدر جوش دیں کہ صرف ایک سیر پانی رہ جائے۔ بعدہٗ مل کر چھان لیں۔ اور پھٹکڑی باریک پیس کر اس میں حل کر لیں۔

استعمال۔ دن میں دو تین مرتبہ اس جوشاندے کے ساتھ غرغرے

Marfat.com

کرایا کریں۔

منافع۔ دانتوں۔ مسوڑھوں اور منہ کے اکثر عفونتی امراض میں نافع ہے۔ گوشت خورہ (پائی اوریا) کیلئے خاص چیز ہے

## مطبوخ قرطم

استاذ یم مسیح الملک حکیم اجمل خانصاحب مرحوم دہلوی کے خاندان کا مشہور نسخہ ہے

اجزاء۔ حب قرطم ۵ ماشہ۔ بادیان۔ گاؤزبان۔ تخم خربزہ پرسیاوشاں ہر ایک ۷ ماشہ۔ پوست خربزہ یا پوست املتاس ۹ ماشہ۔ شربت بزوری ۴ تولہ۔

ترکیب۔ سب دواؤں کو تین پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب تیسرا حصہ رہ جائے صاف کرکے شربت اس میں حل کرلیں۔

استعمال۔ گرم گرم مریض کو پلا دیا کریں۔

منافع۔ عسر احتباس الطمث بلغمی میں نہایت نافع ہے۔

دیادم فشنند بعض اوقات اس میں مرکی ایلوا اور ترمس ہر ایک ۶ ماشہ کا اضافہ بھی کرلیا جاتا ہے۔

## مطبوخ ہفت روزہ

مشہور نسخہ ہے۔ بڑے بڑے دواخانوں سے تیار بھی مل جاتا ہے

Marfat.com

اجزاء۔ پوست درخت نیم۔ پوست درخت کچنال۔ بیخ خطل پھلی ببول۔ کٹائی موزدمع برگ ذبار۔ قند سیاہ کہنہ ہر ایک ۱۰ تولہ۔ پانی تین سیر

ترکیب۔ تمام دوائیں کو پانی میں جوش دیں۔ جب چوتھائی پانی رہ جائے۔ اتارلیں۔ اور سرد ہونے پر مل کر چھان لیں ایک بوتل میں بھر کر محفوظ رکھیں، ہمیشہ تازہ تیار کریں۔

استعمال۔ تمام دوا کی سات خوراکیں بنا کر ایک خوراک روزانہ صبح کو پلا دیا کریں۔ اس سے دست آئینگے۔ ہر دست کے بعد عرق بادیان اور عرق مکوئیمگرم کرکے پلا دیا کریں تیسرے پہر مونگ کی ملائم کھچڑی کھلائیں۔ اسی طرح سات روز تک دیں۔ اگر دوران استعمال میں پیچش ہو جائے تو استعمال موقوف کر کے لعاب بہدانہ ۳ ماشہ۔ لعاب ریشہ خطمی، شیرہ بادیان ہر ایک ۵ ماشہ پانی میں نکال کر آب بہی ۲ تولہ ملاکر اسپغول مسلم ۷ ماشہ چھڑک کر پی لیا کریں۔ پیچش رفع ہونے پر پھر اس مطبوخ کا استعمال شروع کر دیں۔

منافع۔ تمام سوداوی امراض مثلاً فساد خون۔ آتشک پھوڑے کے درد وغیرہ میں نافع ہے۔ سوداوی فاسد مواد کو دستوں کے راہ جسم سے خارج کر دیتا ہے۔

Marfat.com

# معجون آرد خرما

مشہور قرابادینی دوا ہے۔ اور اکثر بڑے بڑے دیسی دوا خانوں سے مل جاتی ہے۔

اجزاء:- آرد خرما۔ آرد سنگھاڑہ۔ صمغ عربی ہر ایک نصف سیر مغز بادام شیریں۔ مغز چلغوزہ۔ مغز فندق۔ مغز پستہ۔ مغز نارجیل ہر ایک ۵ تولہ۔ ترنجبین۔ عسل مصفیٰ ہر ایک ۲ سیر مغز پنبہ دانہ ایک تولہ۔ الائچی خورد۔ دارچینی۔ زنجبیل۔ قرنفل ہر ایک ۶ ماشہ۔ جاوتری۔ جائفل۔ فلفل دراز ہر ایک ۳ ماشہ

ترکیب۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر ترنجبین اور عسل مصفیٰ کا قوام کر کے شامل کریں اور معجون کا قوام کر لیں

استعمال۔ بقدر ۱ تولہ روزانہ علی الصباح دودھ یا پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔ گاہے اس میں کشتہ قلعی دو چاول سے ۴ چاول تک کا اضافہ کر لیا جاتا ہے۔

منافع۔ مغلظ و مولد منی اور مقوی باہ ہے۔ جریان۔ سرعت اور رقت کو دور کرتی ہے۔ کمزوری باہ کے مریضوں میں بکثرت کھلائی جاتی اور نہایت مفید ثابت ہوتی ہے جسم کو غذائیت بھی بخشتی ہے۔

Marfat.com

# معجون اذراقی

مشہور قرابادینی نسخہ ہے۔ اور اکثر بڑے بڑے دیسی دواخانوں سے مل سکتا ہے۔

اجزاء۔ کچلہ مدبر ۲ تولہ۔ گاؤزبان ۱۰ تولہ۔ اسطخودوس۔ کتیرا نارجیل دریائی۔ مغز چلغوزہ ہر ایک ۱۳ ماشہ۔ دانہ الائچی جوز بوا زرنباد۔ شقاقل مصری۔ صندل سفید۔ آملہ مقشر۔ ہلیلہ سیاہ ہر ایک ۹ ماشہ۔ عود ہندی۔ قرنفل ہر ایک ۴ ماشہ شہد تمام دواؤں کے وزن سے تین گنا۔

ترکیب۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر شہد کے قوام میں شامل کرکے بطریق معروف معجون بنالیں۔

استعمال۔ ایک سے ۵ ماشہ تک عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

منافع۔ تمام قسم کے بلغمی عصبی امراض مثلاً فالج۔ لقوہ۔ رعشہ صرع اور اختلاج معدہ میں نافع ہے۔ اعصاب کو تقویت بخشتی اور مقوی باہ ہے۔ کمزور اور بوڑھے اشخاص کو سردی سے بچاتی ہے۔ وجع المفاصل اور آتشک میں بھی نافع ہے۔ بلغمی امراض اور تقویت اعصاب کے لیے خاص چیز ہے۔

Marfat.com

# معجون تخم سرس

شفاء الملک حکیم دلبر حسن خانصاحب مہتمم بھوپندر اطبیہ کالج پٹیالہ کا خاص نسخہ ہے۔

اجزاء۔ میدہ تخم سرس ایک حصہ۔ شہد خالص دیسی ۳ حصے

ترکیب۔ دونوں کو بخوبی ملا کر مٹی کے نئے روغنی مرتبان میں ڈال کر اور اس کا منہ آٹے کے ساتھ اچھی طرح بند کر کے کم سے کم ایک دو ہفتے دھوپ میں رکھیں اور بعدہٗ کام میں لائیں۔

استعمال۔ ۶ ماشہ سے ۱ تولہ تک روزانہ صبح شام تازہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

منافع۔ خنازیر اور جذام۔ داد۔ خارش وغیرہ امراض جلد میں نافع ہے۔ فالج۔ لقوہ اور خدر وغیرہ عصبی امراض میں بھی مفید ہے۔ اس کے علاوہ کسی قدر مغلظ منی اور دافع سرعت انزال بھی ہے۔

# معجونِ جوگ راج گوگل

ویدک نسخہ ہے۔ جو اپنے غیر معمولی مفاد کی وجہ سے یونانی طب کی فرا یا دہنوں میں بھی مدت سے شامل ہو

Marfat.com

چکا ہے۔ اور اکثر دیسی ویدک۔ یونانی۔ دواخانوں سے تیار مل سکتا ہے۔

اجزاء: پیپل۔ مرچ سیاہ۔ بھنگرہ ہر ایک ۹ ماشہ۔ سونٹھ۔ کٹھ (قسط شیریں) دیودار۔ ابہل (ہاؤ بیر) عقر قرحا۔ پیپلا مول نرکچور ہر ایک چھ ماشہ پودینہ ۵ ماشہ۔ گوگل تمام دواؤں کے وزن کے برابر۔ روغن بادام بقدر حاجت۔

ترکیب۔ گوگل کو روغن بادام سے چرب کر کے یہاں تک کوٹیں کہ وہ نرم ہو جائے۔ اس کے بعد باقی تمام دواؤں کو باریک سفوف کر کے اس میں ملاتے جائیں اور ساتھ ہی ساتھ کوٹتے جائیں حتیٰ کہ تمام دوائیں بخوبی یکجان ہو جائیں۔ بس تیار ہے شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ ۳ سے ۵ ماشہ تک مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کریں

منافع۔ تمام بلغمی امراض۔ فالج۔ لقوہ۔ رعشہ۔ جوڑوں کے درد اور پٹھوں کی کمزوری میں نافع ہے۔ باہ کو بھی تقویت دیتی ہے۔ بواسیر اور آتشک میں بھی کسی قدر مفید ثابت ہوتی ہے۔ عورتوں کے بعض خاص امراض میں نفع بخشتی ہے۔

## معجون حمل عنبری علویخانی

مشہور قرابادینی نسخہ ہے۔ اور اکثر بڑے بڑے دیسی

Marfat.com

دواخانوں سے تیار مل جاتا ہے۔

اجزاء۔ عنبر اشہب ۲ تولہ۔ مروارید۔ کہربا شمعی۔ بُسد محرق۔ صندل سرخ و سفید۔ طباشیر مازو۔ درونج عقربی عود صلیب۔ ابریشم خام مقرض۔ بیخ انجبار۔ گل ارمنی ہر ایک ۹ ماشہ۔ مغز تخم پیٹھہ۔ تخم خرفہ ہر ایک ۱ تولہ۔ ورق نقرہ۔ ورق طلاء ہر ایک ۲۰ عدد۔ شہد خالص ۱۵ تولہ۔ شربت انگور ۲۰ تولہ۔ نبات سفید ۲۵ تولہ۔

ترکیب۔ سب دواؤں کو کوٹ چھان کر شہد، شربت اور نبات کے قوام میں ملا کر معجون بنالیں۔

استعمال۔ بقدر ۵ ماشہ۔ بوقت صبح ہمراہ عرق گاؤزبان یا آب تازہ استعمال کریں۔

منافع۔ اسقاطِ حمل سے محفوظ رکھتی اور تندرست و توانا بچہ پیدا کرتی ہے۔ اعضائے رئیسہ کو طاقت بخشتی ہے۔ حاملہ عورتوں کے لئے خاص چیز ہے۔

# معجون سپاری پاک

یہ بھی ویدک کی ایک مشہور دوا ہے۔ جو غیر معمولی طور پر مفید ہونے کی وجہ سے یونانی طب کی قرابادینوں میں شامل ہو چکی ہے۔ اکثر دیسی و ویدک۔ یونانی (

Marfat.com

دواخانوں سے تیار کم و بیش قیمتوں پر مل سکتی ہے۔

اجزاء۔ مجیٹھ ۱۰ تولہ۔ سپاری ۲۰ تولہ۔ چھوہارا ۴۰ تولہ۔ شیر مادہ گاؤ ۱۰ سیر۔ آرد مونگ ۱۰ تولہ۔ گوند بریاں۔ نشاستہ بریاں ہر ایک ۲۰ تولہ۔ مغز بادام شیریں بریاں ۴۰ تولہ۔ روغن زرد ایک سیر قند سفید ۳ سیر۔ گوکھرو ½ سیر۔ پنیا گوند۔ نارجیل ہر ایک ۲۰ تولہ ثعلب مصری۔ دارچینی۔ قرنفل۔ الائچی خورد۔ زنجبیل ہر ایک ۴ تولہ۔ گل پستہ۔ گل سپاری ہر ایک ۴ ماشہ۔ جوز بوا ۱ تولہ چھال کچنال۔ چھال سنکھاہولی۔ چھال کیکر ہر ایک ۶ ماشہ۔ زعفران ۱ تولہ۔ مشک خالص ۲ ماشہ۔

ترکیب۔ مجیٹھ۔ سپاری اور چھوہاروں کو دودھ میں جوش دے کر نرم کریں۔ اور خوب باریک کر کے رکھ لیں۔ اور مونگ کو روغن میں بریاں کریں۔ اور تمام دواؤں کو باریک پیس کر رکھ لیں۔ زعفران اور مشک کو ذرا سے عرق کیوڑا میں حل کریں اب قند کا قوام کر کے تمام چیزیں اس میں یکے بعد دیگرے اضافہ کر کے معجون کا قوام کریں۔ آخر قوام میں زعفران اور مشک کا محلول شامل کر دیں۔

استعمال۔ ایک سے ۲ تولہ تک دودھ گائے کے ہمراہ بوقت صبح استعمال کریں۔

منافع۔ سیلان الرحم میں نہایت نافع ہے رحم کو طاقت دیتی اور

Marfat.com

قابلِ استقرارِ حمل بناتی ہے۔

# معجون سناء

مشہور قرابادینی نسخہ ہے۔ جو اکثر بڑے بڑے دیسی دواخانوں سے مل سکتا ہے۔

اجزاء۔ برگ گاؤزبان۔ بادرنجبویہ۔ گلسرخ۔ گل بنفشہ۔ اصل السوس مقشر ہر ایک ایک تولہ۔ انجیر زرد ۱۰ تولہ۔ مویز منقیٰ۔ عناب ہر ایک ۲۰ عدد سپستان ۱۰۰ عدد قند سفید ایک پاؤ۔ کشمش ایک پاؤ۔ برگ سنا مکی ۷ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ ۵ تولہ۔ ہلیلہ زرد ۳ تولہ روغن بادام شیریں بقدرِ ضرورت۔

ترکیب۔ رات کے وقت تمام دواؤں کو ۳ پاؤ پانی میں بھگو کر صبح کو جوش دے کر چھان کر قند سفید داخل کر کے قوام کریں۔ آخر قوام میں پہلے کشمش پیس کر ملائیں۔ بعدہٗ باقی دواؤں کو خوب باریک پیس کر روغن بادام شیریں میں چرب کر کے شامل کریں اور معجون بنا کر شیشے یا چینی کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ صبح کے وقت ایک سے ۳ ماشہ تک عرق بادیان ۱۲ تولہ یا پانی کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

منافع۔ قبض شکم کو دور کرتی ہاضمہ کو درست کرتی اور ہر قسم کے درد

Marfat.com

سر کو رفع کرتی ہے۔ معدے کی تمام شکایت کو دور کردیتی ہے۔ رفع قبض اور درد سر کے لئے بالخصوص جس کے ساتھ قبض بھی ہو خاص چیز ہے۔

## معجون عشبہ پوٹاسیم آئیوڈائیڈ والی

معجون عشبہ کا مشہور قرابادینی نسخہ ہے جس میں پوٹاسیم آئیوڈائیڈ کا اضافہ کرلیا جاتا ہے۔

اجزاء۔ عشبہ مغربی ۹ تولہ۔ بسفائج فستقی۔ گلسرخ۔ صندل سرخ وسفید۔ سنا مکی۔ بادیان ہر ایک ۴ تولہ۔ افتیمون ولایتی ہلیلہ زرد وسیاہ۔ ہر ایک ایک تولہ۔ بالچھڑ۔ کباب چینی۔ دارچینی ہر ایک ۲ تولہ۔ چوب چینی ۶ تولہ۔ شہد خالص قند سفید ہر ایک ۲ پاؤ۔ پوٹاسیم آئیوڈائیڈ بقدر ضرورت

ترکیب۔ شہد اور قند کا قوام کرکے باقی تمام دوائیں باریک کوٹ چھان کر اس میں شامل کریں اور بطریق معروف معجون بنا کر بحساب فی تولہ معجون ۵ رتی پوٹاسیم آئیوڈائیڈ اس میں بخوبی حل کرکے رکھ لیں۔

استعمال۔ بقدر چھ ماشہ۔ عرق مرکب مصفی خون ۵ تولہ یا پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

منافع۔ مصفی خون ہے۔ اور ہر قسم کے سوداوی امراض مثلاً

Marfat.com

جذام۔ آتشک۔ بواسیر۔ وجع المفاصل اور جلد کی خارش اور زخموں وغیرہ کو دور کر دیتی ہے آتشک مجربہ سوم اور اسکے عوارضات کیلئے خاص چیز ہے خنازیر وغیرہ گلٹیوں میں بھی مفید ہے

## معجون عقرب سادہ

مشہور قرابادینی نسخہ ہے۔ اکثر بڑے بڑے دیسی دواخانوں سے تیار مل جاتی ہے۔

اجزاء۔ بیخ کاکنج ۱۰ تولہ۔ خبطیانہ رومی ایک تولہ ۳ ماشہ۔ جندبیدستر ۱۴ ماشہ۔ عقرب سوختہ ۱۰ ماشہ۔ فلفل سفید و سیاہ ہر ایک ۵ ماشہ۔ زنجبیل ۲۰ ماشہ۔ شہد تمام دواؤں کے وزن سے تین گنا۔

ترکیب۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر شہد کے قوام میں ملاکر بطریق معروف معجون تیار کرلیں۔

استعمال۔ نصف سے ایک ماشہ تک صبح کے وقت عرق بادیان ۱۲ تولہ اور شربت بزوری ۲ تولہ یا صرف پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

منافع۔ گردے اور مثانے کی پتھری کو ٹکڑے ٹکڑے کرکے پیشاب کی راہ خارج کر دیتی ہے۔

Marfat.com

# معجون غدی

اس کو عام طور پر اطریفل غدی کے نام سے نامزد کیا جاتا ہے۔ مشہور قرابادینی نسخہ ہے۔ جو اکثر بڑے بڑے دیسی دواخانوں سے بنایا پایا جاتا ہے۔

اجزاء:- ہلیلہ سیاہ ۴۰ تولہ۔ اسطوخودوس ۱۰ تولہ۔ سنا مکی ۲ تولہ افتیمون ۳ تولہ۔ بلیلہ۔ آملہ۔ تربد سفید ہر ایک ۲ تولہ بلسفائج فستقی ۱۰ تولہ۔ غاریقون۔ ترنجبین۔ شیطرج ہندی۔ نوشادر ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ انیسون قرفہ دارچینی قلمی۔ سنبل الطیب (بالچھڑ) قرنفل۔ جوزبوا۔ مصطگی ہر ایک ۷ ماشہ۔ بھیڑ یا بکری کی گردن کی گلٹیاں (خشک کی ہوئی) ۵ تولہ۔ شہد خالص تمام دواؤں کے وزن سے تین گنا

ترکیب۔ دواؤں کو کوٹ چھان کر حسب دستور شہد میں ملا کر معجون کا قوام کرلیں۔

استعمال۔ ۹ ماشہ سے ڈیڑھ تولہ تک حسب ضرورت سادہ پانی یا عرق بادیان وغیرہ کے ہمراہ علی الصباح کھلایا کریں

منافع۔ دماغ اور معدے کو فضلات سے پاک و صاف کرتی اور مرض خنازیر (کنٹھ مالا) میں خصوصیت کے ساتھ معمول و مفید ہے۔

Marfat.com

# معجون فلاسفہ

مشہور قرابادینی نسخہ ہے۔ اور اکثر دیسی دواخانوں سے تیار کیا جاتا ہے۔

**اجزاء** - بابونہ ۱۰ تولہ۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ فلفل دراز۔ آملہ مقشر ہلیلہ سیاہ۔ شیطرج ہندی۔ زراوند مدحرج۔ خصیۃ الثعلب تخم بابونہ۔ مغز چلغوزہ۔ نارجیل تازہ ہر ایک ۳ تولہ۔ مویز منقی ۹ تولہ شہد خالص تمام دواؤں کے وزن سے دوگنا

**ترکیب** - تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر شہد کے قوام میں ملاکر بطریق معروف معجون بنالیں۔

**استعمال** - بقدر ۵ ماشہ صبح ہمراہ عرق بادیان اور عرق مکو چھ چھ تولہ استعمال کریں۔

**منافع** - مقوی باہ اور مولد منی ہے۔ اعضائے رئیسہ دل دماغ اور جگر کو طاقت بخشتی ہے بھوک لگاتی اور فرحت پیدا کرتی ہے۔ نسیان کو دور کرتی اور قوت حافظہ کو بڑھاتی ہے۔ بار بار کے پیشاب آنے کو روکتی ہے۔ درد کمر درد گردہ اور جوڑوں کے درد میں نافع ہے۔ دانتوں کو مضبوط کرتی اور قوت باہ و عام جسمانی قوت کو بڑھاتی ہے۔ قبل از وقت بڑھاپے اور اس کے عوارضات

Marfat.com

کے لئے خاص چیز ہے۔

# معجون مشکی عنبری

خاص نسخہ ہے۔ جو واقعی نہایت اعلیٰ درجہ کا مقوی باہ اور ممسک ہے۔ گو وزا قیمتی ہے لیکن مفید بھی بہت ہے۔

اجزاء۔ مشک خالص ۳ ماشہ عنبر اشہب ۸ ماشہ۔ دارچینی بسفائی جوزبوا۔ بالچھڑ۔ عود خام۔ بزرالبنج سفید۔ کبابہ۔ زعفران۔ ورق الخیال ہر ایک ۹ ماشہ۔ مایہ شتر اعرابی ۲ تولہ۔ کوکنار (پوست خشخاش) شاہ بلوط، بہمن سرخ، بہمن سفید ہر ایک ۲ تولہ۔ حب الفیل سفید ۰۰۔۴ عدد مصری ۱۱ تولہ۔ شہد خالص تمام دواؤں کے وزن سے تگنا۔ بادام روغن بقدر حاجت۔ ورق طلا۔ ورق نقرہ ہر ایک ۳ ماشہ۔

ترکیب۔ حب الفیل کو بادام روغن میں ۲۴ گھنٹے تک بھگوئے رکھیں بعدہٗ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر مصری اور شہد کا قوام کر کے بطریق معروف معجون بنا کر ورق ایک ایک کر کے ملائیں۔ اور شیشے کے مرتبان میں جس کا ڈھکنا بھی شیشے کا ہو نہایت احتیاط سے محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ بوقت ضرورت رات کو سوتے وقت نصف سے ایک ماشہ تک شیر گاؤ تازہ آدھ سیر کے ہمراہ استعمال کریں

Marfat.com

نصف ماشہ سے زیادہ مقدار میں بغیر طبیب کے مشورے کے ہرگز استعمال نہ کریں۔

منافع۔ سرعت انزال اور جریان وغیرہ کو دور کرکے قدرتی امساک پیدا کرتی ہے۔ قوت باہ اور خواہش مردانہ کو زیادہ کرتی ہے اور وظیفہ خاص میں عجیب و غریب سرور بخشتی ہے اپنے فوائد میں بے نظیر ہے۔ اور امرا و رؤسا کیلئے بہترین تحفہ ہے۔ تندرست اصحاب بھی اس کا استعمال کرکے لذت و امساک حاصل کرسکتے ہیں۔

## معجون مقوی خاص

استاد الاطبا حکیم میرزا محمدؐ باقر ملازم خاص نواب محمدؐ واجد علیشاہ مرحوم بادشاہ اودھ و لکھنؤ کا مجوزہ نسخہ ہے۔ جو اس نے نواب صاحب مغفور کے لئے تجویز کیا تھا اور نواب مغفور نے تجربہ کرنے کے بعد اس کو خاص خزانِ اسرار میں مخفی رکھا تھا۔ اور یہ علیشہ تیار کر کے استعمال کیا کرتا اور اکثر اس کی تعریف فرمایا کرتا تھا۔

اجزاء۔ شقاقل مصری۔ خولنجان۔ ثعلب مصری۔ بہمن سفید۔ بہمن سرخ۔ لسان العصافیر۔ فلفل سفید۔ مغز تخم خربزہ۔ تخم خرفہ۔ تخم گذر۔ تخم پیاز۔ تخم شلغم۔ تخم شبلت۔ تخم خشخاش

ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ مغز نارجیل مقشر۔ مغز بادام شیریں۔
مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ۔ حبتہ الخضرا۔ حب القطن۔ کنجد مقشر
ہر ایک ۲۹ ماشہ۔ دارچینی۔ قرنفل۔ سنبل الطیب۔ اسارون
بسباسہ۔ کباب چینی۔ قرفہ۔ سعد کوفی۔ جوز بوا۔ عود قماری
عنب الثعلب۔ زعفران ہر ایک ۴ ماشہ۔ سنکھ ناہتی ۱ ماشہ
شہد خالص تمام دواؤں کے وزن سے تین گنا۔

ترکیب۔ دواؤں کو باریک پیس کر شہد کا قوام کرکے بطریق
معروف معجون تیار کرکے ایک چینی یا شیشے کے برتن میں
نہایت احتیاط سے محفوظ رکھیں۔

استعمال۔ صبح یا شام کو، ماشہ سے ۱ تولہ تک پاؤ بھر دودھ کے
ہمراہ کھا لیا کریں۔ اگر پہلے دن ۷ ماشہ دوسرے دن
۹ ماشہ اور تیسرے دن ۱ تولہ استعمال کریں تو زیادہ بہتر ہے

منافع۔ مادہ تولید کو زیادہ کرتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔
ان اشخاص میں خصوصیت کے ساتھ بڑی مفید ہے۔
جن میں کثرت جماع وغیرہ غلط کاریوں کے بعد مادہ تولید
کی کمی سے ضعف باہ کی شکایت پیدا ہو گئی ہو۔ اس کے
علاوہ اعضائے رئیسہ یعنی دل۔ دماغ۔ جگر وغیرہ کو قوی
اور جسم کو موٹا تازہ کرتی ہے۔ دوران خون کو تیز کرتی اور
چہرے پر رونق و تازگی بخشتی ہے۔ بے نظیر چیز ہے۔

Marfat.com

# مغز بادام شیریں

بادام مشہور چیز ہے۔ اس کی گریوں کو مغز بادام کہا جاتا ہے اور چونکہ بادام کڑوے بھی ہوتے ہیں۔ اور میٹھے بھی۔ اس لئے میٹھے بادام کی گریوں کی مغز بادام شیریں اور کڑوے بادام کی گریوں کو مغز بادام تلخ کہا جاتا ہے۔ مغز بادام شیریں غذا اور دوا ہر دو طرح بکثرت مستعمل ہیں۔ ان کی تاثیر گرم تر ہے۔ چونکہ یہ ثقیل اور دیر ہضم ہوتے ہیں۔ اس لئے معدے کے لئے خصوصاً جن کے معدے پہلے ہی ضعیف ہوں مضرت رساں ہوتے ہیں مصطگی رومی شکر اور نبات سے ان کی اصلاح ہو جاتی ہے۔

استعمال۔ ۲ ماشہ سے ۵ تولہ تک استعمال کئے جا سکتے ہیں۔ گھوٹ چھان اور مصری ملا کر یا حریرے کی شکل میں پکا کر یا حلوے وغیرہ میں شامل کر کے غرضیکہ ہر طرح استعمال کئے جاتے ہیں۔

منافع۔ بہترین مقوی دماغ و اعصاب ہے۔ سدوں کا دافع اور قوتوں کا نگہبان ہے۔ مصری کے ساتھ جوہر دماغ کا محافظ اور اعضائے باطنی کا حامی اور قوت باصرہ کا مقوی ہے۔ حلق۔ سینہ اور طبیعت کا ملین ہے شکر

Marfat.com

کے ساتھ اس کا شیرہ کھانسی۔ ربو اور ذات الجنب کے لئے مفید ہے۔ زقت کے ساتھ کھانسی اور پیچش کیلئے مفید ہے۔ منی کو بڑھاتا اور اس کی گرمی کو دور کرتا ہے بدن کو موٹا کرتا ہے بریاں کیا ہوا قابض اور مقوی باہ ہے خارجی طور پر اس کا ضماد وغیرہ جلد کو ملائم اور چکنا کرتا ہے اور جلد کی خشکی کو دور کرتا ہے۔ چونکہ اس میں نشاستہ بالکل نہیں ہوتا۔ اس لئے مریضان ذیابیطس کے لئے نہایت عمدہ اور قیمتی غذا ہے۔

## مغز پنبہ دانہ

پنبہ دانہ سے مراد روئی کا بیج (پنبہ یعنی روئی اور دانہ یعنی بیج، یعنی بنولہ ہے۔ اور مغز پنبہ دانہ سے مراد بنولے کی گری ہے۔ جو بنولے کو کوٹ کر (نکالی) جاتی ہے۔ اس کی تاثیر بھی گرم تر ہوتی ہے۔ بقول بعض یہ گردے کے لئے مضر ہے۔ لیکن خمیرہ بنفشہ یا شربت بنفشہ سے اس کی اصلاح ہو جاتی ہے۔ ذائقہ اس کا کسی قدر تلخی مائل شیریں ہوتا ہے۔

استعمال۔ تین سے چھ ماشہ تک شیرہ وغیرہ کی شکل میں استعمال کیا جاتا ہے۔

Marfat.com

منافع۔ سینے کو نرم کرتا اور گرم کھانسی کا دافع ہے۔ دار چینی اور شکر کے ساتھ سرد مزاجوں میں اور سکنجبین کے ساتھ گرم مزاجوں میں مقوی باہ ہے اس کا تیل کلف نمش اور چہرے کی پھنسیوں کے لئے مفید ہے اور اس کے شیرے کا ضماد بھی جلد کو ملائم چکنا اور خوبصورت کرتا ہے۔ نظام عصبی کا نہایت عمدہ مقوی ہے۔ مغز بادام کی طرح غذائیت بھی بخشتا ہے۔ جسم کو فربہ کرتا مادہ تولید کو زیادہ کرتا۔ باہ کو تقویت دیتا اور ذیابیطس شکری کے لئے نہایت اعلیٰ درجے کی مقوی غذا ثابت ہوا ہے۔

## مغز تخم خربزہ

خربوزے کے بیجوں کی گری مشہور چیز ہے ذائقہ ان کا چرب اور کسی قدر میٹھا ہوتا ہے۔ بقول اطبائے قدیم اس کی تاثیر گرم تر ہے۔ یہ طحال اور طحال کے امراض کے لئے مضر ہے۔ لیکن شہد خالص اور بنفشہ بقدر مناسب سے اس کی اصلاح ہو جاتی ہے۔

استعمال۔ ۳ ماشہ سے ۱½ تولہ تک شیرے۔ حریرے یا سفوف وغیرہ کی شکل میں استعمال کیا جاتا ہے

Marfat.com

منافع۔ نہایت اعلےٰ درجے کا مدر بول ہے۔ گردوں اور مثانہ کو فضلات سے پاک کرتا اور جگر کے سدّوں کو کھولتا ہے۔ طبیعت کی تلین کرتا۔ اور قوت باہ کو زیادہ کرتا ہے۔ گرمی کی کھانسی۔ سینے کے درد اور زبان و حلق کی خشونت۔ تپ حار۔ پیاس اور پیشاب کی جلن کو مفید ہے۔ احلیل کے زخموں کو صاف کرتا اور تسکین دیتا ہے۔ امراض جگر و مجاری بول میں بعض دیگر مناسب دواؤں کے ساتھ نہایت مفید ہے۔ اس کا لیپ مع چھلکوں کے چہرے اور بدن کا جھلی اور کلف کا دافع ہے بلکہ اس غرض کے لئے نہایت مجرب اور مفید ہے۔ اس میں غذائیت بھی ہوتی ہے۔

## مغز تخم خربزہ اور کلتھی کی کھیر

عظیم دواخانہ متعلقہ ہابیجا ہلیتھ ہوم کا خاص نسخہ ہے

اجزاء۔ مغز تخم خربزہ ۲ تولہ کلتھی ایک تولہ۔

ترکیب۔ مغز تخم خربزہ کو حسب ضرورت پانی میں پیس کر شیرہ بنائیں اور کلتھی کو صاف کرکے اس شیرے میں ملا کر نرم آگ پر رکھدیں۔ اور ایک چمچے کے ساتھ چلاتے رہیں۔ جب کھیر کی مانند ہو جائے۔ اتار کر سرد کرکے

Marfat.com

کام میں لائیں۔

استعمال۔ ایسی ایک ایک خوراک مریض کو دن میں ایک یا دو مرتبہ کھلا دیا کریں۔

منافع۔ مدر بول ہے۔ سنگ گردہ و مثانہ کے لئے خصوصیت کے ساتھ مفید ہے۔ گردوں اور مثانہ کو ہر قسم کی ریگ اور فضلات وغیرہ سے پاک و صاف کرتی ہے۔

## مغز تخم کدو شیریں

کدو یا لوکی کے بیجوں کی گریاں مشہور ہیں۔ ان کا ذائقہ شیریں چرب اور قدرے بکدار ہوتا ہے۔ بقول اطبار قدیم بلغمی اور سرد مزاجوں کو مضر ہیں لیکن سونف اور شہد وغیرہ سے ان کی اصلاح ہو جاتی ہے ان کی تاثیر دوسرے درجہ میں سرد اور تر ہے۔

استعمال۔ ۶ ماشہ سے ۱½ تولہ شیرے، حریرے یا سفوف وغیرہ کی شکل میں۔ ان کو دبا کر نکالا ہوا تیل بھی جو روغن کدو شیریں کے نام سے موسوم ہے بکثرت مستعمل ہے

منافع مسمن بدن، مقوی دماغ اور دافع حرارت ہیں۔ سینے کی خشونت۔ پھیپھڑے سے خون آنے۔ گرم کھانسی پیاس اور تپ حار کے لئے نافع ہیں۔ آنتوں اور

Marfat.com

مثانے کے زخموں کو صاف اور پیشاب کی سوزش کو رفع کرتے ہیں۔ اختلاط محرکہ کو سکون بخشنے اور گردے کی لاغری کے لیے سودمند ہیں۔ بیخوابی کو دور کرتے اشتعال مزاجی کو تسکین بخشتے ہیں۔ اس کا روغن دماغ کی خشکی۔ بے خوابی۔ گرم تپوں اور مردرد کے لیے نہایت مفید ہے۔ خواہ پلایا جائے یا تالو اور بدن پر ملا جائے یا ناک اور کان وغیرہ میں ڈالا جائے۔ بدن کی خشکی کو بھی دور کرتا اور طاقت و فربہی پیدا کرتا ہے۔ پٹھوں کے تشنج کو دور کرتا اور خشک کھانسی کے لیے سودمند ہے دم الاخوین کے ساتھ سر اور بدن کے زخموں کو فائدہ پہنچاتا ہے۔ بعض اشخاص میں بالخصوص جن میں حرارت اور یبوست زیادہ ہو باہ کو بھی تقویت دیتا ہے۔

# مغز تخم تربوز

تربوز یعنی ہندوانہ کے بیجوں کی گریاں مشہور چیز ہے کدو کے بیجوں کی مانند لیکن ان سے کسی قدر چوڑے اور چھوٹے ہوتے ہیں۔ ان کی تاثیر بھی بقول اطباء قدیم سرد تر ہے۔ سرد مزاجوں کی طحال اور معدے کے لیے مضر ہوتا ہے۔ شہد خالص اور گلقند وغیرہ سے ان

Marfat.com

کی اصلاح ہو جاتی ہے۔

استعمال۔ ۶ ماشہ سے ½ ۱ تک شیرے، حریرے یا سفوف وغیرہ کی شکل میں دیئے جاتے ہیں۔

منافع۔ خون اور صفرا کی حدت اور تشنگی کے مسکن۔ مدر بول۔ مرطب بدن۔ حمیات محرقہ، غب خالص، معدے اور کبد کے صفرا کے دافع۔ مفتت سنگ گردہ و مثانہ شکر کے ساتھ زیادہ مبرد اور ملین طبع۔ تر اور خشک خارش کے لئے بھی مفید ہیں۔ عصبی اشتعال میں سکون بخشتے ہیں۔ مقوی و مسمن بدن ہیں۔ کیونکہ ان میں بھی کافی غذائیت پائی جاتی ہے۔ باہ اور دماغ و اعصاب کو تقویت بخشتے ہیں۔ ان کی خشکی کو دور کرتے ہیں۔

## مکو

مشہور بوٹی ہے۔ جس کو عربی طبی اصطلاح میں عنب الثعلب عوام میں پیلک۔ پنجاب کے بعض علاقوں میں کیچ مینچ۔ ہندی میں کاک ماچی۔ انگریزی ڈاکٹری اصطلاح میں سولینم ڈلکے مارا یسولینم نگر اور بیٹر سویٹ وغیرہ ناموں سے نامزد کرتے ہیں۔ اس کی تصویر ذیل میں درج ہے یہ کئی قسم کی ہوتی ہے۔ جنگلی، پہاڑی اور بستانی بستانی

۶-۸ فٹ یا ڈیڑھ گز تک اونچی ہوتی ہے۔ اور یہ ہی زیادہ
ثمردوار مستقل ہے۔ اس کی شاخیں بہت زیادہ اور نازک ہوتی ہیں جڑ خستی پتے متعاقب چوڑے ڈنٹھلدار تین تین شگوفوں والے



نوکدار۔ نرم چکنے جن کی رنگت ہلکی سبز ہوتی ہے۔ پھول
خوبصورت بنفشی رنگ کے پھل چھوٹے چھوٹے بیضاوی
دانہ نخود کے برابر جو ابتدا میں سبز پھر زرد مائل بہ تیرگی
اور اس کے بعد سرخ شفاف ہو جاتے ہیں اور پتوں کے
گر جانے کے بعد خوشوں کی شکل میں لٹکتے رہتے ہیں۔
پتے۔ شاخیں اور ثمردوار مستقل ہیں۔ پتے اس کے
بدمزہ اور پھل تازہ شیریں و تلخ اور خشک بدمزہ ہوتے

Marfat.com

ہیں۔ اطبائے قدیم کے نزدیک اس کی تاثیر گرم خشک ہوتی ہے۔ اور یہ مثانے اور اس کے امراض کے لئے مضر خیال کی جاتی ہے۔ لیکن کا کنج وغیرہ سے اس کی اصلاح ہو جاتی ہے۔

استعمال۔ ۵۔۶ ماشہ سے تولہ دو تولہ تک جوشاندے وغیرہ میں اور اس کے پتوں کا آب مروق ۵ تولہ تک دوسری مناسب دواؤں کے ہمراہ استعمال کیا جاتا ہے۔

منافع۔ مخدر۔ مدر بول، معرق۔ معدل بلطف۔ محلل اورام، دافع نزلہ۔ قابض اور رادع ہے۔ اس کی پتیوں کا ضماد درد اور ورم، غشیۂ دماغ کے لئے مفید ہوتا ہے بخور اس کا نزلوں کا مانع ہے۔ اس کی جڑ منوم ہے۔ کان اور ناک کے مرضوں کو مفید ہے۔ اس کے پتوں کا عصارہ آنکھ کے ناسور (غرب) کے لئے نافع ہے۔ نیز مقوی بصر اور درد چشم کو بھی نافع ہے۔ اس کا غرغرہ ورم حلق اور درد دندان کے لئے مفید ہے۔ اس کا ضماد معدے کے ورم اور سوزش و درد کے باقی تمام اعضاء کے ورم حار کا دافع ہے۔ شکر کے ساتھ داخلی طور پر بھی یہ ہر قسم کے باطنی اورام اور انتشار کے لئے نافع ہے صفراوی خلطوں کا مسہل ہے۔ ہیچکی اور ورم مقعد کو مفید ہے

Marfat.com

اس کا فرزجہ سیلان حیض کا مانع اور رطوبات رحم کا دافع ہے حقنہ اس کا جنون کو مفید اور امعاء کا منقی ہے نیز اس کے منضج مواد۔ ملطف مسکن پیاس۔ دافع ریاح محلل اورام مدر اور ملین طبع ہیں۔ طب جدید یعنی ڈاکٹری میں اس کو زیادہ تر بطور معدل چھلکے دار جلدی امراض مثلاً چیچک خسرہ چیچک وغیرہ اور وجع المفاصل مزمن میں دیتے ہیں۔ لیکن ڈاکٹری اور ہومیوپیتھی میں یہ نسبتاً کم مستعمل ہے۔

## ملح فرنگی

ڈاکٹری کے میگ سلف یا میگنیشیا سلفاس کو بعض اطباء حال نے جدید طبی اصطلاح میں ملح فرنگی کے نام سے موسوم کیا ہے۔ اس لئے دیکھو میگ سلف صفحہ ۲۷۰

## ملح فواکہ

ڈاکٹری کے فروٹ سالٹ کو بعض اطباء حال نے جدید طبی اصطلاح میں ملح فواکہ کے نام سے موسوم کیا ہے اس لئے دیکھو فروٹ سالٹ صفحہ ۲۳۹ جہاں اس کی ضروری تفصیلات درج کردی گئی ہے۔

Marfat.com

# میگ سلف یا میگنیشیا سلفاس

ایک مشہور ڈاکٹری دوا ہے۔ جو چھوٹی چھوٹی بیرنگ اور شفاف معین شکل کی قلموں میں دانہ دار چینی کھانڈ کی مانند ہوتی ہے یہ دس حصے تیرہ حصے سرد پانی میں اور ۲۰ حصے تین حصے کھولتے ہوئے پانی میں حل ہو جاتی ہے۔ اس کا ذائقہ نہایت نامرغوب اور تلخ ہوتا ہے۔

استعمال۔ ۶۰ گرین سے چوتھائی۔ نصف۔ اور گاہے ایک اونس تک کی مقدار میں سرد یا نیم گرم پانی یا عرق دارچینی یا عرق پودینہ میں حل کرکے عموماً مکسچر کی شکل میں استعمال کی جاتی ہے۔ تلخی ذائقے کی تبدیلی کے لئے اس میں کلوروفارم یا ایسڈ سلفیورک یا کسی مناسب شربت کا اضافہ کر لیا جاتا ہے۔

منافع۔ پانی کی مانند پتلے پتلے دست لانے والی نمکین مسہل دوا ہے کیونکہ یہ بہت حد تک بے ضرر ہوتی اور اس کے استعمال سے پیٹ میں مروڑ وغیرہ کی شکایت پیدا نہیں ہوتی اور بسہولت دست آجاتے ہیں۔ اس لئے یہ ڈاکٹری میں بکثرت مستعمل ہے۔ اب اطبا بھی اس کو عام استعمال کرتے ہیں۔ لیکن اسکا دائمی اور مسلسل استعمال نہ صرف آنتوں کو کمزور اور ناکارہ کر دیتا ہے۔ بلکہ خون کے کھار پن کو زیادہ

Marfat.com

کرکے اور اس میں خصوص نمکینی اجزاء کا غیر معمولی اضافہ کرکے
بہت سی دیگر شکایات کا باعث بھی ہوتا ہے۔ نیز اس سے
رفع قبض کے بعد ردعمل کے باعث پہلے سے زیادہ قبض کی
شکایت ہو جایا کرتی ہے۔ اس لئے اس کو دائمی قبض کے
لئے ہرگز استعمال نہیں کرنا چاہیئے۔ ترشی سے پیدا ہونے
والی بدہضمی، کلیجا کے جلنے اور قے، متلی وغیرہ نیز حموضت
کی زیادتی میں نافع ہے۔

## مینتھولیٹڈ ویزلین

مشہور دوا ہے۔ ولایت سے بنی بنائی آکر اکثر انگریزی
دوا خانوں میں فروخت ہوتی ہے۔

اجزاء۔ ویزلین مصفیٰ ۲ تولہ۔ مینتھول دست پودینہ ولایتی، یا
ستِ مول دست اجوائن ولایتی، ۲ ماشہ۔ یا اگر زیادہ
قوی بنانا ہو تو ۴ ماشہ۔

ترکیب۔ دواؤں کو بخوبی ملا کر یکجان کریں۔

استعمال۔ بوقت ضرورت تھوڑی سی دوا لے کر اور مقام ماؤف پر
مل کر جذب کر دیں۔

منافع۔ ہر قسم کے عصبی دردوں کو تسکین دیتی ہے۔

Marfat.com

# مینڈلز پینٹ

مشہور ڈاکٹری دوا ہے۔ جو اکثر انگریزی دوا خانوں سے تیار مل جاتی ہے۔

اجزاء۔ مینتھول ۳ گرین۔ آیوڈین خالص ۳ گرین۔ پوٹاس آیوڈائیڈ ۵ گرین۔ گلیسرین ایک اونس۔

ترکیب۔ سب کو بخوبی حل کر کے رکھ لیں۔

استعمال۔ پھریری کے ساتھ گلے اور متورم گلٹیوں پر لگا دیا کریں

منافع۔ گلے پڑنے ورم لوزتین میں نافع ہے۔

# نروگر

کسیلے کی تیار کی ہوئی مخصوص سیال دوا ہے۔ جو چھ اونس کی سربند شیشیوں میں ولایت سے آکر پونے تین روپے فی شیشی کے حساب سے اکثر بڑے بڑے انگریزی دوا فروشوں کے ہاں فروخت ہوتی ہے۔

اجزاء۔ کیلسیم ہائپوفاسفیٹس۔ سوڈیم ہائپوفاسفیٹس۔ میگنیشیم ہائپوفاسفیٹس۔ سٹرکنین گلیسروفاسفیٹس اور شربت وغیرہ۔

ترکیب۔ خاص کیمیاوی ترکیب سے تیار کر کے شیشیوں میں بھر لی جاتی ہے۔

Marfat.com

استعمال۔ بمقدار ایک ایک چمچہ چائے بھر دٹی سپون فل، دن میں تین چار مرتبہ استعمال کی جاتی ہے۔

منافع۔ مقوی اور محرک اعصاب دماغ و جسم ہے۔ لیکن عصبی اور گرم مزاج اشخاص کے لیے اس کا استعمال اکثر بجائے فائدے کے مضرت کا باعث ہوتا ہے۔ بلغمی مزاج کے اشخاص میں یہ دوا عموماً مفید ثابت ہوتی ہے۔ اور نظام عصبی میں تقویت کی بجائے تحریک زیادہ کرتی ہے۔

# نقوع شاہترہ

استاذیم مسیح الملک حکیم اجمل خاں مرحوم دہلوی کے مطب کا مشہور نسخہ ہے۔

اجزاء۔ شاہترہ۔ چرائتہ۔ سرپھوکہ۔ منڈی۔ ہلیلہ سیاہ۔ صندل سرخ ہر ایک ۵ ماشہ۔ عناب ۵ دانہ۔ شربت عناب ۴ تولہ

ترکیب۔ دواؤں کو رات کے وقت گرم پانی میں تر کر کے صبح مل چھان کر شربت اس میں حل کریں۔

استعمال۔ بطور جوشاندہ ایک ہی مرتبہ پلا دیں۔

منافع۔ ہر قسم کے فساد خون حتیٰ کہ آتشک اور جذام وغیرہ تک میں نافع ہے۔

دفائدہ، سردیوں میں صندل کی بجائے عشبہ مغربی ڈالیں۔

Marfat.com

# نمک سلیمانی

مشہور قرابادینی نسخہ ہے۔ ایک سادہ ہوتا ہے اور ایک خاص دونوں کے نسخے ذیل میں درج ہیں۔ اکثر دیسی دواخانوں سے تیار مل سکتے ہیں۔

اجزاء نمک سلیمانی خاص صفحہ۔ نمک سانبھر ایک سیر۔ نمک لاہوری۔ نمک اندرانی۔ نوشادر ہر ایک ۹ تولہ فلفل سیاہ۔ اذخر مکی ہر ایک ۲ تولہ ۱۰ ماشہ۔ تخم کرفس ۳ تولہ۔ فلفل سفید۔ سنبل الطیب۔ ہیرا ہینگ ہر ایک زیرہ سیاہ مدبر۔ دارچینی۔ پودینہ خشک۔ زنجبیل۔ انیسون ہر ایک ۷ ماشہ۔ زعفران ۲ ماشہ۔

نمک سلیمانی سادہ۔ نمک سانبھر ۲ چھٹانک۔ نمک لاہوری نوشادر ہر ایک ۵ تولہ ۷ ماشہ۔ نمک اندرانی ۳-۶ تولہ۔ مرچ سیاہ ۱ تولہ ۵ ماشہ۔ فلفل سفید ۱ تولہ ۱۰ ماشہ۔ ہیرا ہینگ سونف۔ سنبل الطیب۔ افتیمون ولایتی ہر ایک ۲-۶ ماشہ اذخر مکی ۸ ماشہ۔ تخم کرفس ۱ تولہ ۱۰ ماشہ۔ زیرہ سیاہ دارچینی۔ سونٹھ۔ ملٹھی۔ انیسون۔ مغز تخم مصفی۔ تخم انجدان ہر ایک ۴ ماشہ۔

ترکیب۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف بنا کر رکھ لیں۔

Marfat.com

استعمال ۔ بقدر تین ماشہ بوقت ضرورت گرم پانی کے ساتھ یا غذا کے بعد کھا لیا کریں ۔

منافع ۔ ہاضم ۔ مقوی معدہ ۔ محلل ریاح اور مشتہی ہے ۔ ہضم معدے اور جگر کی خرابیوں کے لئے بکثرت مستعمل و مفید ہے ۔

# نیم

مشہور ہندی درخت ہے ۔ جس کے پتے لمبے کناروں پر سے آری کی مانند کٹے ہوئے اور نوکدار ہوتے ہیں ۔ پھول سفید چھوٹے چھوٹے گچھے دار اور پھل کھرنی کی مانند ہوتا ہے جو کچا ہونے پر سبز اور پختہ ہونے پر زرد ہو جاتا ہے ۔ اور عام طور پر نیکولی کے نام سے مشہور ہے ۔ اس کے پتوں وغیرہ کا ذائقہ نہایت تلخ اور بدمزہ ہوتا ہے اور پختہ پھل قدرے شیرینی مائل ہوتا ہے ۔ اس کی تاثیر میں اختلاف ہے ۔ بعض سرد خشک بعض گرم تر اور بعض معتدل کہتے ہیں ۔ بقول اطبائے قدیم یہ خشکی بڑھاتی اور خشک مزاجوں کے لئے مضرت رساں ہے ۔

استعمال ۔ اس کے پتوں کا جوشاندہ اور شیرہ وغیرہ مستعمل ہے ۔ پتوں کی مقدار استعمال حسب ضرورت اور داخلی طور پر بالعموم چھ سے نو ماشہ تک ہے ۔ پھل کی مقدار استعمال ۴ ۔ ۸ ماشہ تک ہے ۔

Marfat.com

منافع: منضج۔ محلل اورام مصفی خون اور دافع امراض سوداوی ہے۔ جدید تحقیقات کے مطابق نیم لاثانی قسم کی اور نہایت قوی دافع عفونت اور قاتل جراثیم دوا ہے۔ حتیٰ کہ اگر اس کی پتیوں کو خشک کر کے کپڑوں میں رکھ دیا جائے۔ تو ان کو کیڑا نہیں لگتا۔ اور ہر قسم کے گندے زخموں کو اسکے پتوں کے جوشاندے کے ساتھ دھو کر صاف رکھنا ان کو بہت جلد مندمل ہونے کے قابل بنا دیتا ہے تصفیۂ خون کے لئے بھی یہ ایک بے نظیر دوا ثابت ہوئی ہے۔ اس کے پتوں کے جوشاندہ کا بھپارہ کان کے درد اور جوڑوں کے درد کو مفید ہے۔ اس کی پتیوں کے پانی کا قطور ناک میں دردِ سر کا مسکن اور شہد کے ساتھ کان میں ڈالنا کان کے درد کا دافع ہے۔ اس کے جوشاندے سے کلی کرنا مسوڑھوں کا مقوی اور روزانہ اس کی نرم شاخوں کی داتن (مسواک) کرنا دانتوں اور مسوڑھوں کو نہ صرف ہر قسم کے امراض سے محفوظ رکھتا ہے۔ بلکہ ان کے اکثر امراض حتیٰ کہ پائی اوریا خروج للثہ واسنان انکمیں نافع ہے۔ اس کی تازہ پتوں کا پانی پلانا یا خشک پتوں کو پیس کر دینا معدے کی رطوبتوں اور ریاح کا محلل اور مجاری بول کے زخموں کا مندمل ہے۔ اس کی چھال ۴ - ۵ تولہ کے قریب جوش دے

Marfat.com

کر بلانا مدر حیض ہے ۔ نیمکولی د اس کا پھل ، حابس اسہال اور جذام کے لئے مفید ہے ۔ اس کی پتیوں کا بھرتہ بنا کر باندھنا ورم کو تحلیل کرتا ہے ۔ اور پھوڑوں کو پکاتا ہے ۔ زخموں کو صاف کرتا اور دردوں کو تسکین دیتا ہے ۔ فاسد گوشت کو پاک وصاف کرتا ہے ۔ فالج ۔ لقوہ ۔ استسقار ۔ درد مفاصل ۔ جذام ۔ خارش داد اور اکثر دیگر امراض خون وجلد میں مفید ہے ۔ بخار اور کھانسی میں بھی نفع بخشتی ہے ۔ اس کے پتوں کے نغدے میں بہت سے مصفی خون اور دافع بخار گسنتے کئے جاتے ہیں ۔

# نیلا طوطیا

مشہور معدنی اور مصنوعی چیز ہے ۔ جو تانبے اور تیزاب گندھک کی ترکیب سے تیار ہوتا اور گہرے نیلے رنگ کی سہ گوشہ یا ترچھی قلموں کی شکل میں پایا جاتا ہے ۔ اس کو محض توتیا یا طوطیا ۔ کات کبود ۔ زاج قبرسی یا ازرق نیلا تھوتھا اور انگریزی ڈاکٹری میں کیوپرائی سلفاس کاپر سلفیٹ یا سلف ۔ بلیوسٹون وغیرہ ناموں سے بھی نامزد کیا جاتا ہے ۔ اس کا ذائقہ کسیلا ہوتا ہے ۔ اور یہ ایک حصہ ۲½ حصے سرد پانی میں حل ہوجاتا ہے ۔ اس کی

Marfat.com

"تاثیر بقول بعض سرد خشک اور بقول بعض گرم خشک ہوتی ہے۔ اور یہ زہر قاتل ہے۔ اطبائے قدیم کے نزدیک کرمانی اور ہندی دو قسم کا ہوتا ہے۔ کرمانی داخلی طور پر شہد کے ساتھ اور ہندی خارجی طور پر مستعمل ہے۔ کرمانی دیکھنے میں کہربا کی مانند اور ہندی گہرا نیلا ہوتا ہے۔ کرمانی کا ذائقہ شور ہوتا ہے۔

استعمال۔ داخلی طور پر خالص ایک دو چاول سے ایک رتی تک لیکن شاذ و نادر ہی استعمال ہوتا ہے۔ خارجی طور پر زخموں کو دھونے اور مرہموں وغیرہ میں شامل ہوتا ہے۔ البتہ اس کے بہت سے ڈاکٹری، یونانی اور ویدک مرکبات بالخصوص کشتے وغیرہ داخلی اور خارجی ہر دو طریق پر مستعمل ہیں۔ صنعتی کاموں اور مکانوں کی سفیدی وغیرہ میں یہ بکثرت استعمال ہوتا ہے۔

منافع۔ کاوی، قابض، معی، مقوی، مصفی خون اور قاتل جراثیم ہے۔ بقول اطباء توتیا کرمانی آنکھ کے لئے نہایت عمدہ دوا ہے۔ روح باصرہ کا مقوی، آنکھ کی صحت کا محافظ اور نافع انصباب مواد ہے۔ نیز مندمل قروح، قاطع نزف الدم اور مقوی معدہ ہے۔ توتیائے ہندی بھنگرے کے پانی کے ساتھ خارش اور آتشک کو مفید ہے۔ اور ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ اس کی پچکاری سوزاک کے

Marfat.com

زخموں اور سیلان الرحم کے لئے مفید ہے۔ جلد کے فاسد اور پرانے زخموں کے لئے بھی مفید ہے۔ اس کا سرمہ ککروں وغیرہ کے لئے مفید ہے۔ داخلی طور پر بطور قابض سخت پیچش اور پتیلے اسہال میں دیا جاتا ہے۔ مخدر زہروں میں بطور مقئی کے دیا جاتا ہے۔ فاسفورس کی زہر کا تریاق ہے مرض اخضر اور بعض سانپوں کے زہروں میں بھی مفید ہے

# نیوجول

ماہیت۔ ایک سفیدی کی مانند شفاف اور سفید رنگ کی دوا ہے۔ جو ولایت کی نیوجول نامی کمپنی تیار کر کے بذریعہ اشتہار تمام دنیا میں فروخت کر رہی ہے۔ ایک عجیب لوضع چھوٹی اور موٹی سی نہایت سفید اور شفاف شیشی میں کم وبیش مقدار میں بند ہوتی ہے۔ اور ہر ایک بڑے بڑے انگریزی دوا فروش سے مل سکتی ہے۔

اجزاء۔ غالباً صاف کی ہوئی پیرافین لکوئیڈ ہے۔

ترکیب۔ خاص کیمیاوی طریقوں پر صاف کر کے شیشیوں میں بھر لیتے ہیں۔

استعمال۔ بوقت ضرورت حسب ہدایت دو تین چمچے چائے بھر لیسے ہی پی لی جاتی ہے۔

Marfat.com

منافع۔ بذریعہ انلاق قبض کو دور کرتی ہے۔ دائمی قبض کے لئے نہایت بے ضرر قبض کشا دوا ظاہر کی جاتی ہے۔

# نیوسالورسان

سالورسان کی طرح کی مشہور ڈاکٹری دوا ہے۔ جو زرد ی مائل سعوف کی شکل میں ہوتی ہے۔ اس کو مرکب ۹۱۴ کے نام سے بھی نامزد کیا جاتا ہے اس کو سالورسان کی نسبت زیادہ بہتر سمجھا جاتا ہے۔ کیونکہ اس کے استعمال میں سالورسان کی نسبت زیادہ آسانی اور خطرات کم ہوتے ہیں۔ اور آج کل بجائے سالورسان کے زیادہ تر اسی کو استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ کم وبیش طاقت کی مخصوص مقدار خوراک میں شیشے کی نلکیوں میں بند ہو کر بھی آتا ہے۔ اور وریدی یا عضلی پچکاریوں کے ذریعے استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ بھی لورسان کی طرح ہی الفنیت سنکھیا اور پارے وغیرہ کا ایک مخصوص کیمیاوی مرکب ہے۔ اور آتشک وغیرہ خبیث امراض میں لاثانی سمجھا جاتا ہے۔ اکثر بڑے بڑے انگریزی دوا فروشوں سے تیار مل جاتا ہے۔

---

Marfat.com

# وڈوارڈز گریپ واٹر

ایک سیال دوا ہے۔ جو نوٹنگھم کی ایک لمیٹیڈ کمپنی تیار کر کے ہندوستان اور دنیا کے دیگر ممالک میں بہت کثرت سے فروخت کرتی ہے۔ ایک شیشی میں تقریباً پانچ اونس دوا ہوتی ہے۔ جس کی قیمت غالباً سوا روپیہ ہے

اجزاء۔ سوڈیم بائیکاربونیٹ $1\frac{8}{10}$ حصے

ایکہال $\frac{3}{100}$ حصے

شکر سفید $20\frac{1}{2}$ حصے

روغن بادیان دشتی $\frac{3}{100}$ حصے آب مقطر اس قدر کہ کل سو حصے ہو جائیں۔

ترکیب۔ سب کو بخوبی حل کر کے رکھ لیں۔

استعمال۔ نصف سے دو تین چھوٹے چمچے تک بچے کی عمر کے لحاظ سے استعمال کریں۔ تفصیل ہر ایک شیشی پر انگریزی زبان میں اور اس کے ساتھ ایک اشتہار پر مشرق کی پندرہ سولہ زبانوں میں درج ہوتی ہے۔

منافع۔ بچوں کے تمام امراض میں مفید ہے دانت نکالنے کے وقت جو بدہضمی قبض وغیرہ عوارضات پیدا ہو جاتے ہیں ان میں خاص طور پر مفید ہے۔

Marfat.com

# دن

جھاؤ کی قسم کا ایک مشہور درخت ہے۔ جو زیادہ تر ریگستانی علاقوں میں پایا جاتا ہے۔ اس کی تاثیر سرد خشک ہوتی ہے قابض مجفف۔ اور قاطع نزف الدم ہونے کی وجہ سے دانتوں اور مسوڑھوں کو مضبوط کرتا ہے اس لیے عام طور پر اس کی مسواکیں (داتنیں) بنا کر کام میں لائی جاتی ہیں اور چونکہ اس کی خشک داتن بھی کارآمد ہو سکتی ہے اس لیے عام طور پر اس کی خشک شاخوں کی سفید سفید داتنیں ایک ایک پیسے پر شمالی ہندوستان اور بالخصوص پنجاب کے بازاروں میں بکثرت فروخت ہوتی ہیں۔ لیکن حتی الامکان تازہ مسواک استعمال کرنی چاہیئے۔ خشک داتن کا روزانہ ایک ہی جگہ پر سے بار بار استعمال کرنا جیسا کہ بعض ناواقف مُلا لوگ کیا کرتے ہیں۔ اکثر اوقات نقصان کا باعث ہوتا ہے۔ اگر ایک ہی مسواک سے بار بار کام لینا ضروری ہی خیال کیا جائے۔ جب بھی اس حصے کو ضرور کاٹ کر پھینک دینا چاہیئے۔ جس سے پہلے داتن کی جا چکی ہے

Marfat.com

# ویرامن

سکرینگ کمپنی جرمنی کی ایک مخصوص دوا ہے۔ جو سفید رنگ کیفی اسپرین کی ٹکیوں کی مانند ہوتی ہے۔ دس یا بیس ٹکیوں کی چھوٹی چھوٹی شیشے کی نلکیاں ہوتی ہیں یا دو ٹکیوں کا ایک پیکٹ ہوتا ہے۔ بڑے بڑے انگریزی دوا فروشوں سے مل جاتی ہے کیفی اسپرین کی بہ نسبت قوی اور سریع الاثر مسکن الم ہے۔ اس کے استعمال کے بعد اکثر اقسام کے شدید سے شدید ترین درد کو بھی فوری تسکین ہو جاتی ہے کیمیاوی طریق پر مخصوص کیمیاوی اجزاء سے تیار کی جاتی ہے۔ اور ایک یا زیادہ سے زیادہ دو ٹکیہ پانی یا دودھ وغیرہ کے ساتھ استعمال کی جاتی ہیں۔

# ہائیڈروجن پراکسائیڈ

ہائیڈروجن پراکسائیڈ فی الحقیقت ایک مخصوص قسم کی گیس (ہوا) ہے جو خالص نہ دائر مستقل نہیں ہے۔ بلکہ وہ پانی وغیرہ استعمال ہوتا ہے۔ جس میں گیس حل ہوئی ہوتی ہیں اور عوام میں یہی پانی یا محلل ہائیڈروجن پراکسائیڈ کے نام سے مشہور ہے۔ یہ بنی بنائی یورپ اور امریکہ کی مستند

کمپنیاں تیار کر کے فروخت کرتی رہیں۔ ہندوستان کے بازاروں
میں جو ہائیڈروجن پر اکسائیڈ عام طور پر فروخت ہوتی ہے
وہ جرمنی کی مرک نامی کمپنی کی ہے۔ یہ عموماً چھوٹی بڑی دو
سائز کی شیشیوں میں بند ہو کر آتی ہے۔ شیشیوں کے اوپر
ربڑ کے ویلو والا چینی کا ڈھکنا ہوتا ہے تاکہ شیشیوں کا
منہ ایئر ٹائٹ طریق (ایسے طریق پر کہ اندر ہوا نہ جا سکے)
بند ہو سکے۔ کیونکہ اگر اس کے ساتھ خارجی ہوا ملتی رہے
تو اس کی گیس نکل جاتی اور باقی صرف بالی کا پانی رہ جاتا ہے
چھوٹی شیشی کی قیمت غالباً دس گیارہ آنے اور بڑی کی
دو روپے کے قریب ہوتی ہے۔ یہ ایک بے رنگ و بے
بو سیال ہوتا ہے۔ جس کا ذائقہ کسی قدر ترش ہوتا ہے
تھوک میں ملانے یا کان میں ڈالنے سے اس میں بہت زیادہ
جھاگ اٹھتے ہیں۔ اسی وجہ سے پنجاب کے عوام اس کو
"شوں شوں کرنے والی دوا" بھی کہتے ہیں۔

استعمال۔ عموماً خارجی طور پر کان اور منہ وغیرہ دھونے یا زخموں
کو صاف کرنے کے لئے خالص یا ہموزن پانی میں ملا کر
استعمال کی جاتی ہے۔

منافع۔ نہایت اعلیٰ درجے کی قاتلِ جراثیم دافع تعفن اور معدل
دوا ہے۔ گندے زخموں کو صاف کرنے یا دھونے اور

Marfat.com

کان میں سے متعفن مواد کو صاف کرنے کے لئے استعمال کی جاتی ہے۔ حلق اور منہ کے صاف کرنے میں بھی بالخصوص خناق وبائی سرخ بخار وغیرہ متعدی امراض میں اسے استعمال کیا جاتا ہے۔

# ہیڈیک کیور

سر درد کی مشہور دوا ہے۔ جو بالعموم کیچٹ (سفید رنگ کی بڑی بڑی ٹکیہ کے غلاف جو چاولوں کے آٹے سے بنے ہوئے ہوتے ہیں) کی شکل میں ہوتی ہے۔ ہر ایک کیچٹ میں ۸-۱۰ گرین اسپرین۔ اور گاہے اس کے ساتھ ایک آدھ گرین کیفین سائٹراس وغیرہ کی آمیزش بھی ہوتی ہے ولایتی ٹکیہ عموماً ایک آنے کی ایک اور دیسی بعض اوقات دو دو تین تین پیسے فی ٹکیہ پر فروخت ہوتی ہے۔ ولایتی سٹرن کمپنی کی زیادہ مشہور ہے اور دیسی بہت سی کمپنیاں بنا کر فروخت کرتی ہیں۔ ہائیجیا ہیلتھ ہوم لاہور کی طرف سے بھی ہائیجیا ہیڈیک کیور کے نام سے ایسی ایک دوا فروخت ہوتی ہے۔ جو اسپرین۔ کیفین سائٹراس اور قدرے اکسیر قلب کی آمیزش سے تیار کی جاتی ہے۔ جس کا نسخہ صفحہ ۳۸ پر درج ہے۔ تجربے سے یہ ہر قسم کی

Marfat.com

ولایتی اور دیسی ہیڈیک کیور سے بہتر ثابت ہوئی ہے اس کے استعمال سے ضعف قلب کا اندیشہ بہت ہی کم رہ جاتا ہے۔ اثرات کے لحاظ سے بھی زیادہ مفید و موثر ہے کیونکہ اس میں نہایت اعلےٰ درجے کی اور خالص اسپرین اور کیفین استعمال کی جاتی ہے۔ یہ تمام دوائیں اسپرین کی وجہ سے مسکن الم ہوتی ہیں، اور صرف عصبی قسم کے دردِ سر کو ہی ذرا تسکین بخشتی ہیں۔ بلکہ ہر قسم کے اور ہر جگہ کے عصبی درد کو دور کر دیتی ہے۔ اس کا کثرت استعمال اعصاب کو کمزور کر دیتا ہے۔

# ہیزلین سنو

بروز ویلکم کمپنی لنڈن کی مشہور و معروف حسن افزا سفیدی مائل نقرئی رنگ کی تدہین ہے۔ جو ایک اونس سے کسی قدر بڑی مخصوص شکل کی شیشیوں میں بند ہو کر آتی اور اکثر انگریزی دوا فروشوں بساطی والوں کے ہاں سے تقریباً بارہ آنے تک مل جاتی ہے۔

اجزا۔ غالباً شیرہ بادام۔ سفید ویزلین۔ لوبان۔ سہاگہ خوشبودار عرق وغیرہ۔

ترکیب۔ خاص ترکیب سے تیار کر کے شیشیوں میں بھر لی

جاتی ہے۔
استعمال۔ چہرے پر ملنے والی عام تدہینات دفیس کریموں
کی مانند ذرا سی لے کر چہرے کی جلد پر مل دی اور جلد میں
جذب کر دی جاتی ہے۔
منافع۔ جلد کو نرم ملائم اور خوشبودار کرتی ہے۔ چہرے کے
داغوں اور چھائیوں وغیرہ کو دور کر دیتی ہے۔

# ہیلی ویرول

پارک ڈیوس اینڈ کمپنی امریکہ کی مشہور پیٹنٹ دوا ہے۔
اجزاء۔ ہیلی بٹ نامی مخصوص قسم کی مچھلی کے جگر کا روغن اور
ایرا ڈول مخصوص ولایتی دوا۔
ترکیب۔ مخصوص کیمیاوی ترکیب سے تیار کیا جاتا ہے۔
